eyesore, n. دردِ چشم ؛ آشوب چشم ؛ کریہہ المنظر ؛ کوئی شے جو زہر لگتی ہو ؛ خارِ چشم ؛ بدنُما چیز ؛ بھدی؛ بدصورت شے ؛ آنکھوں کا کانٹا ۔

eyespot, n. چشمی نُقطہ ؛ خالیہ ؛ فقاری حیوانات میں پایا جانے والا ایک نامکمّل نوری حسّاس عُضو ؛ چشم نُما دھبّہ ، مثلاً مور کے پر کا ۔

eyestalk, n. (حیوانیات) جھینگوں ، چنگریوں اور بعض دوسرے قشردار حیوانات کی ساقِ چشم ۔

eyestrain, n. تعب چشم ؛ آنکھ پر پڑنے والا بوجھ ، کثرت استعمال یا بینائی کے نقص کی طرف سے غفلت برتنے کی وجہ سے ۔

eyetooth, n. اُوپر کے جبڑے والے دانتوں میں سے کوئی دانت ؛ بالائی ناب ۔

eyewash, n. صفائی یا علاج کے لیے آنکھوں میں ڈالنے والی دوا/چشم شو دوا ۔ (عوامی) خوشامد یا بکواس ؛ اشک شوئی ۔

eyewink, n. چشمک ؛ انکھ کا اشارہ ؛ انکھ مارنے کا فعل ؛ غشوہ ۔

eyewitness, n. عینی شاہد ؛ چشم دید گواہ ؛ وہ شخص جو کسی واقعے یا فعل کو دیکھ کر اس کی روداد بیان کر سکتا ہو ۔ (فعل متعدی) گواہی دینا ؛ دیکھنا ۔ (صفت) از یا متعلّق بہ چشمِ دید گواہ ۔

eyra, n. آئرا ؛ جنوبی امریکا کی جنگلی بِلّی ۔

eyre, n. (قدیم) گشتی کچہری ؛ گشت یا دورہ ، خصوصاً عدالت کا ۔ (قانون) قرونِ وُسطیٰ کی عدالت جس کے اجلاس انگلستان کے مختلف اضلاع میں گشتی جج منعقد کیا کرتے تھے ۔

eyrie, eyry, n. دیکھیے : Aerie ۔

F

F, f, n. انگریزی حروفِ تہجّی کا چھٹا حرف (یہ حرفِ صحیح ہے) ؛ اس حرف کی تحریری شکل ؛ اس حرف کے ذریعے پیش کی جانے والی کوئی آواز ؛ وہ آلہ جس کے ذریعے یہ شکل بنائی جا سکے ؛ اس حرف کی شکل والی کوئی چیز ؛ جلی صورت میں اس سے جماعت میں وہ گریڈ یا درجہ مراد ہے جس سے اکثر ناکام ہونا ظاہر ہوتا ہے ؛ امتحان میں یہ درجہ حاصل کرنے والا ۔ (موسیقی) آٹھ سرے سرگم میں چوتھا سُر ؛ اس سُر کی تحریری علامت ۔

fa, n. (موسیقی) ما ؛ آٹھ سُرے سرگم کے چوتھے سُر کا رُکن ۔

fabaceous, a. باقلائی ، لوبیائی ؛ باقلائیہ سے متعلّق یا پودوں کی لوبیائی قبیل ؛ پَھلی دار ؛ پَھلویہ ۔

Fabian, a. [رُومی جرنیل فیبیئس میکسیمَز کے نام پر جس نے اپنے دُشمن ہنی بال کو ہلکان کر رکھا تھا] کسی فیصلہ کُن لڑائی کا خطرہ مول لیے بغیر دشمن کو تھکانے والے ہتھکنڈے استعمال کرنے والا ؛ اس اشتراکی سوسائٹی سے متعلّق یا منسوب جس کی بُنیاد ۱۸۸۴ء میں لندن میں رکھی گئی تھی ، یہ سوسائٹی ایک ایسی معتدل اشتراکیت کا پرچار کرتی تھی جو کسی انقلابی اقدام کے بغیر بتدریج رواج پذیر ہو ۔ (اسم) اس سوسائٹی کا رُکن یا حامی ؛ فیبونی اشتراکی ۔

Fabianism, n. فیبونی اشتراکیت ۔

fable, n. افسانہ ؛ قصہ ؛ حکایت ؛ اخلاقی حکایت ؛ کوئی داستان یا کہانی، خصوصاً مختصر سی کہانی جس میں عموماً جانورور یا بے جان چیزوں کے مُنھ سے باتیں کہلوائی جاتی ہیں یا اداکاری کروائی جاتی ہے اور جس سے کوئی سبق دینا مقصود ہوتا ہے؛ لوک کہانی یا دیو مالا ؛ من گھڑت ۔ (فعل لازم)داستان گھڑنا یا بیان کرنا ۔ (فعل متعدی) یوں بیان کرنا کہ اس پر حقیقت کا گمان ہو ۔

fabled, a. داستانوں سے متعلّق یا ان میں مذکور ؛ افسانوی اور من گھڑت ۔

fabler, n. قصہ گو ؛ داستان گو؛ کہانی کار ؛ حکایت نگار ۔

fabliau, n. ایک قسم کی منظوم داستان گوئی جس میں پھکڑ پن کی حد تک مزاح ہوتا تھا ، بارہویں ، تیرہویں صدی کے فرانسیسی ادب میں اس کا عام رواج تھا ۔

fabric, n. ساخت ؛ بناوٹ ؛ تراش ؛ کپڑا ؛ بُنائی ؛ عمارت ؛ مکان ؛ تانے بانے والا یا جالی دار کپڑا ؛ بُنا ہوا ؛ نمدہ کیا ہُوا ؛ خوبی ، خصوصاً بُنے ہوئے پارچات کی ؛ ساخت ، بناوٹ یا ڈھانچ کا ایک انداز ۔ (صخریات) کسی چٹان میں قلمی دانوں سے بنا ہوا کوئی نمونہ یا اس کی کوئی شکل ۔

fabricant, n. کاریگر ؛ صانع ؛ دستکار ؛ ساخت کار ؛ مِعمار ؛ بنانے والا ؛ گھڑنے والا ۔

fabricate, v.t. بنانا ؛ اُٹھانا ؛ اُسارنا یا تعمیر کرنا ؛ اجزا کو اکٹھا کر کے ایک کُل تشکیل کرنا ؛ باہم جوڑنا یا جمع کرنا ؛ فنّی سلیقے اور محنت کے ساتھ تیّار کرنا ؛ ایجاد کرنا یا گھڑ لینا ؛ نقلی یا جعلی تیّار کرنا ۔

fabrication, n. بناوٹ ؛ جعل سازی ؛ جُھوٹ ؛ گھڑنے کا عمل یا سلسلہ ؛ گھڑت ۔

fabricative, a. صانع ؛ جعل ساز ؛ گھڑ لینے والا ۔

fabricator, n. جعل ساز (وغیرہ) ۔

Fabrikoid, n. برساتی ؛ لباس باراں؛ بارانی چُوغہ؛ رین کوٹ؛ ایک آب روک چرم گُوں شے جو کپڑے سے بنی ہوتی ہے لیکن اس پر پائیروکسلین(pyroxlin) کی تہ جمی ہوتی ہے۔(تجارتی نشان) ۔

fabulist, n. افسانہ خواں ؛ قصہ خواں ؛ داستان گو ؛ ذُومعنی باتیں کرنے والا ؛فضول گو ۔

fabulous, a. ناقابل اعتبار ؛ بہت ہی خوب ؛ حیرت انگیز یا تعجّب خیز ؛ خُود گھڑا ہوا ؛ غیر حقیقی ؛ دیومالائی ؛ داستانی مزاج لیے ہوئے ؛ جعلی ؛ خودایجاد ؛ غیر حقیقی ؛ مصنوعی ؛ بناوٹی ۔

fabulousness, n. بناوٹی پن ؛ جعلی پن ۔

facade, n. چہرہ مُہرہ ؛ کسی عمارت وغیرہ کا ماتھا یا سامنے کا حِصّہ ؛ بناوٹی یا جھوٹا دکھاوا ۔

face, n. چہرا ؛ مُنھ ؛ سر کا سامنے والا حصّہ (انسانوں میں بشمول پیشانی ، ٹھوڑی ، رُخسار ، آنکھیں ، ناک اور مُنھ) ؛ چہرے کا

تأثّر (جیسے : an unhappy face) ؛ چھب ، دید ، منظر ، لقا ؛ مُنہ بنانا یا منہ بنا کر اور چہرہ بگاڑ کر کوئی پیدا کردہ تأثّر ؛ عزّتِ نفس ؛ اچھی شُہرت ؛ بے باک گوئی یا ڈھٹائی ؛ دکھاوا ؛ نمایش یا ظاہرداری (ظاہریت) ؛ کوئی سطح ؛ سامنے کی کام میں آنے والی یا زیادہ اہم سطح (جیسے : a colck face) ؛ کام میں آنے والا یا ضرب لگانے والا رُخ (جیسے کسی اوزار کا) ؛ کسی کپڑے یا چمڑے وغیرہ کا تیار رُخ ؛ کسی دستاویز کا عیاں مفہوم یا واضح شرائط ؛ کسی ہُنڈی یا تمسک میں سُود کے بغیر صراحت کردہ رقم (جیسے : a clock face) ؛ قدرِ عُرفی ۔ (طباعت) ٹائپ میں کسی خاص انداز یا ڈیزائن کے جُملہ حروف ؛ سطح (جیسے پلیٹ یا ٹائپ کی) جو چھاپتی ہے ۔ (جیومیٹری) ہموار سطحوں میں سے کوئی ایک جو کسی ٹھوس شے کی حد بندی کرے ۔ (کان کَنی) ایسے ذخیرے (رَگ) یا کُھدائی کا سامنے والا آخری حصّہ جہاں سے معدن کھود کر نکالا جا رہا ہو یا پہلے کھودا جا چکا ہو ۔ (قلعہ بندی) ان دو بیرونی دیواروں میں سے کوئی ایک جو کسی بُرج یا فصیل کا بیرونی زاویہ بناتی ہوں ۔ (عسکری) کسی بٹالین وغیرہ کی کوئی ایک طرف ، خصوصاً جب وہ مربّع صورت میں ترتیب دی گئی ہو ۔

face to face, رُوبرُو ؛ ایک دوسرے کے ساتھ ؛ آمنے سامنے (بعد میں with آتا ہے) ۔

in the face of, اس کے باوجود ؛ بایں ہمہ ۔

on the face of it, بظاہر ؛ ظاہری صورت میں ۔

fly in the face of, کسی کی بے لحاظی کرتے ہوئے کوئی قدم اٹھانا؛ مُنہ پر مارتے ہوئے ۔

lose face, شرمندگی محسوس کرنا؛ بے وقار ہو جانا یا بدنام ہو جانا۔

save face, ساکھ بحال رکھنا یا وقار قائم رکھنے میں کامیاب ہونا ۔

show one's face, دکھائی دینا خصوصاً تھوڑی دیر کے لیے ۔

one's face, کسی کی عین موجودگی میں؛ کسی کے سامنے ۔

face, v.t. رُخ کرنا ؛ کسی کی جانب رُخ کرنا یا رُخ کا پھیرنا؛ کسی کی طرف دیکھنا ؛ بالمقابل واقع ہونا (جیسے : The hotels face Central Park) ؛ آمنے سامنے ہو جانا ؛ جسماً ، جسارتاً یا شوخ چشمانہ سامنے آنا ؛ سینہ تان کر مخالفت کرنا ؛ بے جھجک مقابلہ کرنا (جیسے : to face the facts) ؛ سطح کو ہموار یا چپٹا کرنا جیسے پتّھر وغیرہ کی ۔ (سلائی) اَستر لگانا جیسے کپڑے میں ۔ (عسکری) کسی جگہ جمع شدہ دستے کا حکم ملنے پر کسی جانب رُخ موڑنا؛ کسی شے پر کسی اور شے کی تہ جمانا ۔ (فعل لازم) کسی مقررّہ رُخ پر مُڑ جانا ۔

face brick, n. مُکھی اینٹ؛ خوش آیند رنگ اور صفائی والی اینٹ جو دیوار کی بیرونی یا مکان کی بیرونی جانب لگائی جاتی ہے ۔

face card, n. تصویری پتّہ؛ تاش کے پتّوں میں غلام ، ملکہ یا بادشاہ ۔

face-harden, v.t. سختانا؛ فولاد یا کسی اور دھات کی سطح کو سخت کرنا (فوراً ٹھنڈا کر کے یا بیرونی سطح کو سختا کر) ۔

face lifting, n. چہرہ سنواری ؛ مُکھ سنواری ؛ پلاسٹک سرجری کا وہ عمل جس کے ذریعے چہرے پر سے بڑھاپے کے نشانات مٹانے کے لیے پچکے ہوئے ریشوں اور جُھریوں کو دُور کر دیا جاتا ہے ؛ رُخ انگیزی ۔

faceplate, n. رُخ پلیٹ ؛ ایک غربالی تھالی جو خراد کی گھومتی چرخی کے ساتھ پیوست ہوتی ہے اور وہ اس شے کو سنبھالے رکھتی ہے جسے خراد کیا جا رہا ہو ۔

facet, n. کسی سطح کا چھوٹا سا چپٹا حصّہ یا پہلو ، خصوصاً کسی ہیرے یا بلّور وغیرہ کا ۔ (مجازاً) کسی زیرِ گفتگو موضوع کا کوئی پہلو ۔ (تشریح الاعضا) ہڈّی کی ہموار چپٹی سطح ۔ (فنِ تعمیر) کسی ستون کی جھریوں کے درمیان اُبھری ہوئی پٹّی ۔ (حیوانیات) (حشرات کی) مجموعی آنکھ کی قرنیائی سطحوں میں سے کوئی ایک ۔ (فعل متعدی) پہلو تراشی یا رُخ سازی کرنا ۔

faceted, a. پہلُودار بنا ہوا ؛ رُخ دادہ ۔

facetiae, n. مزاحیہ یا ظریفانہ تحریریں یا اشارے ؛ مذاق ؛ نکتہ سنجی ؛ پھکڑ پن والی کتابیں یا کہانیاں (عموماً جمع میں مستعمل ہے) ۔

facetious, a. غیر سنجیدہ ؛ تمسخرُ باز ؛ مُضحِک ؛ سطحی رویے والا ؛ بذلہ سنج؛ ہنسوڑ ؛ ہنسی ٹھٹھا کرنے والا ؛ مسخرہ ۔

facial, a. چہرے کا ؛ چہرے سے متعلّق یا چہرے کے لیے ۔ (اسم) گلگونہ ؛ اُبٹن ؛ چہرے پر ملنے والی کوئی چیز ؛ حسن افزائی کا کوئی طریق ۔

facially, adv. چہرے کے ذریعے ۔

facies, n. کسی چیز کی عام ظاہری شکل و صورت ۔ (ارضیات) کسی چٹان کے ایک تہ نشین حصّے کی وضع اور کیفیت میں ترکیبی لحاظ سے دوسری تہوں سے امتیاز ۔ (طِب) چہرے کی کیفیت جو کسی مرض کی آئینہ دار ہو ۔

facile, a. آسانی سے کیا گیا ، انجام دیا گیا یا برتا گیا ؛ سہل یا سہولت پسندانہ ؛ سہل قدمی کے ساتھ ، بے تکلّف (اطوار یا اشخاص) ؛ متحرّک ؛ عمل پیرا ؛ کار پرداز یا بے روک ٹوک آگے بڑھتا ہوا ؛ سطحی ؛ ہنر مند ؛ تجربہ کار ؛ خوش خلق ؛ خوشگوار؛ نرم مزاج ؛ اثر پذیر ۔

facilely, adv. خُوش خلقی کے ساتھ ۔

facileness, n. خُوش خُلقی ۔

facilitate, v.t. آسان کرنا ؛ کم دشوار بنانا ۔

facilitation, n. تسہیل ؛ آسان کرنے کا عمل ؛ امداد ۔ (فعلیات) کسی فی الوقتی تحریک کے نتیجے میں کسی مخصوص جانب عصبی اشاروں کا فوری ردّعمل ۔

facility, n. سُکھ ؛ سہولت ؛ آسانی سے مکمّل ہو جانے یا ہدایت پا جانے کی صلاحیت ؛ کارکردگی میں سہولت ؛ مہارت یا استعمال سے پیدا ہونے والی مستعدی ؛ سبک دستی ؛ بے دِقّتی ؛ وہ ذرائع جن سے کسی کام کو زیادہ سہولت سے کیا جا سکے ؛ جمع کی صورت میں اکثر وہ بنائی گئی شے مراد ہوتی ہے جس کا محرّک کوئی مخصوص مقصد ہو (جیسے : the school's luncheon facilities)؛ آسانی ؛ نرمی ؛ آسایش ۔

facing, n. سجاوٹ ؛ حفاظت ، مدافعت یا دیگر مقاصد کے لیے سامنے کی جانب رکھی جانے والی کوئی شے ؛ کسی ملبوس کے کناروں پر سجاوٹ یا مضبوطی کے لیے لگائی گئی کناری ۔ (عسکری) تعمیلِ حکم میں سپاہیوں کی سمت بدلی؛ جمع کی صورت میں اس سے وہ

امتیازی فیتے یا پٹیاں مُراد ہیں جو کسی رجمنٹ کے کوٹ یا اس کی جیکٹ پر لگی ہوتی ہیں ۔

facsimile, n. چربہ ؛ ہوبہو یا نقل مطابق اصل ۔ (ابلاغیات) ایک طریق کار جس کے ذریعے تحریری پیغامات یا تصاویر برقیاتی طور پر ریڈیو ، ٹیلیگراف یا ٹیلیفون کے ذریعے دور دراز جگہوں تک پہنچا دیے جاتے ہیں ۔ نیز:fax ۔ (فعل متعدی) ہو بہو نقل تیّار کرنا ۔ (ابلاغیات) فیکس پہنچانا ۔

facsimile transmission, fax, n. برقیاتی طریقے سے یا فیکس کے ذریعہ بھیجا گیا پیغام یا تصویر۔

fact, n. اصلیت ؛ صورتِ حال ؛ واقعہ ؛ حقیقت ؛ امرِ واقعہ ؛ حقیقت الامر (بمقابلہ اس کے جس پر محض یقین کر لیا گیا ہو کہ یوں ہے) ؛ حقیقی اور اصلی ہونے کی خصوصیت ؛ وہ صداقت جسے حقیقی مشاہدے یا مستند شہادت کے ذریعے جانا گیا ہو ؛ قانون و عدالت میں بصورت جمع وہ سب کچھ مراد ہے جس کے ہونے کا ادعا کیا گیا ہو (جیسے : facts given but not trust worthy) ؛ سچائی ۔

faction, n. کسی بڑی تنظیم کی ذیلی تنظیم جو اس کے ساتھ ملحق ہو یا مل کر محوِکار ہو (عموماً بڑے گروہ، بڑی پارٹی یا حکومت کی مخالفت میں)؛ جانب دارانہ اختلاف یا عدم اتفاق ؛ جتھا؛ دھڑا ؛ فرقہ ۔

factional, a. گروہی ؛ جماعتی ۔

factionally, adv. گروہی طور پر؛ جماعتی اختلاف کے ساتھ ۔

factionalism, n. گروہ بندی ؛ گروہ پرستی؛ گروہی مفاد کی صورت؛ دھڑا بندی؛ جتھا بندی۔

factious, a. گروہ گرویدہ؛ گروہ بند ؛ عدم اتفاق کا عادی ؛ گروہ بندی سے متعلّق یا اس سے پُھوٹا ہوا ۔

factiously, adv. فرقہ وارانہ ؛ گروہ بندی کے انداز سے ۔

factiousness, n. فرقہ واریت ؛ گروہ بندی ۔

factitious, a. طبعی یا قُدرتی ہونے کی بجائے خود ساختہ یا بناوٹی ؛ خود بنایا ہوا ؛ مصنوعی ؛ روایتی معیار کو ظاہر کرتا ہُوا ۔

factitiously, adv. مصنوعی طور پر ۔

factitiousness, n. روایتی معیار کی مطابقت ۔

factitive, a. مسبّب ؛ بنانے کا یا بنانے کا باعث بننے کا رجحان لیے ہوئے ۔ (گرامر) فاعلی ؛ وہ افعالِ متعدّی جن سے ایسا اقدام ظاہر ہو کہ معانی میں ایک نئی صورتِ حال پیدا کر دیں اور جن کی تکمیل مفعول حقیقی کے علاوہ ایک اور مفعول تکملہ کے اضافے سے ہو (جیسے : They elected him president) ۔

factor, n. عامل ؛ کسی مطلوبہ نتیجے کے پیدا کرنے میں حصّہ دار عنصر ۔ (ریاضی) جزوضربی ؛ دو یا دو سے زیادہ عددوں میں سے ایک ؛ وہ الجبرائی تعبیرات وغیرہ جن کو باہم ضرب دیں تو اس سے ایک مخصوص حاصل ضرب ہی نکلتا ہے ۔ (قانون) بعض امریکی ریاستوں میں وہ شخص جسے امتناع یاب (garnishee) قرار دے دیا گیا ہو ۔ (تجارت) کمیشن پر کاروبار کرنے والا ؛ وہ ایجنٹ جس کو کسی اسامی کی طرف سے اس کی اشیا رکھنے اور فروخت کرنے کا اختیار حاصل ہو ۔ (حیاتیات،وہ مورثہ (جین) یا اس قسم کی کوئی اور اکائی جو نسلی موروثی خصوصیات کی ذمہ دار ہوتی ہے ۔ (فعل متعدی) (ریاضی) اجزائے ضربی میں بدلنا ۔(تجارت) کاروبار میں ایجنٹ یا عامل کے طور پر کام کرنا ۔

factorable, a. جزو پذیر ۔

factorial, a., n. عامل دار ؛ عاملی ؛ جزوی ۔

factorship, factorage, n. عاملیت ، عامل کا عمل یا کام ؛ عامل کو دیا گیا کمیشن یا کٹوتی ۔

factorize, v.t. (قانون) امتناع یاب قرار دینا ۔ (ریاضی) اجزائے ضربی میں بدلنا ۔

factory, n. فیکٹری ؛ مصنوعات تیّار کرنے والی عمارت یا عمارتوں کا مجموعہ ؛ مقامی ایجنٹوں یا تاجروں کا کسی دوسرے مُلک میں قائم کردہ تجارتی ادارہ ۔ (بول چال) وہ ادارہ جو انفرادی تخلیق کی حوصلہ افزائی میں ناکام رہے اور مصنوعات میں صرف یکسانیت پیدا کرے ۔

factotum, n. ہمہ کاری نوکر ؛ متعدد اور مُتنوّع کام کاج کرنے کے لیے رکھا گیا مُلازم ؛ بندۂ بے دام ۔

factual, a. واقعی ؛ اصلی ؛ صحیح ؛ درست ؛ حقائق سے متعلّق ؛ حقیقی ؛ صرف حقیقت سے واسطہ رکھنے والا یا صرف حقیقت ہی جس کا موضوع ہو ؛ مبنی بر حقیقت ۔

factuality, n. واقعیت ؛ اصلیت ؛ حقیقت ۔

factualism, n. حقیقت پرستی ؛ واقعاتی شہادت پر اعتبار ؛ حقیقت ہی کے سلسلے میں ذمّہ داری یا جواب دہی؛ حقیقت پر زیادہ زور دینے والا نظریہ ؛ حقائق پرستی ۔

factualist, n. حقیقت پرست ۔

factualistic, a. حقیقت پرستانہ ۔

facture, n. کُچھ بنانے کا عمل ، طریق کار یا انداز ، تعمیر ، ترکیب یا بناوٹ ؛ بنائی گئی شے ۔

facula, n. (فلکیات) ایک روشن سا دھبّا جو کبھی کبھی سورج کی سطح پر اور عموماً کنارے کے قریب بہت صاف نظر آتا ہے ؛ مشعَل ۔

facultative, a. کوئی کام کرنے یا نہ کرنے کا اختیار، اجازت یا حق تفویض کرنے والا ؛ اپنے انتخاب یا اپنی مرضی پر منحصر؛ اختیاری ؛ امکانی ؛ کوئی واضح انداز اختیار کر سکنے یا نہ کر سکنے والا ۔ (حیاتیات) وہ نامیے جو طفیلی یا غیر طفیلی کوئی سی طرزِ زندگی اختیار کرنے کی صلاحیّت رکھتے ہوں ؛ مطابقت پذیر نامیے ۔

faculty, n. شُعبہ ؛ کوئی طبعی یا اکتسابی صلاحیّت ؛ غیر معمولی مہارت یا ملکہ (جیسے : a faculty for painting) ؛ کوئی ذہنی یا جسمانی قُوّت ۔ (تعلیم) کسی تعلیمی ادارے کا تدریسی عملہ ، یونیورسٹی کا کوئی ایک شعبہ (جیسے : the faculty of Arts and Sciences) ؛کسی عِلمی پیشے کو ترکیب دینے والے افراد ۔

fad, n. وقتی فیشن ؛ وقتی طور پر غیر ضروری جوش و جذبے کے ساتھ اختیار کی گئی کوئی روش یا پسند ؛ رَو ۔

faddish, a. فیشن پرست ؛ فیشنی ؛ رواج پرست ؛ رَو پسند ؛ نقّال ؛ فیشن سے متعلق ۔

faddism, n. رَو پسندی ؛ بھیڑ چال ؛ نقّالی ۔

faddist, n. فیشن اختیار کرنے پر مائل ۔

fade, v.i., v.t. چمک دمک یا شوخی کھو بیٹھنا (رنگ کا) ؛

تازگی اور توانائی کا جاتے رہنا ؛ مرجھانا ؛ پھیکا پڑ جانا ؛ طاقت یا صحت کا بتدریج جواب دیتے جانا ؛ مجموعی طور پر بتدریج ناکام یا اوجھل ہوتے جانا بتدریج مرتے جانا ؛ ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنا ؛ پژمردہ کرنا ۔

fade in, دروں منظر کرنا ؛ ریڈیو ، ٹی وی وغیرہ یا ریکارڈنگ میں کسی آواز یا امیج کو بتدریج اور بڑھتی ہوئی شدت کے ساتھ بیچ میں لاتے جانا ؛ فیڈ اِن ۔ (اسم) یوں لائی گئی آواز یا تصویر وغیرہ ؛ دروں منظر ۔

fade out, بیروں منظر کرنا ؛ ریڈیو ، ٹی وی یا متحرک تصویر کے منظر سے باہر یا معدوم کرنا ۔

fadeaway, n. منظر باہر کرنے کا عمل یا موقع ۔

fadeless, a. ناپژمرد ؛ بے زوال ؛ پکاّ (رنگ) ۔

faerie, faery, n. پری کی سرزمین ؛ پریوں کا علاقہ ؛ پرستان ۔ (قدیم) پری ۔ (صفت) پری وش ۔

fag, v.t. نڈھال کر دینا (عموماً out کے ساتھ) ۔ (فعل لازم) کام کے باعث تھک جانا ۔ (اسم) (عوامی) لُوطی یا اغلامی یا ہم جنس پرست ۔ (برطانوی) تھکا دینے والی مشقت ؛ بعض مدرسوں میں وہ لڑکا جو کسی اپنے سے بلند لیاقت کے ہم جماعت کی خدمت گُزاری کرتا ہے ۔

fagaceous, a. سفیدے کے قبیلے کے درختوں یا جھاڑیوں سے متعلق ۔

fag end, n. کسی کپڑے یا بافت کا اَن بُنا سرا ؛ کسی رسّے کا اَن بُنا سِرا ؛ بچا کُھچا ؛ کسی شے کا آخری اور عموماً غیر ضروری حِصّہ ۔

fogot, faggot, n. ایندھن کے طور پر یا کسی عمارت کے لیے پُشتہ باندھنے کے کام آنے والا لکڑیوں ، چھڑیوں یا ٹہنیوں کا گٹھا ؛ لوہے یا فولاد کے ٹکڑوں کا کُوٹنے یا بیلنے جانے والا گٹھا ۔ (مجازاً) کوئی اندوخت (جیسے : a fagot of selections) ۔ (فعل متعدی) گٹھا بنانا ؛ گٹھا باندھنا ۔

fagoting, faggoting, n. ایک قسم کی آرایشی کشیدہ کاری جس میں کسی کپڑے میں سے دھاگے اُفقی رُخ میں کھینچ نکالتے ہیں اور باقی بچے ہوئے بانے کے دھاگوں کو بیچ میں ریت گھڑی کی طرح گچھا کر دیا جاتا ہے ؛ کڑھائی کی ایک قسم جس میں کھلے ٹانکے سے اس طرح سے کام لیا جاتا ہے کہ دونوں پَلوں میں فاصلہ چھوڑا جاتا ہے اور پھر ان پلوں کو آڑے ترچھے بخیوں سے باہم پیوست رکھا جاتا ہے ۔

fahlband, n. (کان کنی) وہ چٹانی پٹّی یا علاقہ جس میں دھاتی سلفائیڈوں کی فراوانی ہو ۔

Fahrenheit, a. [موجد کے نام پر] فارن ہیٹ تھرمامیٹر کا یا اس سے متعلّق : اس پر درجے دیے ہوتے ہیں جن کو معمول کے فضائی دباؤ میں متعیّن کیا جاتا ہے اور ۲۱۲° کا نشان نقطۂ جوش کا نشان ہوتا ہے (صفر درجے سے اوپر) جب کہ ۳۲° کا نشان نقطۂ انجماد ہوتا ہے (صفر سے اوپر) ۔ صفر سے اندازاً وہ درجۂ حرارت مُراد ہوتا ہے جو برف اور عامِ نمک کو برابر وزن میں ملا کر حاصل ہوتا ہے ۔

faience, n. عُمدہ قسم کے چینی یا مٹّی کے ظروف جن پر روغن کیا ہوتا ہے اور طرح طرح کے نقش بنائے جاتے ہیں ؛ اٹلی کے ایک مقام فائنزہ سے موسوم جہاں یہ برتن ابتدا میں تیّار ہوتے تھے ۔

fail, v.i. کم پڑ جانا ؛ ناکافی ہو جانا ؛ فراواں ہونے سے رہ جانا ؛ ضرورت سے کم ہونا ؛ زوال پانا ؛ گھٹ جانا ؛ ڈوبنا ؛ کم ہو جانا ؛ کمزور ہو جانا ؛ معدوم ہونا ؛ بالکل نایاب ہو جانا ؛ کام سے رہ جانا ؛ کامیابی کے لیے ضروری نمبر حاصل نہ کر پانا ؛ غفلت یا کوتاہی کا قصور وار ہونا ؛ دیوالیہ ہو جانا ؛ قرقی ہو جانا ۔ (فعل متعدی) غفلت کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ بھول جانا ؛ ادھورا چھوڑ دینا ؛ مایوس کرنا ؛ ترک کرنا ؛ تیاگنا ؛ ضرورت کے وقت پاس نہ ہونا ؛ ترقی کے قابل نہ جان کر کسی طالب علم کو کامیاب قرار نہ دینا ؛ فیل کرنا ؛ ناکام ٹھہرانا ۔ (اسم) ناکامی ؛ کمی ؛ احتیاج ؛ ضرورت ۔

without fail, بلاشبہ ؛ یقیناً ؛ بلاناغہ ۔

failing, n. کوئی خامی یا نقص ؛ کردار یا مزاج کی کوئی کمزوری ؛ عیب ؛ کوتاہی ؛ کوتاہی دکھانے والے شخص کی یا چیز کی حالت یا اس کا عمل ۔ (حرف جار) کمی لیے ہوئے ؛ نہ ہونے کی صورت میں ۔

failingly, adv. کوتاہی سے کام لیتے ہوئے (جیسے : a failingly dim ray of sunlight) ۔

faille, n. قدرے چمکیلا گاڑھی بنت والا کپڑا جس میں خفیف سی چپٹی اُبھرن ہوتی ہے ۔

fail safe, a. (برقیات) حفاظتی آگاہی کا وہ نظام یا طریقہ جو کسی عملی یا فعلی گڑبڑ کے موقع پر خودبخود حرکت میں آ جاتا ہے ۔ (عسکری) وہ خود کار جوابی نظام جو کسی حاکمِ مجاز کی جانب سے براہِ راست احکام کے بغیر ہی فضائی مِشن کو کسی مخصوص معیاری نقطۂ عمل سے آگے بڑھنے کی صورت میں خود بخود مناسب ردِ عمل کا اظہار کر دیتا ہے ۔

failure, n. ناکامی ؛ ناکام ہونے کا عمل یا اس کی صورت ؛ کوئی مقصد پانے میں ناکام رہ جانے کی حالت ؛ کامیابی کی کمی ؛ ناکام ؛ بہم رسانی میں کمی ؛ ناکافی پن یا کامل انقطاع ؛ کسی فرض یا ذمہ داری میں کوتاہی یا بے تعمیلی ؛ زوال پذیری خصوصاً جسمانی صلاحیتوں کا تنزّل ؛ دیوالیہ پن یا قُرقی کی حالت ۔

faineant, n., a. کام چور ؛ بیکار باش ؛ ہڈ حرام ۔

faint, v.i. وقتی طور پر بے ہوش ہو جانا ؛ غش کھا جانا ۔ (قدیم) جی چھوڑنا ؛ بتدریج دُھندلائے جانا ۔ (اسم) وقتی بے ہوشی ؛ غشی ۔ (صفت) بے ہوشی کے قریب ؛ دُھندلا ؛ چمک یا شوخ پن سے عاری ؛ کمزور ۔

faintly, adv. کمزور لہجے میں (وغیرہ) ۔

fainthearted, a. بُزدل ؛ ڈرپوک ۔

faintheartedly, adv. بُزدلانہ ۔

fainheartedness, n. بُزدلی ۔

fair, a. خُوب ؛ خُوبصورت ؛ ہلکے رنگ کا ؛ بُھورا یا ہلکے سے رنگ کا ؛ خوبی یا کردار میں بے عیب ؛ طیش یا ہیجان کے بغیر ؛ صاف روشن یا آفتابی (جیسے آسمان یا کسی شخص کا موڈ) ؛ واضح ؛ قابلِ فہم یا قابلِ خواند (تحریر وغیرہ) ؛ نرم ؛ شایستہ یا متواضع (رویہ) ؛ دیانت دار ؛ کُھلے دِل کا ؛ صاف گو ؛ غیر جانبدار ؛ غیر مُتعصّب ؛ انصاف پسند ؛ حقیقت پسند ؛ غیر جذباتی ؛ با جواز ، جائز یا قابلِ قبول (جیسے کوئی راہ عمل) ؛ اچھا ، چیدہ یا خوش امکان جیسے کوئی اختیار ؛ وافر ، گوارا ، کافی (مقدار یا رقم) ؛ متوسط درجے کا ۔ (جہاز رانی) موافق یا معاونِ (ہوا یا جوار بھاٹا) ۔ (متعلّق فعل) اچھے

طریقے سے (وغیرہ) ۔

fairly, adv. بے تعصبانہ ؛ معتدلانہ ؛ پوری طرح ؛ مناسب ؛ جائز طور پر ؛ واضح طور پر ۔

fairness, n. حُسن ؛ اُجلا پن ؛ منصف مزاجی ؛ خوبصورتی ۔

fajr, n. ازدحام ؛ اِکٹھ ؛ میلہ ؛ جانوروں اور دیگر مختلف چیزوں کی مسابقتی نمایش جس میں تفریحی عُنصر بھی شامل ہوتا ہے اور عموماً سال بسال مختلف مقامات پر لگتی ہے ؛ مختلف ممالک کی ثقافتوں اور مخصوص کارناموں کی عام نمایش جسے ان ممالک کے نمائندے لگاتے ہیں ؛ اشیا کی نمایش اور فروخت (عموماً کسی خیراتی یا فلاحی مقصد کے لیے) ۔

fair ball, n. (بیس بال) وہ گیند جسے بَلّا مارا گیا ہو اور وہ اِن فیلڈ کی پہلی اور تیسری بیس لائنوں میں جا گرے یا جا رُکے یا پہلے گرے لیکن آؤٹ فیلڈ کی ممنوعۂ لائنوں کے اندر ضروری نہیں کہ رہ جائے یا ان لائنوں کے اندر رہ جائے؛دوڑ کا آخری حصّہ ۔

fair catch, n. (فٹ بال) ضرب لگے ہوئے فٹ بال کو کسی کھلاڑی کا جھپٹ لینا جو اس بات کا اشارہ ہے کہ وہ اسے لے کر واپسی دوڑ نہیں کرے گا اور اس لیے اس کے ساتھ چھینا جھپٹی کی ضرورت نہیں ۔

fairground, n. (عموماً جمع) نمایش گاہ ؛ میلہ ، کارنیوال یا نمایش وغیرہ لگانے کے لیے مخصوص جگہ ۔

fairish, a. خاصا اچھّا ؛ خاصی اچھّی (جیسے : fairish health) ؛ قدرے بڑا یا بڑی ۔

fairishly, adv. خاصے ہلکے رنگ کا ؛ بطریقِ احسن ۔

fair-minded, a. مُہذّب ؛ شایستہ ؛ خاطر خواہ ؛ موزوں ؛ زیبا؛ معقول اور بے تعصّب ؛ جانب داری سے پاک ۔

fair-mindedness, n. تہذیب ؛ شایستگی ؛ معقولیت و بے تعصبی ۔

fair-trade agreement, n. بے لاگ تجارت کا معاہدہ ؛ پرچون فروش کا مال بنانے والے کے ساتھ معاہدہ کہ وہ اس کا مال مقررہ قیمت سے کم پر نہیں بیچے گا (بعض امریکی ریاستوں میں ایسا معاہدہ کرنے کی اجازت نہیں) ۔

fair trade, v.t. بے لاگ تجارت کرنا ؛ بالائی معاہدے کے مطابق اشیا کو تقسیم یا فروخت کرنا ۔ (صفت) بے لاگ تجارت ۔

fair trader, n. بے لاگ تاجر ؛ ایسے معاہدے پر مال بیچنے والا ۔

fairway, n. گالف کے کھیل میں ٹی (tee) سے لے کر گرین (Green) تک کے درمیانی راستے کا حصّہ جہاں سے گھاس وغیرہ کاٹ کر راستہ صاف کر لیا جاتا ہے ؛ بے رکاوٹ راستہ ۔ (جہاز رانی) جہاز رانی کے قابل آبی راستہ ۔

fair-weather, a. سہانا موسم ؛ خوشگوار موسم ؛ موافق موسم میں جس سے کام لیا جا سکے یا جس کو کام میں لایا جائے ؛ دشوار لمحوں میں ناقابلِ انحصار (جیسے : fair -weather friend) ؛ سُکھ کا ساتھی ۔

fairy, n. پری ؛ ایک خیالی ہستی یا پریت جو چھوٹی سی خُوبصورت انسانی شکل اور فوق الانسان اوصاف والی ہوتی ہے ؛ حسین مخلوق ۔ (صفت) پریوں سے متعلّق یا کسی طرح سے پریوں سے واسطہ دار ؛ پریوں سے آئی ہوئی ۔

fairylike, a. پری وَش ؛ مانندِ پری ؛ پری جیسی ۔

fairy land, n. پرستان ؛ پریوں کی مفروضہ سرزمین ؛ پریوں کا مَسکَن ۔

fairy ring, n. پری حلقہ ؛ سبز حلقہ ؛ کُھمبیوں کا حلقہ جو چراگاہوں یا باغوں میں فُطرات سے بن جاتا ہے اور جس کے بارے میں عام خیال ہے کہ پریوں کے ناچ سے پیدا ہو جاتا ہے ۔

fairy tale, fairy story, n. پری کہانی ؛ جادوئی مخلوق اور ان کی سرگرمیوں کی کہانی جو عموماً بچّوں کے بہلاوے کے لیے سنائی جاتی ہے ؛ ناقابل یقین فرضی داستان یا قصہ ؛ جُھوٹ مُوٹ ۔

faith, n. عقیدہ ؛ مذہب ؛ ایمان ؛ یقین ؛ کسی شخص یا شے پر اعتماد یا بھروسا ؛ وفاداری ؛ کسی شخص ، قول یا عہد کے ساتھ نباہ ؛ اعتقاد (ثبوت کی تصدیق کے بغیر) ؛ اس صداقت و حقیقت کو رُوحانی طور پر قبول کر لینا جسے عقل تسلیم نہ کرے ؛ خُدا پر ایمان ؛ کسی مذہب کے نظریات یا اس کی تعلیمات پر ایمان ۔

in faith, فی الحقیقت ؛ بلاشُبہ ۔

faithful, a. وفادار ؛ فرض شناس ؛ فرض کی بجا آوری کا پابند ؛ فرض برآری میں اٹل ؛ بے جھجھک وفاکیش ؛ اپنے وعدوں کا پابند ؛ قابلِ اعتماد ؛ حقیقت کے مطابق یا اصل کے بالکل مطابق (جیسے : a faithful copy) ؛ بمطابقِ اصل ۔

faithful, faithfuls, n. (جمع) کسی جماعت یا گروہ کے وفادار پیروکار ، پہلے the لگانے سے عیسائی کلیسا یا مذہبِ اسلام کے حامی مراد لیے جاتے ہیں ۔

faithless, a. بے اعتبار ؛ لامذہب ؛ بدعہد ؛ جھوٹا ؛ بے وفا ؛ عہد یا ذمّہ داری کی پابندی نہ کرنے والا ؛ ناقابلِ اعتماد ؛ عہد شکن ؛ ایمان یا اعتقاد سے خالی ؛ بے ایمان یا بے اعتقاد ۔

fake, v.t. جعلی رُوپ دینے کے لیے کسی شے میں کوئی تبدیلی لانا ؛ جعلی روپ دینا ؛ رُوپ دھارنا ؛ بھیس بدلنا ؛ بہانہ بنانا ۔ (عوامی) وقت کو دغا دینا ۔ (فعل لازم) اپنے آپ کو کچھ اور ظاہر کرنا ۔ (اسم) جعلی یا بناوٹی جسے اصلی کر کے پیش کیا گیا ہو ؛ دغاباز ؛ جعل ساز ؛ جعل سازی کرنے والا ۔ (صفت) جعلی ؛ بناوٹی ۔

fakir, n. [اردو] فقیر ؛ جوگی یا سادھو ؛ گداگر ؛ بھکاری ۔

Falangist, n. فلانجی ؛ فلانجسٹ ؛ اسپین میں ۱۹۳۶ء – ۱۹۳۹ء میں ہونے والی خانہ جنگی کے بعد اُبھرنے والی سرکاری فاشسٹ سیاسی پارٹی کا رُکن ۔

falcate, falcated, a. درانتی کی طرح خم دار ؛ ٹیڑھا/مُڑا ہوا ۔ (نباتیات) درانتی نُما مڑے ہوئے پھل سے متعلق ۔

falchion, n. تیغہ ؛ بیش قبض ؛ چوڑی مگر چھوٹی تلوار جو عہدِ وُسطیٰ میں استعمال کی جاتی تھی ، اس کی مُحدّب دھار نوک کی جانب خمیدہ ہوتی چلی جاتی تھی ۔

falcon, n. باز ؛ شِکرا ؛ مختلف قسم کے شکار میں مددگار پرندوں میں سے کوئی ایک جس کا تعلّق خم منقار خاندان یا مخصوص فلکو جنس سے ہو ، اس کے بازو لمبے اور نوکدار اور چونچ ٹیڑھی ہوتی ہے ، پہلے اس سے بر وہ باز مُراد تھا جسے دوسرے پرندوں کے شکار کے لیے سدھایا جاتا تھا ؛ ایک قسم کی توپ جو اب متروک ہے ۔

falconer, n. بازیار ؛ باز یا شِکرے سے شکار کھیلنے والا ؛ بازوں کو شکار کی خاطر پالنے اور تربیت دینے والا ؛ بازدار ۔

falconet, n. بازچہ ؛ شاہینک ؛ چھوٹاایشیائی شِکرا ۔

falconry, n. بازپروری ؛ شاہین پروری ؛ شاہین آموزی ؛ شاہین بازی ؛ صقّاری ۔

falderal, n. دیکھیے : Folderol ۔

fall, v.i. گرنا ؛ سہارا کھو بیٹھنے یا بے سہارا ہو جانے سے کشش ثقل کے ذریعے اونچی جگہ سے نیچی جگہ یا نیچے کی طرف اُتر آنا ؛ ایستادہ یا کھڑی حالت سے اچانک گر پڑنا یا نیچے آ جانا ؛ بلند مقام ، وقار یا کردار کھو بیٹھنا ؛ اُترتے ہوئے آنا جیسے سکون ، رات یا خاموشی کا ؛ علیحدہ ہونا اور گر جانا (جیسے پتوں کا شاخوں سے) ؛ منہ سے نکالنا (to let fall a remark) ؛ نیچے کو لٹک جانا یا نیچے کی جانب بڑھنا (جیسے : Her hair fell to her shoulders) ؛ نچلی سطح کی جانب اُتر جانا (جیسے لہروں کا) ؛ زوال پذیر ہونا (توانائی وغیرہ کا) ؛ کمزور پڑنا (طوفان ، جوار بھاٹے کا) ؛ ڈھلوانی ہونا (زمین کا) ؛ چہرے کا پھیکا پڑنا (جیسے : Her face fell) ؛ نیچے کو جُھک جانا (آنکھوں کا) ؛ کمی واقع ہونا (حرارت میں) ؛ دِھیما ہو جانا (آواز کا) ؛ کم ہو جانا (تعداد ، قدر ، حجم، درجے یا صلاحیت کا) ؛ ٹُکڑے ٹُکڑے ہو کر گر جانا یا کھنڈر بن جانا ؛ دھڑام سے گر پڑنا ؛ حملے کی تاب نہ لانا (قلعہ بندی) تختہ الٹ جانا (حکومت کا) ؛ غلط کاری کرنا یا گناہ کرنا (خصوصاً اپنی پاکدامنی کھو بیٹھنا) ؛ زخمی یا مُردہ ہو کر گر پڑنا (خصوصاً قتل ہو جانا) ؛ روشنی یا نگاہ کا کسی کی طرف مُڑنا ؛ کسی کی حدود ، دائرۂ کار یا دائرۂ اختیار میں آ جانا ؛ مناسب جگہ پر ہونا ؛ زور پڑنا (جیسے : The accent falls on the first syllable) ؛ ورثے یا تفویض نامے یا منصب کے طور پر ذمّہ داری پانا (جیسے : The jobs fall to him) ؛ کسی خاص جگہ پر اتفاقاً پہنچ جانا (جیسے : to fall among thieves) ؛ کسی مخصوص جذباتی ذہنی یا بدنی صورت میں داخل ہو جانا (جیسے : to fall in love یا to fall ill) ؛ سرگرمی سے یا دل سے اپنے آپ کو لگانا یا لگ جانا ؛ محو یا منہمک ہو جانا (جیسے : to fall to work) ؛ پڑنا ہونا یا وقوع پذیر ہونا (جیسے : Independence Day falls on Thursday this year) ۔ (فعل متعدی) کاٹ ڈالنا ؛ کاٹ گرانا (درخت کو) ۔

fall away, حمایت یا ساتھ دینے سے ہٹ جانا ؛ ترک مذہب کرنا؛ مرتد کرنا یا ہو جانا؛ زوال پذیر، انحطاط پذیر یا تباہ کرنا ؛ کمزور اور دُبلا کرنا ۔

fall back, پیچھے ہٹ جانا ؛ پسپا ہونا ؛ مزاحمت نہ کر سکنا ۔

fall behind, پیچھے رہ پڑنا ؛ وقت پر ادا نہ کر سکنا ۔

fall down, ناکام ہونا ؛ مایوس کرنا ۔

fall for, جُل کھا جانا ؛ کسی کی محبت میں گرفتار ہونا ۔

fall in, اندر کو گر پڑنا ؛ صف میں اپنی جگہ لے لینا (جیسے سپاہی وغیرہ) ۔

fall in with, مل کر آنا ؛ سامنا ہو جانا ؛ مل پڑنا ؛ متفق ہونا ؛ ہم آہنگ ہونا ۔

fall off, جُدا ہو جانا ؛ پرے جا گرنا ؛ الگ کرنا ؛ ہٹ جانا ؛ تعداد ، مقدار اور شِدّت میں کمی کرنا ؛ گھٹ جانا ۔

fall on, fall upon, حملہ کرنا ؛ اتفاقاً پا لینا ؛ فرض یا ذمہ داری بن جانا؛ کوئی چیز رکھنا یا کسی شے کا جاننا ؛ تجربے میں سے گزرنا (جیسے : to fall on hardtimes) ۔

fall out, صف سے باہر جانا (سپاہی وغیرہ کا) ؛ اختلاف کرنا ؛ جھگڑ پڑنا ؛ رُونما ہونا ۔

fall short, ہدف تک نہ پہنچ سکنا ؛ ناکافی ہونا ؛ ناکافی ثابت ہونا ۔

fall through, بے نتیجہ رہنا ؛ ناکام رہنا ۔

fall to, کام میں لگ جانا ؛ اپنے آپ کو کام میں لگا دینا ؛ کھانا شروع کر دینا ۔

fall, n. انحطاط ، کمی ، اُتار ؛ زوال ؛ کسی بلند تر جگہ یا مَنصب سے فروتر کی طرف گرنے یا اُترنے کا عمل ؛ برف یا بارش کا نَزُول ؛ نزُولی مقدار ؛ خزاں ؛ درختوں سے پتّوں کے جھڑنے کا موسم ؛ پت جھڑ ؛ فروتر سطح پر بیٹھ جانا یا سرایت کرنا ؛ لہروں وغیرہ کا اتار ، انحطاط یا اختلال ؛ آبشار یا جھرنا (عموماً بصورت جمع) (جیسے : Niagara Falls) ؛ بھاؤ اُترنے (کم ہونے) کا رُجحان ؛ وہ فاصلہ جس میں سے گُزر کر کوئی شے گرتی ہے ؛ قیمت یا وقعت میں کمی ؛ اِیستادگی کی حالت سے زمین پر اُفتاد ؛ کُشتی میں حریف کے ہاتھوں چاروں شانے چت گرائے جانے کا عمل ؛ کُشتی میں داؤ آزمائی (جیسے : to try a fall) ؛ درختوں کی کٹائی یا ایک وقت میں کاٹی گئی عمارتی لکڑی ؛ کسی شہر یا قلعے کی قبضہ گیری یا قبضہ دہی ؛ ترغیب نفسی کے بس میں آ جانے یا پھر گناہ کی جانب لَوٹ جانے کی حالت ؛ ہبوط ؛ موزوں مقام ، (جیسے : the fall of an accent on a syllable) ؛ گرتا ہوا یا لٹکتا ہوا غلاف یا کوئی اور ایسی شے (جیسے فیتہ یا ڈوری وغیرہ) ؛ لٹکن ؛ ایک ڈھیلا ڈھالا سا آویزاں نقاب ؛ عورت کے بالوں سے گُندھے ہوئے لمبے مصنوعی بال ۔ (میکانیات) آلۂ جرثقیل کے رسّے کا وہ حصّہ جس پر وزن یا بادبان اٹھاتے وقت زور لگایا جاتا ہے ؛ جمع کی صورت میں اس سے وہ سارا سازوسامان مُراد ہوتا ہے جو جہازی کشتی کو اوپر لے جانے یا نیچے لے جانے کے کام آئے ۔ (صفت) خزانی یا خِزاں سے متعلّق ۔

fallacious, a. مغالطہ انداز ؛ گمراہ کُن ؛ جعلی (نقلی) ؛ فریبندہ ؛ مغالطہ آمیز ؛ منطقی طور پر کمزور ۔

fallacy, n. مغالطہ ؛ مغالطہ ڈالنے والی کوئی شے ؛ گمراہ کُن یا بھونڈی دلیل ؛ مغالطہ دار یا گمراہ کُن ہونے کا وصف ۔ (منطق) دلائل کے اندر یا قیاساتِ منطقی میں موجود ، مختلف اسقام میں سے کوئی سُقم جو ان کو منطقی لحاظ سے کمزور کر دے ۔

fallen, a. گرا ہوا ؛ چت ؛ بے رتبہ ؛ ذلیل ؛ معزول ؛ اس عورت کا جس کی عصمت لُٹ چکی ہو ؛ شکست خوردہ ؛ مقتول ۔

fall guy, n. (عوامی) قربانی کا بکرا ؛ وہ شخص جس کے سر دوسرے کی غلط کاریوں کا الزام تھوپا جائے ؛ بے گناہ ملزم ۔

fallible, a. مائل بہ گناہ ؛ مائل بہ خطا ؛ خاطی یا دھوکا کھا جانے والا ؛ جس کے صحیح نہ ہونے کا امکان ہو یا مغالطہ انگیز ۔

fallibility, n. میلانِ خطا یا گُناہ ؛ مُغالطہ انگیزی (وغیرہ) ۔

falling-out, n. مناقشہ ؛ باہمی جھگڑا ؛ ان دو افراد کے درمیان ناچاقی یا پُھوٹ جو کبھی باہم دوست رہے ہوں ۔

falling star, n. شہاب ثاقب ؛ ٹُوٹتا تارا ؛ ٹُوٹا ہوا تارا ۔

Fallopian tube, n. [اطالوی ڈاکٹر گیبریلو فیلوپیو (۱۵۲۳ء ـ ۱۵۶۲ء) کے نام پر جس نے اسے معلوم کیا تھا] فیلوپی نالی ؛ اُن دو پتلی نالیوں میں سے کوئی ایک جو بیضہ دانیوں سے بیضے کو رِحم تک پہنچانے کا وسیلہ ہیں ۔

fallout, n. (طبیعیات) ایٹمی دھماکے سے فضا میں پھیل جانے والا غُبار ، دُھواں اور دیگر مواد جو اس دھماکے کے باعث تابکار ہو چکا ہوتا ہے ؛ ان ذرات کی اُفتاد ؛ کسی قسم کی ضمنی پیداوار ۔

fallow, n. پڑتی ؛ اُفتادہ ؛ ہل چلانے اور جوتنے کے بعد چھوڑی گئی زمین ؛ ورھیال ؛ نکاشت ہونے کی حالت ؛ وہ وقفہ جس میں کوئی زمین افتادہ پڑی رہے ۔ (صفت) ورھیالی ؛ بے کاشت (زمین) جسے ایک یا ایک سے زیادہ موسموں کے لیے غیر مزروعہ چھوڑ دیا جائے ۔ (فعلِ متعدی) کسی زمین وغیرہ کو کاشت کے بغیر چھوڑ دینا ؛ ورھیال بنانا ۔

fallow, a. زرد پیلے یا بُھورے سے رنگ والا ۔

fallow deer, n. زرد ہرن ؛ ایک یورپی ہرن (داما داما) جس کی کھال زرد ہوتی ہے ۔

false, a. جُھوٹا ؛ کاذب ؛ سچ یا دُرست کے برعکس ؛ غَلط ؛ مغالطہ دار ؛ نادرست یا غیر صحیح ؛ نادرست اظہار یا اعلان ؛ فریب کار ؛ مکّار ؛ بے وفا ، فریب آلود (جیسے: false appearance) ؛ جعلی ؛ بناوٹی ؛ غیر حقیقی ؛ دھوکا دینے یا گمراہ کرنے کے لیے برتا گیا ۔ (موسیقی) غلط سُر (a false note) ۔ (حیاتیات) اصل چیز سے مُغالطہ انگیز مشابہت رکھنے والی (جیسے : false Soloman's -seal) ؛ عارضی ؛ متبادل ؛ عارضی تدارک ۔ (متعلّق فعل) کاذبانہ ، غلط طریقے سے ؛ جھوٹے طور پر ؛ نادرستانہ ؛ مکّارانہ ؛ بے وفائی کرتے ہوئے یا فریب دیتے ہوئے ۔

falsehood, n. کِذب بیانی ؛ دروغ ؛ دروغ گوئی یا حیلہ سازی ؛ نادرست بات یا عمل ؛ صداقت یا حقیقت کا فُقدان ۔

false horizon, n. افقِ کاذِب (وہ خط جہاں بظاہر زمین اور آسمان ملتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں ، اس سے ارتفاع پیمائی میں کام لیا جاتا ہے) ۔

false rib, n. اوچھی پسلی ؛ آزاد پسلی ؛ وہ پسلی جو سینے کی ہڈّی سے پیوست نہیں ہوتی ۔

falsetto, n., a., ad. بناوٹی اُونچی آواز ؛ معمول کی آواز سے بلند تر آواز (خصوصاً مرد کی) ؛ وہ گویّا جو گاتے ہوئے معمول سے بلند تر آواز سے کام لے ۔

falsie, n. (عموماً جمع) کھوپا ؛ ربڑ یا کپڑے کا پیالہ ، جِسے انگیا کے نیچے رکھّا جاتا ہے کہ چھاتیاں بڑی اور شکیل نظر آئیں ؛ دکھاول ؛ پستان پوش ۔

falsify, v.t. غلط ردوبدل کرنا (خصوصاً کسی کو دھوکا دینے کے لیے) ؛ غلط پیش کرنا ؛ تردید کرنا یا غلط ثابت کرنا ؛ باطل قرار دینا ؛ بطلان کرنا ؛ تکذیب کرنا ۔ (فعلِ لازم) جھوٹا ہونا ؛ کاذِب ہونا ۔

falsification, n. دروغ بافی ؛ جعل سازی ۔

falsifier, n. جعل ساز ؛ دھوکے باز ؛ فریبی ؛ جُھوٹا ؛ مکّار ؛ عیّار ۔

falsity, n. جُھوٹی شے یا جھوٹ ؛ جُھوٹا ، مکّار اور بے وفا ہونے کی حالت ۔

Falstaffian, a. افسانوی شخصیت سرجان فالسٹاف کا ، اس سے متعلّق یا اس سے مشابہ ؛ یہ موٹا سا ہنسوڑ سپاہی اپنے ابتذال ، بذلہ سنجی ، اکڑبازی اور بُزدلی کے حوالے سے شیکسپیئر کے دو ڈراموں ''ہنری چہارُم'' اور ''دی میری وائیوز آف ونڈسر'' (Henery IV, The Merry Wives of Windsor) میں مذکور ہے ۔

falt boat, n. ایک ہلکی سی پچکنی کشتی جس کا لکڑی کا ڈھانچا کینوس چڑھا ہوتا ہے ۔

falter, v.i. حرکت کرتے ہوئے ڈانواڈول ہونا ؛ ہچکچانا ؛ لڑکھڑانا ؛ ٹھوکر کھانا یا ڈگمگانا ؛ ہچکچاتے ہوئے بولنا یا لفظ توڑ توڑ کر بات کرنا ؛ تُتلانا ؛ عمل یا مقصد میں متذبذب یا غیر مستقل ہونا ؛ استقلال ، حوصلے یا صلاحیتوں کا کم ہونے لگنا یا انھیں کھو دینا ۔ (فعل متعدی) ہچکچاتے ہوئے یا لفظ توڑ توڑ کر بولنا ۔ (اسم) لڑکھڑانے کا عمل ؛ تَذبذُب ؛ چال ، آواز ، اقدام یا صَدا میں نااستواری ۔

falterer, n. متامّل ؛ مذبذب ۔

falteringly, adv. ڈگمگاتے ہوئے ؛ ہچکچاتے ہوئے ؛ لڑکھڑاتے ہوئے ۔

fame, n. شُہرت یا مقبولیت ؛ کسی شخص یا شے کے بارے میں عوامی رائے ؛ نام آوری ؛ دُھوم ؛ چرچا ؛ شُہرہ ۔ (فعل متعدی) مشہور کرنا ؛ شُہرت رکھنا ۔

famed, a. مشہور عام ؛ مشہور ؛ شہرت یافتہ ؛ نامور ۔

familial, a. کنبے سے متعلّق یا کنبے کی خاصیت سے متعلّق ؛ کُنبے سے وابستہ یا کنبے میں عام (جیسے : a familial trait) ۔

familiar, a. واقف ؛ آشنا ؛ خُوگر ؛ شناسا ؛ جانا پہچانا ؛ معروف ؛ اکثر ہونے یا برتے جانے والا ؛ خوب جان پہچان والا ؛ مانوس ؛ خُوب آگاہ (کسی موضوع یا تحقیق میں) ؛ لنگوٹیے یار کے سے اطوار کا اظہار کرتا ہوا ؛ بے تکلّف ؛ اُنسی ؛ سہولت اور نرمی کا مظہر ؛ کُنبے سے متعلّق ۔ (اسم) گہرا دوست ؛ قریبی ساتھی ؛ کسی بڑے کلیسائی عُہدے دار کے گھر کا فرد ؛ کسی جگہ بیشتر آنے جانے والا ۔

familiarity, n. واقفیت ؛ بے تکلفی ؛ ربط ضبط ؛ مانوس ہونے کی حالت ؛ کسی شخص یا موضوع کے بارے میں کامل آگاہی یا علم ؛ گہرا لگاؤ ؛ بصورت جمع وہ اقدامات جو حد سے زیادہ بے حجابی یا بے تکلّفی کے مظہر ہوں ؛ حد سے بڑھی ہوئی بے تکلفیاں ۔

familiarize, v.t. مانوس یا بے تکلّف بنانا ؛ خُوگر کرنا ؛ شناسائی میں گہرائی پیدا کرنا ؛ مشق یا روز کے استعمال سے خُوب آگاہ یا پوری طرح واقف بنا دینا ۔

familiarization, n. خُوگر سازی ؛ مانوس ہونے یا مانوس کرانے کا عمل یا سلسلۂ کار ۔

familiar spirit, n. کسی شخص کے قبضے میں مفروضہ رُوح یا جن ؛ کسی مرے ہوئے شخص کی رُوح جسے کسی معمول کے ذریعے نصیحت یا پیش گوئی کی خاطر طلب کیا جائے ؛ رُوحِ مانوس ۔

family, n. کُنبہ ؛ خاندان ؛ اہلِ خانہ ؛ بیوی بچّے ؛ گھرانا ؛ گھر بار ؛ ماں باپ اور اولاد پر مشتمل کُنبہ ؛ اولاد جو والدین سے پہچانی جائے ؛ خُون یا بیاہ کے ذریعے تعلّق دار ؛ یک جدّی قبیلہ ؛ اُونچا یا مُمتاز نسب (جیسے : a man of family) ؛ ایک ہی سربراہ کے ماتحت ایک ہی گھر میں رہنے والے لوگ ؛ اشخاص یا اشیا کا گروہ جو

خصائص ، مشاغل یا اصل کے اعتبار سے ایک ہو ۔ (جیسے : office family) ؛ نباتات یا حیوانات کی طبقہ بندی کی وہ ترتیب جو فصیلے سے تو نیچے ہوتی ہے لیکن جنس سے اوپر ہوتی ہے ۔ (ریاضی) سطحوں یا خموں کا وہ سیٹ جس کی مساواتیں ایک سی ہوتی ہیں لیکن مقادیرِ معلومہ میں اختلاف ہوتا ہے ؛ زبانوں کا وہ گروہ جو بعض مشترک خصائص پر مشتمل ہو اور ہم اصل معلوم ہو (جیسے ہند یورپی) ۔ (صفت) کنبے کا ؛ کنبے سے متعلّق ؛ خاندانی ۔

family circle, n. کسی اوپیرا (opera) یا تھیٹر وغیرہ کا وہ حصّہ جہاں سستی نشستیں ہوں اور یہ جگہ عموماً بالائی بالکونی میں ہوتی ہے ؛ گوشۂ خاندان ۔

family man, n. کُنبہ پرور ؛ اہل خانہ ؛ بیوی بچّوں والا شخص ؛ کُنبے کا خیال رکھنے والا ؛ گھریلو زندگی اور گھریلو روزمرہ میں دلچسپی لینے والا ؛ اہل و عیال والا ؛ بال بچّوں والا ؛ شادی شُدہ ۔

family name, n. خاندانی نام ؛ کسی شخص کے نام کا آخری حصّہ جو (یورپ وغیرہ میں) اس کے قریبی اسلاف کے نام کا بھی حصّہ ہوتا ہے ۔

family tree, n. شجرۂ نسب ؛ معلوم اجداد سے لے کر تا بایّام کُسی کنبے کا شجرۂ نسب جو افرادِ خاندان اور اُن کے باہمی رشتوں کو ظاہر کرے ۔ دیکھیے : genealogical tree ۔

famine, n. قحط ؛ کمی ؛ گرانی ؛ عالَمگیر غذائی قلّت ؛ کسی چیز کی عام کمیابی ؛ کال ؛ فاقہ زدگی ۔

famish, v.t., v.i. بُھوک یا پیاس کا نشانہ بنانا یا بننا ۔

famished, a. فاقہ زدہ ؛ سخت بُھوک کا شکار ۔

famous, a. نامی ؛ نامور ؛ معرُوف ؛ دُور دُور تک معروف ؛ مشہور ؛ شہرۂ آفاق ۔

famously, adv. نامورانہ ؛ نہایت عمدگی کے ساتھ ؛ کامیابی سے ۔

fan, n. پنکھا ؛ ہوا کا ٹھنڈا جھونکا پیدا کرنے والی کوئی شے ؛ باد گرداں ؛ باد زَن ؛ پنکھے کی طرح پھیلی ہوئی کوئی چیز (جیسے پرندے کی دُم) ؛ متعدّد برقی ایجادوں میں سے کوئی ایک جن کے بلیڈ ہوتے ہیں اور جو گردش میں آکر ہوائی رَو پیدا کرتے ہیں ؛ دانوں کو بُھوسے سے جُدا کرنے کا ایک آلہ ۔

fanlike, a. پنکھے کی طرح (شکلاً یا عملاً) ۔

fan, v.t. پنکھے سے حرکت یا جنبش دینا جیسے ہوا کو ؛ ہوا کو حرکت آشنا کرنا جیسے پنکھے سے ؛ کسی چیز کو پنکھے یا کسی اور طرح حرکت میں لانا ؛ پنکھے کی طرح پھیلانا ۔ (زراعت) دانوں کو بُھوسے سے الگ کرنا ۔ (فعلِ لازم) پنکھے کی طرح حرکت میں آنا یا پھیلنا ۔ (بیس بال) ہِٹ لگانا ۔

fan, n. (عوامی) کسی کھیل ، تفریح کا دلدادہ یا شوقین ؛ کِسی اداکار یا عوامی شخصیت کا پرستار ۔

fanatic, n. کٹّر ؛ کٹھ مُلّا ؛ متعصِب ؛ متشدّد ؛ انتہا پرست (عموماً کسی سیاسی جماعت یا مذہب کے پیرو کے لیے آتا ہے) ۔ (صفت) شدید حد تک پُرجوش ؛ مُتشدّد ؛ جنون کی حد تک جوشیلا ؛ دیوانہ ۔

fanaticize, fanaticise, v.t. جوشیلا بنا دینا ؛ انتہا پرست کر دینا ۔

fanaticism, n. انتہائی تعصُّب ؛ انتہائی کٹّرپن خصوصاً مذہبی یا سیاسی ؛ رویہ جو اس قسم کی دیوانگی اور جنون سے عبارت ہو ؛ پاگل پن ؛ دیوانگی ۔

fancier, n. پودے یا جانور کی کسی خاص قسم کو اور بہتر بنانے کی غرض سے اس کی پرورش میں لگا ہُوا ؛ لگن والا یا خصوصی دلچسپی لینے والا ؛ شوقین ۔

fanciful, a. وہمی ؛ خیالی ؛ قیاسی ؛ تجربے اور عقل کی جگہ من موج سے کام لینے والا ؛ متلوّن ؛ غیر حقیقی ؛ وسواسی ؛ رُومانی ؛ لہری ۔

fancy, n. تصوُّر ؛ ترنگ ؛ ظن ؛ خیالی اُڑان ؛ خیال آفرینی ؛ وہ داخلی صلاحیّت جو تزئینی، سبک ، مسرّت بخش اور ہنر مندانہ تمثالوں ، علامات اور رموز کی تخلیق کرتی ہے (شاعری یا کسی اور فن میں) ؛ کوئی ذہنی تصوُّر یا تصویر ؛ وہ خیال یا رائے جس کی کوئی بُنیاد نہ ہو ؛ ترنگ یا من موج ؛ من بھاونی یا من مرضی کی ترجیح ؛ مَیلان یا اشتیاق داری (جیسے : to take a fancy to) ؛ فیصلہ (کسی فیشن یا کسی آرٹ کے معاملے میں) ؛ پودوں یا جانوروں کی پال پوس اس لیے کہ ان میں خوبصورتی یا عُمدگی آجائے ؛ مخصوص قسم کی چیزوں مثلاً پرندوں ، کُتّوں یا مخصوص تفریحات وغیرہ کا شوقین یا چاہ رکھنے والا ۔

fancy, a. من موج ؛ خیال آفرینی ؛ ذوق کی تسکین کے حسبِ حال کی گئی (کوئی بات) ؛ غیر سادہ ؛ آرایشی ؛ خوش اسلُوب ؛ چیدہ یا عُمدہ ترین (جیسے : fancy fruits) ؛ زیادہ مہارت طلب (جیسے : fancy footwork, fancy diving) ؛ خوبصورتی یا عمدگی کے خاص نکات پیدا کرنے کے لیے پروردہ پودا یا جانور ؛ کئی رنگا (پھول وغیرہ) ؛ حقیقت سے دور ، معقولیت سے دُور یا حد سے زیادہ (جیسے : fancy prices) ؛ تخیّل یا خیال بافی پر مبنی ؛ من موج یا تخیل کے عمل پر انحصار کرنے والا ؛ متلوِن ؛ بے قاعدہ ۔

fancy dress, نمایشی لباس ؛ اپنے معمول کے لباس کی جگہ نمایش کے طور پر کوئی اور من مرضی کا پہناوا ۔

fancy dress ball, نمایشی لباس رقص ؛ وہ رقص جس میں سب نمایشی لباس میں جاتے ہیں ۔

fancily, adv. جزئیات تک کا خیال رکھتے ہوئے ؛ تخیل کے ساتھ ۔

fancy, v.t. کسی کی دُھن یا خیال کا سما جانا ؛ ذہن میں کسی کی تصویر لانا ؛ تصوُّر کرنا ؛ خیال کرنا ؛ حتمی یقینی ہوئے بغیر بھی مان لینا ؛ کسی کی چاہت پیدا کر لینا ؛ پسند کرنا ۔

fancy-free, a. ناوابستۂ رُومان ؛ بے پروا ؛ تصوّراتی ، خیالی رومان میں مُبتلا ؛ شیخ چلّی ؛ خواب بیں ۔

fancywork, n. کشیدہ کاری کا آرایشی کام ۔

fandango, n. ایک جانفزا ہسپانوی یا ہسپانوی امریکی رقص جس میں مرد اور عورت ناچتے ہوئے کھڑتال بھی ساتھ ساتھ بجاتے جاتے ہیں ؛ اس قسم کے ناچ کی مناسبت والی موسیقی یا دُھن ۔

fan fare, n. نفیری ؛ بگل کا الاپ ؛ نفیریوں کا اکٹھے بجنا ؛ آرکسٹرا میں موسیقی کا وہ ٹُکڑا جس میں پیتل کے ساز بجائے جاتے ہیں ؛ خود ستائی کا یا نمایشی اظہار ؛ لاف زنی یا شجاعتی تفاخُر ۔ (عوامی) تشہیر ؛ اشتہار بازی ۔

fan faron, n. ڈینگیا ؛ شیخی خورا ؛ شیخی بگھارنے والا ؛ لاف زن ۔

fan faronade, n. ڈینگ ؛ شیخی ؛ لاف زنی ۔

fang, n. کُچلی ؛ کسی جانور کا لمبا نوکیلا دانت ؛ زہریلے سانپ کی کُچلی جس کے ذریعے وہ زہر دوسرے تک پہنچاتا ہے ؛ کُتّے اور بھیڑیے کے سامنے کے چار دانتوں میں سے کوئی ایک ؛ مکڑے کے ہر دو بیرونی تتموں میں سے کوئی ایک ؛ دانت کی جڑ یا دانت کی جڑ کی کوئی شاخ ؛ بیر ؛ ناب ؛ کھانگ ۔

fanged, a. کچلی دار ؛ کچلیوں والا ؛ دنتیلا ۔

fanjet, n. جیٹ انجن جس میں ایک نالی دار پنکھے کے ذریعے اضافی دھکیل حاصل کی جاتی ہے ، جو سامنے کی جانب آخری سرے پر ہوتا ہے اور اضافی ہوا کشی کرتا ہے تا کہ دباؤ کے ذریعے اس کا اخراج کیا جا سکے ؛ وہ طیّارہ جس میں اس قسم کے ایک یا زیادہ انجن ہوں ۔

fanlight, n. پنکھ کھڑکی ؛ دروازے یا بڑی کھڑکی کے اُوپر کی جانب چوکھٹ کے اُوپر والی لکڑی پر بنا ہوا روشن دان جو عموماً نیم دائرے کی شکل (یعنی پنکھے کی طرح) کا ہوتا ہے اور اسی لیے اسے پنکھ کھڑکی کہا جاتا ہے ۔

fan palm, n. پنکھ تاڑ ؛ تاڑ کی ہر وہ قسم جس کے پتّے پنکھے کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

fan tail, n. پنکھ دُم ؛ پنکھ انگ ؛ لَم پَرا ؛ لقا کبُوتر ؛ پالتو کبُوتروں کی ایک نسل جن کی دُم پنکھ رُوپی ہوتی ہے ؛ خار ماہی قسم کی ایک مچھلی ؛ کسی عمارت کا پنکھ رُوپی حصّہ (جیسے محراب) ؛ بعض جہازوں کے دُنبالے پر گول سا سائبان ۔

fan-tan, n. ایک چینی قِمار بازی جس میں کھیلنے والے اپنی رقموں کو دوسروں سے پوشیدہ رکھتے ہوئے کسی پیالے کے نیچے رکھ دیتے ہیں اور پھر داؤ لگاتے ہیں کہ اس رقم کو چار پر تقسیم کرنے سے باقی کیا بچتا ہے ؛ تاش کا ایک کھیل جس میں پتّے ترتیب وار کھیلے جاتے ہیں اور جو اپنے پتّے پہلے کھیل لے وہ جیت جاتا ہے ۔

fantasia, n. خیالیہ ؛ ایک نغمہ جسے سِکّہ بند (ٹکسالی) طریقے سے تیّار کرنے کی جگہ من مرضی سے یا اُسلوب کو ملحوظ نہ رکھتے ہوئے تیّار کیا گیا ہو ؛ کوئی ڈرامہ یا نظم جس میں مُصنِّف کسی خیالی پیکر کو پیش کرے ۔

fantasied, a. موجود فی الخیال ؛ موجودِ ذہنی ؛ مایۂ خیال ۔

fantasm, n. دیکھیے : Phantasm ۔

fantast, n. وہمی ؛ ترنگیا ؛ خیالی دُنیا میں رہنے والا ؛ شیخ چلّی کے سے خیالات یا اطوار کا مالک (اسے phantast بھی لکھتے ہیں) ۔

fantastic, fantastical, a. رنگیلا ؛ بانکا ؛ انوکھا ؛ نرالا ؛ تخیل ہی میں موجود ؛ لہری ؛ موجی ؛ کسی بے لگام ترنگ کی پیداوار ؛ دیکھنے میں عجیب و غریب ؛ انتہائی بے ترتیب ؛ مضحکہ خیز ؛ ناقابلِ یقین وُسعت لیے ہوئے ؛ مبالغہ آمیز ؛ خلافِ عقل ؛ دراز تمنا ؛ حقیقت سے دُور ؛ وہم زاد ؛ غیر منطقی ؛ وسواسی ۔

fantasy, phantasy, n. سراب خیال ؛ فنطاسیہ ؛ بے لگام تخیُّل کی تخلیق ؛ بار بار نگاہوں کے سامنے آنے والا خیال یا اختراع ؛ کوئی عجیب سی گرہ خیال ؛ من موج ؛ ذہنی تصوُّر خصوصاً جب وہ مضحکہ خیز یا عجیب و غریب ہو ؛ واہمہ ؛ بے بُنیاد سا مفروضہ یا فریب نظری ؛ قوّتِ واہمہ ؛ وہمِ شبیہہ ۔ (موسیقی) من مرضی کا راگ ۔ (نفسیات) اپنے گرہ بستہ مسائل کی داخلی طور پر یوں کُشاد کاری کہ ان کو حقیقی علائم و تصوُّرات میں خیال کر لیا جاتا ہے ؛ اس قسم کے تصوُّرات بذاتِ خود ۔

fantoccini, n. (جمع) کٹھ پتلیاں جو پوشیدہ تاروں یا رسیوں کے ذریعے حرکت میں آتی ہیں ؛ ان پتلیوں کا تماشا ۔

fantom, n. دیکھیے : phantom ۔

fan tracery, n. (فنِ تعمیر) کسی گنبد یا محراب کی سطح پر پنکھے کی تہوں کی سی پھیلتی ہوئی نقش کاری ۔

fan window, n. (فنِ تعمیر) پنکھ کھڑکی ؛ پنکھ رُوپی کھڑکی جس کے پٹ نیم قطری سلاخوں کے بنے ہوتے ہیں اور اس سے روشن دان کا کام بھی لیا جاتا ہے ۔

fan wort, n. پنکھ بُوٹی ؛ نیلوفر کے خاندان کا ایک پودا ، یہ جوہڑوں اور کم گہری دلدلوں میں پایا جاتا ہے اور مچھلی پالنے کے پن گھروں میں کام آتا ہے ۔

far, adv. پرے ؛ زیادہ فاصلے پر ؛ دور ؛ مکانی یا زمانی لحاظ سے قدیم ؛ بڑھی ہوئی حالت میں یا درجے پر ؛ بہت زیادہ یا بڑی حد تک (جیسے : far better) ؛ خاصے وقفے کے بعد ؛ وسیع پیمانے پر ؛ دور تک (جیسے : far reaching) ؛ کسی مخصوص فاصلے ، نقطہ پیش رفت یا درجے پر یا اس کی جانب (پہلے as,so,how لگاتے ہیں)؛ دُور دست ؛ دور دراز ؛ پیچھے ، بعد ؛ بہت سا ۔ (صفت) مکانی یا زمانی لحاظ سے دُور یا فاصلے پر (جیسے : a far look ahead) ؛ دونوں میں سے زیادہ دور (جیسے : the far side) ۔

by far, کافی حد تک ؛ بہت زیادہ ۔

far and away, کہیں زیادہ ؛ بلا شبہ ۔

in so far, so far as, اس حد تک ؛ جہاں تک کہ ۔

a far cry from, سے ہٹ کر ؛ سے بہت مختلف ۔

farad, n. فرادیہ ؛ فراد ؛ برقی گنجایش کی اکائی ؛ مکثِفہ (condenser) کی گنجایش جس میں ایک کولوم سے چارج ہو جانے پر ایک وولٹ برقی قُوّت کا فرق موجود ہوتا ہے ۔

faraday, n. (برق) فیراڈے ؛ برقی عمل کے ذریعے ہونے والی برق پاشیدگی میں برتی جانے والی اکائی جو تقریباً ۹۶۵۰۰ کولوم (Coulombs) کے برابر ہوتی ہے ۔

faradic, a. فیراڈی ؛ بجلی کی امالی رَوؤں والا ؛ امالی کائلوں کی ثانوی رَوؤں والا یا ان سے متعلقہ مظہر والا ۔

faradism, n. فیراڈی علاج ؛ امالی بجلی ؛ معالجاتی مقاصد کے لیے اس کا استعمال ؛ برقی علاج ۔

faradize, v.t. (طِب) بجلی کی امالی رَوؤں کے ذریعے کسی پٹھے وغیرہ کو حرکت دینا یا علاج کرنا ؛ فیراڈی علاج کرنا ۔

farandole, n. ایک علاقائی ناچ : اس میں سب ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر ناچتے ہیں اور کئی شکلیں اختیار کرتے ہیں ۔

far away, a. بہت دُور واقع (جیسے : far away places) ؛ مخمور ؛ خواب گوں (جیسے : a faraway look in the eyes) ۔

farce, n. کُھلے مزاحیہ انداز کا ڈرامہ جس کی خوش طبعی پست سی ہنسوڑ ترکیبوں جیسے تھپڑوں اور غیر معقول صورت حال پیدا کرنے پر منحصر ہوتی ہے ؛ اس قبیل کا مزاح ؛ مضحکہ خیز بہروپ ؛ محض تماشا ؛ سوانگ ؛ عامیانہ نقل ؛ ڈھونگ ۔ (طبّاخی) بھرتا یا قیمہ وغیرہ ۔ (فعل متعدی) تقریر ، ڈرامے یا ادب پارے میں ظریفانہ مواد شامل کرنا ۔

farcical, a. نقل وغیرہ سے متعلّق یا اس کا انداز لیے ہوئے ؛ مضحکہ خیز ؛ مضحک ؛ مزاحیہ ۔

farci, farcie, n. (طبّاخی) بُھرتا ؛ پکانے والی کسی چیز میں کوٹی اور بھری ہوئی چیز ، جیسے سموسہ ۔

farcy, n. (بیطاری امراضیات) گھوڑوں اور مویشیوں کی ایک بیماری جو لمفائی غدودوں اور جلد کو متاثر کرتی ہے ، یہ متعدی مرض ہے ؛ برساتی ؛ خارشت ؛ اگن باؤ ۔

fare, v.i. کسی خاص حالت میں ہونا (جیسے : We fare well) ؛ کھانا پینا ۔ (اسم) سواری کا کرایہ ؛ گاڑی کا کرایہ ادا کرنے والا مسافر ؛ خوراک ؛ عوامی استعمال یا تفریح کے لیے جو کُچھ پیش کیا جائے ۔

farer, n. کھانے پینے والا ؛ کرایہ ادا کرنے والا ۔

fare-thee-well, n. (بول چال) تکمیل ؛ انتہا ؛ آخری درجہ (جیسے : The roast was cooked to a fare-thee-well) ۔

fare well, interj. الوداع ؛ رخصت طلبی پر بولے جانے والے الفاظ (جیسے خدا حافظ وغیرہ) ۔ (اسم) خیر باد ؛ رخصت ہونے کا عمل ۔ (صفت) آخری ؛ جُدا ہونے کے موقع یا عمل کا یا اس سے متعلّق ؛ الوداعی (جیسے : a farewell dinner) ۔

far-fetched, a. ناقابل اعتبار ؛ ناقابل یقین ؛ غیر ممکن ؛ مبالغہ آمیز ؛ بوجھل ؛ لاچار ؛ مجبور ؛ بعیدُ الفہم ؛ بعیدُ القیاس ۔

far-flung a. بعید ؛ مُنتشِر ؛ زمان و مکان کی پہنائیوں میں دُور تک پھیلا ہوا ۔

farina, n. دلیا ؛ آٹا ؛ عمدہ دانے دار طَعام (آٹے ، روٹی وغیرہ کا) جسے اناج کے طور پر بھی پکاتے ہیں اور پُڈنگ ، شوربے وغیرہ کو گاڑھا کرنے کے لیے بھی برتتے ہیں ۔

farinaceous, farinose, a. در درا (آٹا) ؛ جس سے دلیا یا آٹا حاصل ہو ؛ غذا دار ۔

farkle berry, n. ایک کوتاہ قامت درخت جو جنوب مشرقی امریکا میں پایا جاتا ہے ، اس پر چھوٹے چھوٹے سیاہ بیر لگتے ہیں جو پرندوں کی مرغوب غذا ہے ۔

farm, n. مَزرَعہ ؛ کھیت ؛ فارم ؛ زمین کا قطعہ جو فصلوں ، مویشیوں یا مرغی خانے کے لیے مخصوص ہو ؛ وہ آبی قطعہ جسے آبی جانوروں کے لیے الگ کر دیا گیا ہو (جیسے : an oyster farm) ۔ (بیس بال) وہ چھوٹی ٹیم جو کسی بڑی ٹیم کی سرکردگی میں ہو تا کہ وہ اسے تربیّت دے اور بوقت ضرورت کام لے ۔ (تاریخ) کسی فرد یا ادارہ کو مقرّرہ رقم یا فی صد رقم کے بدلے یہ اختیار دینے کا نظام کہ وہ کسی خاص علاقے سے سرکاری مالیہ وصول کیا کرے (جیسے ایسٹ انڈیا کمپنی کو دیا گیا اختیار) ۔ (فعل متعدی) زمین کو کاشت کرنا ؛ مقرّرہ رقم یا فی صد حصے پر کسی کی املاک یا ٹیکسوں کی بافت پٹّے پر لینا دینا ؛ کسی کی محنت یا خدمات کو اسی طریقے سے حاصل کرنا ۔ (فعل لازم) اراضی کو مزرُوعہ بنانا ؛ فارم چلانا ۔

farm out, باہر بھیج دینا جیسے کام ، جو کسی بڑی تنظیم سے باہر کے لوگ انجام دیں ؛ (یتیموں وغیرہ کی) کفالت کا معاہدہ کرنا ۔ (بیس بال) کھلاڑی کے طور پر کسی فارم ٹیم میں جگہ دینا یا پانا ۔

farming, n. کھیتی باڑی یا زراعت ؛ پیشۂ زراعت ۔

farmer, n. کسان ؛ ہاری ؛ کاشتکار ؛ مزارع ؛ فصلیں اُگانے یا مویشی پالنے والا ؛ فارم میں کام کرنے والا ، کشاورز ؛ خِدمتی جو مقررّہ اُجرت پر کام کرے جیسے یتیموں کی دیکھ بھال کرنے والا ۔

farm hand, n. اُجرت پر کام کرنے والا کسان ۔

farmhouse, n. خانۂ زارع ؛ ڈھوک ؛ فارم گھر ؛ باڑی ؛ فارم ہاؤس ؛ کسی فارم کا ڈیرا ۔

farmstead, n. فارم اور اس کی عمارات وغیرہ ؛ باڑی ۔

farmyard, n. باڑی کا احاطہ ؛ فارم کی عمارتوں سے گھرا ہوا یا مِلا ہوا رقبہ ؛ باڑا ۔

farmland, n. مزروعہ زمین ؛ زرعی بنایا ہوا یا زیر کاشت رقبہ ۔

faro, n. تاش کا ایک کھیل جس میں کھیلنے والے ان پتّوں پر بازی لگاتے ہیں جو اس بکس سے نکالے جاتے ہیں جس میں بانٹنے والے یا بینکر کے رکھّے ہوئے پتّے ہوتے ہیں ۔

Faroese, a., n. فیروئی جزیروں سے متعلّق ؛ وہاں کے باشندے ؛ وہ جرمانی زبان جسے وہ بولتے ہیں (اس کی جمع کی صورت بھی یہی ہے) ۔

far-off, a. دُور ؛ بعید ؛ زمانی یا مکانی لحاظ سے فاصلے پر ۔

far-point, n. (علم بصارت) حدِّ نظر ؛ وہ بعید ترین مقام یا نُقطہ جہاں سے کوئی چیز بغیر عینک کُھلی آنکھ سے صاف صاف نظر آئے ۔

farrago, n. ملغوبہ ؛ غلطی سے مختلف چیزوں کو ملا کر بنایا ہوا مرکب ؛ گڈ مڈ ؛ خلط ملط ؛ کھچڑی ؛ مخلوط ، مُرکبّ ۔

farraginous, a. ملغوبہ ؛ مخلوط ؛ کھچڑی ؛ مختلف چیزوں کا بنا ہُوا آمیزہ ۔

far-reaching, a. دُور رس (اثر و رسوخ) ؛ دور رس اثر کا حامل ؛ دُور اثر ۔

farrier, n. (برطانوی) نعل بند ؛ سلوتری (خصوصاً گھوڑوں کا) ؛ بیطاری ۔

farriery, n. نعل بندی ؛ بیطار خانہ ؛ وہ جگہ جہاں نعل بند کام کرتا ہے ۔

farrow, n. سوروں کی جھول ۔ (فعل متعدی و لازم) جنم دینا ؛ بیانا (سوروں وغیرہ کا) ؛ سوروں کا پیدا ہونا ۔

farrow, a. کسی مخصوص تولیدی موسم میں بچّہ نہ دینے والی گائے کے متعلّق ۔

far-seeing, a. دُور اندیش ؛ دُور نظر ؛ فاصلے پر سے چیزوں کو صاف صاف دیکھ لینے والا ؛ دُوربین ۔

far-sighted, a. دُور اندیش ؛ بعید نظر ؛ پاس کی نسبت دُور کی چیزوں کو صاف تر دیکھ لینے والا ؛ دُور تک دیکھنے والا ؛ تیز بیں ؛ حالیہ فعل کے دُور رس نتائج کا صحیح اندازہ کر لینے والا ۔

farsightedly, adv. دُور اندیشی سے ؛ بعید نظری سے ۔

farsightedness, n. دُور اندیشی ؛ بعید نظری ۔

farther, a. بعید ؛ زیادہ دُور ؛ کسی اور سے دُور تر ؛ زیادہ فاصلے پر ؛ مزید ؛ اضافی ۔ (متعلق فعل) زیادہ فاصلے یا درجے پر یا اس کی جانب ؛ زیادہ بڑھی ہوئی صورت حال میں یا اس کی جانب ؛ زائد ؛ مزید برآں ؛ علاوہ ازیں ؛ سوا ؛ بلکہ ۔

farthermost, a. بعید ترین فاصلے پر ؛ دُور ترین ۔

farthest, a. بعید ترین ؛ far کی تفضیلِ کُل کی حالت ؛ مکانی یا زمانی لحاظ سے سب سے زیادہ دُور ؛ دُور ترین ۔ (متعلّق فعل) سب سے زیادہ فاصلے ، درجے یا بڑھی ہوئی صورت حال پر یا میں ۔

farthing, n. کبھی چھوٹے سے تانبے کے برطانوی سِکّے کو کہتے تھے ، جو پنس کا ایک چوتھائی ہوتا تھا ؛ بے وقعت ؛ ادنیٰ شے ؛ ہیچ ؛ معمولی ؛ بے مقدار ۔

farthingale, n. ایک قسم کا گھیر دار پیٹی کوٹ جسے سولھویں اور سترھویں صدیوں میں عورتیں پہنتی تھیں ؛ چھلّوں کے دائرے جو پیٹی کوٹ کو پھیلائے رکھتے تھے ۔

fasces, n. (ترکیب میں جمع یا واحد) تبر کے ساتھ بندھا ہوا سلاخوں کا لٹّھا ، جسے زمانۂ قدیم میں ، اختیار کی علامت کے طور پر ، اعلیٰ رُومی مجسٹریٹوں کے آگے آگے لے کر چلتے تھے ؛ اٹلی میں فسطائی پارٹی کا نشان ۔

fascia, n. کوئی مُوبند یا فیتہ ۔ (فنِ تعمیر) ستونی چوکی پر ٹِکے ہوئے شہتیر کی لمبی چپٹی پٹّی خصوصاً کسی محراب کی عمودی تقسیم ۔ (حیاتیات) نمایاں رنگ کی پٹی یا دھاری ۔ (تشریح الاعضا) واصل ریشوں کی وہ جھلّی ، غلاف یا پٹی جو بدن کے اندرونی اعضا یا حصوں کو ڈھانپنے ، سہارا دینے اور یک جا رکھنے کا کام دیتی ہے ؛ اس قسم کا کوئی ریشہ/نسیجی غلاف ۔ (جرّاحی) پٹّی ۔

fasciate, fasciated, fascial, a. دھاری دار ؛ پٹّی سے بندھا ہوا ؛ مُوبند کی گرفت میں ؛ فیتے دار ۔ (نباتیات) دَب کر پٹّی یا گٹھے کی صورت میں ڈھلنے والا ؛ ہم نمو جیسے تنے ۔

fasciation, n. دھاری دار یا موبند یا گٹھا بننے کی صُورت ؛ ہم بستگی ۔ (نباتیات) ہم نمو یا گٹھے دار ہونے کا سلسلۂ عمل یا اس سے پیدا شدہ حالت ؛ پودوں کی ناقص نمو ۔

fascicle, n. کراسہ ؛ حُزمہ ؛ ایک چھوٹا بنڈل ؛ قسطوں میں شائع ہونے والی کسی تصنیف کی ایک قسط یا جُز ۔ (نباتیات) پھولوں یا پتّوں وغیرہ کا گھنا گُچھا ۔ (تشریح الاعضا) مرکزی نظامِ عصبی میں عصبی ریشوں کا گُچھا ۔

fascicled, fasciculate, fasciculated, facicular, a. کراسہ دار ؛ گُچھا گُچھا ۔

fasciculus, n. گُچّھا (عصبی ریشوں یا عضلاتی بافتوں کا) ؛ کسی کتاب کا ایک جُز یا کراسہ ۔

fascinate v.t. مسحُور کرنا ؛ منتر پُھونکنا ؛ گرویدہ کرنا ؛ موہ لینا ؛ کسی زبردست یا ناقابلِ مزاحمت اثر سے اپنی جانب کھینچ لینا ؛ لُبھانا ؛ دلچسپی جگانا ؛ کسی خطرے یا خوف کے ذریعے سے دَم بخود کرنا ؛ جادُو پُھونکنا ؛ افسوں کرنا ۔ (فعل لازم) سِحر آفریں یا گرویدہ ساز قُوّت کا استعمال ہونا ۔

fascinating, a. مسحُور کُن ؛ دل آویز ؛ گرویدہ ساز ؛ سِحر آفریں ؛ دلرُبا ؛ دِلکَش ؛ دِلفریب ۔

fascination, n. مسحُور کرنے ، کشش پیدا کرنے یا زیر طِلسم لے آنے کا عمل ؛ دِلکشی ؛ جادُو ؛ سِحر انگیزی ؛ دِلفریبی ؛ دلربائی ؛ افسُوں ۔

fascinator, n. جادُوگر ؛ ساحِر ؛ دلربا ؛ افسوں گر ؛ کبھی اس سے لیس یا کروشیے کا وہ رومال بھی مراد ہوتا تھا جو عورتیں سر پر رکھا کرتی تھیں ۔

fascism, n. (بعض اوقات بڑے F سے) فسطائیت ؛ فاشیئت ؛ ایسا نظامِ حکومت جس کا سربراہ کوئی آمرِ مطلق ہو ، جس کی خصوصیت معاشی و معاشرتی طبقہ بندی ہو ، جارحانہ قومی پالیسیاں نسل پرستی کے زیرِ اثر ترتیب دی جائیں اور ہر طرح کی تنقید و مخالفت کو طاقت سے دبا دیا جائے ؛ فاشزم کا سیاسی فلسفہ ، طریقے یا اصول ۔ (بڑے F سے) وہ تحریکِ فسطائیت جس کا سربراہ ۱۹۲۲ء سے ۱۹۴۳ء تک اٹلی میں مسولینی تھا ۔

fascist, n. فاشسٹ ؛ فاشزم کو ماننے والا یا اس کا حامی ۔ (اکثر بڑے F سے) فاشسٹ پارٹی کا رُکن ۔ (صفت) فاشزم کا یا اس سے متعلّق ؛ فاشسٹی ؛ فسطائی ۔

fashion, n. کسی چیز کی ساخت یا صُورت ؛ طور یا طریق ؛ لباس ؛ اسٹائل ؛ طریق کار ؛ اطوار ؛ رہن سہن یا فنون میں مروّج انداز ؛ فیشن ۔ (فعل متعدی) بنانا ؛ شکل دینا ۔

fashionable, a. مروّجہ فیشن یا مسلمّہ طور طریقے کے مطابق ؛ فیشن کی دنیا کا یا اس سے متعلّق ۔ (اسم) فیشن پرست ۔

fashionableness, n. فیشن پن ؛ فیشن پرستی ۔

fashionably, adv. فیشن پرستانہ طور پر ؛ فیشن پرستی سے ؛ فیشن پن سے ۔

fashion plate, n. طرز لباس دکھانے والی تصویر ؛ وہ نمایاں قسم کا فیشن پرست جو بالالتزام جدید ترین طرز میں ملبوس ہوتا ہے ۔

fast, a. تیز ؛ تُند ؛ پکّی طرح جڑا ہوا ؛ بندھا ہوا ؛ بند ؛ ثابت قدم ؛ وفادار ؛ وابستگی میں پُختہ ؛ مُستقل مزاج ؛ پوری طرح پیوستہ یا جکڑا ہُوا ؛ کسا ہوا ؛ غیر مُبدّل ؛ پائیدار ؛ عیاش ؛ فیشن پرست ؛ مشکوک چال چلن والا ؛ خوش باشی کا رسیا ؛ تیز رفتار گھڑی کا ؛ گھڑی کا جو اصل وقت سے آگے رہے ؛ تیز رفتار ؛ تیز قدم ؛ پکّا ۔

fastness, n. پُختہ یا محفوظ ہونے کی حالت ؛ قُوّت ؛ صیانت ؛ چھوٹا قلعہ ؛ تیزی ؛ ہوشیاری ۔

fast, adv. تیزی یا پُھرتی کے ساتھ ؛ سرعت سے ؛ جلدی سے ؛ تیز قدمی یا پیش رفت کے ساتھ ؛ اصل وقت سے آگے نکلتی ہوئی جیسے گھڑی ؛ مُسرفانہ ؛ عیش پرستانہ ؛ سختی سے (مضبوطی سے) (جیسے : to stick fast) ؛ گہرے طور سے (جیسے : He was fast asleep) ۔

fast, v.i. معمول کے اوقات سے ہٹ کر کھانے (پینے) سے محترز رہنا ؛ فاقے سے ہونا ؛ بعض مخصوص کھانوں سے پرہیز کرنا (ارادی طور پر اور بالخصوص مذہبی وجوہات کی بنا پر یا وزن کم کرنے کے لیے) ؛ روزہ رکھنا ۔ (اسم) خوراک سے پرہیز ؛ غذا کی عام مقدار سے اپنے کو روکنے کا عمل ؛ کھانے پینے سے رضاکارانہ پرہیز ؛ روزہ ۔

fasten, v.t. پکّی طرح جوڑنا ؛ جکڑنا ؛ کس کر باندھنا ؛ مضبوطی سے باندھنا ؛ جُمانا (توجّہ ، نظر وغیرہ) ؛ باہم اچھی طرح ملا دینا ؛ پیوست کرنا ؛ بُہتان باندھنا ۔ (فعلِ لازم) کسی شے یا اپنے آپ کا وابستہ ہونا ؛ کسی سے جُڑنا ؛ مانوس ہونا ؛ وابستہ ہو جانا ۔

fastener, n. باندھنے والا ؛ بند یا پیٹی ۔

fastening, n. باندھنے یا جکڑ دینے والی کوئی شے ؛ جکڑ بند ؛ بندھن ۔

fast food, n. تیّار کھانا ؛ فوری کھانا ؛ ریستورانوں کا سِلسلہ ، جہاں فوری تیار کیا جانے والا کھانا پیش کیا جاتا ہے ۔

fastidious, a. نزاکت پسند ؛ نک چڑھا ؛ چِڑچِڑا ؛ نازُک مزاج ؛ جسے خوش کرنا (رکھنا) دُشوار ہو ؛ تُنک مزاج ؛ حد درجہ نازُک طبع ؛ زیادہ ہی نفاست پسند ۔

fastigiate, fastigiated, a. اُوپر کی جانب سے نوکیلا یا چوٹی دار ۔ (نباتیات) مخروطی ؛ بعض سدابہار درختوں کی شاخوں کی طرح مخروطی شکل میں نکلنے والی ۔

fastigium, n. (طِب) اوجِ بخار ؛ کسی بیماری کے دوران میں بُخار کے انتہائی زور یا چُھوٹ کا عرصہ ۔

fat, a. موٹا ؛ پُرگوشت ؛ فربہ ؛ لحیم ؛ ہٹّا کٹّا ؛ چربِیلا ؛ مُرغّن ؛ روغنی ؛ روغن دار ؛ بڑی آمدنی پیدا کرنے والا ؛ ثروَت مند ؛ زرخیز ؛ توانائی بخش ۔ (فعل متعدی) موٹا کرنا ؛ فربہ کرنا یا لحیم شحیم بنانا ۔ (فعل لازم) موٹا ہونا ؛ فربہ ہونا ۔

fat head, n. (عوامی) احمق ؛ بیوقوف ؛ کم عقل ؛ گاؤدی ۔

fatling, n. ذبح کرنے کے لیے پالا گیا کوئی نو عمر جانور جیسے بھیڑ ، بکری ، گائے یا ایسے ہی کسی جانور کا بچّہ ۔

fat, n. چربی (کاربن ، ہائیڈروجن اور آکسیجن کا نرم لیکن ٹھوس نامی مرکب) ؛ ایک ٹھوس گلائسرول ایسٹر(glyesrol ester)جس میں اعلیٰ چربیلے تیزاب موجود ہوتے ہیں ؛ حیوانوں اور بعض پودوں کے ریشے جن میں بُنیادی طور پر چربیلا یا روغنی مادّہ موجود ہوتا ہے ؛ مُٹاپا ؛ فربہی ؛ کسی چیز کا سب سے اچھا یا عُمدہ حصّہ ۔

fatal, a. ہلاکت خیز ؛ مُہلک ؛ مرگ آور ؛ تباہ کُن ؛ آفت بار ؛ غارتگر ؛ انتہائی اہم یا فیصلہ کُن (جیسے : that fatal moment which led him to ieave his country) ۔

fatalism, n. قسمت ؛ تَقدیر ؛ نصیبہ ؛ بھاگ ؛ مقسوم ؛ تقدیر پرستی ؛ تقدیریت ؛ مسئلۂ قضاو قدر ؛ یہ نظریہ کہ سب چیزیں تقدیر کے زیرِ اثر ہیں یا جیسی ہیں پہلے سے ویسی لکھّی جا چکی ہیں ؛ سرنوشت ۔

fatality, n. اشیا کا ایک غیر مُبدَّل اور مقررّہ راستہ ؛تقدیر ؛ مرگِ ناگہانی؛ جبریت ؛ کوئی آفت آور حادثہ ؛ غیر طبعی یا تشدُّد کی موت ۔

fat back, n. چربی کا ایک ٹُکڑا جو سُور کی پٹھ سے کاٹا اور نمک لگا کر محفوظ کیا گیا ہو ؛ مچھلی کی بہت سی قسموں میں سے کوئی ایک جیسے شاہ ماہی یا بلیو فِش (blue fish) ۔

fate, n. تقدیر ؛ مشیئت ؛ مقسُوم ؛ مقررّہ ؛ قِسمت ؛ موت ، بربادی یا تباہی کا معیّن وقت ۔ (بڑے F سے) (کلاسیکی اساطیری) تقدیر کی دیوی ؛ جمع کی صورت میں تین دیویاں : کلوتھو (Clotho) ، لیکسِس (Lachesis) اور اٹروپوس (Atropos) ۔ (فعل متعدی) پہلے سے مقدر کر دینا (تقدیر کے فرمان کے ذریعے)؛قسمت میں لِکھ دینا ۔

fated, a. مخصوص قسمت یا مُقدّر کا مالک ؛ تقدیر کے زیرِ اثر یا زیرِ ہدایت یا پہلے سے طے شُدہ ؛ برباد قسمت ؛ غارت نصیب ۔

fateful, a. ناگزیر ؛ اہم ؛ ضروری ؛ فیصلہ کُن ؛ اٹل ؛ مُہلِک ؛ مرگ آور یا غارت گر ؛ تباہ کُن ۔

father, n. باپ ؛ اَبُّو ؛ سلفِ ذکری ؛ والد ؛ کسی خاندان یا نسل کا بانی ؛ پِدری تحفُّظ دینے والا ؛ سرپرست یا ولی ؛ بڑوں یا بزرگوں کو مخاطب کرنے کا بااحترام طریقہ ؛ پادری ۔ (عموماً بڑے F سے) تشلیث میں شخصِ اوّل کا نام ؛ مُوجِد (جیسے : The father of an automobile) ؛ اصلی نمونہ یا ابتدائی رُوپ ۔ (برطانوی) کسی سوسائٹی یا پیشے کا سب سے معمر رُکن ۔

fatherhood, n. باپ ہونے کی حالت ؛ والدیّت ؛ باپ کا کردار اور اختیار ؛ پدریّت ؛ ابویت ۔

fatherless, a. یتیم ؛ بِن باپ کے ؛ جس کے باپ کی شناخت نہ ہو ۔

fatherlike, a. باپ کی مانند ۔

fatherly, a., adv. پدرانہ ؛ پدر آسا ؛ مربیانہ ؛ شفیق ؛ مہربان ۔

father, v.t. باپ بننا ؛ مصنف ہونے کا اعتراف و اقبال کرنا ؛ بحیثیت باپ کے ذمّہ داری قبول کرنا ؛ کسی کے ساتھ پدرانہ رویہ رکھنا ؛ کسی کی ذمّہ داری لینا ؛ ابویت اختیار کرنا ۔

Father Christmas, n. (برطانوی) دیکھیے سانٹا کلاز (Santa Claus)۔

father image, n. پیکرِ ابویت ؛ وہ شخص جس میں باپ کے مثالی تصوُّر کا پیکر نظر آئے ؛ باپ صُورت ۔

father-in-law, n. خُسر ؛ پدرِ شوہر ؛ پدرِ زن ؛ سُسر ؛ خاوندِ یا بیوی کا باپ ۔

fatherland, n. وطن ؛ آبائی دیس ؛ جنم بھومی ۔

Father's Day, n. یومِ پدراں ؛ ماہِ جون کا تیسرا اتوار : یہ دن امریکا میں باپ کی توقیر کے لیے مخصوص ہے ۔

fathom, n. فیدم ؛ قعر پیما ؛ چھ فٹ لمبا پیمانہ جو خاص طور پر پانی کی گہرائی ناپنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) گہرائی ناپنا ؛ پانی کی گہرائی کا اندازہ لگانا ؛ پا جانے کی کوشش کرنا ؛ گہرائی میں جانا (کسی معاملے یا شخص کی) ؛ تہ تک جانا ؛ فیدم سے ناپنا ۔

fathomless, n. بے قعر پیما ؛ ناقابلِ پیمایش (گہرائی) ۔

Fathometer, n. گہرائی پیما ؛ عمق پیما ؛ صوتی اصولوں کے ذریعے قعر پیما (تجارتی نشان) ۔

fatidic, fatidical, a. پیغمبرانہ ؛ پیش گویانہ ؛ ہو کر رہنے والا ؛ غیب دان ۔

fatigue, n. تھکن ؛ جسمانی یا ذہنی مشقّت سے تھکاوٹ ؛ قوّت کی واماندگی یا تکان ؛ کسل مندی ؛ وجۂ خستگی ؛ برداشت کی گئی مشقّت ؛ بیگار ؛ فوجیوں کی غیر فوجی قسم کی مشقتّیں (استعمالِ اسلحہ کے بغیر) ؛ غیر فوجی ڈیوٹی ؛ جمع کی صورت میں وہ سخت اور مضبوط کپڑے مراد ہیں جو ایسی ڈیوٹی کے وقت پہنے جاتے ہیں ۔ (فلزّیات) دھات یا کسی اور مادّے کی یہ خاصیت کہ مُسلسل دباؤ اسے کمزور کر دیتا ہے یا توڑ دیتا ہے ۔ (فعلیات) کسی عُضوِ بدن میں مسلسل دباؤ کے باعث پیدا ہونے والا ضُعف یا کمی ۔ (فعل متعدی) مشقت یا کسی جسمانی یا ذہنی مشقّت سے تھکا دینا ؛ کام لے لے کر ہراساں کرنا ؛ شدید اور طویل محنت و مشقت سے قُوّت و سکت ختم کر دینا ۔ (فعل لازم) تھک جانا یا وامانده ہونا ۔

fatigable, a. مائل بہ تکان ؛ تکان پذیر ؛ وامانده ؛ جلد تھک جانے والا ؛ تھکا ہوا ۔

fatshedra, n. (نباتیات) ایک سجاوٹی پودا جو دو قسم کے پودوں کے ملاپ سے حاصل کیا گیا ہے ، اس کے پتّے ہتھیلی کی طرح کُھلے کُھلے گوش گوں اور چمکیلے ہوتے ہیں ۔

fatsoluble, a. (کیمیا) روغن یا چربی میں حل ہو جانے والے مادّے سے متعلق ؛ چرب حل ۔

fatten, v.t. فربہ کرنا ؛ موٹا کرنا ؛ ذبح کرنے کے لیے

fauna, n.
فانا ؛ حیوانات نامہ ؛ حیوانیہ؛
حیوانـاتِ خِطّہ ؛ کسی علاقے ، عہد یا ماحول میں پائے جانے والے جانوروں یا ان کی حیات کے لیے یہ اصطلاح برتی جاتی ہے (جب کہ فلورا (نباتیہ) کا لفظ پودوں کے لیے اسی انداز میں بولا جاتا ہے)؛ اس موضوع کے کسی مخصوص پہلو پر لکھّا گیا مقالہ ۔

faunal, a.
فانائی ؛ حیوانات نامے سے متعلّق ۔

fauvism, n.
(اکثر بڑے F سے) فرانسیسی مصوری کے آرٹ کی ایک تحریک جو بیسویں صدی کے اوائل میں اُٹھی ، اس کا امتیاز بگاڑے ہوئے چپٹے ڈیزائن اور بھڑکیلے رنگ تھے ، یہ تحریک اجتماعی سے زیادہ انفرادی تھی اور اس میں میتیسے (Matisse) ، ولامنک (Vlaminck) اور روالٹ (Rouault) جیسے آرٹسٹ شامل تھے ۔

faux pas, n.
[فرانسیسی ادب میں لغزشِ پا]
مُعاشرتی لغزش ؛ آداب شکنی ۔

favonian, a.
موافق ہوا ؛ بادِ مُراد ؛
غربی ہوا سے متعلّق ؛ سازگار حالات کی عکاّس ؛ بادِ شُرط سے متعلّق ؛ باد موافق ۔

favor, (Brit.), favour, n.
مہربانی ؛ عنایت ؛ بخشش ؛ کریمانہ عمل ؛ خیر خواہی یا مشفقانہ پاسداری (جیسے : to win favor in the sight of a superior)؛ پسند کیے جانے یا بہت زیادہ پاسداری کی حالت (جیسے : in favor یا out of favor) ؛ خیر خواہی یا مہربانی کی علامت کے طور پر عنایت کی گئی کوئی چیز؛ ارمغان یا تُحفہ ؛ جانب دارانہ یا متعصّبانہ پاسداری ؛ نرمی ؛ رعایت ؛ طرفداری ؛ نوازش ؛ کرم ؛ شفقت ؛ احسان؛ مُروّت ۔

in favor of,
حمایت میں؛ طرفداری میں ؛
حق میں ؛ مفاد میں ؛ بنام ۔

favor, favour, v.t.
حمایت سے کام لینا ؛ طرفداری کرنا ؛ رعایت سے کام لینا ؛ کسی کے لیے ترجیح یا پسندیدگی لیے ہونا ؛ کسی کے ساتھ رعایت برتنا ؛ حوصلہ افزائی کرنا ؛ نرمی یا ملائمت کے ساتھ کسی سے پیش آنا (جیسے : to favor a lame leg) ؛ جانب داری سے کام لینا ؛ حمایت و تصدیق مہیّا کرنا ؛ مشابہ ہونا (جیسے : The baby favored his father) ۔

favorable, favourable, a.
مُفید یا فائدہ بخش ؛ امداد ؛
مفاد یا سہولت فراہم کرتے ہوئے (جیسے : a favorable position) ؛ تحسینی یا تعریفی؛ رعایت دہ ؛ خوش آیند ؛ موافق ؛ مُساعد ۔

favored, favoured, a.
رعایت دار یا رعایت یافتہ ؛
خصوصی رعایات یا مفادات کا حامل ؛ سفارشی ؛ مقبول ؛ مخصوص شباہت والا (جیسے : ill-favored) ۔

favorite, favourite, n.
منظورِ نظر ، چہیتا ؛ وہ شخص یا شے جس کے ساتھ خصوصی رعایت ، ترجیح یا دلپسندی برتی جائے ؛ مُنہ چڑھا ؛ سرچڑھا ؛ جس سے بے جا رعایت کی جائے ؛ مقابلے میں حصّہ لینے والا جس کی کامیابی کی اُمّید واثق ہو ۔ (صفت) جس کے ساتھ خاص محبت کا یا ترجیحی سلوک کیا جائے ۔

favorite son,
وہ اُمّیدوار جس کو قومی سیاسی کنونشن میں اس کی اپنی امریکی ریاست کے مندوبوں نے نامزد کیا ہو ؛ نمائندۂ رِیاست ۔

favoritism, n.
جانب داری ؛ سلوکِ ترجیحی ؛ مساوی حق

پالنا ؛ بار آور بنانا ؛ زرخیز بنانا ؛ گراں بہا کرنا ۔ (فعل لازم) فربہ ہونا ؛ پُرگوشت یا موٹا ہونا ۔

fattener, n.
فربہ کُن ؛ فربہ کُنندہ ؛ موٹا کرنے والا ؛ فربہ کرنے والا ۔

fatty, fattish, a.
چربی دار ؛ چربی کی صلاحیتوں والا ؛ چربیلا ؛ جس میں زیادہ چربی ہو ؛ چربی سے بنا ہوا ؛ روغنی ۔

fattyacid, n.
(کیمیا) روغنی تیزاب ؛ چربیلا تیزاب ؛
روغنی تیزابوں کے گروہ میں سے کوئی ایک جو عام طور پر قُدرتی چربیوں اور تیلوں میں پائے جاتے ہیں اور بیشتر صابون سازی ، دافع غلاظت،مُصفّی مُرکبّات ، روغنیات ، ربڑ کی مصنوعات اور کاسمیٹک میں استعمال ہوتے ہیں ۔

fatuity, n.
احمقانہ قول یا فعل ؛ نِری حماقت ؛
بیوقوفی ؛ بے عقلی ؛ بے دانشی ؛ حُمق ؛ ابلہی ۔

fatuous, a.
احمقانہ حد تک غیر معقول ؛ بیوقوف ۔

faucet, n.
پیچدار ٹُونٹی ؛ مائع کے بہاؤ کو قابو میں رکھنے والی صمام دار ٹُونٹی ؛ حلقومی ؛ لولب ؛ آبرینہ ۔

faugh, interj.
حقارت، نفرت یا کراہت کے لیے فجائیہ ۔

fault, n.
کوئی نقص یا اَدھورا پن ؛ خامی ؛
فروگزاشت ؛ غلطی ؛ خطا ؛ غلط کاری یا تجاوُز ؛قصور ؛ معصیت ؛ وجہِ الزام ؛ بُھول ؛ چُوک ؛ غلطی ۔ (ارضیات ، کان کنی) رخنہ ؛ رگہ ؛ کسی چٹان کی تشکیلی ہیئت میں واقع کوئی نقص یا رخنہ ۔ (برق) برقی سرکٹ میں کوئی اِتفـاقی نقص ، جیسے برقی رَو کے لیے کوئی نیا راستہ ۔ (ٹینس) کورٹ کی حدود کے اندر اندر ضابطے کے مطابق گیند مارنے میں ناکامی ۔ (شکاریات) بُوئے شکار کا انقطاع ؛ بُوئے شکار کے سُراغ کا خاتمہ ۔ (فعلِ متعدی) عیب جُوئی کرنا ؛ الزام لگانا یا ملامت کرنـا ۔ (ارضیات) دراڑ پیدا کرنا ؛ رخنہ بنانا ۔ (فعلِ لازم) قصور وار ہونا ۔ (ارضیات) رخنہ زدہ یا دراڑ دار ہونا ۔

at fault,
ملامت کی زد میں ؛ قابل الزام ؛ قصور وار ۔

find fault,
عیب جُوئی کر کے ان کی تشہیر کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ۔

to a fault,
قصور کی حد تک ؛ حد سے تُجاوز کرتے ہوئے ۔

fault finder, n.
عیب جُو ؛ شکایت کُنندہ یا مُعترِض ؛
بجلی کے سرکٹ وغیرہ میں پیدا ہو جانے والے نقص کا کھوج لگانے والا آلہ ۔

faultfinding, n., a.
عیب جوئی ؛ نقص جوئی ۔

faultless, a.
بے عیب ؛ عیب اور نقص سے مُبرّا ؛
مکمّل (کامل) ؛ بے قُصُور ۔

faulty, faultful, a.
قابل الزام ؛ قُصُور وار ؛ عیب دار ؛
نقص دار ؛ اُدھورا پن یا خامی لیے ہوئے؛ قابلِ گرفت ؛ ناقص ؛ فطرتاً قصور وار ۔

faun, n.
فان ؛ بن دیوتا ؛ رُومی اساطیر میں
دیہاتی دیویوں یا دیوتاؤں میں سے ایک نیم انسان جس کے کان اور سینگ نوکیلے اور پاؤں کبھی کبھی بکریوں کے سے ہوتے تھے لیکن جو آدھے آدمی اور آدھے بکرے سے کم ہی مختلف ہوتا تھا ؛ بَن مانس دیوتا ؛ شہوت پرست ؛ بوالہوس ۔

کے باوجود کسی ایک فرد یا جماعت کے ساتھ ترجیحی سلوک ؛ دوست پروری ؛ رعایت ؛ پاس داری ؛ طرف داری ۔

favus, n. (امراضیات) قُراع ؛ شَہدیَہ ؛ سر کی کھوپڑی کو ہدف بنانے والی ایک بیماری جو انسانوں، پرندوں اور میمل جانوروں وغیرہ کی جلد کو نشانہ بناتی ہے ، شہد کے چھتّے سے ملتی جلتی خشک زردی مائل پپڑی اس کی نمایاں علامت ہے ۔

fawn, n. ہرنوٹا ؛ ایک سال تک کا نر یا مادّہ ہرن ؛ ہلکا خاکستری یا بُھورا رنگ ؛ بادامی رنگ ۔ (صفت) 'فان' رنگ کا ؛ خاکستری ۔

fawn, v.i. گِری ہوئی حرکات یا چاپلوسی سے رعایت چاہنا ؛ ٹوڈی پن کا مظاہرہ کرنا ؛ کُتّے کی طرح اظہارِ شوق و تعلّق کرنا ۔

fawn lily, dog tooth violet, n. (نباتیات) جنگلی بنفشہ ؛ ایک بوٹی جس کا پھول جُھکا ہوا ہوتا ہے اور پتّوں پر بُھورے یا سفید دھبّے ہوتے ہیں ۔

fay, n., a. پری ، بُھوت ، جن وغیرہ ۔

faze, v.t. (عوامی) بے سکون کرنا ؛ بے آرام کرنا ؛ ہمت شکنی کرنا (جیسے : Criticism does not faze him) ۔

F clef, bass clef, n. (موسیقی) تحریری موسیقی کے پیمانے کے چوتھے خط پر وسطی سرگم کے نیچے علامتِ بَم ۔

fealty, n. کسی جاگیردار کے مزارع یا اسامی کی اپنے آقا کے ساتھ وفاداری اور اطاعت ؛ لہٰذا فرماں برداری اور نمک حلالی ۔

fear, n. ترس؛ خطر؛ خوف ؛ وہ دردناک داخلی کیفیت جو کسی بُرائی یا منڈلاتے ہوئے خطرے کے خیال سے پیدا ہو جائے ؛ اضطراب ؛ فکر مندی ؛ خدا کا خوف اور تقوی ؛ ڈر ؛ ہول ؛ دہشت ؛ ہراس ۔(فعل متعدی) خوف محسوس کرنا یا کسی شے کے دردناک اندیشے سے ڈرنا ؛ خوفزدہ کرنا ؛ شک کرنا ۔ (فعل لازم) کسی کے تقدس کے رعب میں ہونا ؛ خوف زدہ ہونا ؛ ہولنا ۔

fearful, a. خوف زدہ ؛ سراسیمہ ؛ اندیشہ ناک ؛ ڈرپوک ؛ حوصلے کی کمی سے پیدا ہونے والا ؛ خوف زا ؛ ہیبت ناک ؛ مُہیب ؛ ہولناک یا بھیانک؛ انتہا درجے کا (جیسے : a fearful headache)۔

fearfulness, n. حالتِ خوف؛ سراسیمگی ؛ ڈر ؛ ہیبت۔

fearless, a. نڈر ؛ بے خوف ؛ دلیر ؛ بے باک ؛ شُجاع ؛ باہمّت ۔

fearlessness, n. بے خوفی ؛ دلیری ۔

fearsome, a. خبردار یا متنبہ کرنے والا ؛ ہولناک ؛ ڈرا دینے والا ؛ لرزا دینے والا ؛ خوفناک ؛ ڈراؤنا ۔

feasance, n. (قانون) ادائے فرض ؛ ایفائے فرض ؛ کسی شرط ، ذمّہ داری یا فرض کی بجاآوری ۔

feasible, a. مُمکن ؛ معقُول ؛ بجاآوری کے قابل ؛ قابلِ عمل ؛ قرینِ قیاس ؛قابلِ جواز؛ہو سکنے کے لائق ۔

feasibility, feasibleness, n. عمل پذیری ؛ امکان پذیری ؛ بجا آوری کے امکانات (لیے ہوئے) ؛ امکانیت ؛ با جوازیت ۔

feast, n. ضیافت ؛ متعدّد مہمانوں کو دیا گیا پُرتکلّف کھانا یا ان کی تواضع ؛ ٹھاٹھ کی دعوت ؛ لذیذ کھانا ۔ (مجازاً) حواس یا ذہن کو بطورِ خاص لُطف اندوز کرنے والی کوئی چیز ، کسی نامور ہستی کے اعزاز میں یا کسی بڑے واقعہ کی یاد میں مذہبی تقریب ۔ (فعل لازم) مُرغّن یا پُرتکلّف غذائیں ، کھانا ؛ جی بھر کے مزے اڑانا ۔ (فعل متعدی) ٹھاٹھ دار دعوت کرنا ؛ کام و دہن کو خوب لذت بخشنا ۔

feat, n. کارِ نمایاں ؛ کرتب ؛ کوئی ایسا کارنامہ ، معرکہ یا کارگزاری جس میں خاص طور پر غیر معمولی قُوّت ، مہارت یا دلیری کا مظاہرہ کیا گیا ہو ؛ بازی گری ۔

feather, n. پر ؛ پَروبال ؛ جناح ؛ پنکھ ؛ دونوں جانب اُگے ہوئے نرم و نازُک سے ریشے جو مل کر شہپر کے دونوں طرف ایک ہموار سا چپٹا ڈھانچا یا رَوِش بناتے ہیں ؛ صحت یا مزاج کی حالت ؛ ہم اصل (جیسے : birds of a feather) ؛ پَر کی سی کوئی چیز جیسے بالوں کا گُچّھا یا پلّہ ۔ (کشتی رانی) چَپّو چلانے کا عمل ۔

a feather in one's cap, امتیازی نشان ؛ اعزاز ؛ طُرہ ؛ سُرخاب کا پَر ۔

feathered, a. پَروں سے ڈھکا یا ڈھانکا ہوا ؛ پر لگا ؛ پر دار ؛ تیز۔

featherless, a. بے پَر ؛ بے بال و پر ۔

feathery, a. پَر دار ؛ پر کی طرح (ہلکا) ؛ پر کی سی صورت والا ؛ نازُک ؛ کمزور ؛ بے حقیقت ؛ پروں سے ڈھکا ہُوا ۔

feather, v.t. پروں سے ملبوس کرنا یا ڈھانپنا یا جیسے پروں کے ساتھ کرنا ؛ پر مہیّا کرنا ؛ پردار بنانا ۔ (طیرانیات) طیارے کے پروپیلر (propeller) کے بلیڈوں کو سمتِ پرواز میں موڑنا تا کہ پروپیلر کی گردش میں کمی آ جائے ۔ (کشتی رانی) چپّو کو یوں گھمانا کہ وہ افقی حالت میں ہو جائے (دوسری ضرب کے لیے واپس ہونے سے پہلے) ۔(فعل لازم) پر نکلنا یا پر دار ہو جانا ؛ دیکھنے میں پروں بھرا لگنا ؛ پروں کی طرح حرکت میں آنا ؛ چَپّو یا پروپیلر کو اُفقی وضع پر لے آنا ۔

feather one's nest, (عوامی) اپنے لیے مال حاصل کرنا (جائز ناجائز طریقے سے) ؛ دوسروں کی بہبود کا سوچے بغیر اپنے لیے جمع جوڑ کرنا ۔

feather bedding, n., a. (عوامی) ملازمت کا ایک رواج جس کے ذریعے آجروں کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ غیر ضروری ملازم بھرتی کریں تا کہ مزدور یونین کے معیاروں کو پُورا کیا جائے اور اس طرح ہر کارکُن کی کارکردگی اور پیداوار میں ازخود کمی واقع ہو جاتی ہے ۔

feather-bed, v.t., v.i. سہولتیں مُہیّا کرنا یا ان کا مُہیّا ہونا ؛ توشک یا پروں کا بچھونا مُہیّا کرنا یا مُہیّا ہونا ۔

feather brain, featherhead, n. احمق ؛ بیوقوف ؛ مُورکھ ؛ نادان ؛ بے عقل ؛ سادہ لوح ؛ گاؤدی ؛ بُدّھو ۔

feather brained, a. احمق ؛ کُودن ۔

feather edge, n. پر کی طرح باریک کنارا ؛ فانہ شکل تختے کا باریک سِرا ؛ کونوں اور کناروں پر ملائم پلستر کرنے کے لیے ایک اوزار ؛ چاندی کے کام میں کنارے کنارے گول گول باریک لکیروں کا

ایک نمونہ ۔

featherstitch, n. ٹہنی ٹانکا ؛ کشیدہ کاری کا ایسا کام جس میں چھوٹے ریشوں یا پھول پتّی کی شاخوں کی قطاریں مرکزی تنے کے ہر دو جانب باری باری پھیلتی جاتی ہیں ؛ لہریا ۔ (فعل متعدی) کشیدہ کاری سے آرایش کرنا ؛ ٹہنی ٹانکا لگانا ۔

featherweight, n. صحیح وزن والا؛ ٹھیک ٹھیک بوجھ والا ؛ وہ باکسر جس کا وزن ۱۱۸ سے ۱۲۶ پونڈ کے اندر اندر ہو ؛ وُہ پہلوان یا کُشتی باز جس کا وزن ۱۲۳ سے ۱۳۴ پونڈ کے اندر اندر ہو ؛ گھوڑوں کے مقابلے کی دوڑ میں وہ کم سے کم بوجھ جو کسی گھوڑے پر لادا جا سکتا ہے ؛ کسی شمار قطار میں نہ آنے والا شخص یا چیز ۔ (صفت) غیر اہم ؛ فیدرویٹ کا یا اس سے متعلّق ۔

feature, n. فِیچر؛ خدوخال ؛ چہرے کا کوئی حصّہ ؛ کسی چیز کا خصوصیت والا جُزو ؛ خصوصی توجہ یا کشش کے لیے پیش کی گئی کوئی چیز ؛ کسی پروگرام میں اصل متحرّک فلم؛ کوئی مخصوص رسالہ یا اخباری مضمون؛ ڈول ؛ ہیئت ؛ شکل ؛ صورت ۔ (جمع) خدوخال ؛ چہرہ ؛ رنگ رُوپ ؛ چہرہ مُہرہ ؛ ناک نقشہ ۔ (فعل متعدی) ایک سا ناک نقشہ بنانا ؛ تصویر کھینچنا ؛ خاکہ تیّار کرنا ؛ کسی پر فیچر لِکھنا یا کسی کو اہمیّت دینا ۔

featured, a. اہمیت دادہ ؛ اہمیت دیا گیا ؛ نمایاں ؛ مشہور ۔

featureless, a. سپاٹ ؛ ناتواں؛ کمزور ؛ کورا ؛ رُوکھا ؛ غیر دلچسپ ؛ بے لطف ؛ بے مزا ؛ غیر ذمّہ دار ۔

febrifuge, febrifugal, a. بُخار توڑ ؛ دافع تپ ؛ وسیلہ ۔ (اسم) بخار اتارنے یا توڑنے والی دوائی ؛ ٹھنڈائی یا سرد مشروب ۔

febrile, a. بخار زدہ ؛ جسے تپ چڑھا ہوا ہو ۔

February, n. فروری ؛ شمسی سال کا دُوسرا مہینہ جو عموماً ۲۸ دن کا ہوتا ہے لیکن لیپ سال (لوند یا کبیسہ) میں ۲۹ کا ہو جاتا ہے ۔

feces, faeces, n. فُضلہ ؛ میل ؛ تلچھٹ ؛ تہ نشین ؛ دُرد ۔

fecal, a. فُضلاتی (وغیرہ) ۔

feckless, a. کمزور ؛ نامرد ؛ مجہول ؛ نقیہہ ؛ کاہل ؛ غیر ذمّہ دار ۔

fecund, a. ثمر آور ؛ بار دار ؛ بِسیار زا ؛ بہت بچّے یا سبزیات پیدا کرنے والا ؛ کثیر العیّال ؛ ذہنی معاملات میں خصوصی اختراع اور تخلیق کا ملکہ لیے ہوئے ؛ رسا (ذہن وغیرہ) ۔

fecundity, n. زرخیزی ؛ کثیر الاولادی ؛ کثیرالایجادی ۔

fecundate, v.t. بارور یا بسیار زا بنانا ۔ (حیاتیات) بار دار کرنا ؛ حاملہ کرنا ۔

fecundation, n. حاملہ ہونے کی حالت ؛ حمل ۔

federal, a. وفاقی ؛ اس رسمی معاہدے کا یا اس سے متعلّق جو ان اقوام یا ممالک میں طے پایا ہو جو مشترکہ معاملات میں مرکزی نظم و نسق قبول کریں ؛ ریاستوں کے ایسے اتّحاد سے متعلّق جو ایک مرکزی حکومت کے تحت قائم ہو اور ان ریاستوں کی اپنی اپنی حکومت سے جُدا ہو (جیسے : the federal government of the US) ؛ ایسے اتحاد میں مضبوط مرکزی حکومت کا حامی ۔ (بڑے F سے) (امریکی تاریخ) امریکا کی فیڈرلسٹ (Federalist) پارٹی سے متعلق امریکی خانہ جنگی میں اتحادی فوجوں یا وفاقی حکومت سے متعلّق یا ان سے ہمدردی رکھنے والا ۔ (اسم) فیڈریشن یا فیڈرلزم کا حامی ؛ حامیٔ وفاق ۔ (بڑے F سے) (امریکی تاریخ) امریکی خانہ جنگی میں یونین حکومت کا ساتھی ؛ فیڈرل فوج کا سپاہی ۔

federalism, n. وفاقیت ؛ حکومت کا وفاقی نظریہ ؛ وفاق پرستی ؛ فیڈرلسٹ پارٹی کے اصول ۔

federalist, n. حامیٔ وفاقیت ؛ فیڈرلزم کا حامی ؛ وفاق پرست ۔ (بڑے F سے) (امریکی تاریخ) فیڈرلسٹ پارٹی کا رُکن یا حمایتی ۔

federalize, v.t. وفاقی اِتّحاد میں شامل کرنا ؛ وفاقی اِتّحاد یا حکومت کے کنٹرول میں لانا ۔

federalization, n. وفاق میں لانے کا عمل ۔

Federal Reserve Bank, n. دیکھیے : Federal Reserve System ۔

Federal Reserve Board, n. دیکھیے : Federal Reserve System ۔

Federal Reserve District, n. دیکھیے : Federal Reserve System ۔

Federal Reserve System, n. امریکا کا وفاقی بینکاری نظام جو گورنروں پر مشتمل مرکزی بورڈ کے کنٹرول میں ہوتا ہے جسے فیڈرل ریزرو بورڈ کہتے ہیں اس کا مقصد یہ ہے کہ زری بہاؤ آسان رہے ، لین دین مُنظّم ہو اور قومی بینکاری کے وسائل کو بارہ فیڈرل ریزرو بینکوں میں مرتکز رکھّا جائے جن میں سے ہر ایک کی یہ ذمہ داری ہو کہ وہ اپنے اپنے فیڈرل ریزرو اضلاع میں ڈسکاؤنٹ اور ریزرو کا سرچشمہ بنیں اور الحاقی بینکوں کے لیے نگران ایجنٹ کا کام دیں ۔

Federal Trade Commission, n. ایک پانچ رُکنی بورڈ جسے امریکا کا صدر نامزد کرتا ہے تا کہ ریاستوں کی باہمی تجارت میں ناپسندیدہ مسابقت کی شکل اختیار کر جانے والے ناجائز اقدامات کو روکا جا سکے ۔ مخفف : F.T.C. ۔

federate, v.i., v.t. کسی لیگ یا فیڈریشن میں یک جا ہو جانا/کرنا ؛ وفاقی سطح پر منظم ہونا ۔ (صفت) وفاق سے متعلق یا وفاق طبع ؛ وفاقیائی ؛ اتحادی ۔

federation, n. فیڈریشن ؛ وفاقیہ ؛ کسی لیگ میں مُتحد ہونے یا وفاقیائے جانے کا عمل ؛ وفاق ؛ متعدّد منفرد ریاستوں سے (جو اپنے اپنے داخلی مُعاملات میں خُود مختار ہوں) ایک مرکزی حکومت والا سیاسی اِتّحاد تشکیل دینے کا عمل ؛ وفاق سازی ؛ لیگ ؛ کنفیڈریسی ؛ متعدد ریاستوں یا انجمنوں کی بنائی گئی وفاقی تنظیم ۔

federative, a. وفاقیائی ؛ فیڈریشن کی صورت کا یا اس سے متعلّق ؛ وفاق میں شامل ہونے پر مائل ۔

fedora, n. وہ فیلٹ ہیٹ جس کے کنارے مُڑے ہوئے ہوں اسے لمبائی کی جانب اُوپر والے حصّے کو موڑ کر پہنا جاتا ہے ۔

fed up, a. (عوامی) کسی بات یا شے سے بھر پایا ؛ بیزار ؛ پُرخور ؛ آزردہ ؛ اُکتایا ہوا ؛ دل گرفتہ ؛ شکستہ خاطر ؛ تنگ آیا ہوا ۔

fee, n. فیس ؛ محنتانہ ؛ اجرت ؛ رقمی معاوضہ ؛ کسی پیشہ ورانہ خدمت کا معاوضہ (جیسے ڈاکٹر کا) ؛ سرکاری افسر کی خدمات کا قانونی طور پر مقررّہ معاوضہ یا لائسنس ؛ رجسٹریشن پرمٹ وغیرہ کے لیے مقررہ فیس ؛ کسی حق یا رعایت کے لیے ادا کی

جانے والی رقم (جیسے داخلہ فیس)؛ بخشیش یا خدمت کا انعام ۔ (جاگیرداری) وہ زمین جو کسی جاگیر دار نے اپنے کسی مزارع یا اسامی وغیرہ کو اپنی ذاتی خدمات کے لیے دے رکھی ہو ۔ (قانون) وراثت میں ملی ہوئی زرعی جاگیر ۔

fee simple, وہ جاگیر یا مِلک جو کسی مخصوص طبقۂ ورثا تک محدود نہ ہو ، برعکس fee tail کے جو ایک خاص طبقۂ ورثا تک محدود ہوتی ہے ۔

in fee, بلا نزاع قبضے یا ملکیت میں ۔

fee, v.t. کسی کو فیس ادا کرنا؛ بخشیش دینا ۔

feeble, a. ضعیف؛ ناتواں؛ جسمانی طور پر کمزور؛ ذہن یا اخلاق کے حوالے سے کمزور؛ قوّت یا تاثیر میں کم؛ حجم ، چمک یا پہچان کی خوبیوں سے عاری؛ کم ہمت؛ ہیٹا؛ مدھّم؛ دھیما؛ دُھندلا؛ بے اثر۔

feeble-minded, a. کمزور دماغ؛ کُند ذہن ؛ غبی؛ کم ہمت ۔

feed, v.t. خوراک دینا؛ غذائیت مُہیّا کرنا ؛ خوراک کے لیے مہیا کرنا ؛ خدمت کرنا یا حاجت روائی کرنا ؛ خرچ کے لیے مُہیّا کرنا ؛ کسی کی مدد کرنا ؛ تسکین بخشی کرنا ؛ بحال رہنے یا عمل پیرا ہونے کے لیے مطلوبہ مواد مہیّا کرنا جیسے مشین کے لیے ۔ (تھیئٹر) اداکار کو مکالمے کی عبارت اور اشارے بتانا ۔ (فعل لازم) کھانا (خصوصاً مویشیوں کا)؛یوں قوّت پانا یا سیر ہونا جیسے خوراک کھا لی ہو ؛ خوراک بننا ؛ کسی مشین میں مسلسل یوں ڈالتے جانا کہ یا تو ڈالی ہوئی چیز تکمیل پائے یا استعمال میں آئے۔ (اسم) خوراک خصوصاً گھریلو مویشیوں کی ؛ چارا ؛ بُھوسا ؛ ایسی خوراک کا بھتّہ؛ راتب؛ گھاس ؛ دانہ ؛ خوراک؛ غذا۔ (بول چال) وہ کھانا جس میں ہر ضروری چیز شامل ہو؛ کسی مشین یا بھٹّی میں ایندھن ڈالنے کا عمل؛ وہ چیز جو یوں ڈالی جائے یا ڈالی گئی مقدار؛ کوئی جھونکنی آلہ (جھونکنے کا میکانکی عمل)۔

feeder, n. خوراک دینے والا شخص یا ایسا کرنے والی چیز؛ کسی اور کو بحال رکھنے میں معاون (جیسے ندیاں دریا کو یا ریل کی پٹڑی کو) معاون دریا یا نہر؛ وہ شخص یا شے جو خُوراک یا غذا لے ؛ جانور جسے فروخت کرنے کے لیے خوب موٹا تازہ کیا جائے ۔

feedstuff, n. وہ غذائی مواد جو مویشیوں کے چارے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ چارا ؛ خوراک ۔

feedback, n. بازافزایش ؛ فِیڈ بیک ؛ بازگیری ؛ توانائی بدلنے کے کسی طریقے یا نظام کے تحت مشینی ذریعے سے پیداوار کے ایک حصے کو اسی نظام کی درآمد میں واپس لوٹا دینے کا عمل ۔ (برقیات) مواصلاتی سرکٹ کے نکاس میں سے کچھ توانائی کو درآمدی سرکٹ میں لوٹانے والا نظام (توانائی کو بڑھانے، گھٹانے یا اشاراتی صلاحیّت کو متوازن رکھنے کے لیے) ۔ (نفسیات) کسی روّیے کے نتیجے میں کسی وجود نامیہ میں حسّی یا ادراکی اطلاع جو بعد کے روّیے کو مزید توانا کرے یا بدل ڈالے ؛ یاد آورد ؛ کسی اقدام کے بعد ظاہر ہونے والا ردِّعمل ، خصوصاً کسی صورت حال کو بہتر یا بحال کرنے کے لیے کی جانے والی تقریر کے بعد تبصرہ/رائے زنی ۔ (کمپیوٹر) ازخود اصلاح کرنے اور قابو پانے کے لیے کمپیوٹر کے اخراجی مندرجات (out put data) کی ایک حصے کی مدخل (in put) میں واپسی ۔

feel, v.t. محسوس کرنا ؛ چُھو کر معلوم کرنا ؛ جسم یا اعضا کے لمس سے سنسناہٹ کا اکسایا جانا ؛ احساس رکھنا ؛ کسی سے متأثر ہونا ؛ احساس ہونا جیسے درد ، خوشی یا بے عزتی وغیرہ کا ؛ تجربہ کرنا ؛ اپنے اُوپر بیتنا ؛ تکلیف اٹھانا ؛ چُھو کر اندازہ لگانا ؛ پُختہ یقین رکھنا یا اعتماد کرنا ؛ خیال کرنا ۔ (فعل لازم) چھونے یا لمسِ بدن سے جان لینا ؛ حِسیّت یا جذبات کا حرکت یا انگیخت میں آ جانا؛ حِسّی اعصاب پر کوئی اثر چھوڑنا (جیسے : Iron feels cold) ؛ سمجھنا کہ میں یُوں ہوں (جیسے : to feel well) ؛ یقینی طوَر پر یا کسی مُغالطے کے بغیر جاننا؛ ترَحّم یا دردمندی دکھانا (جیسے : I feel for the slum dwellers)۔ (اسم) احساس ؛ محسوس کرنے کا عمل؛ وجدانی علم؛ وِجدانی سنسناہٹ یا تأثُر جو چُھونے سے پیدا ہو ؛ حسّ لامسہ؛ کچھ محسوس کرنے کی حِس ۔

feeler, n. محاسہ ؛ محسوس کرنے والا ؛ مکوڑوں اور بعض اور فرو تر حیوانوں میں عُضوِ لمس (جیسے مُونچھ یا سینگ) ؛ دوسروں کے عزائم ، آرا ، خیالات یا جذبات معلوم کرنے کا کوئی طریقہ ۔

feeling, a. بہت زیادہ حسّاس ؛ ذکاوت حِس لیے ہوئے ؛ زیادہ ذکاوت کا مظہر ؛ زُو د گُداز ؛ زود حس یا اثر پذیر (جیسے : a feeling heart) ۔ (اسم) جسم کے ساتھ مَس ہونے والی خارجی اشیا کو جاننے کے لیے ودیعت شُدہ حِسّ ِ لمس ؛ حِسّ ِ لامسہ کے ذریعے پیدا شُدہ تأثُر ؛ محسوس کرنے کا عمل یا ملکہ ؛ دیکھنے ، سننے ، چکھنے یا سونگھنے کے علاوہ دیگر طبعی احساسات ، جیسے حرارت ، درد یا غنودگی کا احساس ؛ جذبات ؛ ذہنی کیفیت یا سرشت ؛ شعور و آگہی ؛ اثر پذیری ؛ رائے ؛ پختہ یقینی ؛ گداز دلی ؛ نازک احساس ۔ (فن) جذبے کے اظہار یا اسے برانگیختہ کرنے کی صلاحیت ۔ (بصورت جمع) زود حِسی ؛ اجتماعی اثر پذیری ۔

feign, v.t. نقّالی کرنا ؛ کسی کی صورت اختیار کرنا یا جھوٹ موٹ اپنے آپ کو وہ ظاہر کرنا جو نہ ہو (جیسے : to feign sickness)؛ رُوپ بدلنا ؛ دھوکا دینا ؛ جھوٹ موٹ گھڑ لینا یا جعل سازی کرنا جیسے کہانی یا بہانہ ؛ حیلہ کرنا ؛ افسانہ طرازی کرنا ؛ دھوکا دینے کے لیے نقل کرنا یا نقّالی کرنا (جیسے to feign another's voice) ۔ (فعل لازم) بہرُوپ دھارنا ؛ جُھوٹ موٹ بننا ۔

feint, n., a. چھل ؛ بہانہ ؛ حیلہ ؛ مغالطہ ؛ کسی کو دھوکا دینے کے لیے کی گئی حرکت ؛ حملے کے اصل مقام سے توجّہ ہٹانے کے لیے کسی اور جگہ پر دکھاوے کا حملہ ؛ دھاری ہوئی صُورت یا بنائی ہوئی شکل ؛ مکر ؛ فریب ۔ (فعل لازم) صُورت دھارنا (وغیرہ) ۔

feist, fice, fist, n. (بولی) چھوٹا کُتّا ؛ کاٹھا (ڈگ) کُتّا؛ پستہ کُتّا ۔

feisty, a. برانگیختہ ؛ جوش میں آیا ہوا ؛ ہیجان زدہ ؛ تیز مزاج ؛ جھگڑالو ۔

feldspar, feldspath, n. فلسپار ؛ کوئی قلمی معدن ؛ ایلومینم کے پوٹاشیم ، سوڈیم ، کیلسیم یا بیریم سے ترکیب پائے ہوئے سیلکیٹ ۔

feldspathic,feldspathose, a. فِلسپاری ؛ جس میں فلسپار ہو ؛ فلسپار کا یا اس سے متعلق ۔

feldspathoid, n. فلسپار سے متعلق کوئی معدن ۔

felicitate, v.t., مبارک دینا ؛ کسی کی خوش بختی پر اس کے ساتھ اظہار مسرّت کرنا ؛ ہدیۂ تبریک پیش کرنا ۔

felicitation, n. مبارک گوئی ؛ ہدیۂ تبریک ؛ مبارک بادی ؛ بدھاوا ؛ بدھائی ۔

felicitous, a. انتہائی موزوں ، مُناسب یا خُوش گفتہ ؛ اس شخص کا جسے برجستہ گوئی میں خاص ملکہ حاصل ہو ۔

felicity, n. خُوش ہونے کی حالت (بشاشت) ؛ انتہا کی لُطف گیری ؛ ذریعۂ مسرّت ؛ مہارت ؛ چین ؛ سُکھ ؛ فرخندہ فالی ۔

felicific, a. مُسرّت افزا ؛ بہجت افزا ۔

felid, n., a. بلّی کے خاندان سے تعلق رکھنے والا جانور ؛ قطیہ خاندان سے تعلّق رکھنے والی بلّی ۔

feline, n., a. بلّی کے خاندان سے تعلّق رکھنے والا ؛ بلّی کی طرح ؛ گُربہ خُو ؛ چوری چھپے ؛ پوشیدہ ۔

fell, v.t. گرانا ؛ زمین پر دے مارنا (کاٹ کر یا ضرب لگا کر) ؛ کاٹ ڈالنا ؛ پٹخ دینا ۔ (سلائی) کسی سیون کو مکمّل کرتے ہوئے ایک کنارے کو دوسرے کنارے پر دُہرا کرتے ہوئے اس پر بخیہ کرنا ؛ تُرپائی کرنا ۔

feller, n. کاٹ یا پٹخ دینے والا ؛ سلائی مشین کا ایک کنارہ دوز پُرزہ ۔

fell, n. کسی جانور کی جلد یا کھال ؛ پشم ؛ جلد کے نیچے کی جھلّی ؛ کپڑے کی سطح پر ہموار بخیہ گری ۔ (برطانوی) رمنا یا اُونچائی پر واقع چراگاہ ۔

fellmonger, n. چرم دوز ؛ تاجر پوست یا کھال ؛ کھٹیک ؛ کھالوں کا کاروبار کرنے والا ۔

fell, a. ظالم ؛ وحشی ؛ غیر انسانی ؛ سنگ دل ؛ کٹھور ؛ تُند ؛ مُہلک ؛ بے درد ۔

fellness, n. ظُلم ؛ سنگ دلی ؛ کٹھور پن ؛ بے دردی ۔

fellah, n. [عربی] فَلّاح ؛ مصر ، شام اور دیگر عرب ممالک کا کسان یا مزدُور ؛ کسان ۔

fellatio, fellation, n. آلۂ تناسل کی منھ کے ذریعے برانگیزی ۔

fellow, n., a. شریک ؛ ساجھی ؛ رفیق ؛ دوست ؛ ندیم ؛ مرد ؛ لڑکا ؛ ساتھی ؛ مرتبے ، کردار یا استعداد میں برابر ؛ ہم چشم ؛ جوڑے میں سے ایک یا دو اکٹھی برتی جانے والی ایسی چیزوں میں سے ایک جو ایک دُوسرے کے موافق ہوں ؛ گریجوئیٹ طالب علم جسے مزید اعلیٰ تعلیم کے لیے وظیفہ دیا گیا ہو ؛ مختلف علمی انجمنوں سے وابستہ شخص ۔

fellow-man, n. سنگتی ؛ جوڑی دار ؛ رفیق ؛ عام آدمی ؛ دوسرا خود جیسا انسان ۔

fellow servant, n. شریک کار ؛ ہم کار ؛ ایک ہی آجر کے تحت کام کرنے والا ؛ ایک یا ایک سے زیادہ ملازموں کے ساتھ مل کر کام کرنے والا ۔

fellow servant rule, n. (قانون) قانون ہم کاری ؛ یہ قانون کہ کسی جگہ اکٹھے کام کرنے والوں میں سے کسی ہم کار کی غفلت یا لاپروائی سے دُوسرے کسی ہم کار کو چوٹ وغیرہ لگ جانے کی صورت میں آجر برِیُ الذّمہ ہو گا ۔

fellowship, n. شراکت ؛ رفاقت ؛ رفیق ہونے کی حالت یا رفیق ہونے کا تعلّق ؛ مشارکت ؛ باہمی سنگت یا صُحبت ؛ دوستی یا دوستوں کی منڈلی ؛ یار باشی ؛ کمپنی ؛ کارپوریشن یا گلڈ ؛ رفیق جامعہ کا منصب یا اس کی آمدنی ؛ ایسے رفیق کی ضروریات کا خیال رکھنے والا کوئی ادارہ ؛ وظیفہ ۔

fellow traveler, n. کسی گروپ ، تنظیم یا پارٹی وغیرہ کا ایسا حامی جو اس کا رُکن نہ ہو (عموماً وہ شخص جس نے اپنے آپ کو کمیونسٹ پارٹی کے پروگراموں سے وابستہ کر رکھا ہو) ؛ ہم خیال ؛ ہم فکر ۔

felly, felloe, n. پہیّے کا چکّر ؛ لکڑی کے ان خمدار ٹُکڑوں میں سے کوئی ایک جن سے مل کر پہیّے کا چکّر بنتا ہے ؛ پہیّے کا مدوّر رم ۔

felon, n. باغی ؛ نمک حرام ؛ وہ شخص جس نے فیلونی کا ارتکاب کیا ہو ۔ دیکھیے felony ؛ بدمعاش ؛ مجرم ؛ مُذنب ۔ (صفت) (قدیم) غدّاری کرنے والا ؛ ناوفادار ؛ غدّار ۔

felonry, n. بدمعاشوں کا ٹولا ؛ کسی سزایافتہ بستی کے مُجرم باشندے ؛ باغیوں کی منڈلی ۔

felon, n. (امراضیات) ہاتھ یا پاؤں کی انگلی کی اندرونی بافتوں کی شدید اور درد کرنے والی سوزش (خصوصاً وہ جو ناخن کے قریب ہو) ؛ انگل بھوڑا ۔

felony, n. (قانون) عام قسم کے جرائم سے زیادہ سنگین نوعیت کا جرم جس کی سزا خصوصاً امریکا میں ایک سال سے زیادہ تک کی قید ہے ؛ ابتدائی برطانوی قانون کے مطابق ہر وہ جرم جس کی پاداش میں مال یا زمین کو ضبط کیا جا سکتا تھا ۔

felonious, a. جُرم بالا کا یا اس سے متعلّق یا جس میں یہ جرم شامل ہو ۔ (قدیم) بدقماشوں کی طرح ؛ غدارانہ ۔

felsite, n. آتشی چٹان یا چٹانی اجزا جن میں یا جس میں فلسپار اور کوارٹز کی چھوٹی چھوٹی قلمیں ہوں ۔

felt, n. نمدا ؛ اَن بُنا گرم کپڑا جسے اُون ، بال یا پشم وغیرہ کو تہ پر تہ جما کر دباؤ ، نمی یا حرارت کے ذریعے یک جان کر کے بنایا جاتا ہے ؛ اس قسم کے مواد سے بنی ہوئی شے ؛ نمدگُوں چیز (جیسے آگ روک ریشوں کی بافت جسے عمارتوں اور اشیا کو غیر موصل بنانے میں برتا جاتا ہے) ۔ (فعل متعدی) نمدانا ؛ نمدہ سازی کرنا ؛ نمدہ پوشی کرنا ؛ نمدے کی سطح اوپر جما دینا ۔ (فعل لازم) نمدایا جانا ۔

felting, n. نمدہ سازی کا عمل ؛ وہ اجزا جن سے نمدہ بنایا جاتا ہے ؛ نمدہ ؛ بجنسہ ؛ نمد ۔

felucca, n. ایک لمبوترا سا تکونا کم چوڑا جہاز ، بحیرہ روم میں جس کا کبھی عام رواج تھا اور اسے چپُّوؤں سے بھی چلایا جا سکتا تھا ۔

female, n. مادِین ؛ مؤنث ؛ مادہ ؛ جانداروں میں سے وہ جو حاملہ ہو کر بچے کو جنم دیتی ہے ؛ لڑکی یا عورت ۔ (نباتیات) پُھول کا وہ حصّہ جو نر عُنصر کو قبول کرتا ہے ؛ بُقچۂ گُل ۔

female, a. مادینی ؛ مادہ سے متعلّق ؛ مادینی خصائص لیے ہوئے جو بچے یا انڈے دیتی ہے ؛ مادی خصائص کے حامل یا اُن سے متعلق ۔ (نباتیات) کسی تولیدی ساخت کے متعلّق جس میں بارور ہونے کی صلاحیت رکھنے والا انڈا موجود ہو ؛ بقچۂ گُل دار ۔ (میکانیات) وہ حصّہ جس میں کوئی اور حصّہ جا کر پیوست ہوتا ہو ۔

femineity, n. عورت پن ؛ زنانہ پن ؛ نسائیت ؛ نسوانیت ۔

feminine, a. عورت یا صنفِ نازُک سے مُتعلّق ؛ نسائی خصائص لیے ہوئے ؛ نرم خُو ؛ زنخا ؛ عورت جیسا ؛ زن شکل ؛ زن گُوں ؛ مردانہ خوبیوں سے محروم ؛ مُخنّث ؛ زن صفت ؛ خواجہ سرا ۔ (گرامر) موئنث ؛ وہ لفظ جو حالت تانیث کو ظاہر کرے ۔ (عروض) دو یا تین ارکان پر مشتمل قافیہ جس کا پہلا رکن تاکیدی ہو ۔ (اسم ، گرامر) گردان میں ، جنسِ موئنث یا جنسِ موئنث کا کوئی لفظ ۔

femininity, n. موئنث ہونے کی حالت ؛ تانیث ؛ زنانہ خصائص ؛ نسوانیت ؛ طبقۂ اناث ۔

feminism, n. نظریۂ حقوقِ نِسواں ؛ تحریکِ نِسواں ؛ یہ نظریہ کہ سماجی اور سیاسی لحاظ سے عورتوں کے حُقُوق مردوں کے برابر ہونے چاہئیں ۔ (بعض اوقات بڑے F سے) ایسے حقوق حاصل کرنے کی تحریک ۔ (طِب) کسی مرد میں نسوانی خصوصیات کی موجودگی ؛ عورت پنا ؛ نسوانیت ؛ تانُّث ۔

feminize, v.t. نسوانی بنانا یا زنانہ پن پیدا کرنا ۔ (فعلِ لازم) نسوانی خصوصیات حاصِل کر لینا یا ان کا پیدا ہو جانا ؛ زنانہ پن کا پیدا ہو جانا ۔

femme fatale, n. چھنّال ؛ چنڈال ؛ بہکانے والی یا اپنی منوا لینے والی عورت؛ خصوصاً وہ عورت جو لوگوں کو اپنے دام میں گرفتار کر کے ان کو خطرناک صورت حال تک لے جا سکتی ہے ؛ لے لوٹ ؛ سر ہو جانے والی ۔

femur, n. (تشریح الاعضا) عَظم الفخذ ؛ ٹانگ کے بالائی حصے کی کولھے سے لے کر گھٹنے تک لمبی ہڈّی ؛ ران ہڈّی ۔ (حشریات) فخذ ؛ کسی کیڑے کی ٹانگ کا تیسرا ٹکڑا (نیچے کی جانب سے) ؛ ران حشرہ ۔

femoral, a. ران ہڈّی سے متعلّق ۔

fen, n. دلدل ؛ دلدلی زمین ؛ وہ نشیبی علاقہ جہاں جزواً یا کاملاً پانی کھڑا رہتا ہو ؛ دلدلی زمین؛ گلابہ ۔

fen, n. ایک چینی سِکّہ ۔ دیکھیے : yuan ۔

fence, n. احاطہ ؛ کٹہرا ؛ باڑ ؛ کسی جگہ کے گرد کھڑی کی گئی دیوار ، گھیرا ؛ چاردیواری ؛ جنگلا ؛ حدبندی یا رکاوٹ ، بانسوں ، تختوں یا تاروں سے بنی ہوئی ؛ جنگلہ سازی کا فن ؛ تیغ بازی ، تلوار بازی یا شمشیر بازی کا ہُنر ؛ دلیل بازی اور حاضر جوابی ۔ (عوامی) مال مسروقہ کی خرید یا اس کا وصول کُنندہ ؛ ایسے مال کے کاروبار کی جگہ ۔

on the fence, (بول چال) غیر جانب دار یا ناپابند حالت میں ۔

fence, v.t. باڑ لگا کر احاطہ بند کرنا؛ احاطہ بندی کر کے محفوظ کر لینا ؛ پاسبانی کرنا ؛ حفاظت کرنا ۔ (فعلِ لازم) تلوار بازی کی مشق ہونا ؛ دلائل کا رَد ہو جانا ؛ بات کا گول مول ہونا ۔

fencing, n. تلوار یا کرپان سے حملہ کرنے یا بچاؤ کرنے میں کام لینے کا فن یا کھیل ؛ باڑ کے لیے کام میں لایا جانے والا سامان ؛ باڑ؛ چاردیواری ۔

fence-mending, n. بحالیٔ تعلقات ؛ خوشگوار سیاسی تعلقات کی بحالی ۔

fend, v.t. ٹال دینا (سر سے) یا ہٹا دینا (بعد میں عموماً off آتا ہے ، جیسے : to fend off blows) ۔ (فعلِ لازم) دفاع کیا جانا ؛ مزاحمت کا ہونا ؛ ٹال مٹول ہونا ۔ (بول چال) بلا امداد بندوبست کر لینا ؛ ضروریاتِ زندگی مُہیّا کرنا (بعد میں for لگاتے ہیں) ۔

fender, n. مزاحمت وغیرہ کرنے والا شخص یا شے ؛ کسی گاڑی کا وہ حصّہ جو ہر پہیے کو ڈھانکے رہتا ہے اور کیچڑ، چھینٹے روکنے کے لیے بنایا جاتا ہے ؛ مڈگارڈ ؛ کسی انجن یا موٹر کار کے سامنے کا نکلا ہوا حصّہ یا پیش بند جو رُکاوٹ دور کرنے کے لیے ہوتا ہے ؛ آگ روک ؛ آتش دان کے سامنے کی دھاتی جالی یا کوئی روک وغیرہ جو کوئلوں کو باہر گرنے سے روکتی ہے ؛ جنگلا ؛ مینڈ ۔ (جہاز رانی) رسّے یا لکڑی وغیرہ کی وہ ٹیک جو جہاز کے جھٹکوں کو کم کر دیتی ہے اور دھکّوں کی صورت میں رگڑ نہیں لگنے دیتی ۔

fenestra, n. (تشریح الاعضا) دریچہ ؛ روزن ؛ کوئی قدرتی سوراخ (خصوصاً وہ جو کان کے اندرونی حصّے اور پردے کے درمیان ہوتا ہے) ۔ (حشریات) چھوٹا شفّاف نشان جو کبھی کبھی تِتلیوں اور دوسرے حشرات کے پروں میں ملتا ہے ۔ (فنِ تعمیر) کھڑکی یا کوئی ایسا شگاف جو کھڑکی جیسا لگے ؛ روشن دان ؛ موکھا ۔

fenestral, fenestrate, fenestrated, a دریچوں والا ؛ شگاف دار ؛ آر پار نظر آنے والے ؛ سوراخ دار ؛ روزن دار ۔

fenestration, n. (فنِ تعمیر) دریچی ترتیب ؛ دریچہ داری ؛ کسی عمارت میں کھڑکیوں اور باہر کی طرف کھلنے والے دریچوں کے ڈیزائن اور ان کی جگہوں کا تعیّن ۔ (جراحی) کان کے اندرونی اور وسطی حصّے کی درمیانی ہڈّی میں شگاف کرنے کے لیے کیا جانے والا جراحی عمل ۔

Fenian, n., a. اُس آئرستانی انقلابی تنظیم کا رکن جو ۱۸۵۸ء میں آئرلینڈ کو برطانوی تسلط سے نجات دلانے کے لیے نیویارک میں قائم ہوئی تھی ۔

fenel, n. بادیان ؛ سونف ؛ زرد پھُولوں والی ایک جھاڑی ، اس کے بیج خوشبودار ہوتے ہیں اور پکوان میں یا دوائی کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں؛ اس پودے کے بیج؛ اس قبیل کے متعدّد پودوں میں سے کوئی ایک (جیسے شاہ بادیان جس کا قد بڑا ہوتا ہے اور سجاوٹی پودے کے طور پر اس کو بحیرۂ رُوم کے خِطّے میں عام طور پر بویا جاتا ہے) ۔

fenelflower, n. کلونجی جنس کے پودوں میں سے کوئی ایک : اس کے بیج مشرق میں دوائی اور اچار میں استعمال ہوتے ہیں ۔

fenugreek, n. حُلبہ ؛ میتھی ؛ خاص طور پر مغربی ایشیا کا ایک پودا جسے دوسرے ممالک میں بھی وسیع پیمانے پر کاشت کیا جاتا ہے ، اس کے بیج لعابی ہوتے ہیں اور بطور خوراک کھانے کو مسالے دار بنانے نیز جانوروں کے علاج معالجے میں کام آنے والی دواؤں کے طور پر بھی استعمال ہوتے ہیں ۔

ferae naturae, a. (قانون) وحشی یا بے سدھائے جانوروں کا قانون ؛ وہ جانور جو کسی کے قبضے میں نہ ہونے کے باعث قانوناً کسی کی مِلکیّت نہ ہوں (domitae naturae کے برعکس) ۔

feral, férine a. جنگلی یا طبعی حالت میں موجود جیسے جانور یا بعض اوقات پودے ؛ وحشی حالت کو لوٹ جانے والا (پالتو حالت سے) ؛ وحشی جانوروں سے مخصوص یا ان سے متعلّق ؛

وحشی ؛ سفّاک ؛ ظالم ۔

ferity, n. وحشیانہ ، اَن سدھی یا ناتربیتی حالت ؛ سفّاکی ؛ بہیمیت ۔

feral, a. مرے ہوئے کے متعلّق ؛ تدفینی؛ مہلک ؛ جان لیوا ۔

fer-de-lance, n. امریکا کے منطقۂ حارّہ کے علاقے کا ایک زہریلا سانپ ؛ اَنی سانپ ۔

feretory, n. تابوت گاہ ؛ آثار گاہ ؛ سینٹ یا بزرگان دین کی یادگار چیزوں کا مخزن (عموماً قابل نقل و حمل) ؛ یادگار دار ؛ زیارت گاہ؛ تبرکات کا صندوقچہ ۔

feria, n. چُھٹی کا دن؛ تعطیل ۔ (کلیسا) وہ تعطیل جسے کلیسا کی جانب سے یوم ضیافت قرار نہ دیا گیا ہو ۔

ferial, a. تعطیلی ۔

fermata, n. (موسیقی) بسرام ؛ موسیقار کا اپنی مرضی سے وقت مقرّرہ سے زیادہ سُر پر رُک جانا یا سُر کو بڑھانا ؛ وقفہ؛ ٹھہراؤ ۔

ferment, v.t. خمیر اٹھانا ؛ تخمیر کرنا ؛ بالکل ایسی ہی تبدیلی لانا جس سے انگوری شکر خمیر زدہ ہو کر ایتھائل الکحل میں بدل جائے ۔ (مجازاً) برانگیخت کرنا ؛ اُکسانا ؛ جوش دلانا ؛ خمیر کے طور پر عمل کرنا ۔ (فعل لازم) خمیر زدہ ہونا ؛ خمیری عمل سے گزرنا ۔ (مجازاً) مشتعل ہونا ؛ قابل خمیر ہونا ؛ تخمیری ہونا ؛ تخمیر پذیر ہونا؛ انگیخت یا اکساہٹ کے زیر اثر سُلگتے رہنا ؛ جوش میں آنا ۔

fermentable, a. تخمیر پذیر ۔

ferment, n. خمیر؛ خامروں یا بعض جرثوموں یا چیزوں میں سے کوئی ایک جن میں یہ صلاحیّت ہو کہ دُوسری چیزوں میں جوش یا انحلال پیدا کر سکیں ؛ ضامن ؛ جامن ۔ (مجازاً) برانگیخت؛ اُکساہٹ یا جوش ؛ ہیجان ۔

fermentation, n. تخمیر؛ خمیر بننے کا عمل یا سلسلۂ کار؛ عمل تخمیر سے لائی گئی تبدیلی ۔ (مجازاً) ہلچل یا اُکساہٹ؛ جوش ہیجان ؛ برانگیختگی ۔

fermentative, a. خمیر انگیز؛ خمیر گیر یا خمیر سے متعلّق ؛ اختماری؛ مخمّر ؛ تخمیری ۔

fermion, n. (طبیعیات) مقداری شماریات میں وہ جوہری اور نیم جوہری ذرات جن کو ان کے مدارج توانائی کے لحاظ سے درجہ بند کیا گیا ہو؛ فرمی ڈائرک (Fermi – Dirac) شماریات کے مطابق درجہ بند کیے گئے ذرّات جن میں ایک سے ذرّات کا ایک ہی گروہ توانائی کی کسی ایک سطح پر آسکے ۔

fermium, n. وہ تابکار عُنصر جو ایٹمی بوچھاڑ اور دیگر ایٹمی ردِّ عمل سے پیدا ہو ۔

fern, n. (نباتیات) کزف ؛ فرن ؛ ایک بے بیج ، بے پھول پودا جس کے بڑے بڑے پتے فرانڈ (گمساق) کہلاتے ہیں ، یہ عموماً مرکّب ہوتے ہیں اور ان کی زیریں سطح یا کنارے پر باریک باریک تخمک والی تخمک دانیاں ہوتی ہیں ؛ سَرخس ۔

fernery, n. سرخس گاہ ؛ کزف زار ؛ وہ جگہ جہاں مصنوعی طور پر فرن اُگائے جائیں ؛ کیاری ؛ باغیچہ ۔

ferny, a. فرنی ؛ فرن والا ؛ فرن سے متعلّق ؛ سرخسی ؛ کزفی ۔

ferocious, a. خون خوار ؛ تُندخُو ؛ سفّاک ؛ ظالم ؛ وحشی ؛ بیدادگر ؛ سنگدل ۔ (بول چال) شدید ؛ بہت زیادہ ۔

ferret, n. نَمس ؛ سفید نیولا ؛ ایک پالتو یورپی قطبی بلّی جسے خرگوش کا شکار کرنے اور چوہے مارنے کے لیے پالا جاتا ہے ؛ امریکا میں اس سے قُطبی بِلّی یا کالی بلّی مراد ہے ؛ کوئی محنتی کھوجی جیسے سراغ رساں یا تفتیش کار ۔ (فعل متعدی) فیرٹ بِلّی یا سفید نیولے سے خرگوش کا شکار کرنا ؛ کمیں گاہ سے باہر نکلنے پر مجبور کر دینا ؛ سُراغ لگا لینا (جیسے : to ferret out the facts) ۔

ferret, ferreting, n. روئی ؛ ریشم . سلک یا کسی اور دھاگے کا فیتہ یا پٹّی ۔

ferriage, n. کشتی وغیرہ کے ذریعے پار لے جانے کا عمل ؛ اس طرح پار لے جانے کا کرایہ ۔

ferric, a. (کیمیا) آہنی یا آہن دار (خصوصاً سہ گرفتہ فولاد) ۔

ferric oxide, (کیمیا) ایک گہرا سرخ آہنی آکسائیڈ ؛ یہ آکسائیڈ طبعی حالت میں زنگ یا آہن خام کی صورت میں پایا جاتا ہے یا پھر خود بطور مرکّب بنایا جاتا ہے اور بیشتر رنگنے کے کام آتا ہے یا دھاتوں کو چمکانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

ferriferous, a. آہن خیز ؛ آہن دار ؛ جس میں سے لوہا نکلے یا پیدا ہو ۔

Ferris wheel, n. ہنڈولا ؛ ایک تفریحی سواری جس میں ایک بڑا سا عمودی پہیّہ ہوتا ہے جو ایک ساکن محور کے گرد گُھومتا ہے اور اس کے چکّر میں بیٹھنے کے خانے نصب ہوتے ہیں ، جن میں بالعموم بچے بیٹھ کر سواری کا مزا لیتے ہیں ۔

ferrite, n. (فلزیات) فیرائیٹ ؛ کچ دھات آہن ؛ کچّا لوہا ؛ فولاد اور لوہے کا خالص فلزّاتی ملغوبہ ؛ فولاد کا جزو اعظم ۔ (کیمیا) کثیر العناصر آکسائیڈوں میں سے کوئی ایک جس میں لوہے کے آکسائیڈ کے علاوہ کوئی اور آکسائیڈ بھی ہو لیکن ان دونوں کے مقناطیسی خواص مختلف ہوں ، اسے مصفّیاؤں ، نیم موصلوں ، حاجزوں ، کمپیوٹر کے یادداشتی فیتوں اور دیگر برقیاتی مصنوعات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

ferroalloy, n. آہنی بھرت ؛ فولاد سازی میں دیگر چیزوں کے ساتھ استعمال ہونے والے متعدد آہنی آمیزوں میں سے کوئی ایک ۔

ferro concrete, n. مرصوص ؛ سیسہ پلائی (بنیاد) ؛ وہ عمارتی مسالا جس میں کنکریٹ کے اندر فولادی سلاخیں ڈالی گئی ہوں ؛ مضبوط و مستحکم کنکریٹ ۔

ferro electric, n. (طبیعیات ، برقیات ، کیمیا) لوہ برقی ؛ فیرو برقی ؛ روشیل (Rochelle) نمک کی کوئی ڈلی جو آہنی مقناطیسی مواد سے ملتی جلتی ہوتی ہے اور اس سے فی الفور برقی تقطیب پیدا ہو جاتی ہے ، چونکہ اس میں بازگشت بھی ممکن ہوتی ہے اس لیے ارتعاشات کا سُراغ لگانے میں یہ بہت مفید رہتی ہے ؛ برقابن ۔ (صفت) برق آہنی ۔

ferro magnetic, a. (طبیعیات) فیرو مقناطیسی ؛ مقناطیسی مواد ؛

ferule, n. قمچی ؛ سونٹا ؛ فُٹا ؛ لکڑی کا چپٹا سا ٹُکڑا ؛ بید یا چھڑی جس کو بچّوں کی ہتھیلی پر مار کر انھیں سزا دی جاتی ہے ؛ کمرۂ جماعت کا نظم و ضبط ۔ (فعلِ متعدی) بید یا قُمچی سے سزا دینا ۔

fervent, a. سرگرم ؛ پُرخلوص ؛ جوشیلا ؛ مذہبی احساس سے تمتمایا ہُوا ؛ گرم کار یا پُرجوش ؛ بہت ہی تپا ہوا ؛ شوقین ؛ مشتاق ۔

fervency, n. اشتیاق ؛ گرمجوشی ؛ سرگرمی وغیرہ ۔

fervid, a. جذباتی ؛ جوشیلا ؛ بہت گرم ؛ سوزاں ؛ تپیدہ ؛ سرگرم ؛ پُرشوق ۔

fervor, n. شوق ؛ حرارت ؛ شِدّتِ احساس ؛ جذبہ ؛ گرمجوشی ؛ تپش ؛ جوش ۔

fescue, fescue grass, n. ایک قسم کی گھاس جو چراگاہوں، چمن ، لان وغیرہ میں اگائی جاتی ہے ۔

fest, n. جشن ؛ تیوہار : یہ لفظ عامیانہ اور ظریفانہ ترکیبوں میں بکثرت مستعمل ہے (جیسے : gabfest, talkfest) ۔

festal, a. جشن/تیوہار، ضیافت وغیرہ سے متعلّق ؛ مسرّت افروز ؛ کسی تہوار یا تقریب کا ۔

fester, v.i. پیپ پڑ جانا یا پیپ کا بن جانا ؛ زخم وغیرہ کا مواد سے بھر جانا یا ٹیس مارنا ؛ کھٹکنا (دل میں کسی آزردگی یا دل شکنی کا) ۔ (اسم) گرمی ؛ دل آزردگی ؛ سوزش ۔

festival, n. مذہبی یا کوئی اور تقریب منانے کا دن ؛ خوشیاں منانے کا موقع ؛ ثقافتی سرگرمیوں کا پروگرام ؛ میلہ ؛ تہوار ؛ یومِ عید ؛ خوشی کا دن ؛ جشن ؛ محفلِ موسیقی ۔ (صفت) کسی تقریب یا تہوار سے متعلّق ۔

Festival of Lights, n. یہودیوں کا ایک تہوار ؛ یومِ چراغاں دیکھیے: Hanukkah ۔

festive, a. تیوہاری ؛ تیوہار کا ؛ پُرمسرّت ؛ زندہ دل ؛ خوشی کی کسی تقریب سے متعلّق یا اس کے لیے موزوں ۔

festivity, n. خوشی بھرا وقت یا پُرمسرّت تقریب ؛ زندہ دلی کی حالت یا کیفیت ؛ اجتماعی خوشی یا بشاشت ۔ (بصورت جمع) کسی خوشی کی تقریب کی سرگرمیاں یا کارکردگیاں ۔

festoon, festoonery, n. پُھولوں کا گجرا ؛ پُھولوں کی لڑی یا پھولوں کا ہار ؛ پتّوں کے گُچھے یوں لٹکے ہوں کہ ان سے خمدار حلقے یا لڑیاں بن جائیں ؛ یوں آراستہ کیا ہوا کپڑا ۔ (فنِ تعمیر) گجرے یا ہار کے بنے ہوئے بیل بُوٹوں کی سنگ تراشیدہ یا سانچے میں ڈھلی تصویر ؛ بیل بُوٹے ۔ (فعل متعدی) گجرے وغیرہ سے آراستہ کرنا ؛ گجرے بنانا ؛ گجروں سے جوڑنا ۔

fetal, foetal, a. (جنین) جنینی ؛ جنین گوں یا جنین کے خصائص والا ۔

fetation, foetation, n. (جنین) جنینی نشوونُما ؛ حمل ۔

fetch, v.t. جا کر لے آنا ؛ لانا ؛ آنے پر آمادہ کرنا یا لانے میں کامیاب ہو جانا ؛ کسی قیمت پر بیچنا یا کوئی قیمت وصول کرنا ؛ اٹھا لانا ۔ (بول چال) گرویدہ کرنا یا موہ لینا ؛ ضرب لگانا یا مارنا جیسے چوٹ یا ٹھونگ ۔ (جہاز رانی) پہنچنا یا منزل کو جا لینا ۔ (فعل لازم) جا کر چیزوں کا لایا جانا ۔ (جہاز رانی) حرکت میں آنا ، جانا یا

خصوصاً مضبوط اور مستقل مقناطیس کا یا اس سے متعلّق ؛ لوہ مقناطیسی ۔

ferro type, n. (عکاّسی) فیرو ٹائپ ؛ ٹین ٹائپ ؛ گیلی حالت میں ہموار دھاتی پلیٹ پر دباؤ ڈال کر کسی پرنٹ کو چمکدار بنانے کا عمل ۔ (فعل متعدی) ایسا پرنٹ نکالنا ۔

ferrous, a. فیرس ؛ آہنی ؛ آہن دار یا لوہے سے ماخوذ ، خصوصاً دو گرفتہ لوہا ۔

ferrous oxide, n. لوہے کا آکسائڈ : یہ تیزاب میں تو حل ہو جاتا ہے لیکن پانی میں حل نہیں ہوتا ۔ اسے آئرن مانو آکسائیڈ بھی کہتے ہیں ۔

ferrous sulfate, copperas, green copperas green vitriol, n. (کیمیا ، علم ادویہ) فیرس سلفیٹ ؛ہیراکسیس ؛ زاج سبز ؛ یہ سبز ڈلیوں کی صورت میں ایک نمک کا نام ہے اور فولاد کے تیزابی محلول کا ضمنی حاصل ہے ، صنعتی فُضلات کو کارآمد بنانے نیز دوا سازی میں مستعمل ہے ۔

ferruginous, a. زنگ نما ؛ آہن دار ؛ زنگاری ؛ زنگار گُوں ۔

ferrule, n. انگشتانہ ؛ شام ؛ ایک دھاتی چھلّہ یا ٹوپی جسے کسی ڈنڈے یا ہتھی کے آخری سرے کے گرد طاقت اور مضبوطی کے لیے چڑھاتے ہیں ؛ کوئی چھوٹی سی ٹیُوب جسے کسی پائپ کے جوڑ پر چڑھایا جائے تا کہ وہ جوڑ پختہ رہے ؛ چرخی ۔ (فعل متعدی) چھڑی پر شام چڑھانا ۔

ferry, v.t. مسافروں، گاڑیوں یا سامان کو بذریعہ کشتی دریا یا کم پاٹ والی آبی گزرگاہ کے پار لے جانا ؛ اس کو اپنی طاقت پر چھوڑ دینا جیسے ہوائی جہاز، کشتی یا ڈونگے وغیرہ کو ۔ (فعل لازم) بذریعہ کشتی سفر میں ہونا ۔ (اسم) فیری ؛ معبر ؛ گھاٹ ؛ پتّن ؛ وہ جگہ جہاں سے پار جانے کے لیے کشتی مل سکے ؛ کشتی کو کرائے پر چلانے یا کشتی کا راستہ استعمال کرنے اور محصول کی وصولی کا حق ؛ پتّن کشتی ۔

fertile, a. زرخیز ؛ فراوانی سے فصلیں اُگانے والی یا اُگانے کے قابل ؛ بار آور ؛ اولاد پیدا کرنے کے لائق ؛ کثیر زا ؛ خلّاق ؛ تولید کُنندہ ؛ تخلیقی یا اختراعی (جیسے : a fertile imagination) ۔ (حیاتیات) زرخیز بنایا ہوا ؛ قابلِ نمو ۔ (نباتیات) ثمر آور یا بار دار ہونے کے قابل ؛ پھل دار کرنے یا ہونے کے قابل ۔

fertility, n. زرخیزی : زرخیز ہونے کی حالت ؛ اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت ۔

fertilization, n. زرخیز کاری ؛ اخصاب ؛ جُفتہ سازی؛ زرخیز بنانے یا باروَر کرنے کا کام یا عمل؛ کھاد ڈالنے کا عمل ۔ (حیاتیات) منی کے خلیے کا مادہ کے بیضے سے ملاپ ؛ باروَری ۔

fertilize, v.t. زرخیز بنانا ؛ بار وَر کرنا ؛ کھاد ڈالنا ؛ زائیدہ بنانا ؛ ثمردار بنانا ۔

fertilizer, n. زرخیز گر ؛ کھاد ؛ زرخیز بنانے والا کوئی شخص یا شے ؛ زمین کی پیداواری صلاحیّت بڑھانے والی کوئی چیز جیسے کھاد یا کوئی کیمیائی مرکّب ۔

ferula, n. جنس ہینگ پودوں کی ایک قسم جس سے ہینگ اور کئی تیز بُو والی گوندل رالیں حاصل ہوتی ہیں جن میں دوا سازی کے تعلّق سے قیمتی اجزا پائے جاتے ہیں ۔

راستہ اختیار کرنا (جیسے : to fetch to windward) ـ (اسم) لے آنے کا عمل ؛ فاصلے پر سے آوُردگی ؛ آوُردگی یا رسیدگی کا فاصلہ ؛ سمندری لہروں کے طے کردہ فاصلے کی حد ؛ چال یا جُل ؛ فریب ـ

fetching, a. (بول چال) دلکش ؛ لُبھانے والا ـ

fetch, n. زندہ شخص کی شکل و صورت ؛ ہمزاد ـ

fete, n. ضیافت ؛ تقریبِ مسرّت ؛ تعطیل ؛ مذہبی تیوہار کا دن ؛ بڑی اور پُرتکلُّف دعوت یا تفریح ـ (فعل متعدی) دعوت پر بُلانا ؛ پُرتکلُّف تقریب کے ذریعے عزّت افزائی کرنا ـ

feterita, n. امریکا میں غلے اور چارے کے لیے بویا جانے والا اناج ـ

feticide, n. جنین کُشی ؛ جنین تلفی ؛ عملِ اسقاط ـ

fetid, a. متعفّن ؛ بدبودار ـ

fetidness, n. بدبو ؛ تعفُّن ـ

fetish, fetich, n. طِلسماتی قُوّت کی حامل ؛ پُراسرار قُوّتوں کی حامل خیال کی جانے والی کوئی شے ؛ کسی معقول بُنیاد کے بغیر اور بلا چوں و چرا جس کی پیروی کی جائے یا جس سے دِلی لگاؤ کا اظہار کیا جائے ؛ فیشن ـ (طبِّ نفسی) ... اس سے جسم کا کوئی غیر تناسلی حصّہ مراد ہے جس سے جنسی دلچسپی بیدار ہو جاتی ہو ؛ عضو پرستی ـ

fetishism, n. اشیا پرستی ؛ عُضو پرستی ؛ کسی غیر ذی روح شے کو پراسرار قُوتوں کا مالک سمجھنے کا عقیدہ یا عمل ؛ کسی شے کی غیر معقول حد تک اور بلا چون و چرا پیروی یا عقیدت مندی ـ (طبِّ نفسی) اس سے کسی شے کے ذریعے جنسی دلچسپی ابھارنا مراد ہے خصوصاً وہ جس کا کسی محبوب شخصیت سے تعلّق ہو اور جس کا مقصد جنسی خواہش کی بیداری ہو ـ

fetishist, n. اشیا پرست ؛ عضو پرست ـ

fetlock, fetterlock, n. موئے تُپق گاہ ؛ تُپق گاہ ؛ گھوڑے کی ٹانگ کا وہ حصّہ جو ران کی نلی اور بڑی گوٹھی کے درمیانی جوڑ پر ہوتا ہے اور جس پر بالوں کی گھنی تہ ہوتی ہے ؛ بالوں کا گُچھّا ؛ اس جگہ کا جوڑ ؛ گھوڑے کا ٹخنہ ؛ اس جگہ کا قریب ترین مقام ـ

fetor, foetor, n. عفونت ؛ تیز بدبو ؛ سڑاند ـ

fetter, n. بیڑی ؛ زنجیر یا کڑی جس سے کسی انسان یا حیوان کو پابستہ کر کے اس کے چلنے پھرنے کی آزادی چھین لی جائے ؛ عموماً بصورت جمع آتا ہے اور مراد ہر وہ چیز ہوتی ہے جو سلبِ حرکت و اظہار کرے ؛ جکڑ بندی ؛ بندش ؛ رُکاوٹ ؛ ہتھکڑی ؛ زنجیرِپا ـ (فعل متعدی) زنجیر ڈالنا ؛ باندھ دینا ؛ مقیّد کر دینا ؛ روک دینا ؛ پابہ زنجیر کرنا ؛ بیڑیاں ڈالنا ـ

fettle, v.t. (فونڈری) ڈھلائی وغیرہ میں سانچے میں ڈالنے سے پہلے ریت سے پاک کر لینا ؛ مُرتّب کرنا ؛ ٹیپ ٹاپ کرنا ـ (فلزیّات) بھٹی وغیرہ کے آتشدان کی مُرمّت اور لیپ کرنا ـ (اسم) جسمانی یا دماغی حالت یا کیفیت (جیسے : in fine fettle) ؛ ریت وغیرہ جو بھٹی کی لپائی وغیرہ میں استعمال کی جائے ـ

fettling, n. کسی گدازندہ بھٹی کے آتشدان کی لپائی میں کام آنے والا مواد ـ

fetus, foetus, n. (جنین) رحم یا انڈے میں جانور کا بچّہ اپنی نشوونما کے آخری مراحل میں ؛ تین ماہ کے حمل سے پیدائش تک کا انسانی بچّہ ؛ جنین ـ

feud, n. خاندانی رقابت ؛ قبائلی دشمنی ؛ باہمی نزاع ؛ مسلسل اور شدید باہمی دشمنی کی حالت خصوصاً وہ جو دو خاندانوں یا قبیلوں وغیرہ میں چلی آ رہی ہو اور مسلّح تصادُم کی شکل اختیار کر چکی ہو ؛ جھگڑا یا فساد ـ (فعل لازم) لڑنا جھگڑنا ؛ بدلہ لینا ؛ لڑائی کرنا ـ

feudal, a. جاگیرداری ، منصب داری ، اس سیاسی تنظیم کا یا اس سے متعلّق جس کا عہدِ وُسطیٰ کے یورپ میں عام دستور تھا ، اس میں آقا اپنی اسامی کو فوجی خدمات کے عوض زمین کا کوئی قطعہ عطا کر دیتا تھا ؛ اس نظام کے ماتحت حاصل شُدہ زمین کا یا اس سے متعلّق ـ

feudist, n. قانون دانِ جاگیرداری ؛ نویں سے پندرھویں صدی تک کے قانونِ جاگیرداری کا ماہر یا اس کے بارے میں لکھنے والا ـ

feudalism, n. جاگیرداری ؛ تعلّقہ داری ؛ عہدِ وُسطیٰ کا جاگیرداری نظام اور اُس کی خصوصیات ؛ زمین کی موروثیت کا نظام (عموماً فوجی خدمات کے عوض) ؛ زمینداری ؛ وڈیرہ شاہی ـ

feudalist, n. جاگیرداری نظام کا حامی ـ

feudalistic, a. جاگیردارانہ ـ

feudality, n. جاگیر داری ؛ جاگیر دار ہونے کی حالت ؛ جاگیرداریت ـ

feudalization, n. جاگیرداری کا قیام ؛ جاگیر داری کا عمل ـ

feudalize, v.t. جاگیری حقیّت میں کمی کرنا ؛ نظام جاگیر داری کے مطابق رکھنا ـ

feudatory, a. جاگیری ؛ کسی اور ریاست کی حاکمیّت میں ؛ جاگیردارانہ وفاداری کا پابند ؛ کسی جاگیردار کا نمک خوار ـ (اسم) جاگیر داری حقیّت کے مطابق حَقِ ملکیت رکھنے والا ؛ یوں حاصل کردہ زمین یا جاگیر ؛ تعلّقہ یا پرگنہ ـ

feuilleton, n. ہلکے پھلکے ادب ، تنقید یا قسط وار افسانوں کو شائع کرنے والا اخبار یا میگزین ؛ ایسے جریدے میں شائع شُدہ کوئی تحریر ـ

feuilletonist, n. ہلکا پھلکا ادب تخلیق کرنے والا ؛ اس قبیل کا ادیب ـ

fever, n. حرارت ؛ بُخار ؛ تپ ؛ حُمیٰ ؛ بدنی حرارت میں غیر معمولی اضافہ ؛ کوئی مرض جس میں بنیادی علامت زیادتئِ حرارت ہو ؛ جذبات کو متأثر کرنے والی کسی شے یا بات یا اس سے پیدا ہونے والا جوش یا ہیجان ؛ دوسروں کو دیکھ کر پیدا ہو جانے والا جوش و خروش ـ (فعل متعدی) بخار چڑھانا ـ

feverish, a. بخار زدہ ؛ قدرے حرارت کی زد میں آیا ہوا ؛ بخار سے متعلّق یا بخار کا مظہر ؛ بخار چڑھانے کا باعث ؛ بخار کا ہدف بنا ہوا یا بخار میں مبتلا ؛ جیسے ملک یا علاقہ وغیرہ ؛ جوش میں آیا ہوا ؛ تپا ہوا ؛ بے چین (جیسے بخار میں ہو جاتا ہے) ـ

fever blister, fever sore, n. تبخالہ ؛ زکام یا بخار سے مُنھ کے ارد گرد نکل آنے والے چھالے ؛ تپ پُھوٹ ـ

feverfew, n. عاقر قرحا ؛ یورپ کا ایک سدا بہار ،

چھوٹے چھوٹے سفید رنگ پھولوں والا پودا جسے پہلے بخار توڑ دوائی کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔

feverous, a. دیکھیے :Feverish ۔

feverwort, horse gentian, n. ایک قے آور اور جُلاب آور بُوٹی، جو زہرۃ العسل خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔

few, a. تعداد میں کم ؛ جو بہت نہ ہو (جیسے : a book with few merits) ؛ چند ؛ تھوڑے سے ؛ دو چار۔ (اسم) (واحد مگر فقرے کی ترکیب میں جمع) تھوڑی سی تعداد یا تھوڑی سے رقم ؛ اقلیت ؛ تھوڑے (جیسے : Many were asked to audition but few were chosen)۔ (بطور ضمیر جمع) افراد یا اشیا کی تعداد ؛ بڑی تعداد میں سے الگ کیے گئے یا ممیّز کردہ ؛ اقلیت جیسے تعداد ؛ کم تعداد افراد یا اشیا ؛ معدودے چند (جیسے : a measure which benefits the few at the expense of the many)۔

fewer, a. کم تعداد سے متعلق ؛ کم تعداد کا ؛ کم سے کم تر۔

fewness, n. قلّت ؛ کمی ؛ تعداد میں تھوڑے ہونے کی حالت یا مقدار میں کم ہونے کی کیفیت۔

fey, a. طلسم تلے ؛ پریوں یا روحوں کی سی قِسم والا ؛ بُھوت ؛ سحرزدہ۔ (اسکاٹ لینڈ) اس احساس تلے ذہنی طور پر دبا ہوا کہ موت یا مصیبت آ کر رہے گی۔

fez, n. تُرکی ٹوپی ؛ کالے پھندنے والی بے کنارا سُرخ ٹوپی جو کٹی ہوئی مخروطہ شکل کی ہوتی ہے اور جسے بحیرۂ رُوم کے مشرقی ممالک کے مرد پہنتے ہیں۔

fiacre, n. گھوڑا گاڑی (ٹٹّو گاڑی) یا اسی قسم کی کوئی اور گاڑی جو کرایے کے لیے ہو۔

fiance, n. منگیتر ؛ شادی کے لیے منسوب شخص۔

fiancee, n. منگیتر ؛ منسوبہ ؛ شادی کے لیے منسوب عورت۔

fiasco, n. مکمّل اور خفت آمیز ناکامی ؛ ذلت آمیز شکست۔

fiat, n. مکمّل اختیار رکھنے والے فرد یا گروہ کا آمرانہ حُکم یا فیصلہ ؛ بااختیار شخص کی جانب سے دی گئی منظوری۔

fiat money, n. وہ کاغذی نوٹ جو کسی سرکار کی جانب سے زرِقانونی کے طور پر جاری کیے گئے ہوں لیکن انہیں سکّے میں نہ بدلا جا سکتا ہو۔

fib, n. گپ ؛ جُھوٹ ؛ من گھڑت (جس کے پیچھے کوئی منفی جذبہ نہ ہو)۔ (فعل لازم) اپنے پاس سے گھڑ لینا ؛ گپ ہانکنا۔

fibber, fibster, n. گپّی ؛ گپ باز ؛ گھڑ لینے والا۔

fiber, fibre, n. کوئی نازُک سا ریشہ ؛ اُون ، پٹ سن یا اسبسٹوس وغیرہ کے دھاگے کا تار ؛ ریشہ دار چیز۔ (حیوانیات) کسی پٹھے یا عصبے کی بافت کو ترکیب دینے والے (دھاگے کے سے) اجزا میں سے کوئی ایک۔

fiber, a. (نباتیات) پودے کی دھاگے جیسی نازُک جڑ ؛ ریشے (مجموعی طور پر) ؛ ریشوں سے ترکیب پائی ہوئی شے (خصوصاً وہ جو پودوں کی اندرُونی چھال سے بنی ہوئی ہو یا دیگر پودوں کے ان حصّوں سے جن کو صنعتی مقاصد میں استعمال کیا جاتا ہے)۔ (مجازاً) مواد ، بُنیاد یا کردار و سیرت جس سے کوئی چیز بنی ہو (جیسے : men of strong fiber)۔

fiberboard, n. تالیفی تختہ ؛ لکڑی یا کسی اور پودے کے ریشوں کا تعمیری مواد جسے دبا کر بڑی بڑی چادریں بنائی جائیں۔

fiberglass, n. بافتی شیشہ ؛ شیشے کے نرم و نازُک تار جن کو کاٹ کر پارچہ گوں کیا جا سکتا ہے یا اشیا کو غیر موصل بنانے کے لیے بُنا جا سکتا ہے۔

fibril, fibrilla, n. ریشک ؛ پتلا یا بہت ہی باریک تار یا ریشہ۔ (نباتیات) بعض پودوں کی نوخیز جڑوں پر اُگے ہوئے رؤئیں یا روش۔

fibrillar, fibrillary, a. ریشوں یا تاروں سے مرکب یا ان سے متعلق یا اُن کا ؛ ریشکی۔

fibrillation, n. ریشہ سازی ؛ ریشے تشکیل دینے کا عمل یا سلسلۂ کار۔ (امراضیات) بعض عضلاتی ریشوں کا باہمی مطابقت یا کنٹرول کے بغیر بھڑکنا ؛ غیر معمولی طور پر تیز حرکت قلب کی صورت اختیار کر جانے والے عضلاتِ قلب کا بے قاعدہ اور بے ہنگم انقباض ؛ ارتجاف۔

fibrilliform, a. ریشہ یا ریشوں کی صورت۔

fibrillose, a. ریشہ دار یا ریشہ گوں۔

fibrin, n. فائبرین ؛ ایک ریشہ گوں لچکدار حل ناپذیر لحمیہ جو فائبرینوجن اور خُون بستگی خمیر کے باہمی عمل سے ترکیب پاتا ہے اور خون کی انجمادی صلاحیت کو بڑھا کر اس کے اتلاف کو روکتا ہے۔

fibrinous, a. فائبرین لیے ہوئے ؛ فائبرین سے متعلق۔

fibrinogen, n. فائبرین افزا ؛ خون میں موجود گلوبولین جو حل پذیر لحمیہ ہے اور خون کی انجمادی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے فائبرین کو پیدا کرتی ہے۔

fibrinogenic, fibringenous, a. فائبرین افزُودہ ؛ جس میں فائبروجن موجود ہو یا جو اسے پیدا کرے۔

fibroid, a. (امراضیات) ریشہ دار بافت کا بنا ہوا یا اس سے مِلتا جلتا ؛ لیفی سَلعَہ۔ (اسم) جڑوں والا پھوڑا ؛ لیفی سَلعَہ۔

fibroma, n. (امراضیات) کم آزار پھوڑا ؛ ریشکی رسولی ؛ جڑوں والا کوئی سلعہ۔

fibromatous, a. جڑوں والا ؛ ریشے دار۔

fibrous, a. لِیفی ؛ ریشوں والا ؛ ریشوں جیسا یا ریشوں سے مرکّب۔

fibrovascular, a. (نباتیات) ریشہ دار بافتی ؛ ایسی ریشہ دار ایصالی بافت سے بنا ہوا جس کے ذریعے لعاب ایک حصّے سے دوسرے تک چلا جائے (جیسے : fibrovascular bundles)۔

fibula, n. (تشریح الاعضا) پنڈلی کی بیرونی ہڈّی جو چھوٹی ہوتی ہے ؛ شَظیّہ۔ (آثاریات) ایک قسم کی گرفت یا چٹکی جسے اوائلی یُونانی اور رُومی استعمال کیا کرتے تھے (آج کے سیفٹی پن کے مشابہ) ؛ سنگ قفلی۔

fibular, a. پنڈلی کی چھوٹی ہڈّی کے متعلّق۔

fichu, n. ایک قسم کا لیس یا ململ وغیرہ کا زنانہ گلوبند جو عموماً تکونا ہوتا ہے ، اس کے دونوں کونے سینے پر ایک

دوسرے کو آر پار کر کے رکھے جاتے ہیں یا بالکل متوازی لٹکا دیے جاتے ہیں۔

fickle, a. مُتذَبذب؛ مُتلوّن (خصوصاً لگاؤ یا محبت میں)؛ ناپایدار؛ غیر مستحکم؛ بدلتے مزاج والا؛ ڈِھل مِل؛ رائے یا مقصد میں نااستوار؛ ڈانواڈول؛ سُبک پا؛ اوچھا۔

fickleness, n. تذبذب؛ تلوُّن؛ غیر مستحکم مزاجی؛ نااستواری۔

fictile, a. سفالی؛ گِلی؛ سانچے ڈھلا یا سانچے میں ڈھل سکنے والا؛ نرم مٹّی کا بنا ہوا یا مٹّی کا برتن؛ لچکیلا؛ لچک دار؛ نرم خُو۔

fiction, n. تصوُری؛ خیالی؛ تخیُل زاد (خصوصاً کوئی خیالی کہانی)؛ گھڑت؛ جُھوٹ؛ افسانہ؛ ناول؛ مختصر کہانی یا ناولٹ کی صورت میں خیالی واقعات کا نثری اظہار؛ گھڑنے یا خیال آرائی کرنے کا عمل۔ (قانون) یہ مفروضہ کہ جھوٹ کو بھی سچ کے طور پر قبول کیا جا سکتا ہے۔

fictionalization, fictionization, n. افسانہ طرازی؛ افسانوی صورت میں کسی حقیقی یا تاریخی واقعہ کو بیان کرنے کا عمل، طریق کار یا حاصل۔

fictionalize, fictionize, v.t. افسانہ بنانا؛ افسانہ طرازی کرنا؛ کسی تاریخی واقعہ کو افسانوی رنگ میں لکھنا۔

fictioneer, n. وہ مصنف جو ادنیٰ قسم کے ناول فراوانی سے لکھتا ہو۔

fictionist, n. افسانہ نگار؛ ناول نگار؛ داستان نویس؛ کہانی لکھنے والا۔

fictitious, a. خود ساختہ؛ غیر حقیقی؛ نادرست؛ افسانوی یا افسانے سے متعلّق؛ خیالی کرداروں یا واقعات کا موضوع رکھنے والا؛ فرضی؛ بناوٹی۔

fictive, a. بناوٹی؛ افسانوی؛ خیالی؛ خیالی تخلیق کے قابل؛ فرضی۔

fiddle, n. (بول چال) تانت والا ایک آلۂ موسیقی جو وائلن کی قسم میں سے ہے؛ سارنگی۔ (فعل لازم) سارنگی یا وائلن کا بجایا جانا۔ (فعل متعدی) وائلن یا چوتارے پر کوئی نغمہ چھیڑنا۔

fiddle, v.i. بے کار وقت ضائع کرنا؛ برزہ گردی کرنا؛ انگلیوں یا ہاتھوں کو نچلا نہ رہنے دینا؛ دخل انداز ہونا یا مداخلت کرنا؛ مفت میں ٹانگ اڑانا (پھنسانا)۔

fiddle away, گنوا دینا (وقت یا توانائی کو)۔

fiddle, n. (جہاز رانی) ایک فریم یا کنگنی جو دورانِ سفر سمندری جہازوں میں، خصوصاً خراب موسم میں رکابیوں اور دوسرے برتنوں کو میز پر سے گرنے یا کھسکنے سے بچاتی ہے۔

fiddleback, a. سارنگی کے ڈھانچے یا اس کی پشت سے ملتا جلتا؛ سا رنگ پُشت۔

fiddleback chair, n. سارنگ پُشت کرسی۔

fiddle-faddle, a. (بول چال) بے وقعت؛ ذرا سی بات پر ہنگامہ کھڑا کرنا۔ (فعل لازم) ہنگامہ کھڑا ہونا؛ ذرا سی بات پر شوروغل مچ جانا۔ (اسم) بیہودہ بات؛ ناقابل التفات بات یا حرکت۔

fiddler crab, n. مضرابی سرطان/کیکڑا؛ چھوٹا سا کیکڑا جس کے نر کا پنجہ بڑھا ہوا ہوتا ہے اور اسے وہ حرکت میں لاتا ہے تو یوں لگتا ہے جیسے سارنگی بجا رہا ہو۔

fiddle stick, n. کمانچہ؛ مضراب؛ گز؛ بے نتیجہ (قول و فعل)۔

fiddle sticks, interj. بیہودہ؛ لغو۔

fiddling, a. (بول چال) حقیر؛ ناچیز؛ غیر اہم۔

fideism, n. نظریۂ تیقُن؛ یہ عقیدہ کہ بعض باتیں مذہب اور فلسفہ کی ایسی ہیں جن کی عقلی توجیہہ کی ضرورت نہیں اور ان کو بلاچون و چرا مان لینا چاہیے۔

fidelity, n. ازدواجی وفاداری؛ فرض کی ٹھیک ٹھیک بجاآوری؛ فرض شناسی؛ نمک حلالی؛ ہوبہو نقّالی؛ حقیقت یا سچائی کی پابندی۔ (برقیات) مُکرّر نشریات میں آواز کی خوبی یا درجے کی درستی جیسے ریڈیو میں۔

fidget, v.i. مضطرب ہونا؛ بیقرار ہونا؛ مضطرب تشنّجی حرکت میں ہونا؛ لڑکھڑانا۔ (فعل متعدی) بیقرار یا مضطرب کرنا۔ (اسم) (عموماً جمع) بے چینی یا گھبراہٹ کے باعث اکھڑی اکھڑی مضطرب حرکات؛ اضطراب؛ بے قراری؛ مضطرب اور بے چین شخص۔

fidgety, a. مضطرب؛ اضطرار و اضطراب کا شکار؛ بے چین؛ بے سکُون؛ بلاضرورت اور بلاوجہ پریشان۔

fiducial, a. اعتمادی؛ اعتماد یا یقین پر مبنی۔ (طبیعیات) معیار موازنہ یا نقطۂ حوالہ کے طور پر مانا ہوا (جیسے پیمایش میں)؛ امانتی۔

fiduciary, a. کسی امین یا اس کے عہدے کا؛ کسی امین یا اس کے عہدے کو ظاہر کرتا ہوا؛ اعتماد میں لیا گیا؛ اس لیے قبول کیا گیا کہ عوام اس کی وقعت کو تسلیم کرتے ہیں (جیسے کاغذی نوٹ)۔ (اسم) کسی کی چیز کو بطور امانت رکھنے والا؛ امانت دار؛ امین؛ متولی؛ ٹرسٹی۔

fie, interj. حقارت؛ ناپسندیدگی یا بے یقینی ظاہر کرنے والا کلمہ جو اب عموماً مزاحاً استعمال کیا جاتا ہے؛ دفع۔

fief, n. جاگیرداری شرائط اور پابندیوں کے مطابق حاصل شدہ املاک؛ جاگیر؛ تعلّقہ؛ پرگنہ۔

field, n. کھیت؛ میدان؛ مَزرعہ؛ کِشت؛ شُعبہ؛ ارض؛ موقع؛ محل؛ گھیر؛ دائرہ؛ کاشتکاری یا چراگاہ کے لیے موزوں قطعۂ زمین؛ کُھلا دیہی علاقہ؛ وہ زمین جہاں سے فصل سمیٹ لی گئی ہو؛ مَزرُوعہ زمین؛ کسی زرعی رقبے کا نمایاں ٹُکڑا؛ وہ علاقہ جہاں کوئی خاص قُدرتی ذخیرہ موجود ہو (جیسے : oil field)؛ کسی خاص مقصد کے لیے الگ کیا گیا قطعۂ زمین (جیسے : air field, playing field)؛ میدانِ جنگ؛ میدانِ کارزار؛ جنگ یا جنگی اقدام؛ فوجی مشقوں کے لیے مخصوص علاقہ؛ کسی چیز کا دُور تک لمبا اور غیر مُنقطع پھیلاؤ (جیسے : field of ice)؛ دلچسپی یا علم و آگہی کا دائرہ (جیسے : the field of chemistry)؛ دفتر یا صدر مقام سے دُور عمل بیرائیوں کا علاقہ (جیسے : to service customers in the field)؛ وہ زمین یا خالی جگہ جس پر شکلیں یا ڈیزائن بنائے جاتے ہیں (جیسے تمغوں، سِکّوں یا جھنڈوں کی)؛ نقیب شاہی کی ڈھال یا خاندانی سپر کی سطح۔ (کھیل) کسی مقابلے یا کھیل میں حصّہ لینے والے سب کے سب کھلاڑی؛ وہ رقبہ جہاں ایسا کھیل یا مقابلہ ہو رہا ہو؛ اس رقبے کا کوئی مخصوص حصّہ؛ کھیل یا مقابلے میں لگے ہوئے کھلاڑی (خصوصاً فٹ بال میں)۔ (گُھڑ دوڑ) دوڑ میں چند گھوڑوں کے گروہ کو دیا گیا نام،

جیتنے والے گروہ پر لگائی گئی جوئے کی رقم بشرطیکہ اس میں سے کوئی ایک گھوڑا اوّل آ جائے۔ (بیس بال، کرکٹ) وہ ٹیم جو بلّابازی ہ کر رہی ہو۔ (طبیعیات) وہ حلقہ جس میں دی گئی قوّت محوِ عمل ہو (جیسے: magnetic field)۔ (بصریات) وہ رقبہ جو عدسے میں سے دکھائی دے جیسے دوربین یا دیگر عینک وغیرہ کے شیشوں میں سے۔

field, v.t. تسلی بخش جواب دینا جیسے کسی مشکل سوال کا۔ (بیس بال) دفاعی کھلاڑی کا بَلّا لگے ہوئے گیند کو دونوں ہاتھوں میں دبوچ لینا یا پکڑ لینا۔ (فعل لازم) بیس بال یا کرکٹ کے کھیل میں کامیاب دفاعی کھیل کھیلا جانا۔

field, a. کھیتوں کا؛ کھیتوں سے متعلّق؛ کھیتوں میں اُگا ہوا یا کھیتوں میں بسیرا کرنے والا (جیسے: field mice, field flowers)؛ کھیت میں مستعمل (جیسے: field boots)؛ میدان میں کھیلا گیا (جیسے: field events in a track اور field meet)۔

field artillery, n. میدانی توپ خانہ؛ ہلکی قسم کی جنگی توپیں؛ میدان جنگ میں فوجی دستوں کے ساتھ جانے والا توپ خانہ۔

Field Artillery, n. امریکی فوج کا ایک شعبہ جو ۱۹۰۷ء سے ۱۹۵۰ء تک قائم رہا۔

field corn, n. چارا؛ اناج؛ مویشیوں کے چارے کے طور پر اگایا گیا غلّہ۔

field day, n. معرکے کا دن؛ میدانی کھیلوں یا مقابلے کا دن؛ فوج کے لیے جنگی مشقوں کا دن؛ معاشرتی تقریب جس کا اہتمام گھر سے باہر کیا گیا ہو؛ پکنک؛ بے روک ٹوک مشغلہ بازی؛ جوش و جذبے یا کامرانی کا کوئی موقع یا وقت۔

fielder, n. (بیس بال، کرکٹ) فیلڈ کرنے والا؛ فیلڈ پر متعیّن دفاعی کھلاڑی؛ فیلڈر۔

fielders' choice, n. بیس بال میں فیلڈر کا یہ جتن کہ وہ بَلّا باز کی جگہ بیس والے کھلاڑی کو آؤٹ کر دے خواہ وہ پہلی (بیس) تک کی دوڑ میں بلّہ باز کو آؤٹ کر سکتا ہو۔

field event, n. کھیل مقابلوں میں وہ کھیل جو دوڑ پٹڑی میں نہ کیے جاتے ہوں (جیسے ہائی جمپ، اونچی اُچھل)، پول والٹ (بَلّی چھلانگ) یا نیزہ افگنی۔

field glass, field glasses, n. ایک قسم کی دو چشمی دوربین جس سے باہر میدانوں میں کام لیا جاتا ہے۔

field goal, n. (امریکی فُٹ بال) وہ گول جس کے تین پوائنٹ ہوتے ہیں اور جو مخالف ٹیم کے گول میں چھینا جھپٹی کے مقام سے کِک لگا کر کیا جاتا ہے۔ (باسکٹ بال) دو پوائنٹ والا گول جو کھیل کے دوران کیا جاتا ہے۔

field grade, n. فیلڈ گریڈ؛ امریکی فوج کے عہدے جن میں کرنل، میجر اور بالا عہدے شامل ہیں جیسے لیفٹیننٹ کرنل اور میجر۔

field officer, n. فیلڈ گریڈ کا کوئی فوجی افسر۔

field gun, n. میدانی توپ؛ محاذی توپ؛ پہیّوں پر رکھّی ہوئی چھوٹی مگر تیز گولہ باری کرنے والی توپ جو میدانِ جنگ میں فوجیوں کی مدد کے لیے استعمال کی جائے۔

field house, n. کھیل کے میدان سے ملحق عمارت جس میں سامان داری کی گنجائش اور نہانے وغیرہ کی سہولت ہوتی ہے؛ درون در کھیلوں کے لیے احاطہ دار عمارت۔

field-ion microscope, n. میدانی رواں خوردبین؛ خوردبین جو فلوری اسکرین پر عکس پیدا کرنے کے لیے مثبت رواں برقیاتی اخراج کو منتقل کرتی۔ مرخ۔

field magnet, n. کسی ڈینمو یا برقی موٹر وغیرہ میں مقناطیسی میدان پیدا کرنے والا مقناطیس؛ میدان زا مقناطیس۔

field marshal, n. فیلڈ مارشل؛ سپہ سالار جنگ؛ اکثر ممالک کی افواج میں سب سے بڑا فوجی منصب (بالخصوص برطانیہ اور کینیڈا میں)۔

field mouse, n. جنگلی چوہا؛ چھوٹے کترنے والے جانوروں کی نسل کا کوئی جانور جو کُھلے کھیتوں میں آبادی سے ہٹ کر رہے جیسے چوہا۔

field of force, n. (طبیعیات) سرچشمۂ قُوّت کے آس پاس کا علاقہ جہاں تک وہ قوّت مؤثر ہو (جیسے بجلی کی تاثیر اور مقناطیس کی کشش)۔

field of honor, n. رزمگاہ؛ نبردگاہ؛ وہ جگہ جہاں دو شخص (پاسِ ناموس کے لیے) نبرد آزما ہوں؛ میدانِ جنگ؛ جنگاہ؛ لڑائی کا میدان۔

field piece, field gun, n. (عسکری) پہیّوں پر لدی ہوئی چھوٹی توپ جو میدان جنگ میں استعمال کی جائے۔

field theory, n. (طبیعیات) قُوّت کے ایک یا ایک سے زیادہ شُعبوں کی حرکت، تقسیم اور تاثیر کے بارے میں مفصّل اور ریاضیاتی انداز میں بیان کیا گیا نظریہ۔

field trial, n. شکاری کُتوں کی کارکردگی، کُھلے میدان میں؛ مقابلے کے ذریعے کارکردگی کی آزمائش۔

field winding, n. (برق) بجلی کے قُطبوں پر لپٹی ہوئی موصل کائلیں جو سلسلہ در سلسلہ جوڑی ہوتی ہیں اور اس مقناطیسی حلقۂ اثر کو پیدا کرتی ہیں جو کسی جنریٹر یا برقی موٹر میں رَو کو درست رکھتا ہے۔

field work, n. تفتیش؛ کھوج؛ سراغ کاری یا تحقیق جو ارض شناسوں، آثارشناسوں، انجینئروں یا مسّاحوں نے اپنے دفتر یا مرکز سے باہر جا کر کی ہو؛ عملی کام؛ میدانی کام؛ بیرون کاری۔ (عسکری) عارضی مورچہ بندی؛ عارضی حصار بندی جسے لڑاکا فوجی دستوں نے بنایا ہو۔

fiend, n. بَد روح؛ بُھوت؛ شیطان صفت؛ ظالم اور وحشی شخص؛ خبیث؛ بدطینت۔ (بول چال) تنگ کرنے والا؛ شرارتی (جیسے: fiendish child)؛ پرلے درجے کا بدنفس؛ کسی معاملے میں حد سے زیادہ دلچسپی رکھنے والا (کھیل وغیرہ میں)؛ افراط پرست (کھانے پینے میں)؛ نشہ وغیرہ کا عادی۔

fiendish, a. شیطان صفت؛ مائل بہ شرارت وغیرہ۔

fierce, a. تُند خُو؛ آتش مزاج؛ وحشی؛ خونخوار؛ فوراً برافروختہ ہو جانے والا؛ سرگرم؛ جوشیلا؛ پُرجوش؛ تندکار؛ شدید؛ شتاب؛ شوق؛ غصے یا سفّاکی میں انتہا پسند؛ جارحیت میں متشدّد یا عداوت مزاج؛ غضب ناک۔

fiery, a. شعلہ فشاں؛ آتشیں، آگ سے مرکّب یا آتش ناک؛ آتش مزاج؛ آگ کی سی خُوبُو والا یا آگ کا سا؛ آگ کی

یاد دلانے والا ؛ لال انگار ؛ شدید گرم ؛ انگارہ سا (سی) ؛ چمکدار یا بھڑک لیے ہوئے (جیسے آنکھ) ؛ نہایت مشتاق کار ، سرگرم ، جذباتی ؛ آتش گیر ؛ متورّم جیسے رسولی یا پھوڑا ؛ جلنے کی سی کیفیت پیدا کرنے والا جیسے شرابیں یا گرم مسالے ۔

fieriness, n. شعلہ فشانی ۔

fiesta, n. اسپین یا لاطینی امریکا میں عوامی یا مذہبی تعطیل ؛ تیوہار ؛ تقریب ؛ ضیافت ۔

fife, n. ایک چھوٹا سا بلند آواز بگل جسے خاص طور پر عسکری کُوچ کے وقت بجایا جاتا ہے ؛ مُرلی ۔ (فعل لازم) مُرلی یا بگل کا بجنا ۔

fifteen, a. پندرہواں ۔ (اسم) پندرہ افراد یا اشیا کی علامت ؛ ۱۵ ۔

fifteenth, a. پندرہواں (چودہویں کے بعد کا) ؛ پندرہواں (کسی شے کے پندرہ برابر حصوں میں سے ایک حصّہ) ۔ (اسم) برابر کے پندرہ حصّوں میں سے ایک حصّہ ۔

fifth, a. پانچواں (چوتھے کے بعد کا یا چھٹے سے پہلے کا) ؛ پانچ برابر حصّوں میں سے آخری ۔ (اسم) برابر کے پانچ حصّوں میں سے ایک حصّہ ۔ (موسیقی) پنچم ؛ تین سُروں اور نیم سُر کا درمیانی وقفہ ؛ اس طرح علیحدہ کیے ہوئے دو سُروں کا ملاپ ؛ گیلن کا (خصوصاً شراب کے گیلن کا) پانچواں حصّہ ۔

fifth column, n. وطن دشمن ؛ غدّار ؛ کسی مُلک میں رہنے والے وہ لوگ جن کی ہمدردیاں اس مُلک کے دشمنوں کے ساتھ ہوں اور جنھیں اُنھی کے مفادات کا خیال ہو یا حملے کی صورت میں ان کا ساتھ دینے کو آمادہ ہوں ؛ وطن فروش ؛ سازشی ؛ نمک حرام ۔

fiftieth, a. پچاسواں ؛ پچاس برابر کے حصّوں میں سے آخری ۔ (اسم) پچاس مساوی حصّوں میں سے ایک حصّہ ۔

fifty, a. پچاسواں ۔ (اسم) پچاس افراد یا اشیا کا سیٹ ؛ پچاس ؛ پچاس کا عشرہ (اکاون سے انسٹھ تک) ۔

fifty-fifty, a., adv. (بول چال) برابر برابر (خرچ یا منافع وغیرہ) ؛ نصفا نصف ، جیسے کھانے کے اخراجات برابر برابر ادا کرنا ۔

fig, n. انجیر ؛ اسی نام و جنس کا گرم ممالک کے گُولر نسل والے درختوں یا جھاڑیوں میں سے کوئی درخت یا جھاڑی خصوصاً گُولر یا انجیر کا درخت جو اپنے خُوردنی پھل کے باعث کاشت کیا جاتا ہے ؛ ناشپاتی کی شکل کا چھوٹا سا پھل ، یہ گُودے والا ہوتا ہے ، اس کے گُودے میں نمویافتہ بُقچے سے ہوتے ہیں جن کو غلطی سے بیج سمجھا جاتا ہے ۔ (عوامی) کلمۂ حقارت؛ بے وقعت سی کوئی شے (جیسے : I do not care a fig for him) ۔

fight, v.i. لڑنا ؛ برسرِپیکار ہونا ؛ جنگ میں یا کسی کُشتی میں جیتنے کی سعی کرنا ؛ اسلحہ کے ساتھ یا بغیر اسلحہ کے مقابلہ میں آنا ؛ کوشش یا جدوجہد کرنا ؛ مزاحمت یا مخالفت کرنا ۔ (فعل متعدی) ہونے دینا یا جاری رکھنا جیسے (لڑائی وغیرہ کو) ؛ کسی سے اُلجھنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ دفاع کرنا ؛ جد و جہد یا مقابلے کے ذریعے مخالفت کرنا یا راستہ صاف کر لینا ؛ لڑ کر جیت جانا یا مقصد پا لینا (جیسے : to fight one's way) ؛ صورت پیدا کرنا یا جنگ میں ترکیب نکالنا (جیسے : to fight one's ship) ۔ (اسم) مقابلہ ؛ معرکہ ؛ جھڑپ ؛ لفظی تکرار یا بحث ؛ جیت کے لیے کوئی کوشش ؛ لڑائی کی جانب میلان ۔

fighter, n. لڑاکا ؛ جنگ جُو ۔ (عسکری) فضا میں دشمن کے طیاروں کو تباہ کرنے یا ان کی کارروائی میں رکاوٹ ڈالنے کے لیے ضروری اسلحۂ جنگ سے لیس طیّارہ ؛ لڑاکا جہاز ۔

fight it out, فیصلہ کن نتیجہ حاصل کرنے تک لڑائی یا جدوجہد جاری رکھنا ۔

fight shy of, کترانا ؛ کنارا کرنا ؛ گریز کرنا (ناپسندیدگی ، خوف یا بے اعتقادی کے احساس سے) ۔

fig leaf, n. ستر پوش ؛ عیب چھپانے کی ترکیب ؛ انجیر کے درخت کا پتّہ (بحوالہ آدم اور حوا کی پہلی ستر پوشی کے ۔ باب پیدائش) مجازاً ہر وہ چیز جو کسی شرمناک یا ناشایستہ شے یا بات کو چھپانے کے لیے تیّار کی جائے ۔

figment, n. اختراع ؛ مصنوعی ؛ بے بُنیاد ؛ گھڑت ؛ افسانہ ؛ کوئی خیالی یا فرضی شے ؛ وہمی۔

figuration, n. عمل اختراع ؛ کسی خاص صورت میں تشکیل دینے کا عمل ؛ اس عمل سے بننے والی شکل یا صُورت ؛ مجازی صُورت میں پیش کرنے کا عمل ؛ مجازی خاکہ ؛ شکلوں یا ڈیزائنوں سے آراستہ کرنے یا نمایاں کرنے کا عمل ۔ (موسیقی) اونچے نیچے سُروں کو زیادہ اُجاگر کر کے پیدا کیا ہوا نمایشی اثر۔

figurative, a. مجازی ؛ تمثیلی ؛ تصویری ؛ مجاز مرسل یعنی جس میں استعارے کنایے سے کام لیا گیا ہو ؛ جو مجازی ہو اور لُغوی (لفظی) نہ ہو (جیسے : a fegurative expression, a figurative language) ؛ صنائع بدائع سے پُر ؛ جو شکل ، علامت یا مشابہت کے ذریعے پیش کیا گیا ہو (جیسے کسی خاکہ کشی میں یا مجسمّہ سازی میں) ؛ علامتی ۔

figure, n. چہرہ مہرہ ؛ خدوخال ؛ شبیہہ ؛ کسی شے کی اُس کے چہرے مُہرے کے مطابق اُبھرنے والی صورت ؛ شکل ؛ انسانی شکل یا صُورت ؛ کسی انسانی جسم کی یا کسی اور شے کی تصویری نمود ؛ کسی شخص کی شکل و صورت یا پیدا کردہ تأثر (جیسے : to cut a poor figure) ؛ علامت یا نشان ؛ عددی علامت ؛ ہندسوں میں ظاہر کردہ قیمت یا مقدار ؛ ریاضیاتی شمار کاری ؛ نمونہ یا ڈیزائن ؛ رقص یا اسکیٹنگ کی حرکات ۔ (موسیقی) گٹکری یا توڑا ؛ کئی سُروں کا یوں متواتر واقع ہونا کہ ان کے ملاپ سے ایک ہی سُر پیدا ہو ۔ (منطق) حد اوسط کے اعتبار سے قیاس کی ایک خاص صُورت ۔ (جیومیٹری) اجزائے ہندسی کا وہ مجموعہ جو کسی مخصوص صورت یا شکل میں رکھا گیا ہو ۔ (بصریات) وہ خاص منحنی جس کی کسی بصریاتی شے (مثلاً انعکاسی دوربین کے شیشے) کی سطح پر ضرورت ہوتی ہے ۔

cut a figure, بُری یا بھلی صورت میں ظاہر ہونا ۔

figure, v.t. عددی صُورت میں شُمار کرنا یا حساب لگانا ؛ شکل بنانا یا مشابہت پیدا کرنا ؛ شکلوں یا سجاوٹی ڈیزائنوں سے مزیّن کرنا ؛ ذہن میں تصوُّر یا تصویر لانا ؛ استعارے میں پیش کرنا ۔ (بول چال) کسی کے بارے میں سوچنا ؛ خیال کرنا ؛ اعتبار کرنا ۔ (موسیقی) چھوٹے چھوٹے اضافی سُروں سے دلکشی پیدا کرنا ؛ ایسے سُروں کو تحریری صورت میں ظاہر کرنا ۔ (فعل لازم) نمایاں شخصیّت بن جانا ؛ حساب لگانا ؛ شکل بنانا ۔

figure out, حل کر لینا ۔

figured, a. بنایا گیا یا تشکیل دیا گیا ؛

شکل یا صورت دیا گیا ؛ کسی تصویر یا پتھری مُجسّمے میں پیش کیا گیا ؛ کسی نمونے یا ڈیزائن سے آراستہ ؛ استعاراتی (زبان) کی طرح (موسیقی) اضافی سُروں کی وضاحت لیے ہوئے ۔

figure eight, n. انگریزی آٹھ کے عدد کی صورت میں فضا گردی/اُڑان ؛ گھوڑے یا گاڑی کے ذریعے بنایا گیا آٹھ کا ہندسہ ؛اسکیٹنگ کا ایک انداز ؛ آٹھ کے ہندسے سے مشابہ گرہ ؛ بَو ؛ پھول گرہ ۔

figure head, n. کٹھ پتلی ؛ بُت نما ؛ بُتھ ؛ کسی سوسائٹی ، کمپنی یا گروپ کا برائے نام سربراہ جسے کوئی حقیقی اختیار یا ذمّہ داری حاصل نہ ہو ۔ (جہاز رانی) جہاز کے ہَن کٹ پر رکھّا ہوا کوئی زیبایشی یا کندہ مُجسّمہ یا نیم تنہ ۔

figure of speech, n. صنعت بدیعی ؛ صنائع بدائع ؛ ایک طرزِ اظہار (جیسے تشبیہہ ، اِستعـارہ یا اغـراق) جس میں الفاظ کو غیر لغوی صورت میں استعمال کیا جاتا ہے یا معمول سے ہٹے ہوئے مفہوم میں اور مقصد یہ ہوتا ہے کہ بات واضح ہو جائے یا اسلوب کا حُسن دوبالا ہو جائے ۔

figure skating, n. اسکیٹنگ کا وہ انداز جس میں اسکیٹر مُجوّزہ شکلیں یا نمونے بناتے ہوئے برف پر پھسلتا ہے ۔

figurine, n. چھوٹا سا بُت یا مُجسّمہ ؛ مٹّی ، چینی یا دھات کے برتنوں پر بنائی ہوئی سجاوٹی شکلیں یا تصویریں۔

fig wort, n. (نباتیات) علف خنازیر ؛ جھاڑی دار پودوں کی وسیع برادری کا مشترکہ نام ، ان پودوں کے دولبی پُھول بیشتر گُچھوں کی شکل میں ڈنڈیوں پر لگے ہوتے ہیں ، ان میں سے بعض کو لُومڑ ہتھ اور بعض کو گُلِ میمون کہتے ہیں ۔

filament, n. فلامنٹ ؛ سُوت ؛ زرتار یا رگ ؛ باریک دھاگے کا تار یا شے ؛ ریشہ یا ریشک ؛ برقی یا گیسی چراغوں ، بلبوں وغیرہ میں وہ کم موصلی تار جس کو برقی رَو چمکدار کر دیتی ہے ۔ (بـرقیات) کسی برقی ٹیوب کے منفی قطب کو بالـواسطہ یا بلاواسطہ گرمانے والا ۔ (نباتیات) حامل زر کا وہ ڈنڈی والا حصّہ جس نے زرگُل والے حصّے کو سہارا دیا ہوتا ہے ۔

filamented, filamentary, filamentous, a. زرتاری ؛ ریشی ؛ فلامنٹ والا ۔

filar, a. خیطی ؛ ریشی ؛ سوت نُما ؛ دھاگے کا یا دھاگے سے متعلّق ۔ (بصریات) حدّ نگاہ کے آر پار ریشے تک نظر آتا ہوا ۔

filature, n. تار سازی؛ ریشمی کیڑوں سے (ریشم کے) تاروں کو اٹیرنا یا نکالنا؛ ایسے تاروں کو اٹیرنے کا آلہ ؛ اٹیرن ؛ تار اٹیرنے کا عملہ ۔

filbert, n. فلبرٹ ؛ بیزل ؛ مغز ؛ ایک قسم کا یورپی اخروٹ سے مِلتا جُلتا درخت یا اس کا پھل جس کا مغز اخروٹ ہی کی طرح سخت خول کے اندر ہوتا ہے اور ۲۲ اگست کے قریب پک جاتا ہے ؛ فُندُق (اس روز سینٹ فلبرٹ کا تیوہار ہونے کے باعث یہ درخت بھی یوں موسوم ہوا) ۔

filch, v.t. چُرانا (خصوصاً معمولی سی چیز) ؛ کھسکا لینا ؛ اُڑا لینا ۔

file, n. ریتی ؛ چَوسہ ؛ فولاد کا ایک آلہ جس کی سطح پر کاٹنے ، رگڑنے اور (دھات ، لکڑی وغیرہ کو) ہموار کرنے کے لیے تیز کنارے سے ہوتے ہیں ۔ (فعل متعدی) ریتی یا چوسے وغیرہ سے رگڑ کر ہموار کرنا ، کم کرنا یا کاٹنا ؛ یوں ہمورا کرنا جیسے ریتی مار کر کیا گیا ہو ۔

file, n. مِسل ؛ فائل ؛ کاغذات وغیرہ کو ترتیب سے رکھنے یا فوری حوالے کے لیے درجہ بند کرنے کے واسطے جُزدان یا بستہ ؛ کاغذات یا ریکارڈ کا قرینے سے ترتیب دیا ہوا مجموعہ؛ افراد یا اشیا کی ایک دوسرے کے پیچھے لگی یا لگائی ہوئی قطار جو صف سے مختلف ہو ؛ فوجی دستے کی صورت میں ایک دوسرے کے آگے پیچھے کھڑے یا مارچ کرتے ہوئے فوجیوں کی قطار (بمقابلہ صف)؛ شطرنج کی بساط پر ایک شاطر سے دُوسرے شاطر کی سیدھ میں جاتے ہوئے خانوں کی کوئی ایک عمودی صف ۔ (فعل متعدی) مسل یا فائل میں لگانا یا رکھنا ؛ ریکارڈ یا حوالے کی خاطر کاغذات یا ریکارڈ کو ترتیب دینا ؛ نقل یا خبر کے طور پر کسی روزنامے کو کچھ ارسال کرنا ۔ (فعل لازم) قطار میں چلنا یا مارچ کرنا ؛ بطور امیدوار نام درج کرانا ۔

on file, برمِسل ؛ مسل پر یا مسل میں (حوالے کی سہولت کے لیے) موجود ۔

filefish, trigger fish, n. ریتی مچھلی ؛ نمکین پانی کی متعدّد قسم کی مچھلیوں میں سے کوئی مچھلی ، ان کی جلد دانے دار اور ریژھک ہوتی ہے ۔

filet, fillet, n. چوکور خانوں والا جال یا فیتہ ۔ (طبّاخی) بن ہڈّی کا چھوٹا بے چربی گوشت یا مچھلی کا ٹُکڑا جسے کبھی کبھی گول کر کے بِریاں کرنے کے لیے باندھ دیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) گوشت یا مچھلی کی قاشیں کرنا ۔

filet mignon, n. ہڈّی بغیر چھوٹا سا بے چربی قتلہ/ پارچہ جو گائے کی ران کے اندرون سے کاٹا گیا ہو۔

filial, a. وَلَدی ؛ فرزندانہ ؛ بیٹے بیٹی کے تعلّق سے یا اس رشتے کو اپنائے ہوئے ؛ ماں باپ کے حوالے سے اولاد کو زیب دینے والا ۔ (جینیات) اخلاف کا یا اخلافی جو پُشتِ آبا کو ظاہر کرے ۔

filiate, v.t. (قانون) عدالتی طور پر ولدیت قائم کرنا (جیسے کسی ناجائز اولاد کی) ۔

filiation, n. کسی باپ کی اولاد ہونے کی حقیقت (خصوصاً باپ سے بیٹے کا ولدیتی تعلّق) ؛ اشتقاق؛ کسی چیز کا اس سے تعلّق جس سے وہ ماخوذ ہو ؛ کسی زبان یا کلچر وغیرہ کا شاخ در شاخ ہونے کا عمل ؛ فرع ۔ (قانون) ولدیت کا قانونی فیصلہ ۔

filibuster, n. مجلس قانون ساز میں اقلیتی گروہ کی مزاحمتی ہتھکنڈوں کے ذریعے (مثلاً لمبی تقریروں سے) قانون سازی کے عمل میں تاخیر پیدا کرنے یا اسے ناکام بنانے کی کوشش ؛ لاقانون مہم جُو جیسے طالع آزما سپاہی ؛ لُٹیرا ؛ بحری قزاق ۔ (فعل لازم) مزاحمتی ہتھکنڈوں سے قانون سازی کو ناکام بنانا یا اس میں تاخیر پیدا کرنا لاقانون مہم جُو یا لُٹیرا بننا ۔ (فعل متعدی) رکاوٹ ڈالنا (قانون سازی وغیرہ میںمزاحمتی ہتھکنڈوں کے ذریعے) ۔

filiform, a. دھاگے یا تار کی طرح ؛ دھاگے کا سیا ؛ تار دار ؛ ریشہ سان ؛ ریشہ دار ۔

filigree, filagree fillagree, n. زردوزی ؛ طلا کاری ؛ تار دوزی کا زیبایشی کام ؛ جڑاؤ کام کرنے والوں کا سونے چاندی کے تاروں سے جھالری نمونے پر کیا ہوا نفیس اور نازُک کام ؛ بہت ہی

پیچیدہ سی آرائشی کُھلی بُنت ؛ کوئی نازک سی انوکھی شے ۔ (صفت) زردوزی یا تاردوزی وغیرہ سے مرکّب یا مشابہ ؛ زردوز ۔ (فعل متعدی) زردوزی میں سجانا یا زردوزی شکل دینا ۔

filings, n. (جمع) برادہ ؛ ذرّات (ریتی رگڑنے سے علیحدہ ہونے والے ذرّات جو کسی دھات وغیرہ سے اُترے ہوں) ۔

Filipino, n. فلپائنی ؛ فلپائنی جزائر کا باشندہ یا باسی ۔ (صفت) فلپائنیوں کے قدیم باشندوں یا وہاں کے رہنے والوں سے متعلّق یا ان کی خصوصیات ۔

fill, v.t. بھرنا (بھرت یا مافیہ کے حوالےؔ سے) ؛ گنجایش کے مطابق بھرنا (جیسے : to fill a cup) ؛ پوری طرح مہیّا کرنا یا انتہا تک مہیا کرنا (جیسے : to fill the heart with joy) ؛ درمیان کی خالی جگہوں میں تحریری مواد یا سجاوٹی کام ڈال کر مکمّل کرنا (عام طور پر in ، out یا up لگاتے ہیں) ؛ سوراخ ، شگاف یا دراڑ وغیرہ کو بند کرنا یا مُرمّت کرنا (جیسے : to fill a tooth) ؛ کوئی مہتمم یا عہدہ دار مہیّا کرنا (جیسے کسی خالی جگہ یا اسامی کو پُر کرنے کے لیے) ؛ گنجایش کی حد تک جاگزیں ہو جانا ؛ سرایت کر جانا ؛ فرائض ادا کرنا یا ادا کرنے کے منصب پر ہونا (جیسے کسی عہدے یا منصب پر) ؛ تسکین دینا (جیسے خوراک دیتی ہے) ؛ (ضروریات وغیرہ کو) قابل اطمینان حد تک پورا کرنا ؛ (کاروباری آرڈر یا فرمایش کو) پورا کرنا ؛ (کسی ڈاکٹری نسخے کو) تیار کرنا یا ادویہ کو باہم ملانا ؛ پُھلا دینا (جیسے بادبان کو) ؛ سطح کو بلند کرنا (کسی زمین کے رقبے کو مٹّی یا پتّھر وغیرہ سے) ۔ (فعل لازم) بھر جانا (جیسے : eyes filling with tears) ؛ پُھول جانا (جیسے بادبان کا ہوا سے) ؛ پیالے یا کسی برتن کا بھر جانا ۔

fill the bill, (بول چال) صورت حال کے تقاضوں کو پورا کرنا ۔

fill one's shoes, (بول چال) کسی کے مقام اور اس کی ذمہ داریوں کو سنبھالنا ۔

fill, n. مکمّل فراہمی یا مطلوبہ مقدار (جیسے : one's fill of food or sleep) ؛ کسی چیز کو بھر دینے کے لیے کافی مقدار (جیسے : a fill of tobacco for a pipe) ؛ بھرت یا بھرتی ؛ زمین کے کسی رقبے کو ہموار کرنے کے لیے مٹّی پتّھر کی بھرائی ۔

filler, n. پُر کرنے والا شخص یا پُر کرنے والی کوئی شے ؛ کوئی چیز یا مقدار جس سے کسی شے کو بھرا جائے یا اس کے مافیہ میں اضافہ کیا جائے ؛ کوئی لئی یا مائع جس کے ذریعے درزوں یا سوراخوں کو بند کیا جائے (جیسا کہ پینٹر زمین تیّار کرنے کے لیے کرتے ہیں) ؛ کسی اخبار یا میگزین میں بچی ہوئی خالی جگہ کو پُر کرنے کے لیے مختصر سا مواد ۔

fillet, n. مُوباف ؛ چوٹی بند ؛ سربند ؛ سر کے گرد سجاوٹ کے طور پر باندھنے کے لیے ربن یا فیتہ ؛ دھجی ؛ کوئی شے (دھات یا لکڑی وغیرہ کی) جو پٹّی کی طرح لمبی اور کم چوڑی ہو ۔ (فنِ تعمیر) پٹّی ؛ بندک ؛ کم چوڑا عموماً چپٹا سا آرائشی حاشیہ یا پخ جو دو بڑے آرائشی حاشیوں کے بیچ میں ہوتا ہے ؛ کسی ستون کی دو عمودی جھریوں کے درمیان کی ہموار سطح ۔ (تشریح الاعضا) بافتوں کی پٹّی ؛ عصاب ؛ کتاب کے گردپوش پر زیبایش کے لیے نقش کی گئی لکیر ؛ ایسی لکیریں نقش کرنے کا آلہ ۔ (فعل متعدّی) باندھنا یا سجانا جیسے موباف سے ۔

fillet filet, (طبّاخی) گول بوٹی ؛ بے ہڈّی کا گوشت کا ٹکڑا ؛ خصوصاً گائے کی ران کے وسطی حصّے کا یا مچھلی کا ؛ گوشت کا ٹُکڑا جس میں سے ہڈّی نکال دی گئی ہو اور پھر اسے بھوننے کے لیے گول کر کے باندھ دیا گیا ہو ؛ قتلہ ۔ (فعل متعدی) (طبّاخی) قتلے کی صورت میں کاٹنا اور تیّار کرنا ؛ کہیں سے کاٹ کر قتلے بنانا ؛ پسندے ۔

fill-in, n. کوئی فرد یا شے جو متبادل ضمنی یا خانہ پُری کا کام دے ؛ ضروری معلومات کے بارے میں مختصر اور عموماً زبانی تبصرہ ۔

filling, n. بھرنے والے عمل یا بھر جانے والی چیز کا عمل (بھر جانا یا بھر دینا) ؛ پُر کرنے یا بھرنے کے لیے جو چیز ڈالی جائے ؛ بھرت ؛ بھرتی (جیسے : a gold filling in a tooth یا a custard filling for a pie) ؛ کسی بُنے ہوئے کپڑے کے تانے میں گُتھے ہوئے بانے کے دھاگے ؛ پتام ۔

filling station, n. پٹرول پمپ ؛ پٹرول اسٹیشن ؛ گیس بھروانے کی جگہ ؛ پٹرول ڈلوانے کی جگہ ۔

fillip, v.t. ٹھوکا دینا ؛ انگلی کے ساتھ زور سے مارنا (پہلے انگلی کو انگوٹھے کی جانب سخت سا خم دیتے ہوئے اور پھر تیزی سے انگلی کو سیدھا کرتے ہوئے) ؛ انگلیوں کی یوں صورت بنانا ؛ سرگرم عمل کرنا ؛ عمل پر ابھارنا ؛ انگیخت کرنا ۔ (اسم) ٹھوکا ؛ انگیخت ؛ ابھارنے کی حرکت ؛ ضربِ انگشت ؛ جو تیزی سے ابھارے یا حرکت میں لے آئے ۔

fillister, n. پتام رندہ ؛ پتام یا جھری بنانے والا رندہ ؛ پتام یا جھری جو کھڑکی کے فریم میں اس لیے ہوتی ہے کہ شیشے اور پوٹین کو سنبھالے رکھے (یہ عموماً باہر کی جانب ہوتی ہے) ۔

fill out, v.i. متناسب صورت اختیار کرنا ؛ بھرا بھرا سا ہو جانا (جیسے چہرے یا شکل کا) ۔

fill up, v.t., v.i. پُر کرنا ؛ پوری طرح بھر دینا (کسی برتن یا سوراخ کو) ؛ پوری طرح مصروف رکھنا یا گرفت میں لینا (جیسے : These duties fill up the day) ؛ لبا لب بھر جانا ۔

filly, n. بچھیا ؛ بچھیری ۔ (بول چال) نوخیز لڑکی ؛ دوشیزہ ۔

film, n. فلم ؛ پرت ؛ پتلی جِلد یا جھلّی ؛ پتلا لیپ یا پلستر ؛ باریک تاگوں کا نازک جال ، جیسے مکڑی کا جالا یا اُس کے مُنہ سے نکلا ہوا تاگے جیسا لُعاب ؛ دُھند ۔ (عکاّسی) سیلولوس ایسی ٹیٹ (Cellulose acetate) پٹیوں یا شیٹوں جیسی لچک دار شے جس پر ایسا مواد لگا ہوا ہوتا ہے جو روشنی سے فوراً متاثّر ہو جاتا ہے اور تصویریں یا متحرّک فلمیں بنانے کے کام آتا ہے ؛ متحرّک تصویر ؛ سیلولوس ایسی ٹیٹ کی پٹّیاں یا ان سے حاصل کردہ تصویروں کے رول جن کو پردۂ سیمیں پر دکھایا جاتا ہے ؛ اس کی ایک صورت وہ ہے جس میں ساتھ ساتھ آواز بھی ریکارڈ ہوتی ہے ۔ بصورت جمع اس سے فلمی صنعت بالعموم اور مجموعاً متحرّک فلمیں مراد ہیں ۔ (امراضیات) آنکھ کے شفاف پردے (قرنیہ) کا جالا ۔ (فعلِ متعدّی) فلم کی سی تہ جمانا یا ڈھانپنا ؛ کسی کی متحرک فلم تیار کرنا (جیسے : to film a documentary) ؛ دستاویزی فلم بنانا ؛ فلمانا ۔ (فعل لازم) فلم کی سی پتلی تہ کا جم جانا ؛ فلمائے جانے کے قابل ہونا ؛ متحرّک فلم تیّار کرنے میں

مصروف ہونا؛ فلمایا جانا۔

filmy, a. دھندلا۔

filmily, adv. دھندلے طور پر۔

filminess, n. دھندلا پن۔

filmdom, n. فلمی دنیا؛ فلمی صنعت؛ اس صنعت میں کام کرنے والے۔

film-strip, n. فلم پٹی؛ فلم کی ایک لمبی پٹی میں خاموش انفرادی تصویروں کا سلسلہ جس کو اسکرین پر دکھایا جانا مقصود ہو، ان میں بعض اوقات عُنوانات تو ہوتے ہیں لیکن بے صدا اور محتاج بیان، ایسی فلم پٹیوں کو تدریسی اعانت کے طور پر کام میں لایا جاتا ہے۔

filose, a. خیطی؛ رشتگی؛ دھاگے کا سا؛ دھاگے کی سی شکل میں ختم ہونے والا۔

filter, n. چھلنی؛ فِلٹر؛ مِقطار؛ کوئی آلہ یا مسام دار شے (جیسے نمدہ، کاغذ، عام کوئلہ یا ریت) جس میں سے گیس یا مائع کو گزارا جاتا ہے تا کہ آلایشیں وغیرہ علیحدہ کی جا سکیں؛ کوئی شے جو چھاننے کا کام دے۔ (طبیعیات) وہ آلہ جو صوتی اور ضیائی لہروں یا برقی روؤں کو اس طرح قابو میں رکھے کہ بعض لہروں یا ارتعاشی تکثیر کو روکنے یا کم کرنے سے دوسروں پر اس کا زیادہ اثر نہ پڑے۔ (عکاسی) رنگین، نیم شفّاف اسکرین(عموماً شیشے کی) جو کیمرے کے عدسے کے لیے ہوتی ہے اور جس کے ذریعے درآنے والی روشنی کی لہروں کی شِدّت اور قسم کو قابو میں رکھا جاتا ہے۔ (فعل متعدی) چھاننا یا تقطیر کرنا؛ فلٹر میں سے گزارنا تا کہ صاف ستھرا کیا جا سکے یا چھانا جا سکے (ہوا وغیرہ کو)؛ فلٹر کے عمل سے الگ کرنا؛ کسی کے لیے فلٹر کا کام دینا۔ (فعل لازم) چھلنی یا فلٹر میں سے گُزرنا؛ چھننا؛ مُقطَّر ہونا؛ یوں گزرنا جیسے چھلنی میں سے (جیسے : water filtered through the roof)؛ رِسنا۔

filter bed, n. مقطارہ؛ تقطیری حوض؛ ریت یا کنکری کی تہ جیسی کہ تالاب یا کسی آبی ذخیرے میں ہوتی ہے اور جہاں سے پانی یا غلاظت چھن کر گزرتی ہے۔

filter tip, n. چھلنی سرا؛ فِلٹر ٹپ؛ سگریٹ یا سگار کا وہ سِرا جس میں دھوئیں میں موجود کثافت کو چھاننے کا تُنگا لگا ہوا ہوتا ہے؛ ایسے تُنگے والا سگریٹ یا سگار۔

filth, n. نجاست؛ کُوڑا کرکٹ؛ گندگی؛ گندہ مواد؛ بدبو دار غلاظت؛ اخلاقی ناپاکیزگی یا بدکرداری؛ گندی گفتگو فحاشی؛ اخلاقی بگاڑ۔

filthy, a. غلاظت خاصیت یا غلیظ طبع؛ مکروہ حد تک نجس؛ گندہ یا فُحش؛ بے حِد گھناؤنا۔

filtrate, v.t. چھاننا؛ فلٹر کرنا؛ تقطیر کرنا۔ (اسم) مُقطَّر؛ چھنا ہوا (پانی وغیرہ)۔

filtration, n. چھاننے کا عمل؛ عملِ تقطیر۔

fimbria, n. (حیاتیات) حاشیہ یا حاشیہ دار؛ کنارا جھالر، جیسا کہ بعض نالیوں کے منہ پر ہوتا ہے (بالخصوص رحمی نالیوں کے مدخل پر)۔

fimbriate, a. بالدار؛ حاشیہ دار (جیسے : fimbriate petals)؛ سنجاف؛ ریشہ دار۔

fin, n. مہپر؛ پَر یا پیراکے سا ایک جھلّی دار عضو جو مچھلیوں اور بعض دیگر آبی جانوروں کے جسم پر ہوتا ہے اور انھیں آگے بڑھنے، سنبھلنے یا توازن برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے؛ کسی مشین کا پر نُما کوئی پُرزہ؛ پیراکہ یا ربڑ کے پیڈل نما اُس جوڑے میں سے ایک جسے زیرآب غوطہ زن اپنے پاؤں کے ساتھ دھکیل میں مزید آسانی پیدا کرنے کے لیے باندھ لیتے ہیں۔ (طیرانیات) طیّارے کا پَر یا اگلا پنکھ جو طولاً کسی طیّارے یا راکٹ وغیرہ سے پیوستہ ہوتا ہے تا کہ توازن قائم رہ سکے۔ (جہاز رانی) آبدوز یا کشتی کے زیر آب حصّے کا وہ جوڑ جو اسے ڈولنے نہیں دیتا؛ کسی انجن سلنڈر یا ریڈی ایٹر کے آگے کو نکلے ہوئے کوہانوں میں سے ایک۔ (عوامی) پانچ ڈالر کا نوٹ؛ ہاتھ یا بازو۔ (فعل متعدی) پَر الگ کر لینا (کسی چیز سے)۔ (فعل لازم) مچھلیوں یا آبی جانوروں کا اس زور سے پر مارنا کہ وہ پانی سے اوپر نکل آئیں۔

finned, a. پَر دار۔

finagle, fenagle, v.t. حیلہ جوئی یا سازش سے حاصل کرنا؛ کسی معاملے میں دھوکا یا سازش کرنا؛ چالاکی دکھانا۔ (فعل لازم) سازش، بددیانتی یا فریب دہی سے کام نکالنا۔

finagler, n. بددیانت؛ فریبی؛ سازشی؛ حیلہ جُو۔

final, a. اخیر؛ انجام سے متعلّق یا انجام کو پہنچا ہوا؛ آخری؛ مکانی، ترتیبی یا زمانی لحاظ سے آخری؛ حتمی (جیسے : the final goal)؛ فیصلہ کن یا قطعی؛ انجام یا مقصد سے متعلّق یا ان کو تشکیل دیتا ہوا (جیسے : a final cause)۔ (اسم) کوئی چیز جو آخری ہو۔ (بصورت جمع)کسی ٹورنامنٹ کا آخری اور فیصلہ کن کھیل یا مقابلہ؛ اسکول کی نصابی سرگومیوں سے متعلّق آخری امتحان۔

finale, n. مختتمہ؛ کسی اوپیرا کے ایکٹ یا نغماتی تشکیل کا آخری یا اختتامی حصّہ خصوصاً اگر وہ مؤثر ہو یا نقطۂ عُرُوج پر پہنچا ہوا ہو؛ کسی اداکاری یا کسی سلسلہ وار کھیل کا اختتامی حصّہ۔

finalist, n. اختتامی مبارز؛ کسی مقابلے میں کامیاب قرار دینے کا فیصلہ کرنے کے لیے آخری فیصلہ کن آزمایش یا راؤنڈ میں حصّہ لینے کا مجاز ٹھہرایا گیا شخص۔

finality, n. قطعیت؛ اِتمام؛ آخری؛ اختتام پذیر یا ناقابلِ تنسیخ ہونے کی حالت یا حقیقت؛ حتمیّت؛ وُہ وصف یا انداز جس میں اختتام یا فیصلے کا اشارہ موجود ہو؛ کوئی شے جو آخری ہو، جیسے کوئی عمل یا بات؛ بُنیادی حقیقت یا اعتقاد۔

finalize, v.t. حتمی صورت دینا؛ مکمّل کرنا یا آخری شکل دینا؛ آخری صورت میں ترتیب دینا؛ سمیٹتے ہوئے پیش کرنا (جیسے کسی منصوبے یا تجویز کی تفصیلات)۔

finally, adv. آخری نقطے یا لمحے پر؛ آخر میں؛ بالآخر؛ آخری صورت میں؛ اختتام پذیری کے ساتھ یا فیصلہ کُن انداز میں۔

finance, n. مالیات؛ مالی معاملات کی دیکھ بھال (خصوصاً حکومتوں، کارپوریشنوں، بینکاری اور رقم لگانے کے شعبوں میں)؛ سرکاری مالیات اور اخراجات کا نظام۔ (بصورت جمع) کارپوریشنوں، حکومتوں یا افراد کی آمدن یا وسائل۔ (فعل متعدّی) روپیہ پیسہ مہیّا کرنا؛ کسی کام کے لیے سرمایہ فراہم کرنا۔ (فعل لازم) مالی معاملات چلانا؛ سرمائے کا انتظام ہونا۔

financing, n. اصل زر کی فراہمی؛ سرمایہ کاری۔

financial, a. مالی ؛ مالیاتی ؛ سرمائے سے متعلّق ۔

financier, n. (برطانوی) سرمایہ کار ؛ مالی معاملات یا کاروبار میں ماہر یا مصرُوف ؛ ماہرِ مالیات ۔

fin back, fin back whale, n. پردار وھیل ؛ وھیل مچھلی کی وہ قسم جو ہڈّی والی ہوتی ہے اور جس کی پُشت پر بہت نمایاں پر ہوتا ہے اور امریکا میں بحرالکاہل نیز بحرِ اوقیانوس کے ساحلوں کے نزدیک پائی جاتی ہے ۔

finch, n. برقش ؛ سہرہ ؛ گانے والی چڑیا ؛ چھوٹی سی مُغنّی چڑیا جس کی مضبوط اور مخروطی چونچ دانہ دُنکا چُگنے کے لیے موزوں ہوتی ہے ، اس کی متعدّد قسموں میں عام چڑیا کے علاوہ ، قینچی چونچ چڑیا ، سنہری چڑیا (سون چڑیا) ، لم چونچ چڑیا اور سہرہ وغیرہ شامل ہیں ؛ ان میں سے کوئی پرندہ ۔

find, v.t. پانا ؛ حاصل کرنا ؛ ملنا یا اتفاقاً ملاقی ہونا ؛ کسی سے ملنا ؛ دریافت کر لینا (جیسے : an astronomer finds a new star) ؛ تلاش یا کوشش سے کھوج لگا لینا ؛ سیکھنا ؛ پا لینا (جیسے : to find the meaning of a word in a dictionary; to find time or money for a thing) ؛ مطالعہ کر کے یا تخمینہ لگا کر تصدیق کرنا (جیسے : to find the sum of several numbers) ؛ کسی کھوئی ہوئی چیز کو پا لینا ؛ تجربے میں آنا یا حاصل کرنا (جیسے: to find favor with the public) ؛ معائنہ کرنے یا غور کرنے پر جان جانا یا پا جانا (جیسے : to find no harm in a proceeding) ؛ اپنی منزل پر پہنچ جانا (جیسے : The arrow found its target)؛ کسی کا استعمال حاصل کر لینا یا بحال ہو جانا (جیسے : to find one's tongue) ؛ مُہیّا کرنا یا بندوبست کرنا (جیسے : to find food and lodging for servants) ۔ (قانون) عدالتی تحقیق کے بعد قرار دینا (جیسے: to find a person guilty) ؛ متفق ہو کر فیصلہ سنانا ۔ (فعل لازم) ہاتھ لگنا ۔ (قانون) عدالتی تحقیقات کے بعد کسی مقدمے کے بارے میں فیصلہ کرنا ؛ فیصلہ سنانا (جیسے : The jury found for the plaintiff) ۔

find fault, عیب جوئی کرنا؛ کسی خامی یا نقص کو پا جانا یا اس کی تشہیر کرنا ؛ الزام یا شکایت کا سبب ہاتھ آ جانا ؛ عدمِ اطمینان کا اظہار کرنا ۔

find oneself, اپنی صلاحیتوں اور کمزوریوں کو جان کر اپنی زندگی کو ان کے مطابق ڈھالنا ۔

find out, تلاش یا تحقیق سے دریافت کر لینا یا سیکھ جانا ؛ کھوج لگا لینا (کسی فراڈ یا جرم کا) ؛ کسی کی صحیح شناخت یا دریافت تک پہنچ جانا یا کسی کے اصل کردار کو جان لینا ۔

find, n. پا جانے کا عمل ؛ دریافت (خصوصاً کسی قیمتی شے کی) ؛ دریافت کردہ شے ۔

finder, view finder, n. پا جانے والا ؛ دریافت کنندہ ۔ (فلکیات) مُکشِّف ؛ بڑی دوربین کے ساتھ لگائی جانے والی چھوٹی دوربین تا کہ ہدف زیادہ آسانی سے لیا جا سکے ؛ وابست ۔ (عکاّسی) منظریاب ؛ کیمرے کے ساتھ کی وابست ، جوڑ یا اس کا وہ حصّہ جس سے یہ واضح ہو جائے کہ اصل منظر کا کتنا علاقہ کھینچی گئی تصویر میں شامل ہو گا ۔

distance finder, range finder, n. فاصلہ جُو ؛ آلہ جس کے ذریعے کسی ہدف کا صحیح فاصلہ معلُوم کیا جاتا ہے ۔

finder's fee, n. (کاروبار) وہ کمیشن یا فیس جو اس شخص کو دی جاتی ہے جو گاہک لاتا ہے، سرمایہ کار پیدا کرتا ہے یا ازخود کسی تجارتی فرم کی جانب سے کاروباری خدمات انجام دیتا ہے یا لین دین کا کام کرتا ہے ۔

finding, n. دریافت ؛ نتائج ؛ فیصلہ ؛ معلوم کرنے والے شخص یا شے کا عمل ؛ دریافت کردہ شے یا جس کا پتہ لگا لیا گیا ہو ۔ (قانون) عدالتی تحقیق کے بعد صادر شدہ فیصلہ یا حُکم ۔(بصورت جمع) کاریگری کے آلات یا کام میں آنے والا مسالا (جیسے : shoemaker's or jeweler's findings) ۔

fine, a. عُمدہ ؛ بڑھیا ؛ کھرا ؛ خالص ؛ بہت اونچے درجے یا کمال کا ؛ نقائص اور آلایشوں سے پاک ؛ مُنتخب اعلیٰ ، قابل تعریف (جیسے : a fine sermon) ؛ باریک باریک ذرات پر مشتمل (جیسے : fine sand, meal or shot) ؛ لطیف ؛ بہت پتلا یا نازُک (جیسے : fine thread) ؛ نوکیلا یا تیز دھار آلہ؛ نفیس بُنا ہوا (جیسے : fine cloth) ؛ بڑی نفاست سے تیّار کیا ہوا ؛ اپنے فن میں کامل یا ماہر (جیسے : a fine musician) ؛ پوری طرح تربیت یافتہ (جیسے : a fine athlete) ؛ شُستگی اور شایستگی کا امتیاز لیتے ہوئے یا ظاہر کرتے ہوئے (جیسے : a fine lady) ؛ شایستہ ؛ مہذّب (جیسے : fine manners) ؛ پُرتکلف حد تک مُرصّع یا خوش اسلوبی لیے ہوئے (جیسے : fine language or writing) ؛ باریک ، دقیق یا اعلیٰ (جیسے : making fine distinctions) ؛ بھڑکیلا یا چُست (جیسے لباس) ؛ چُست لباس پہنے ہوئے ؛ خُوش شکل ؛ حسین ؛ قبول صورت ؛ خوش وضع ۔ (فلزّیات) خالص دھات کی زیادہ یا مطلوبہ مقدار کا حامل (جیسے : gold 18 carats fine) ۔ (بول چال) (متعلق فعل) عمدگی کے ساتھ ؛ بہت اچھا ؛ عمدہ طریقے سے ۔ (جہاز رانی) ممکنہ حد تک ہوا کے قریب ۔ (فعلِ متعدی) عُمدہ بنانا ؛ خالص کرنا ؛ مُقطّر کرنا ؛ نتھارنا ؛ چھوٹا ، پتلا یا مختصر بنانا ۔ (فعلِ لازم) عُمدگی اختیار کرنا ؛ خالص ہو جانا ؛ نتھر جانا ؛ پتلا ہو جانا ؛ گھٹ جانا ۔

fine, n. (قانون) جُرمانہ ؛ کسی جرم کی پاداش میں بطورِ تاوان ادا شُدہ رقم ؛ کسی سے جبراً طلب کی گئی مکافاتی رقم یا شے ؛ ہرجانہ ؛ عوضانہ ؛ برطانوی قانون میں نیم عدالتی سماعت کی بنیاد پر قبضے کے تنازع میں عدالت کی جانب سے انتقال جائیداد ۔ (فعلِ متعدی) جرمانہ یا تاوان لگانا ۔

in fine, مختصراً ؛ آخر کار ۔

fine, n. (موسیقی) خاتمہ ؛ آخر : اس سے نغمے کے دُہرائے جانے والے حصّے یا اس کی مختلف حرکات کا اختتامیہ مُراد ہے ۔

fine, n. برانڈی کا ایک جام ، عموماً بھٹیارخانوں میں ملنے والی برانڈی کا ۔

fine art, n. (عموماً جمع) فنونِ لطیفہ : وہ آرٹ جس کا تعلّق اس حسن سے ہے جو کسی تخلیق سے جھلک رہا ہو اور ذوق سلیم کے اصولوں پر پُورا اُترتا ہو جیسے مُصوّری ، سنگتراشی ، تعمیر وغیرہ ۔

fineness, n. عُمدگی ؛ خالص پن ؛ عمدہ ہونے کی حالت یا خاصیت ؛ دھاتی مرکّب میں سونے یا چاندی کا تناسُب جسے اکثر ہزار حصّوں کی صورت میں ظاہر کیا جاتا ہے ۔

finery, n. سامانِ آرایش ؛ زرق برق یا بھڑکیلی زیبایش ؛ عمدہ کپڑے ، جواہرات یا دیگر بناؤ سنگھار کا سامان ـ

fines, n. کوئی پسی ہوئی شے یا سفوف جیسے کسی کچ دھات کا ؛ مختلف سائز کے چھوٹے چھوٹے ذرّات کا مجموعہ ـ

fines herbes, n. جڑی بوٹیوں کے نہایت باریک کاٹے ہوئے ٹکڑوں کا مجموعہ جیسے گرم مسالا ؛ اجوائنِ خراسانی ، طرفون ، لہسن، پیاز ، زیرہ وغیرہ جنھیں کھانے کو مزیدار بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ـ

finesse, n. نزاکت ؛ عیاری ؛ نفاست کاری ؛ معاملے کا یوں تصفیہ کہ سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے ؛ کمال کی دقیقہ رسی ؛ حکمتِ عملی ؛ فن و فریب ؛ اٹکل ؛ کاریگری ؛ چال ؛ چھل ؛ تاش اور برج وغیرہ میں بازی جیتنے کے لیے بڑے پتّے کو رکھ کر چھوٹا پتا کھیلنا ، یہ خیال کرتے ہوئے کہ بیچ کے پتّے والا اپنا پتّا چل چکا ہے ؛ شطرنج اور دیگر کھیلوں میں بعض اسی قسم کی چالیں ؛ فریبی چال ؛ حکمت ؛ چالاکی ـ (فعل لازم و متعدی) فریبی چال سے کام نکالنا ؛ تاش کے کھیل میں فریبی چال چلنا ؛ تاش میں فریبی چال سے کام لینا ـ

finger, n. انگُشت ؛ انگلی ؛ اِصبع ؛ انگوٹھے کے علاوہ ہاتھ کے آخری حصّے کی دیگر شاخیں ؛ دستانے کا وہ حصّہ جس کو انگلی کے سمانے کے لیے بنایا گیا ہو ؛ شکل ، مقصد یا استعمال میں انگلی سے مشابہ کوئی چیز ؛ انگلی کی چوڑائی یا ۳/۴ انچ ؛ انگلی کی لمبائی یا ساڑھے چار انچ ؛ مشین کے باہر نکلے ہوئے حصّوں سے کوئی ایک ـ

finger, v.t., v.i. انگلیوں سے چُھونا ؛ پکڑنا ؛ کسی شے سے کھیلنا یا دخل دینا ؛ یوں چھونا کہ بیکار کر دیا جائے (انگشت اندازی کرنا) ؛ ہتھیا لینا ـ (موسیقی) انگلیوں سے ساز بجانا ؛ موسیقی کا کوئی ٹُکڑا مخصوص کلیدی نشانات کے ذریعے پیش کرنا یا انگلیوں کی رہنمائی کے لیے مخصوص نشان اندازی کرنا ـ

finger board, n. (موسیقی) تاروں والے ساز کا گردنی تختہ جہاں انگلیاں تاروں کو چھیڑتی ہیں ؛ کلیدی تختہ ـ

finger bowl, n. دست شو پیالہ ؛ کھانے کے بعد میز پر لایا جانے والا پانی کا پیالہ جو کھانے کے بعد انگلیاں دھونے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ چلمچی ـ

fingered, a. انگشت دار ؛ انگلیوں والا ؛ مخصوص تعداد یا طرز کی انگلیوں والا (جیسے : slippery fingered) ـ (حیاتیات) پنجے دار ـ (موسیقی) نشان زدہ جو یہ ظاہر کرے کہ کونسی انگلی کس سُر کے لیے استعمال کی جائے ـ

fingering, n. انگشت کاری ؛ نرمی سے چھونے یا پکڑنے کا عمل ـ (موسیقی) کسی ساز کو بجانے میں انگلیوں کی حرکت ؛ کسی نغمے کے سُروں کی اس مقصد کے لیے نشان اندازی کہ بجانے میں انگلیوں کی رہنمائی ہو ـ

fingerling, n. پونگا ؛ نوخیز مچھلی ، خصوصاً بہت چھوٹی سالمن یا ٹراؤٹ مچھلی ؛ کوئی بہت چھوٹی سی شے ـ

finger nail, n. ناخن ـ

finger painting, n. (فنون) انگشت مصوری ؛ انگل مصوری ؛ گیلے کاغذ پر انگلیوں سے پینٹ لگانے کا طریقہ ؛ اس طریقے سے بنائی گئی تصویر ـ

finger-print, n. انگلی نشان ؛ انگوٹھے یا انگلی کے آخری جوڑ کے نشانات کا نقش ؛ سیاہی لگا کر لیا گیا ایسا نشان جو شناخت میں مدد دے ؛ نشانِ انگوٹھا ـ (فعل متعدی) انگوٹھے یا انگلی کا نشان لینا ؛ انگوٹھا لگانا ـ

finger-tip, n. سرِ انگشت ؛ انملہ ؛ بُنانہ ـ

at one's finger-tips, فوری یادداشت ؛ زود یاب ؛ قریب ؛ حافظے میں موجود ـ

finial, n. (فن تعمیر) قُبّہ ؛ کسی کلس ، آفتاب گیر چھجے یا قُبّے وغیرہ کے خاتمے پر کی گئی آرایش ؛ فرنیچر سے متعلّق کسی چیز پر سرے کی سجاوٹ یا ٹوپی ؛ وہ خوبصورت سا پیچ جو چراغ پوش کو سنبھالے رکھتا ہے ؛ کلس ؛ سکھر ـ

finical, a. پُرتکلف ؛ پُرتصنّع ؛ تُنک مزاج ؛ چھوئی موئی ؛ ٹیپ ٹاپ والا ـ

finicky, finicking, a. کسی معاملے یا بات کے بارے میں ناروا حد تک زور دینے والا ؛ تُنک مزاج ؛ چھوئی موئی ـ

finis, n. تتمہ ؛ انجام ؛ خاتمہ ؛ اختتام ـ

finish, v.t. انجام کو پہنچانا ؛ کسی کے انجام تک پُہنچنا ؛ ختم کرنا ؛ مکمّل کرنا ؛ اچھی طرح چمکانا ـ (بول چال) شکست دینا یا ٹھکانے لگانا ـ (فعل لازم) کام کا تکمیل پانا ؛ انجام یا اختتام کو پہنچنا (منصوبے یا پروگرام کا) ؛ اختتام پذیر ہونا ؛ ختم ہونا ـ (اسم) کسی بھی چیز کا انجام یا خاتمے کا مرحلہ ؛ (جزئیات ، اسلوب یا انداز کے معاملے میں) جامعیت ؛ تکمیلِ کار ؛ خوشنما ساز ؛ کسی شے پر رنگ یا روغن کا کیا گیا آخری لیپ ـ

finished, a. تکمیل یافتہ ؛ مکمّل کردہ ؛ خوب چمکایا ہوا ؛ شکست خُوردہ ـ

finishing school, n. مدرسۂ تربیت آداب ؛ نجی ادارہ جس میں نوجوان لڑکیوں کو آدابِ محفل سکھائے جاتے ہیں ـ

finite, a, n. متناہی ؛ غیر مطلق ؛ حدودی ؛ محدود ؛ نہ اتنا بڑا نہ اتنا چھوٹا کہ ناپا نہ جا سکے ؛ قیود و شرائط کے اندر (بلحاظ مکان و زماں یا حالات و قوانینِ قدرت) ـ (گرامر) افعال کی شخصی ، عددی اور زمانی طور پر افعال مطلق (مصدر) اور صفتِ فعلی کے مقابلے میں ... تحدید ـ (ریاضی) متناہی ؛ کہیں جا کر ختم ہو جانے والا خط ، وہ عدد یا مقدار جس کی حدود ہوں اور وہ گنا یا ناپا جا سکے ـ (اسم) محدود ؛ اشیائے محدود مجموعاً (عموماً پہلے the لگاتے ہیں) ـ

finiteness, finitude, n. متناہیت ؛ محدودیت ـ

fink, n. (عوامی) ہڑتال توڑ ؛ سُراغ رساں ؛ پُلسیا ؛ مخبر ؛ ناپسندیدہ یا قابلِ نفرت شخص ـ (فعل لازم) (عوامی) مخبر بننا (خصوصاً پولیس کا) ؛ ہڑتال توڑنے کا سبب بننا ـ

Finn, n. فِن ؛ فن لینڈ کا رہنے والا یا باشندہ ؛ فِن بولی مادری زبان کی طرح بولنے والا ـ

finnan haddie, finnan haddock, n. دخان دادہ مچھلی ـ

Finnish, Finnic, a., n. فِنّی ؛ فِن لینڈ ، فِن بولی یا فِن عوام سے تعلّق رکھنے والا یا ان سے متعلّق یا ان کی خصوصیت والا ؛ فِن اُگریک

کے ذیلی قبیلے کی زبان جو فِن لینڈ کی سرکردہ زبان ہے اور سویڈن اور ناروے کے بعض حصّوں میں اور رُوس کے کیریلی (Karelian) علاقے میں بھی بولی جاتی ہے۔

Finno-Ugric, Finno-Ugrian, a. فن اگری ؛ مشرقی یورپ اور سائبیریا کے مغربی حصّے کی متعدّد اقوام میں سے کسی ایک کا یا ان سے متعلق ، بالخصوص فِن ، لیپ ، استونوی اور ہنگروی ؛ ان قوموں کی زبانوں کا یا ان سے متعلق ۔ (اسم) یورالی زبان کی دو ذیلی شاخوں میں سے ایک بشمول فِن بولی ، لَیپ بولی اور استو نوی بولی ، ہنگروی بولی ۔

finny, a. پَردار ؛ فِن (Fin) والی ؛ فن کی خصوصیات لیے ہوئے ؛ فن یعنی مہپیر کا ، اس سے متعلّق یا اس کا حامل ؛ مچھلی کے پر یا وضع کا ؛ مچھلیوں بھرا ۔

fiord, n. دو چٹانوں کے بیچ میں سمندر کا پھیلا ہوا بازو (جیسا کہ ناروے میں پایا جاتا ہے) ۔

fipple flute, n. بانسری نما (فلوٹ کا سا) ؛ ایک آلہ (ریکارڈ کی مانند) ۔

fir, n. چیڑ ؛ صنوبر ؛ کاج ؛ نوکیلے پتّوں والے درختوں کی متعدد انواع میں سے کوئی ایک ؛ اس درخت کی لکڑی ؛ سرو کی ایک قسم ۔

fire, n. آگ ؛ آتش ؛ نار ؛ تیزی سے بھڑک اٹھنے والا مادّہ جو اشیا کو جلا دے اور آگ لگا دے اور جس سے حرارت ، روشنی اور شُعلہ پیدا ہو ؛ جلتا ہوا ایندھن ؛ برافروختگی جو مکانوں یا قصبوں وغیرہ کو تباہ کر ڈالے ؛ آتش زدگی ؛ آتش گوں چمک یا چنگاری ؛ کئی بارُودی آلات کے بیک وقت بھڑک اٹھنے کا عمل ؛ سوالات کی بوچھاڑ ؛ گرمیٔ جذبات ؛ افروختگی ؛ جلن ؛ سوختگی ؛ جوش ؛ تخیل کی تیزی ؛ حرارت ؛ تپ ؛ شدید لفظی تنقید ؛ کڑی آزمایش ؛ کٹھن امتحان ؛ فیر ؛توپوں کی باڑھ ۔ (فعل متعدی) آگ لگانا ؛ روشن کرنا ؛ ایندھن ڈالنا ؛ پکانے یا خشک کرنے کے لیے گرم کرنا ؛ بھڑکانا یا مشتعل کرنا ؛ جان ڈالنا ؛ رنجک دینا ؛ توپ یا گولی چلا دینا ؛ فیر کرنا ؛ پھینکنا یا گُھما کر مارنا ۔ (بول چال) ملازمت سے برطرف کرنا ۔ (فعل لازم) آگ پکڑنا ؛ مشتعل ہو جانا ؛ بھڑک اٹھنا ؛ دھماکے سے پھٹ جانا یا زور سے نکلنا ؛ توپخانے یا دیگر اسلحہ کا چلنا ؛ فیر ہونا ۔

on fire, سوزاں ؛ آتش گرفتہ ؛ جلتا ہوا ؛ بے تاب ؛ سرگرم ؛ پُرجوش ۔

fire away, شروع کرنا ؛ توانائی کے ساتھ جاری رکھنا (خصوصاً استفسارات میں یا جرح میں) ۔

fire up, بھڑک اٹھنا ؛ غُصّے میں آ جانا ۔

firer, n. آتش افروز ؛ آگ لگانے والا ؛ آتش زن ؛ گولنداز ۔

fire arm, n. آتشیں اسلحہ ؛ وہ ہتھیار جس کا چلنا بارودی دھماکے پر منحصر ہوتا ہے جیسے رفل ؛ رائفل ؛ بندوق ، ریوالور یا پستول ۔

fire ball, n. کُرہٗ نار ؛ شہابِ ثاقب ؛ آتشی گولا ؛ وہ شہاب جو روشنی کے گول تودے کی طرح دکھائی دیتا ہے ؛ گیند صورت برقِ آسمانی ؛ جوہری دھماکے کا مرکز ؛ پرانی قسم کا دستی بم (گرینیڈ) ۔ (عوامی) توانا یا مُستعد شخص ۔

fire blight, n. پیڑ روگ ؛ ایک انتہائی تباہ کُن جرثومی بیماری جو درختوں کو لگ جاتی ہے خصوصاً سیب یا ناشپاتی کو جس میں پتے جُھلسے سے لگتے ہیں ۔

fireboat, n. فائر بَوٹ ؛ وہ کشتی جس میں پانی سے آگ بجھانے کے آلات نصب ہوں ۔

fire brand, n. جلتی لکڑی کا ٹُکڑا ؛ آگ لگانے والا ؛ اختلافات کو ہوا دینے والا ؛ نزاع پیدا کرنے والا ؛ مُفسِد ؛ شورشی ۔

fire break, n. جنگل وغیرہ میں لگی ہوئی آگ کو مزید پھیلنے سے روکنے کے لیے درختوں سے صاف کردہ قطعۂ زمین ؛ آگ روک پٹی یا قطعہ ۔

fire brick, n. آتشی اینٹ ؛ آتشی مٹّی سے بنائی ہوئی اینٹ جو زیادہ حرارت کا مقابلہ کر سکے ، یہ اینٹ صنعتی بھٹّیوں میں لگی ہوتی ہے ۔

fire bug, n. (عوامی) آتش زن ؛ غارتگر ۔

fire clay, n. آتشی مٹّی ؛ یہ شدید حرارت کا مقابلہ کرتی ہے اور آتشی اینٹیں تیّار کرنے ، گیس دان یا کُٹھالیاں وغیرہ بنانے کے کام آتی ہے ۔

fire control, n. (عسکری) فائر کنٹرول ؛ فیری ضابطہ ؛ کسی توپ گولے یا میزائل کی تکنیکی طریقے سے کنٹرول کے تحت نشانہ بازی ؛ اسلحہ جات کا کنٹرول ۔

fire cracker, n. پٹاخہ ؛ کاغذی استوانہ جس میں دھماکا خیز مواد بھرا ہوتا ہے اور جسے فتیلے سے آگ دکھائی جاتی ہے ۔

fire-cure, v t آتشی تحفظ دینا ؛ گوشت یا مچھلی وغیرہ کو کھلی آگ اور دھوئیں کے ذریعے پڑا رہنے کے قابل بنانا یا اسے خشک کرنا تا کہ خراب نہ ہو ۔

fire-cured, a. آتشی محفوظ ؛ کھلی آگ یا دھوئیں پر خشک کیا ہوا ۔

firedamp, n. اگن گیس؛ تف آتشیں ؛ انتہائی احتراق پذیر گیس؛ زیادہ تر میتھین (methane) جو کوئلے کی کانوں میں پیدا ہوتی ہے ؛ میتھین گیس اور ہوا سے بننے والا دھماکو مرکّب ؛ انفجاری آمیزہ ؛ دھماکا خیز مُرکّب ۔

fire department, firebrigade, n. آگ دستہ ؛ فائر برگیڈ ؛ آگ بجھانے والا محکمہ اور اس کا عملہ ؛ آگ گارڈ ؛ آتش فروعملہ ۔

fire drake, n. آتشی سانپ ؛ ایک افسانوی اژدھا جس کے مُنہ سے آگ نکلتی ہے ؛ آتش بار افعی ۔

fire drill, n. آگ مشق ؛ فائر ڈرل ؛ آگ پریڈ ؛ آگ بجھانے والے عملے کی یا کسی اور گروہ کی مشقی تربیت جس کا مقصد آگ لگنے کی صُورت میں اپنے فرائض کو بہتر طور پر انجام دینا ہوتا ہے ؛اسکول میں طالب علموں یا دیگر افراد کی تربیت کہ آگ لگنے کی صُورت میں ان کو عمارت سے باہر کیسے نکلنا چاہیے ۔

fire eater, n. آتش خور ؛ وہ شُعبدہ باز جو آگ نگلتا دکھائی دیتا ہے ؛ جھگڑالو یا لڑاکا آدمی ؛ فسادی ۔

fire engine, n. فائر انجن ؛ آگ بُجھانے والا ٹرک جس میں زور کے ساتھ پانی کے یا آگ روک کیمیائی مادّے چھوڑنے کے آلات نصب ہوتے ہیں ۔

fire escape, n. آتش گریز ؛ کوئی طریقہ جس سے آگ لگنے کی صورت میں مکین بچ نکلیں جیسے آہنی سیڑھی جو عمارت سے باہر

کی جانب لگا دی گئی ہو۔ (برطانوی) پہیوں والی سیڑھی جسے گھٹایا یا بڑھایا جا سکے۔

fire extinguisher, n. آتش کُش ؛ نقل پذیر مُطفی ؛ آتش فروکن ؛ وہ شے جس کے ذریعے کیمیائی مادّے یا پانی چھڑک کر آگ بُجھائی جاتی ہے؛ آگ بجھاؤ۔

fire fly, n. جگنو ؛ پٹ بیجنا ؛ اس قسم کا کوئی پتنگا جس کے پروں سے روشنی پھوٹتی ہو ؛ کِرمک شب تاب۔

fire guard, n. آتش روک ؛ محافظِ آتش ؛ فائر گارڈ ؛ آتش دان کے آگے رکھّا جانے والا دھاتی جنگلا جو آگ کی چنگاریوں کو باہر نہ آنے دے ؛ عمارت کا بیرونی رقبہ جسے ہر قسم کی آتش گیر چیزوں سے پاک کر دیا گیا ہو تا کہ آگ آگے بڑھنے نہ پائے ؛ آگ بُجھانے پر مامور شخص ؛ وہ آدمی جو اس بات کی نگرانی کرے کہ کہیں آگ نہ لگ جائے۔

fire house, n. آگ مرکز ؛ اگن گھر ؛ فائر اسٹیشن ؛ آتش فروگاہ۔

fire irons, n., pl. آتش دان میں کام دینے والے آہنی آلات جیسے جھونکا ، چمٹا ، کڑچھا یا اگن ٹیک وغیرہ۔

fire light, n. الاؤ روشنی ؛ کھلی آگ سے نکلتی ہوئی روشنی جیسے چولہے یا خیمہ گاہ سے ؛ آتش دان کی روشنی۔

fire lock, n. توڑے دار بندوق ؛ پتھر کلا بندوق ؛ بندوق کا وہ گھوڑا جس میں چقماقی چنگاری سے بارُودی پیندے میں آگ لگ جاتی ہے ؛ ایسے گھوڑے والی بندوق ؛ چقماقی لبلبی والی بندوق۔

fireman, n. آتش فرو شخص ؛ فائرمین ؛ آگ بُجھانے والا ؛ آتش فرو کرنے پر لگا ہوا آدمی ؛ بھٹّی یا اسٹیم انجن میں ایندھن ڈالنے پر مامُور آدمی ؛ انجن یا بھٹّی کا نگران ؛ آتش جھوکا ؛ انجن جھوکا ؛ امریکا کی بحریہ میں وہ آدمی جس کا کام جہاز کی مشینوں کی دیکھ بھال کرنا اور اسے چلانا ہو ؛ برطانیہ میں کان کے نگران کے معنوں میں بھی آتا ہے۔

fire opal, n. عین الشمس ؛ سُرخ رنگ کا ایک کم قیمت پتّھر۔

fire pink, n. مگس گیر ؛ قرنفل نسل کا لیس دار کٹوری اور لیسلے تنے والا پودا جس پر قرمزی پھول لگتے ہیں۔

fire place, n. انگیٹھی ؛ آتش دان ؛ چمنی کا وہ نِچلا حصّہ جو کمرے میں کُھلتا ہے اور جس میں آگ جلائی جاتی ہے ؛ چولھا ؛ کسی کُھلی جگہ میں گھر سے باہر اینٹ پتّھر سے بنائی ہوئی انگیٹھی۔

fire plug, n. فائر پلگ ؛ آب انداز ؛ جو آگ بجھانے کے لیے پانی مہیا کرتا ہے۔

fire-power, firepower, n. (عسکری) فیری طاقت ؛ کسی ہتھیار یا فوجی یونٹ ، ٹینک یا جنگی جہاز کے ذریعے کسی خاص ہدف پر مخصوص وقت میں فائر کرنے کی صلاحیت۔

fireproof, a. آگ روک ؛ آگ کا توڑ ؛ آگ کی پُوری طرح مزاحمت کرنے والا ؛ نسوز۔ (فعل متعدی) آگ روک بنانا۔

fire sale, n. آگ ، دھوئیں یا پانی سے خراب شدہ سامان کی کم قیمت پر فروخت۔

fire screen, n. تاب گیر ؛ آنچ روک پردہ ؛ انگیٹھی کے آگے رکھی ہوئی آہنی روک (چنگاریوں کی ضرررسانی سے محفوظ رکھنے کے لیے)۔

fire side, n. قربِ آتش دان ؛ آتش دان کے گرد ؛ انگیٹھی گرد۔ (صفت) غیر رسمی ؛ بے تکلّف ؛ دوستانہ گھریلو (ماحول) (جیسے : The president broadcast his fireside chats on radio)۔

fire station, fire house, n. فائر اسٹیشن ؛ وہ عمارت جس میں آگ بجھانے والا عملہ اور سامان موجود ہو ؛ اگن گھر ؛ آگ مرکز۔

fire stone, n. چقماق ؛ نسوز پتّھر ؛ آگ روک پتّھر ؛ چقماق جس کو رگڑ کر آگ حاصل کرتے ہیں۔

fire storm, n. طوفانِ آتش ؛ بگولہ ؛ وسیع آتش زدگی کے باعث ہوائی دباؤ میں پیدا ہونے والا اختلال ، جس کے بعد ٹھنڈی ہوائیں تیزی سے گرم ہوا کی جگہ لیتی ہیں جن سے آگ کو تقویت ملتی ہے۔

fire tower, n. آتش بُرج ؛ وہ برج یا مینار جہاں سے جنگلات کے نگران چوکسی کرتے ہیں اور آگ لگنے کی صورت میں اعلان کرتے ہیں یا اطلاع دیتے ہیں کہ فلاں جگہ آگ لگی ہوئی ہے۔

fire trap, n. وہ عمارت جو بآسانی آگ کی لپیٹ میں آ کر مکینوں کے لیے خطرہ پیدا کر سکے ؛ جہاں سے آگ لگنے کی صورت میں بچ نکلنے کا امکان نہ ہو ؛ اگن گھیر۔

fire wall, n. آگ روک دیوار ؛ نسوز دیوار ؛ دیوار جو آگ کو مخصوص علاقے سے آگے پھیلنے سے روک دے۔ (طیرانیات) وہ نسوز دیوار جو ہوائی جہاز کے انجن کے عقب میں آگ پر قابو پانے یا اس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ہوتی ہے۔

fire warden, n. آگ وارڈن ؛ جنگل یا کسی آباد علاقے میں متعیّن وہ افسر جو آگ روکنے یا بُجھانے پر مامُور ہو ؛ محافظِ آتش۔

fire water, n. (عوامی) آبِ آتشیں ؛ تیز شراب ، اس ترکیب کو اولاً قدیم امریکی باشندوں نے استعمال کیا تھا۔

fire weed, n. اگن بُوٹی ؛ اپلو بیم (Epilobium) نسل کے بہت سے پودوں میں سے کوئی ایک جیسے بانس بُوٹی جو آتش زدہ یا جنگل سے صاف شُدہ زمین پر بکثرت اُگتی ہے۔

fire wood, n. سوختنی لکڑی ؛ ایندھن یا ہیزمی لکڑی (خصوصاً چھوٹے چھوٹے ٹُکڑوں میں کاٹی ہوئی)۔

fire works, n. آتش بازی ؛ پٹاخے پُھل جھڑیاں ؛ آتشیں چیزوں کا مظاہرہ ؛ دو آدمیوں کی باہمی اشتعال پذیری۔

firing, n. داغنا ؛ فائر کرنے کا عمل ؛ آگ کے ذریعے کسی چیز کو آگ لگانے ، پکانے یا شیشہ سازی کا عمل یا طریق کار ؛ اسلحہ کا استعمال ؛ جلانے کا مواد ؛ ایندھن ؛ ہیزم۔

firing line, n. (عسکری) فیر لائن ؛ وہ جگہ جہاں سے دُشمن پر یا کسی ہدف پر گولہ باری کی جاتی ہے ؛ اس مقام پر متعیّن فوجی دستے ؛ کسی معاملے میں فیصلہ کُن اقدام۔

firing pin, n. داغ پِن ؛ فیر پِن ؛ رنجکی پن ؛ وہ سوئی جو کارتوس یا بم سے ٹکرا کر بارود کو آگ دکھاتی ہے اور یوں بارودی اسلحہ چل پڑتا ہے۔

firing range, n. فیری علاقہ ؛ وہ علاقہ جہاں توپی مشقوں کے لیے اہداف نصب کیے گئے ہوں ؛ چاند ماری کا وہ میدان یا فاصلہ جہاں تک کسی ہتھیار سے مؤثر طور پر فائر کیا جا سکتا ہو۔

firing squad, n. فیری دستہ ؛ وہ فوجی دستہ جو گولہ باری کے ذریعے کوئی مہم سر کرنے کے لیے متعیّن کیا گیا ہو ؛ فوجی اعزازات کے ساتھ دفن کیے جانے والے کسی شخص کی تجہیزوتکفین کے وقت فائر کرنے پر متعین اس طرح کا دستہ ؛ فوجی عدالتوں سے موت کی سزا پانے والوں کو گولیوں کی بوچھاڑ سے مارنے والا دستہ ۔

firkin, n. (برطانوی) گنجایش پیما (عموماً ایک بیرل کا چوتھا حصّہ) ؛ مکھّن یا چربی وغیرہ کے لیے چوبی برتن ۔

firm, n. فرم ؛ دو یا دو سے زیادہ افراد کی کسی کاروبار میں شراکت ؛ تجارتی ادارہ ؛ وہ نام یا لقب جس کے تحت شراکت دار افراد کاروبار کرتے ہوں ۔

firm, v.t. (بُنت یا دبازت میں) پُختہ یا مستحکم کرنا (جیسے Massage firms the skin) ؛ کسی جگہ مضبوطی سے یا باحفاظت باندھ دینا یا جڑ دینا ؛ پکاّ کرنا ؛ سہارا یا شہ دینا ؛ یقینی بنانا (عموماً بعد میں up لگاتے ہیں، جیسے: firm up an offer) ۔ (فعل لازم) پکاّ ہو جانا ؛ مُستحکم ہونا ۔

firm, a. گاڑھا (جیسے : firm jelly) ؛ نسبتاً ٹھوس ، سخت یا دباؤ کی حالت میں ؛ بے لچک ؛ مضبوطی سے کسی جگہ پر قائم ؛ اٹل یا ثابت قدم (جیسے : a candle firm in its socket) ؛ پیوستہ ؛ ٹکا ہوا یا غیر متبدّل ؛ غیر متغیّر یا با استقلال (جیسے : a firm hand) ؛ اتار چڑھاؤ سے خالی یا نہ گرنے والی جیسے مارکیٹ میں قیمت یا بھاؤ ؛ ناقابل تغیر (جیسے : a firm offer) ؛ مستقل مزاج یا غیر متذبذب ؛ پُختہ ارادے یا عزم والا ۔

firmly, adv. مضبوطی سے ؛ ثابت قدمی سے ۔

firmness, n. ثابت قدمی ؛ استقلال ؛ مضبوطی ؛ استواری ۔

firmament, n. گنبدِ افلاک ؛ آسمان یا اجرامِ سماوی ؛ آسمانِ ہشتم ؛ اطلس ۔

firmamental, a. سماوی ۔

firmware, n. کمپیوٹر کے ہلکے یا بھاری اجزا جو اس طرح سے مربوط ہوں کہ ان کے عمل کی ایک دوسرے سے تمیز نہ کی جا سکے ۔

firn, n. دیکھیے : Neve ۔

first, a. پہلا ؛ زمانی ، ترتیبی ، منصبی یا اہمیتی حوالے سے اوّلین ؛ ایک کا بدلِ ترتیبی ۔ (موسیقی) ایک سی آوازوں یا ایک سے سازوں میں سے سب سے اُونچی آواز یا سب سے اہم (ساز) (جیسے : first violin in an orchestra) ۔ (متعلّق فعل) زمانی ، ترتیبی ، منصبی یا اہمیتی حوالے سے اوّلین مقام پر ؛ کسی اور چیز ، واقعہ یا کام کے ہونے یا کرنے سے پہلے ؛ کسی اور پر ترجیح لیے ہوئے ؛ زُود تر ؛ پہلی بار ۔ (اسم) اوّل ؛ سب سے پہلے واقع (زمانی ، ترتیبی ، منصبی ، اہمیّتی لحاظ سے) ؛ آغاز ؛ جزوِ اوّل ؛ کسی سلسلے کی پہلی کڑی ؛ مقابلے میں سب سے بلند مقام ؛ موٹر وغیرہ کا سب سے پہلا گیئر ۔ (برطانوی) آنرز کے امتحان میں پہلے یا سب سے بلند گروہ میں جگہ ۔ (موسیقی) تمام سازوں ، صداؤں میں بلند تر یا بیشتر ۔

first aid, n. ابتدائی طِبّی امداد ؛ فوری امداد ؛ فرسٹ ایڈ ؛ ہنگامی امداد یا علاج جو کسی حادثے کا اچانک شکار یا بیمار ہو جانے والے شخص کو (باقاعدہ طِبّی سہولت حاصل ہونے سے پہلے) دی جائے ۔

first base, n. بیس بال (Base ball) میں بیس رَنر کا پہلا مقام جس تک اسے پہنچنا ہوتا ہے ؛ اپنے حلقے کی مدافعت کرنے والے کھلاڑی کی اس مقام پر پوزیشن ۔

get to first base, (عوامی) اپنے مقصد کے حصول کے پہلے مرحلے تک پہنچ جانا (عموماً منفی جملوں میں استعمال کیا جاتا ہے) ۔

first born, a. پہلوٹھی ؛ سب سے بڑا ؛ مولودِ اوّل ۔ (اسم) کسی میاں بیوی کے ہاں سب سے پہلا پیدا ہونے والا بچّہ ؛ جیٹھا ۔

first cause, n. (فلسفہ) عِلّتِ اُولیٰ ؛ سببِ اوّل ؛ تمام عِلَل کی وہ عِلّتِ اُولیٰ جو خود اپنے وجود کے لیے کسی عِلّتی عامل کی محتاج نہ ہو ؛ سلسلۂ عِلَل میں سب سے پہلی کڑی ۔ (بڑے حروف سے) خدا ؛ تمام تخلیق کا اور خود تخلیق یافتہ سبب اوّل ؛ علتُ العلل مسبب الاسباب ۔

first class, n. درجۂ اوّل ؛ کسی چیز کا اوّل ، بہترین ، بلند ترین ، رُتبہ ، درجہ یا گریڈ ؛ ہوائی جہاز ، ٹرین یا دُخانی جہاز میں مسافروں کی درجۂ اوّل کی اقامت ؛ امریکی ڈاک کی وہ قسم جس میں خطوط ، پوسٹ کارڈ اور سربمہر مواد کی پڑتال نہیں کی جاتی ۔ (برطانوی) وہ افراد جو کسی یونیورسٹی کے آنرز کے کورس میں اعلیٰ ترین اسناد کے حامل ہوتے ہیں ۔

first hand, first-hand, a., adv. ماخذِ اوّل سے حاصل کیا گیا ؛ براہ راست ؛ بلاواسطہ ؛ تازہ بتازہ ۔

first lady, n. (اکثر بڑے F سے) خاتونِ اوّل ؛ صدر یا ریاست کے حاکم کی بیگم ؛ کسی مُلک کے حاکمِ اعلیٰ کی بیوی ؛ کسی فن ، پیشے یا کھیل میں ممتاز خاتون ۔

first lieutenant, n. (عسکری) لیفٹیننٹ ؛ اکثر ممالک کی بری ، بحری یا فضائی افواج کا کمیشن افسر جو کیپٹن سے نیچے اور سیکنڈ لیفٹیننٹ سے اُوپر کے درجے کا افسر ہوتا ہے ۔

firstling, n. اول زاد ؛ اپنی قسم کا پہلا پیش کیا جانے والا یا سامنے آنے والا ؛ پہلا ثمر یا حاصل ۔

firstly, adv. پہلے ؛ اولاً ۔

first mortgage, n. منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد پر وہ حقِّ مراجعت جو دوسروں پر فوقیت رکھتا ہو ؛ رہن اوّل (جس میں رہین کا حق فائق ہوتا ہے) ۔

first-nighter, n. کسی اوپیرا یا تھیئٹر کے کھیل کو شب اوّل میں دیکھنے والا ۔

first offender, n. پہلی بار کسی قانونی جرم میں ماخوذ ہونے والا ۔

first papers, n., pl. اولین دستاویزات ؛ امریکی شہریت اختیار کرنے کی نیّت کا اظہار کرتے ہوئے کوئی غیر مُلکی جب درخواست دیتا ہے تو اس ضمن میں کیے گئے وہ پہلے اقدامات جو اس معاملے کی راہ میں موجود دشواریوں کا تدارک کر دیں ۔

first person, n. (گرامر) ضمیرِ متکلّم (جس کا مظہر I, we, me, us ہیں) ؛ فعل کا صیغۂ متکلّم (جس کی انگریزی میں منفرد صورت am ہے) ؛ بات کرتے یا کوئی بیان دیتے یا تحریر کرتے ہوئے اس ضمیر اور صیغے کا استعمال ۔

first-rate, a. بہت اچھا ؛ عمدہ ؛ اوّل درجے کا ۔ (متعلق فعل) عمدگی کے ساتھ ؛ بڑی خوبی سے ؛ بہت خوب ۔

first reading, n. پہلی خواندگی ؛ ایوان نمایندگان میں

بِل متعارف کرانے کا پہلا مرحلہ جس میں بِل کے عُنوان کی پہلی خواندگی کے ساتھ دوسری خواندگی کے لیے دن اور وقت کا تعیّن بھی کیا جاتا ہے ۔

first sergeant, n. فرسٹ سارجَنٹ ؛ برّی یا بحری فوج میں نن کَمشنڈ درجے کا سینئر افسر جو کمپنی یا فوجی یونٹ کے عملے کا منتظم ہوتا ہے ۔

first-string, a. صفِ اوّل میں شامل ؛ سرکردہ ؛ باوقار ؛ ذی وقار ؛ معزّز ؛ مُحترَم ؛ بہت ہی اہم یا بہت ہی باوقار لوگوں کے زمرے میں جس کا شمار ہو ؛ اعلیٰ درجے کا ؛ مستقل (عارضی یا متبادل کے برعکس) (جیسے : first – string quarter back in a foot ball game) ۔

first water, n. اعلیٰ آبداری یا نادر وصف (اس کا اطلاق بیشتر قیمتی پتّھروں پر ہوتا ہے) جیسے الماس یا موتی ۔ (مجازاً) کسی شے کی بہترین یا اعلیٰ درجے کی خُوبی ۔

firth, frith, n. اسکاٹ لینڈ میں تنگ سی خلیج یا کھاڑی (جیسے : Firth of Forth) ۔

fiscal, a. مالی ؛ مالی معاملات کا یا اس سے متعلّق ؛ سرکاری خزانے یا سرکاری محاصل سے متعلّق ۔ (اسم) رسیدی ٹکٹ (بمقابلہ ڈاک ٹکٹ) ؛ فلپائن اور بعض یورپی ممالک میں سرکاری افسر کو بھی کہتے ہیں جیسے وکیلِ سرکار ۔

fiscal year, مالی سال (بمقابلہ تقویمی سال) ۔

fish, n. مچھلی ؛ ماہی ؛ سمک ؛ آبی جانوروں میں سے ایک بشمول گھونگا مچھلی ، سالم مچھلی ، تارا مچھلی ۔ (حیوانیات) ایک سرد خون ، مکمّل طور پر پانی میں رہنے والا ، فقاری جانور جس کا بدن لمبوترا اور اکثر کھپروں سے ڈھکاہوا ، پروں والا اور گل پھڑے دار ہوتا ہے ؛ خوردنی مچھلی ؛ لکڑی یا لوہے کی پٹی جو مستول کو مضبوط کرنے کے لیے استعمال کی جائے ۔ (فلکیات) بُرجِ حُوت ؛ آسمانی بُرجوں میں سے ایک بُرج جو مچھلی کی شکل رکھنے کے باعث بُرجِ حوت کہلاتا ہے ۔ (عوامی) ناتجربہ کار ؛ اناڑی ؛ سادہ لوح ؛ انوکھی وضع کا ؛ بانکا ؛ عجیب و غریب (جیسے : a queer fish) ۔

fish, v.i. ماہی گیری کرنا ؛ مچھلی پکڑنا یا پکڑنے کی کوشش میں ہونا ؛ کسی شے کی تلاش میں ہونا ؛ کھوج میں ہونا ؛ کانٹے ، دُرد کش یا کسی خاص آلے سے زیر آب شے تک پہنچنے کی کوشش میں ہونا ؛ بلاواسطہ یا حیلے سے حاصل کرنے کا قصد کرنا (جیسے : to fish for compliments) ۔ (فعل متعدی) مچھلی وغیرہ کو پکڑنا یا پکڑنے کی کوشش کرنا ؛ مچھلی پکڑنے کی کوشش کرنا جیسے ندی میں ؛ کھینچنا ، جیسے مچھلی کے جال یا بنسی کی ڈور کا (اکثر بعد میں up یا out لگاتے ہیں ، جیسے : She fished her shoes out from under the bed) ۔ (جہاز رانی) کھپچی ، لکڑی یا لوہے کی پٹی (fish) کے ساتھ مستول یا جوڑ وغیرہ کو مضبوط کرنا یا تقویت دینا ؛ لنگر کے کانٹے کو اٹھا کر اسے جہاز کے عرشے سے باندھ دینا یا جہاز کے پہلو میں لٹکا دینا ۔

go fishing, (مجازاً) خبریں سُونگھتے پھرنا ؛ سُن گُن لینا ؛ ثبوت یا سیاسی حمایت وغیرہ کی طلب میں ادھر اُدھر گھومتے رہنا ؛ عملی طور پر حصہ لینے سے کنارہ کَش ہو جانا ۔

fish-and-chips, n. آلو مچھلی ؛ تلی ہوئی مچھلی اور آلوؤں کے تلے ہوئے قتلے ؛ برطانیہ کا ایک مقبول کھانا ۔

fish cake, fish ball, n. مچھلی کوفتہ ؛ ماہی کیک ؛ مچھلی کباب ؛ مچھلی کے قیمے اور آلوؤں کی کُچلن کو ملا کر اور اس میں مرچ مسالا ڈال کر تلے ہوئے چھوٹے چھوٹے کباب ۔

fisher, n. ماہی گیر ؛ مچھلی کا شکاری ؛ مچھیرا ؛ شمالی امریکا کا ایک شِیر دار (میمل) جانور ؛ ماہی خور جو مارٹن اور ویزل کے خاندان میں سے ہوتا ہے ۔ دیکھیے : marten اور weasel ؛ اس جانور کی گہری بادامی کھال ۔

fisherman, n. ماہی گیر ؛ شوقیہ یا کارُوبار کے طور پر مچھلیاں پکڑنے والا ؛ ماہی گیری میں کام آنے والی کشتی ۔

fishery, n. ماہی گاہ ؛ ماہی پروری ؛ ماہی گیری کا پیشہ یا صنعت ؛ گھونگا مچھلی ؛ سمندر یا ندیوں کی آبی چیزوں کا کاروبار ؛ وُہ جگہ جہاں یہ صنعت باقاعدہ چلائی جا رہی ہو ؛ اس صنعت کا عملہ ۔ (قانون) بعض سمندروں میں حقِ ماہی گیری ۔

fish-eye lens, n. ماہی چشم عدسہ ؛ نہایت وسیع زاویے عموماً ۱۸۰ درجے کا عدسہ ۔

fish hook, n. کانٹا ؛ مچھلی پکڑنے کا کانٹا جو عام طور پر ہُک والا ہوتا ہے ۔

fishing, n. ماہر گیری ؛ شغل یا کاروبار کے طور پر ماہی گیری کا فن یا مہارت ۔ (صفت) ماہی گیری میں یا ماہی گیروں کے کام آنے والا/والی ۔

fish meal, n. مچھلی غذا ؛ ماہی کھاد ؛ باریک پسی ہوئی خشک مچھلی سے تیار شدہ کھاد یا جانوروں کی خوراک ۔

fish monger, n. (برطانوی) ماہی فروش ؛ مچھلیوں کا تاجر ۔

fish stick, n. قاش ماہی ؛ کاروباری غرض سے یخ بستہ روٹی چُور لگا کر تلی ہوئی مچھلی کی مستطیل قاش ۔

fish story, n. (بول چال) بے پَرکی ؛ ناقابلِ یقین کہانی یا مبالغہ آمیز داستان ۔

fish tail, a. ماہی دُم ؛ دُم ماہی کی سی (حرکت یا شکل) ۔ (اسم) ٹربوجٹ (turbo-jet) انجن کا تغییری ٹکڑا ۔ (فعل لازم) (طیرانیات) طیارے کی دُم کا اس مقصد کے لیے جھولنا کہ زمین چُھونے سے پہلے اس کی رفتار میں کمی آ جائے ۔ (بول چال) موٹر کار وغیرہ کا عقبی پہیوں پرکار کے دباؤ سے جھول کھانا یا جھول پڑنا ۔

fish wife, n. مچھلیاں بیچنے والی ؛ مچھیرن ؛ زنِ ماہی فروش ؛ بلند آواز ، بد زبان یا بدقماش عورت ۔

fishy, a. مچھلیوں سے متعلّق ؛ مچھلی کی سی بُو بسائند یا اس کا سا ذائقہ لیے ہوئے ۔ (بول چال) مُبہم ؛ ناقابلِ انحصار ؛ قابلِ اعتراض ۔

fissile, a. شق پذیر یا قابلِ تقسیم ؛ قابلِ انشقاق ؛ چیر پھاڑ کے قابل ؛ ٹوٹ پھوٹ جانے والا ؛ جوہری انفجار کی صلاحیّت رکھنے والا ۔

fission, n. چیرنے پھاڑنے یا ٹکڑے ٹکڑے کر دینے کا عمل ۔ (حیاتیات) عملِ تولید کے لیے خلیے یا نامیے کی نئے خلیوں یا نامیوں میں تقسیم ۔ (طبیعیات) انشقاق ؛ بھاری ایٹم کے مرکزے کی/کا پھٹ کر ہلکے ایٹموں کے مرکزوں میں تقسیم اور اس کے نتیجے میں توانائی کا اخراج ۔

fissionable, a. انشقاق پذیر ۔

fissionability, n. انشقاق پذیری ۔

fission bomb, n. ایٹم بم ؛ انشقاقی بم۔

fissiparous, a. انشقاق پسند ؛ شقِ تولیدی ؛ انشقاق یا از خود تقسیم ہو کر نسل افزائی کرنے والا ؛ الگ الگ حصّوں یا گروہوں میں بٹ جانے والی جیسے پارٹی یا تنظیم ۔

fissiped, fissipedal, fissipedial, a., n. شگافتہ پا ؛ جس کے پاؤں کی انگلیاں کُھلی کُھلی ہوں ۔

fissure, n. درز؛ چاک ؛ شگاف ؛ دراڑ ؛ اجزا کے الگ ہونے یا ٹوٹنے سے پیدا ہو جانے والا تنگ سا چاک ۔ (تشریح الاعضا) کسی عضوِ بدن میں پیدا ہو جانے والی درز یا جھری جیسی کہ مغز انسانی میں ہو جاتی ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) کاٹ کر الگ کرنا یا شگاف ڈالنا ؛ پھوڑنا یا ہڈی کا ٹُوٹ جانا ۔

fist, n. گھونسا ؛ مُکّہ ؛ گرفت یا پکڑ ؛ بند مُٹھی ؛ مُشت ۔ (طباعت) انڈیکس کی ایک علامت ؛ علامتِ اشاریہ ۔ (بول چال) ہاتھ ؛ کسی آدمی کی تحریر ۔ (فعلِ متعدی) مُٹھی میں قابو کر لینا ؛ ہاتھ کو مُکّے کی شکل دینا ؛ مُکّہ مارنا ۔

fistic, a. باکسنگ کا یا اس سے متعلق ؛ مُکّوں کا یا مُکّوں سے متعلّق ؛ مُکّہ بازانہ ۔

fisticuff, n. مُکّہ بازی ؛ مکے ماری ۔ (بصورت جمع) مُکّوں کی لڑائی ؛ گھونسے بازی ؛ باکسنگ ۔ (فعل متعدی و لازم) مُکّے مارنا ؛ مُکّوں سے لڑنا ۔

fisticuffer, n. مُکّے باز ؛ گھونسے باز۔

fistula, n. (امراضیات) فسٹولا ؛ ناسُور ؛ کسی چوٹ یا بیماری سے بدن میں غیر معمُولی نالی یا راستہ بن جانا جو یا تو پھوڑے وغیرہ کی شکل میں جسم پر پھوٹ نکلتا ہے یا بدن میں موجود کسی ایک گھاؤ یا کھوکھلے عضو سے ایسے ہی دوسرے گھاؤ یا اندر سے کھوکھلے عضو میں جا ملتا ہے ۔ (بیطاری امراضیات) مختلف قسم کی پیپ والی سوزشوں میں سے کوئی سوزش جیسے کہ گھوڑے کے شانوں میں ہو جاتی ہے ۔

fistulous, fistular, a. نالی دار؛ نالی نما ؛ ناسور سے متعلق ؛ ناسور دار۔

fistulous withers, n. گھوڑے کے شانے کا ناسور۔

fit, n. غشی؛ دورہ؛ کسی بیماری کا حملہ یا ایسی علامت جس سے حواس معطّل ہو جائیں یا بدن لرزنے لگے ؛ کسی جسمانی روگ کا قابو میں نہ آنے والا حملہ جیسے کھانسی وغیرہ کا ؛ کوئی شدید لیکن مختصر سی لہر یا نمود (جیسے : fit of enthusiasm or activity) ؛ جذبات کا بے قابو اظہار۔

by fits and starts, گاہ بگاہ ؛ کبھی کبھی ؛ گاہے گاہے اور بے قاعدہ وقفوں کے ساتھ ۔

throw a fit, (عوامی) پُرغضب ہو جانا ؛ غصّے سے بھڑک اٹھنا یا آپے سے باہر ہو جانا ؛ غیظ و غضب میں آپے سے باہر ہو جانا ۔

fit, a. ٹھیک ؛ درست ؛ لائق ؛ زیبا ؛ موزوں یا مناسب؛ کسی مقصد یا موقع کے لیے (جیسے : fit to be eaten) ؛ لائق یا قابل (جیسے not fit to be repeated) ؛ شایان یا جچتا ہوا یا صحیح لائحۂ عمل (جیسے : to do as one sees fit) ؛ کسی اسامی ، عُہدے یا مقام کے لیے بلحاظ اہلیّت موزوں ؛ مناسب حالت میں ، تیار کردہ یا تیّار (جیسے : crops fit for gathering) ؛ اچھی جسمانی حالت میں (جیسے feeling fit) ۔

fit to be tied, (بول چال) بہت ہی برہم یا شدید غصے میں ۔

fit, v.t, v.i. موزوں ہونا ؛ مناسب ہونا ؛ جچنا ؛ سزاوار یا موافق ہونا ؛ ٹھیک سائز یا شکل کا ہونا (جیسے : the keys fit the lock) ؛ کسی مقصد کے مطابق ڈھالنا یا تبدیل کرنا ؛ مطلوبہ سائز یا شکل کے مطابق کرنا (جیسے : to fit the dress to the figure) صحیح جگہ میں رکھنا (جیسے to fit clothes into one drawer) اہل یا مستحق قرار دینا ؛ کے لیے تیّار کرنا (جیسے : High schools fit students for college) ؛ مہیّا کرنا (جیسے : to fit the door with a handle) ؛ ضروری سازوسامان سے لیس کرنا (عموماً بعد میں out لگا کر (جیسے : to fit out a person for a hunting trip) ؛ موزوں سائز یا شکل کا ہونا ، کسی مخصوص شخص یا شے کے لیے (جیسے : The dress fits) ؛ تعلق رکھنا ؛ ساتھ جانا یا متفق ہونا (عموماً in ، into یا with کے ساتھ ، جیسے : you fit into our group easily) ۔ (اسم) موزونیت ؛ موزوں ہونے کی حالت ؛ موزوں بنانے ، مناسب بنانے یا حسبِ حال کرنے کی حالت ؛ مناسبت ؛ وہ صورت جس میں کوئی چیز ٹھیک بیٹھتی ہو (جیسے : a loose, tight or perfect fit) ؛ کوئی چیز خصوصاً پوشاک جو چُست ہو (جیسے : This coat is a good fit) ۔

fit, n. (قدیم) ادب پارہ ؛ کسی گیت ، نظم یا کہانی کا ایک ٹکڑا ۔

fitch, fitchet, fitchew, n. ظربان ؛ جنگلی بلّی ؛ یورپ کی قطبی بلّی یا اس کا سمور۔

fitful, a. وقفے وقفے سے ہونے والا ؛ من موجی ؛ گاہ بگاہ یا ناغے کے ساتھ ہونے والا ؛ بے قاعدہ یا رُک رُک کر ہونے یا کی جانے والی حرکت ۔

fitment, n. سازوسامان ؛ تنصیبات ؛ مستقل طور پر کسی جگہ پیوستہ یا نصب شدہ اشیا (عموما جمع کی صورت میں آتا ہے) ۔

fitter, n. فٹر ؛ فِٹ کرنے والا شخص یا فِٹ ہونے والی شے ؛ کپڑوں کو چُست بنانے والا یا اُن میں کاٹ چھانٹ کرنے والا ؛ مشینری کے کَل پُرزوں کو جوڑنے والا ؛ گھر وغیرہ کی تنصیب اور فِٹنگ کرنے والا ؛ کسی شخص کو کسی موقُع کے مطابق پوری طرح تیّار کرنے والا یا ایسی ضروریات فراہم کرنے والا ۔

fitting, n. فٹنگ ؛ فِٹ کرنے والے شخص یا چیز کا عمل ؛ موزوں ہو جانے کا عمل ؛ ضروری تبدیلی کے خیال سے کپڑے پہنا کر دیکھنے کا کام ؛ معیار کے مطابق تنصیب یا اس کا کوئی حصّہ ؛ جمع کی صورت میں اس سے فرنیچر یا تنصیبات مُراد ہیں ۔ (صفت) موزوں یا مناسب ؛ لائق ؛ ٹھیک ۔

five, a. تعداد میں چار کے بعد کا عدد ؛ پانچ ۔ (اسم) چار اور چھ کے درمیان کا بُنیادی عدد ؛ اس عدد کی ہندسی علامت : ۵ وغیرہ ؛ پانچ اشخاص یا اشیا کا ٹولہ یا اکٹھ ۔

five-fold, a. پانچ حصوں سے مُرکّب ؛ پانچ گُنا؛ پانچ پانچ کی صورت میں ۔

five-and-ten, five-and-dime, five-and-ten-cent-store, n. اصلاً وہ اسٹور جہاں ہر چیز پانچ اور دس سینٹوں (Cents) کے اندر اندر کی قیمت کی ہوتی ہے؛ نسبتاً کم قیمت اشیا فروخت کرنے والا اسٹور ، اسے dime store بھی

روکنے کا عمل ؛ کوئی مواد جو تبخیری عمل کو روک دے (اسے خوشبوئیات تیّار کرنے میں برتتے ہیں) ؛ سخت کرنے اور قائم رکھنے والا ایک محلول جو خوردبینی مطالعے کا مواد تیّار کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

fixed, a. پُختہ ؛ مستحکم ؛ جما ہوا یا پائیدار کیا ہُوا ؛ اچھی طرح گاڑا ہُوا یا ذہن نشین کرایا گیا ؛ کسی چیز پر نظریں جمائے یا اس کی دھن میں لگے ہوئے ؛ پُوری طرح یک سُو ؛ واضح طور پر اور مستقلاً کہیں نصب شُدہ ؛ ساکن ؛ تَذَبذُب سے خالی ، بے تغیّر یا غیر مبدّل ؛ ہر سال ایک ہی تاریخ پر واقع ہونے والا ؛ ڈھب سے رکھا ہوا یا ترتیب وار ۔ (بول چال) خُفیہ طور سے یا بد دیانتی سے حاصل کیا گیا ۔ (کیمیا) تبخیر ناپذیر یا آسانی سے تبخیر پذیر نہ ہونے والا (جیسے : a fixed oil) ۔

fixed asset, n. (عموماً جمع)پائیدار اثاثے ؛ قائم اثاثے ؛ کوئی قیمتی شے جو نسبتاً پایدار صورت کی ہو اور کاروبار چلانے کے کام آئے لیکن جو نقدی میں تبدیل کرنے کے لیے نہ ہو ، جیسے زمین ، عمارات اور سازوسامان ؛ املاکِ قائمہ یا ثابتہ ۔

fixed charge, n. اخراجاتِ قائمہ/مقررہ؛ وہ خرچ جس میں نہ تو کمی بیشی ہو سکے اور نہ اس سے چھٹکارا ملے (جیسے ٹیکس ، کرایہ وغیرہ) ۔

fixed star, n. ثابتہ ؛ تارا ؛ وہ ستارہ جو اپنی دُوری کے باعث آس پاس کے ستاروں کے مقابلے میں ایک ہی جگہ پر قائم معلوم ہو ؛ کوکبِ ثابت ۔

fixer, n. خود کام ؛ بندۂ غرض ؛ اپنے رسوخ کو استعمال کر کے یا رشوت دے کر اپنے لیے یا دوسروں کے لیے خصوصی مراعات ، سیاسی مفادات یا قانون سے مامُونیت حاصل کرنے والا ؛ مقصد برآر ۔

fixing, n. جماؤ ؛ پیوست کرنے والے شخص یا جما دینے والی شے کا عمل ؛ انجماد ۔ (بول چال)(بصورت جمع)مناسب لوازمات و مشمولات ۔

fixity, n. جماؤ ؛ حالت انجماد ؛ جمے ہونے کی حالت یا خاصیت ؛ استقلال ؛استحکام ؛ پائیداری؛ کوئی نصب شدہ یا اُستوار شے ۔

fixture, n. تنصیب ؛ مضبوطی سے کہیں گڑی یا جمی ہوئی کوئی شے ؛ سازوسامان کا وہ حصّہ جو مستقل طور پر گھر ، گاڑی یا مشین میں نصب کر دیا گیا ہو (جیسے : gas fixture) ؛ کوئی شخص یا چیز جو مدتوں سے ایک ہی جگہ اور ایک ہی مقام پر ہو ۔ (برطانوی) کسی کھیل کا مقرّرہ یا معیّنہ وقت ؛ کوئی کھیل ۔ (قانون) منقولہ جائیداد جو اصل جائیداد کے ساتھ منسلک ہو اور جو قانوناً اسی کا ایک حصّہ سمجھی جائے ۔

fizz, v.i. سسکارنا یا شوں شوں کرنا ؛ پُھنکارنا ۔ (اسم) زن زن کی آواز ؛ بُلبلے چھوڑنے کی حالت یا صلاحیت ؛ فوار اُبال ۔ (بول چال) جوش یا جذبہ یا رُوح ؛ مشروب جس سے بُلبلے اٹھیں لیمن جُوس؛ شکر ، سوڈا اور شراب کا مرکب مشروب (جیسے : gin fizz)؛ شمپیَن کی ایک قسم ۔

fizzle, v.i. پُھنکارنا یا شُوں شُوں کرنا ، خصوصاً ایسی آواز نکالنا جو آہستہ آہستہ دھیمی پڑتی جائے ۔ (بول چال) بہت عمدہ آغاز کے بعد بہت بُرے انجام کو پہنچنا ۔ (اسم) پھنکار یا سسکار ۔

کہتے ہیں ۔

five finger, n. (نباتیات) پنجۂ مریم؛ زہر الربیع ؛ پنج برگہ ؛ پنج پتیّہ ؛ پنج بازو (Potentilla) نسل کا ایک پودا جس کے پتّے پنج برگے ہوتے ہیں ۔ (حیوانیات) پنج کونہ تارا مچھلی ؛ ستارۂ بحری ۔

fiver, n. (عوامی) پانچ ڈالر کا نوٹ ۔ (برطانوی) پانچ پونڈ کا نوٹ ۔

five-star, a. اعلیٰ ترین ؛ یعنی اعلیٰ ترین فوجی منصب والا (جیسے : five star general) ؛ بہترین اوصاف یا خوبیوں والا ۔

fix, v.t. پکّا ، مضبوط یا مستحکم بنانا ؛ مستقل طور پر کہیں رکھنا یا پیوست کر دینا؛ ذہن پر پکّی طرح نقش کر دینا جیسے اصول؛ حتمی طور پر یا قطعی تصفیہ کرنا ؛ نپٹانا ؛ پکّا ارادہ کرنا ؛ ٹکٹکی باندھنا یا آنکھوں کو دھیرے دھیرے یا حرکت دیے بغیر کسی طرف گاڑنا ؛ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ؛ جمانا یا سخت کرنا ؛ پائیدار یا مستحکم کرنا؛ مرمّت کرنا؛ اچھی حالت میں کرنا یا قرینہ سے کرنا؛ ترتیب آشنا یا مطابق کرنا ؛ حسب حال کرنا ؛ فراہم یا مہیا کرنا ؛ تیار کرنا (جیسے کھانا وغیرہ) ۔ (عوامی) رشوت دینا (جیوری یا کھلاڑی کو) ؛ خاطر خواہ اقدام کر لینا ؛ خصّی کرنا یا بیضہ دانی نکال دینا (جیسے کسی پالتو جانور کی) ؛ بُری طرح پیٹنا یا ناکام بنانا ؛ بدلہ لے لینا ۔ (کیمیا) بھاپ بن کر اڑ جانے کی خاصیت کو کم یا ختم کر کے کسی شے کو پائیدار اور مزید مستحکم بنانا ۔ (عکّاسی) کیمیائی عمل سے دیرپا بنانا (جیسا کہ تصویر سے نیگیٹو کو کیا جاتا ہے) ۔ (فعل لازم) ٹُھک جانا ؛ پکّی طرح ذہن میں بیٹھ جانا یا پیوست ہو جانا ؛ مستقل یا پائیدار صورت اختیار کر لینا ؛ ٹھوس یا سخت شکل میں ہونا ؛ کہیں جم کر رہ جانا (نگاہ یا توجہ کا) ۔ (بولی) ارادہ کرنا یا منصوبہ بنانا ۔

fix upon/on, کسی بارے میں فیصلہ کر لینا ۔

fix, n. (بول چال)دُبدھا؛ شش و پنج ؛ مخمصہ ؛ جھمیلا ؛ الجھن ؛ ایسی صورتِ حال جس سے فرار ممکن نہ ہو ؛ مشکل طیّارے یا جہاز کا وہ مقام جس کا تعین ان حالتوں سے کیا گیا ہو جو دو یا دو سے زیادہ نقاط معلومہ کے مشاہدات سے یا ریڈیو کے ذریعے علم میں آئی ہوں ؛ بکھیڑا ؛ چکر ۔ (عوامی) کسی کھیل کے نتیجے کو متعین کرنے یا رشوت یا خفیہ سازباز کے ذریعے قانونی گرفت سے بچنے کا عمل ؛ نشہ آور شے کا ٹیکہ جیسے ہیروئین کا ؛ نشہ آور شے یا ٹیکے میں اس کی مستعمل مقدار ۔

fixate, v.t. نصب کرنا ؛ کہیں جما دینا ؛ مضبوط یا پیوستہ کر دینا ۔ (تحلیلِ نفسی) اپنی داخلی تحریکات کی جذباتی نمو کو بچپنے کی سطح یا اندازِ تسکین ہی پر مرکوز رکھنا (اور اس سے آگے نہ بڑھنا) ۔ (فعل لازم) گڑ جانا ؛ جم جانا ۔ (تحلیل نفسی) نوعمری ہی میں جذباتی یا جنسی نمو کا کسی ایک جگہ پہنچ کر رک جانا ۔

fixation, n. جمنے یا جمانے کا عمل ۔ (کیمیا) مائع یا بخاری حالت سے سمٹ کر ٹھوس یا استوار صورت میں ڈھلنے کا عمل ؛ وہم یا کوئی دُھن جو ذہنی عدم صحت کی دلیل ہو ؛ کوئی داخلی گرفت جو بے بس بنا دے ۔ (تحلیلِ نفسی) نفسی ، جنسی اور جذباتی نمو کا نوعمری یا بچپنے کی سطح پر رک جانا یا (کسی امر سے) پیوست ہو کر رہ جانا (عموماً بچپن کے کسی جذباتی صدمے کے سبب) ۔

fixative, a. جمانے والا ؛ مُثبت ؛ نصب کرنے یا مستقل بنانے والا ۔ (اسم) کوئی جوڑنے والی شے ؛ وارنش کی پھوار کے ذریعے کسی کھریا سے بنی تصویر کے رنگوں کو پکا کرنے اور دھندلانے سے

(بول چال) ناکامی ؛ زک ؛ مغلوبیت ؛ گھاٹا ؛ خُسران ـ

fizzy, a. بُلبلے اٹھاتی ہوئی ؛ سنسناتی ہوئی ؛ بُلبلوں والا یا والی ـ

fjeld, n. اِسکنڈے نیویا کی اونچی سطح مرتفع جو تقریباً بنجر ہے ـ

fjord, fiord, n. فیورڈ ؛ چٹانی کھاڑی ؛ لمبی تنگ سی کھاڑی جس کے ہر دو جانب ڈھلوان چٹانیں حاشیہ بنائیں (ناروے کے ساحل پر یہ صورت بہت عام ہے) ـ

flabbergast, v.t. سراسیمہ کرنا ؛ سٹی پٹی بھلا دینا ؛ ہکا بکا کر دینا ؛ حیرت میں ڈالنا ؛ دم بخود کر دینا ـ

flabby, a. پلپلا ؛ تھل تھل ؛ کمزور ؛ ناطاقت ؛ گوشت یا عضلات کی طرح ڈھیلا ڈھالا اور ڈھلکا سا ؛ لٹکا لٹکا سا ؛ سختی ، قوت ، لچک سے خالی جیسے کردار ، اصول یا مقولے ؛ غیر مستقل ـ

flabellate, flabelliform, a. (نباتیات) پنکھ رُوپی ؛ پنکھے کا سا ؛ پنکھیا ـ

flabellum, n. بادکش ؛ مروحہ ؛ پنکھا؛ خصوصاً جو مذہبی تقریبات میں استعمال کیا جائے ؛ مورچھل ؛ پنکھے کی شکل کی کوئی چیز ؛ بادزن ـ

flaccid, a. لجلجا ؛ نرم اور پلپلا ؛ ڈھیلا ڈھالا ، ناسخت ؛ ناتواں ؛ کمزور ؛ جھریاں پڑا ہوا ؛ لٹکتا ہوا ـ

flacon, n. شیشہ ؛ پیمانہ ؛ ڈاٹ والی چھوٹی سی بوتل یا فلاسک (چھاگل) ـ

flag, v.i. توانائی ، قُوّت ، دلچسپی یا سرگرمی میں کمی واقع ہونا (جیسے : The conversation flags) ؛ ڈھیلا لٹکنا (جیسے بادبان وغیرہ کا) ؛ لنگڑانا ؛ خم کھا جانا یا جُھک جانا یا لیٹ جانا (پودوں کی طرح) ـ

flag, n. پھریرا ؛ پرچم ؛ نشان ؛ جھنڈا ؛ عَلَم ؛ کپڑے کا ٹکڑا(مختلف سائز ، شکل ، رنگ اور ڈیزائن کی جھنڈیوں کی صورت میں) اسے عموماً رسّی یا بانس کے ایک کنارے سے باندھ کر عَلَم ، پرچم ، علامت یا نشان کا کام لیا جاتا ہے (جیسے : the flag of a nation) ؛ جھنڈے سے ملتی جلتی کوئی چیز ـ (دفتر) نشانیہ ؛ شکاری کُتّے یا ہرن کی دُم ـ (موسیقی) وہ تار یا کھونٹی جو کسی سُروالی جگہ کے سرے پر لگی ہوتی ہے اور جس سے اس سُر کے دورانیے کا پتہ چلتا ہے ـ (فعل متعدی) جھنڈا یا جھنڈے اوپر گاڑنا یا لگانا ؛ جھنڈیوں سے آراستہ کرنا ؛ کسی شخص یا موٹر گاڑی کو جھنڈی دکھا کر اشارہ کرنا یا متنبہ کرنا ؛ جھنڈی وغیرہ ہلا کر استعجاب و تجسُس کو بیدار کرتے ہوئے شکار کو پھانسنا ؛ نشانیہ لگانا ـ

flag down, جھنڈی دکھا کر ریل گاڑی وغیرہ کو رک جانے کا اشارہ کرنا ـ

flag, n. بُگلا ؛ زنبق ؛ کٹار برگہ ؛ ایک قسم کا پودا جس کے پتّے تلوار کی طرح لمبے ہوتے ہیں (جیسے : sweetflag یا purple iris) ؛ اس پودے کے لمبے کٹاریہ پتّے ـ

flaggy, a. بُگلی ؛ وہ جگہ جہاں یہ پودا کثرت سے اُگتا ہو ؛ اس پودے کی مانند ـ

flag, n. فرش بنانے کے لیے پتّھر کی چپٹی سِل ؛ سِل ؛ چوکا یا فرشی پتھر ؛ فرشی پتھر کی ساخت والا (بصورت جمع)وہ رقبہ یا جگہ جہاں پتّھر کی سلوں کا فرش لگا ہوا ہو ـ (فعل متعدی) پتّھر کی سلوں سے فرش بنانا ـ

flaggy, a. پتھروں سے متعلّق یا ان جیسی ساخت والا ؛ تہ در تہ ـ

flagellant, n., a. کوڑے مار ؛ مذہبی ضابطے کے تحت یا جنسی انگیخت کی بنا پر اپنے تئیں کوڑے مارنے والا یا کوڑے کھانے والا ـ (عموماً بڑے F سے) عہد وسطیٰ میں یورپ کے ایک جنونی فرقے کا رکن جو اپنے آپ کو سرعام کوڑے مارا کرتا تھا ـ

flagellate, v.t. کوڑے مارنا ؛ اپنے تئیں سزا دینا؛ تازیانے لگانا ـ

flagellation, n. تازیانہ زنی (خصوصاً کسی ضابطۂ مذہبی کے تحت یا غیر فطری تسکین جنسی پر) ـ

flagellate, flagellated, a. مژگانی ؛ مژہ وش ؛ تازیانوں کا ؛ تازیانوں سے پیدا شدہ ـ (اسم) سوطی ؛ وہ سمندری کائی یا پروٹوزو جس کی چابک نُما شاخیں اُگی ہوئی ہوں ؛ چابک نما شاخوں والی سمندری کائی ـ

flagellation, n. سوطیت ؛ شاخوں کی چابک نُما ترتیب ـ

flagelliform, a. سوطہ نُما ؛ کوڑے کے تسمے کی طرح لمبا ، کم چوڑا اور لچکیلا ـ

flagellum, n. (حیاتیات) سُوطہ ؛ لمبوتری تسمہ گُوں شاخ جو بعض مُولِد وجودوں ، جرثوموں اور نخزمایوں میں آلۂ نقل و حرکت کا کام دیتی ہے اور بعض حشرات میں عضو حسّی کا ـ

flageolet, n. بانسری ؛ نفیری ؛ فلوٹ کی طرح کا مڑا ہوا آلۂ موسیقی جس کا دہانہ مخروطی ہوتا ہے ، اس میں چھ یا اس سے بھی زیادہ سوراخ ہوتے ہیں بلکہ کبھی کبھی اس میں کلیدیں بھی ہوتی ہیں ؛ نے ؛ فپل بانسری ـ

flagging, flaggy, a. کمزور ہوتا ہوا ؛ انحطاط پذیر ؛ خمیدہ ؛ ٹیڑھا ؛ کج ؛ جُھکا ہوا ـ

flagging, flags, n. فرشی پتّھر مجموعاً ؛ ایسے پتھروں کی پٹڑی ؛ سنگ فرش ؛ سلوں سے بنا ہوا راستہ ـ

flagitious, a. شرمناک حد تک غلط کار ؛ رُسوا ؛ تازیانے کے لائق ؛ بدنام ؛ بے آبرو ؛ رُوسیاہ ؛ بے توقیر ـ

flagman, n. (ریلوے پھاٹک پر) جھنڈی والا ؛ گاڑیوں کو جھنڈی دکھانے والا ـ

flag officer, n. فلیگ افسر ؛ بحریہ کا افسر جو بلحاظ عہدہ کپتان سے بڑا ہوتا ہے اور اسے اپنا عُہدہ ظاہر کرنے کے لیے جھنڈا لگانے کی اجازت ہوتی ہے ؛ ایڈمرل ؛ امیر البحر ـ

flag of truce, n. (عسکری) پرچم صُلح ؛ سفید جھنڈی جو دشمن کے ساتھ مذاکرات کی خواہش کے اظہار کی علامت ہوتی ہے ـ

flagon, n. فلاسک ؛ صراحی ؛ شراب یا مائعات کے لیے بڑی بوتل ؛ دستے ، ڈھکنے اور ٹونٹی والا کوئی برتن ، جیسے کھانے کی میز پر مشروبات لے جانے اور رکھنے کے لیے ـ

flagpole, flagstaff, n. عَلم چوب ؛ فلیگ اسٹاف ؛ وہ بانس یا ڈنڈا جس کے ساتھ جھنڈا لہرا رہا ہوتا ہے ـ

flag rank, n. پرچمی عُہدہ ؛ بحریہ میں کپتان سے اوپر

کا کوئی عہدہ ۔

flagrant, a. برملا ؛ کُھلا ہوا ؛ آشکارا ؛ ناگوار حد تک روشن ؛ نفرت انگیز ؛ بدقماش ؛ بدنام یا اوباش ۔ (قدیم) ملتہب ؛ مشتعل ؛ بھڑکتا ہوا ۔

flagship, n. فلیگ شپ ؛ پرچمی جہاز (جس میں پرچمی افسر یا کمانڈر سفر کر رہا ہوتا ہے) ۔

flag staff, n. دیکھیے : flagpole ۔

flagstone, n. سِل؛ چوکا ؛ فرشی پتھر ۔ (جمع) ایسے پتھروں سے بنا ہوا فرش ؛ کوئی پتھر جس کو سلوں میں توڑا جا سکتا ہو (جیسے چونا پتّھر یا صلصالی چٹان) ؛ پڑیاں ۔

flag-waving, n. والہانہ جذباتی اعلان ؛ جھنڈیاں لہرا کر کسی مُلک ، مقصد یا تحریک کے ساتھ اپنے دلی تعلق یا جذباتی وابستگی کا اظہار ؛جھنڈی بازی ۔

flail, n. خرمن کوب ؛ دستی موگرا ، اناج وغیرہ کوٹنے کا آلہ جو دستے/ڈنڈے والا ہوتا ہے اور اس میں بہ آسانی گُھومنے والی چھڑی یا سلاخ لگی ہوئی ہوتی ہے ؛ پہلے اس سے مشابہ ایک ہتھیار ہُوا کرتا تھا ؛ سلارا ؛ پٹوڑ ۔ (فعل متعدی) موگرے سے مارنا یا کُوٹنا ؛ بالیوں سے دانے علیحدہ کرنا ۔

flair, n. استعداد ، قدرتی مہارت ؛ فطری صلاحیت ؛خدا داد ملکہ ؛ جبلّی سلیقہ ؛ طبعی رکھ رکھاؤ ۔

flak, flack, n. طیارہ شکن گولا باری ۔

flake, n. پُھٹکی ؛ کوئی چھوٹا سا ڈھیلا ڈھالا باہم جڑا ہوا ٹکڑا یا تودہ (جیسا کہ برف کا گالا) ؛جلتی ہوئی کسی شے کا الگ کردہ چھوٹا سا حصّہ ؛ کوئی پترا یا چھوٹا سا چپٹا چھلکا یا فلس ؛ کسی چیز پر سے اتارا ہوا کوئی پتلا سا چھلکا یا کھپرا ؛ کوئی تہ یا پپڑی ؛ برف کی پتلی سی چادر ؛ قاش ، قتلہ ۔ (فعل لازم) گالے بن بن کر گرنا (جیسے برف)؛ برف کے گالوں کی طرح گرنا ؛ چھلکے اتارنا یا چھلکے علیحدہ کرنا ۔ (فعل متعدی) ڈھانپ دینا جیسے برف کے گالوں سے ڈھانپ دینا ؛ لہریا بنانا یا رنگوں سے بھر دینا ؛ برف کے گالے بنانا ؛ پرت پرت کرنا یا اتارنا ؛ پرت یا جمی ہوئی پپڑی توڑنا ۔

flake, n. ماہی پٹڑی ؛ مچھلی سکھانے کا چوکھٹا ۔

flake white, lead white, n. خالص سفید سیسہ جو تہ درتہ یا پرت پرت ہوتا ہے اور رنگ کاری کے کام آتا ہے ۔

flaky, a. تہ دار یا پرت پرت ؛ تہوں یا پرتوں کی صورت میں پڑا ہوا یا اترنے والا ؛ چھلکے جیسا ۔

flam, n. ڈھول کی وہ گت جو اسے بیک وقت دونوں چوبیں مارنے سے پیدا ہوتی ہے لیکن جس میں زور دوسری آواز پر ہوتا ہے ۔

flam, n. خیالی ؛ من گھڑت ؛ جھوٹی کہانی ؛ جھانسا ؛ بے اصل ؛ جعلی ؛ بہانہ ؛ دھوکا ؛ جُل ۔ (فعل متعدی) جھانسا دینا ؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ۔

flambe, a. (طبّاخی) شعلہ زدہ ؛ کوئی خوردنی چیز جو برانڈی یا دوسری شراب سے شعلہ زد کر کے پیش کی گئی ہو ۔ (ظروف سازی) بے ترتیب حرارت کے نتیجے میں سُرخ اور نیلی دھاریاں پڑے ہوئے (ظروف) ۔

flambeau, n. ٹارچ ؛ جلتی ہوئی ٹارچ ؛ مشعلِ فروزاں ؛ روشن قندیل جو موٹی موم بتیّوں سے سجائی گئی ہو ۔

flamboyant, a. بھڑکیلا ؛ فروزاں ؛ رنگین ، اتنا پُرنور کہ نگاہ خودبخود اُدھر اٹھے ؛ جاذب نظر؛ آراستہ یا مرصّع ؛ پیچاں اور لہریا (شعلے کی طرح) ۔ (فنِ تعمیر) گاتھ قوم کے مرصّع فنِ تعمیر سے متعلّق جو پندرھویں اور سولھویں صدی عیسوی میں مروج تھا ، اس فن کی خاصیت یہ تھی کہ کھڑکیوں پر کیا جانے والا سنگ تراشی کا کام چراغی لو کی طرح لہریا ہو جاتا تھا ۔

flame, n. شُعلہ ؛ چراغ کی لَو ؛ جلتے ہوئے بخارات یا جلتی ہوئی گیس جو گرم تابانی کی صورت میں آگ سے امڈ رہی ہو ؛ آگ سے اٹھنے والی روشنی کی لپک ؛ بھڑکتی ہوئی آگ ؛ تیز روشنی کے ساتھ جلنے کی حالت ؛ کوئی شے جو چمک اور رنگ میں شُعلے کی طرح ہو ؛ بھڑکتے ہوئے جذبات ؛ آتشِ عشق ؛ جذبات کی گرم تابی (عوامی) محبوب ؛ معشوق ؛ دلبر ۔ (فعل لازم) شعلہ یا چمک دینا ؛ بھڑک اٹھنا ؛ شُعلے کی سی تابانی کے ساتھ چمکنا؛ فروزاں ہونا ؛ جذبے کی شدت میں کچھ کر گزرنا ۔ (فعل متعدی) نذر آتش کرنا ؛ شعلوں کے حوالے کرنا ؛ آگ میں ڈالنا ۔

flaming, a. شُعلہ خیز ؛ بھڑکتا ہُوا ؛ حرارت اور تابانی میں شُعلے کا سا؛ جذبات سے پُر؛ گرم جوش ؛ شُعلہ آگیں ۔

flamer, n. شُعلہ زن ؛ شُعلہ افگن ؛ شُعلہ بار ؛ شُعلہ افروز ۔

flame cultivator, n. آتش زن ؛ شُعلہ کار ؛ آتش کار ؛ جڑی بوٹیوں کو تلف کرنے کے لیے آگ لگانے والا آلہ ۔

flamenco, n. فلیمنکو ؛ ہسپانوی خانہ بدوشوں کے رقص کا ایک انداز جس میں تالیاں بجائی جاتی ہیں ، زور سے زمین پر پاؤں پٹخے جاتے ہیں اور کئی ایک دیگر حرکاتِ جسمانی کا پُرجوش مظاہرہ ہوتا ہے ؛ اس طرح کے رقص میں الاپا جانے والا کوئی گیت یا کوئی سنگیت ۔

flame-out, flameout, n. شُعلہ بُردی: جیٹ انجن کے شُعلہ زا ایندھن کا اچانک بُجھ جانا ۔

flame proof, a. شعلہ ناگزار ؛ شُعلہ روک ؛ جس پر شُعلوں کا اثر نہ ہو ۔

flame thrower, n. شُعلہ انداز ؛ شُعلہ افگن ؛ ایک ہتھیار جو بڑی تیزی سے جلتے ہوئے سیّال مادّے کی دھار پھینکتا ہے ۔

flame-tree, n. شجر گُلنار : چمکیلے نارنجی رنگ پُھولوں والا ایک آسٹریلوی سجاوٹی درخت ۔

flamingo, n. لال لم ٹنگو ؛ لمبی گردن ، لمبی ٹانگیں ، جِھلّی دار پاؤں اور خمدار چونچ والا پرندہ جو مٹک مٹک کر چلتا ہے اور جس کے پر گلابی سے لے کر خالص نارنجی رنگ تک کے ہوتے ہیں ؛ ایک قسم کا لم ڈھینگ ۔

flammable, a. آتش پذیر یا آسانی سے جل اٹھنے والا ؛ آگ پکڑنے یا بھڑک اٹھنے والا ۔ (اسم) کوئی آتش پذیر مادّہ ۔

flammability, n. احتراقی صلاحیت یا گنجایش ؛آتش پذیری ؛ آگ پکڑنے کی صفت ۔

flange, n. کور ؛ کوئی باہر کو نکلی ہوئی کگر ، ہنسلی یا اُٹھان جو کسی پائپ ، شہتیر ، پہیّے یا ایسی ہی کسی دوسری

چیز پر لگی ہوئی ہو اور اس سے مضبوطی میں اضافہ کرنے ، دوسرے حصّے کو بہ آسانی جوڑنے یا بند راستے کی نشاندہی کرنے کا کام لیا جا سکے ۔ (فعلِ لازم) اس طریقے سے باہر کو بڑھنا یا نکلنا یا کور کی شکل اختیار کرنا ۔ (فعل متعدی) کگر بنانا (وغیرہ) ۔

flanger, n. کگر دار ؛ کور دار ۔

flank, n. کوکھ ؛ پہلو ؛ انسان یا حیوان کے کولھوں اور پر پسلیوں کے درمیانی گوشت والا حصّہ ؛ اس حصّے سے کاٹا ہوا گوشت کا ٹکڑا ؛ کسی چیز کا پہلو جیسے عمارت کا ۔ (عسکری) فوج کا میمنہ یا میسرا یا کسی بحری بیڑے کے بیرونی جانب کے جہاز ۔ (قلعہ بندی) قلعے کے دائیں یا بائیں جانب ؛ بُرج دار فصیل کے باہر کو نکلے ہوئے حصّے کا پہلو ۔ (مشین) گیئر کے دندانے کا وہ حصّہ جو جڑ اور چرخی گیرہ (pitch circle) کے درمیان ہو ۔ (فعل متعدی) شانہ بشانہ کھڑے ہونا ؛ پہلو میں ہونا (کی جانب ہونا) ؛ دستوں کو یوں متعیّن کرنا کہ ان پر حکم چلایا جا سکے یا اس جانب سے دشمن پر حملہ کیا جا سکے ؛ چکر کاٹ کر دشمن کے میمنے یا میسرے پر حملہ کرنا ۔ (فعل لازم) پہلو کی جانب کسی جگہ پر متعیّن ہونا ۔

flanker, n. کسی ایک طرف ہونے والا شخص یا کسی پہلو کھڑی ہونے والی کوئی چیز ۔ (عسکری) دفاع یا حملے کے لیے میمنہ یا میسرہ کے استحکامات یا قلعہ بندی ۔ (فٹ بال) وہ حملہ آور کھلاڑی جو ٹیم کی صف اوّل کے دائیں یا بائیں کنارے پر کھیل رہا ہو ۔

flannel, n. فلا لین ؛ فلینل ؛ ایک گرم و نرم روئیں دار اُونی کپڑا ؛ سوت اور اُون یا اس قبیل کی دیگر ملاوٹ سے تیار کیا گیا نرم اور مضبوط کپڑا (بصورت جمع)اونی کپڑے کے بنے ہوئے بیرون پوش (جیسے کشتی رانی یا ٹینس کے لیے پتلونیں) ؛ عام اونی زیر جامے ۔ (فعل متعدی) (برطانوی) فلا لین پہنانا یا اس سے ڈھانکنا ؛ فلا لین سے رگڑنا ۔

flannelette, n. فلالین نُما؛ ایک قسم کی ہلکی سُوتی فلالین جس کے ایک جانب روئیں ہوتے ہیں ۔

flap, v.t. پھڑپھڑانا ؛ پروں کی طرح اوپر نیچے حرکت میں لانا ؛ ڈھیلے ڈھالے طور پر جُھلانا یا ہلانا خصوصاً شور کے ساتھ ۔ (بول چال) شور کے ساتھ یا اکھڑ پن کے ساتھ اُچھالنا ، دوہرا کرنا یا بند کرنا ؛ کسی چوڑی اور لچکیلی شے کے ساتھ مارنا ۔ (فعل لازم) ہلکے ہلکے جُھولنا یا ہلنا (جیسے چلتی ہوا میں) اوپر نیچے حرکت کرنا ؛ کسی چوڑی اور لچکدار شے کے ساتھ ضرب لگانا ۔

flap, n. پلا ؛ دامن ؛ پھڑپھڑاہٹ ؛ کوئی چوڑی اور لچکدار شے جو ڈھیلی لٹک رہی ہو یا کسی قابلِ حرکت سرے یا پہلو سے پیوست ہو ؛ ایسی کسی شے کی حرکت یا اس کی ضرب ؛ پھڑپھڑاتی ہوئی کسی چیز کا شور ؛ کسی شے کا چوڑا چپٹا ٹُکڑا ؛ دروازے کا پٹ یا پردہ ؛ ٹوپی کا چھجّا ؛ پلّا ؛ مسل بند ۔ (جرّاحی) اساسی نسیج سے جزواً الگ کی گئی بافت کا حصّہ ؛ جِلدی پیوندکاری میں برتا گیا جلد یا گوشت کا ٹکڑا ۔ (طیرانیات) کسی طیّارے کے کنٹرول کی وہ سطح جس کے ذریعے اسے بلند کیا جاتا ہے ، نیچے لایا جاتا ہے یا غوطے سے بحال ہونے میں مدد ملتی ہے ؛ راکٹ سے جُڑا ہوا کوئی دنبالہ جو ہوا میں عمل پیرا ہو یا جٹ دھارے میں ۔ (عوامی) افراتفری یا جلد بازی کی حالت ۔

flapdoodle, n. (عوامی) بکواس ؛ واہیات ؛ خرافات ؛ لغو گوئی ؛ طولِ کلام ؛ زٹل ؛ ہرزہ سرائی ۔

flapjack, n. آردی کیک ؛ آٹے اور چربی کا بنا ہوا کیک ؛ توے پر بنایا گیا کیک ۔

flapper, n. مگس کُش ؛ مکھی مار ؛ جنگلی بط یا تیتر ؛ نوپرواز جنگلی پرندہ ۔ (بول چال) بازاری لڑکی ؛ جوان لڑکی کے لیے بیسویں صدی کے رُبع اوّل کی ایک اصطلاح جو اپنے کردار اور لباس میں روایتی پابندیوں سے آزاد ہوتی تھی ۔

flare, v.i. بھڑکنا ؛ اچانک شُعلہ دے کر بھڑک اٹھنا؛ تیز ہوا میں بالوں کی طرح لہرانے لگنا؛ ڈولتے شُعلے کے ساتھ جلنا (جیسے : A torch flares in the wind) ۔ (مجازاً) کسی اتفاقی غضبناک اقدام یا جذبے سے بھر جانا یا بھڑک اٹھنا یا کچھ کر گزرنا؛ مشتعل ہونا (عموماً بعد میں up یا out لگاتے ہیں جیسے : Persecutions flare up anew) ؛ چمکنا یا جگمگانا ؛ کنارے یا آخری سمت تک بتدریج باہر کی جانب پھیلتے جانا ۔ (فعل متعدی) پھیلانا ؛ جالب توجّہ نمایش کرنا ؛ لہراتے ہوئے شُعلے جلانا ؛ ڈولتے شُعلے کے ساتھ سگنل یا اشارے کرنا ؛ بتدریج باہر کو پھیلانا ؛ شُعلے کے ذریعے تابناک کرنا ؛ روشنی کی لپک کے ذریعے اشارہ دینا ۔

flare, n. لپک ؛ لمعہ ؛ لرزش ؛ شُعلہ ؛ بھڑک ؛ شُعلے کے بھڑکنے کا عمل یا اس کا اثر ؛ لہراتا ہوا یا ڈولتا ہوا شُعلہ یا لہراتی ہوئی روشنی جیسے فضا میں مشعلوں کی ؛ شُعلے کی اتفاقیہ چمک یا بھڑک ؛ آگ یا روشنی کی لپک جس سے اشارے ، چراغاں یا رہنمائی کا کام لیاجائے ؛آتشگیر مادّہ جو اس قسم کی روشنی پیدا کرنے کے لیے دہکایا جائے ؛ جوش و جذبے کی اچانک بھڑک ؛ چکا چوند یا جگمگاہٹ ؛ تابانی ؛ شکلاً باہر کی جانب بتدریج پھیلاؤ (جیسے : a skirt with a slight flare)؛ یوں باہر کو نکلا ہوا حصّہ ، جیسے بگل کا آخری سرا ۔ (عکّاسی) روشنی کا وہ دھبّہ جو کیمرے کے عدسے کے ذریعے پلیٹ پر انعکاس کے نتیجے میں بنتا ہے ؛ عدسے کی بکھری ہوئی انعکاسی روشنی ۔

flaring, a. شُعلہ زن ؛ چندھیا دینے کی حد تک روشن یا جاذبِ نظر ؛ دائرہ بن کر وضع قطع میں باہر کو پھیلتا ہوا بھڑکیلا ؛ لمعی ۔

flaringly, adv. چکا چوند کرتے ہوئے ۔

flare back, n. تعاملی شعلہ : کسی بڑی توپ کے داغے جانے کے بعد اس کے پچھلے حصّے سے بھک سے نکلنے والا شُعلہ ۔ (مجازاً) غیر متوقع تکرار کی ہیجان خیزی (جیسے : a flare back of winter) ۔

flare-up, v.i. بھڑکنا ؛ اچانک شعلے یا روشنی کی صورت میں بھڑک اٹھنا ۔ (مجازاً) یک دم آپے سے باہر ہو جانا ؛ تشدد وغیرہ میں دفعتاً تیزی کا آ جانا ؛ کسی بیماری کا اچانک پھوٹ پڑنا ؛ مشتعل ہونا ۔

flash, n. دمک ؛ چمک ؛ شُعلے یا روشنی کی دفعتاً اور عارضی بھڑک ؛ شُعلۂ مستعجل ؛ پلک (ساعت) ؛ اچانک اور مختصر مظاہرہ یا ہیجانی اظہار (خوشی یا زندہ دلی کا) ؛ ٹھاٹھ دار نمایش ؛ وہ ڈیم یا بند جس کے ذریعے پانی کی مقدار اور اس کے زور میں اضافہ کیا جائے تا کہ کشتی کو کم گہرے پانی میں چلایا جا سکے ؛ یوں پیدا کیا گیا اچانک بہاؤ ۔ (صحافت) وہ مختصر سی ابتدائی رپورٹ جس میں کسی اہم خبر کا سرسری خُلاصہ دیا گیا ہو اور تفصیلات کو اگلی اشاعت پر اٹھا رکھا گیا ہو ۔

flash in the pan, (مجازاً) اچانک نمایش یا اہمیت جتانے کے لیے بیجانی اظہار یا کوشش بغیر کسی مستقل نتیجے کے ؛ ایسی کوشش کرنے والا ـ

flash, a. مختصر دورانیے کا ؛ ہنگامی (عارضی) ؛نمایشی ؛ بیہودگی کی حد تک ؛ خودنُما ؛ جعلی ؛ طمطراقی ؛ منظم طریقے سے کیے جانے والے جرم کی مخصوص دنیا یا خفیہ بولی سے متعلّق ـ

flash, v.i. دمکنا ؛ چمکنا ؛ اچانک شُعلے یا روشنی کی صورت میں بھڑک اٹھنا ، (خصوصاً) وقفے وقفے سے ؛ یک دم نگاہوں میں یا منظر میں آ جانا ؛ دمک اٹھنا ؛ تیز روی کرنا ؛ یک لخت بول پڑنا یا عمل پیرا ہو جانا ؛ غُصّے میں بولنا یا کوئی قدم اٹھانا ـ (قدیم) اچانک سامنے آ جانا ـ (فعل متعدی) آگ یا روشنی کے لمعی شُعلوں کو خارج کرنا ؛ شُعلہ انگیزی کرنا ؛ بارود کو آگ دکھا کر بھڑکانا یا تلوار کو لہرا کر چمکانا ؛ رہ رہ کر یا رک رک کر اظہار یا اِبلاغ کرنا ؛ کسی فوری وسیلۂ ابلاغ یا ترسیل کے ذریعے پہنچانا (تار وغیرہ کے ذریعے) ؛ تیزی سے کسی مائع کا بخارات میں تبدیل کر دینا ـ (بول چال) غیر متوقع یا تمکنت آمیز خودنمائی کرنا ـ (شیشہ سازی) رنگین ، سفید یا دودھیا بوقلموں شیشے کی تہ جمانا ـ (فن تعمیر) بھرت کے ذریعے جوڑ وغیرہ کو رِسنے سے محفوظ کرنا ـ

flash back, n. فلیش بیک ؛ ماضی نمائی ؛ ایک ادبی یا فلمی طریق کار جس کے ذریعے سابقہ اقدامات ، خیالات یا واقعات کو تاریخی سلسلے کا خیال کیے بغیر زمانۂ حال میں ڈھال لیا جاتا ہے ـ

flash board, n. (انجینئری) روک تختہ ؛پَن آڑ : ایک تختہ یا تختوں کے سلسلوں میں سے ایک سلسلہ جیسا کہ پن چکّی کے بند پر پانی کی گہرائی میں اضافہ کرنے کے لیے کام میں لایا جاتا ہے ـ

flash bulb, n. لمعی بلب ؛ فلیش بلب ؛ ایک فلیش لیمپ جس سے اس چیز پر تھوڑی دیر کے لیے روشنی ڈالی جاتی ہے جس کی تصویر اتارنا مقصود ہو ـ

flash card, n. فلیش کارڈ ؛ لمعی کارڈ ؛ حساب ، جوڑ ، پڑھائی یا بدیسی بولیوں کی مشق میں آسانی کے لیے کام میں لایا جانے والا کارڈ جس پر الفاظ یا اعداد لِکھے ہوتے ہیں یا تصویریں بنی ہوتی ہیں (اساتذہ اور طلبہ ان سے کام لیتے ہیں) ـ

flash flood, n. تباہ کار سیل؛ گردونواح میں ناگہانی تباہ کُن سیلاب جس کا باعث موسلادھار بارش ہو؛ فوری سیلاب؛ بہتی ـ

flash forward, n. مستقبل نمائی ؛ کہانی سنانے کی تکنیک جس میں مستقبل کے واقعات کو حال سے پہلے پیش کیا جاتا ہے ـ

flash gun, n. فلیش گن ؛ عکّاسی میں کام دینے والا وہ آلہ جس سے فلیش بلب جل اٹھتا ہے اور اس کے ساتھ ہی کیمرے کا شٹر بھی کام کرنا شروع کر دیتا ہے ـ

flashing, n. چمک ؛ لمعہ ؛ چمک کاری؛ فلیش ڈالنے والے شخص یا شے کا عمل؛ دھاتی چادروں کے ٹکڑے جن سے بعض جوڑوں اور کونوں کو ڈھانکنے یا محفوظ کرنے کا کام لیا جائے (تا کہ پانی رُک سکے) ایسا عموماً وہاں کیا جاتا ہے جہاں چھت ، دیوار یا چمنی سے ملتی ہو ؛ پانی کا مصنوعی سیلاب یا طغیانی پیدا کرنے کا عمل ؛ سیل رواں ؛ سیلابی بہاؤ یا بدروؤں کی غلاظتوں کو بہا لے جانے کے لیے زورِ آب کا عمل ـ (شیشہ سازی) وہ طریقہ یا عمل جو شیشے کی تہ جمانے میں برتا جاتا ہے ـ

flash lamp, flash lamp, n. دیکھیے : flash bulb ـ

flash light, n. بھڑک روشنی ؛ نُورِ لامع ؛ فشارِ نور ؛ روشنی کی چمک ؛ فلیش دینے والی روشنی یا ایک طریقہ جس سے سگنل کرنے کے لیے مینارِ نُور سے روشنی پھینکی جاتی ہے ؛ لمعی عکّاسی ؛ تیز روشنی جو فوٹوگرافی کے آلات کے ساتھ ہم عمل ہوتی ہے ؛ اس روشنی میں لی گئی تصویر ؛ بیٹریوں سے چلنے والا دستی برقی لیمپ ـ

flashover, n. کسی مائع یا ٹھوس حاجز (insulator) کی سطح میں سے یا اس کے گرد مُضر برقی اخراج ـ

flash point, n. (کیمیا) نقطۂ اشتعال ؛ وہ کم سے کم درجۂ حرارت جس پر کوئی احتراقی سیال اتنی بڑی مقدار میں بخارات چھوڑنے لگے کہ آگ دکھانے سے فوراً جل اٹھے ؛ بھڑک بِندی ـ

flash-tube, n. (عکّاسی) گیس بھرا شیشے کا بلب جس کو بجلی کے ذریعے جلائیں تو وقتی چمک کے ساتھ مطلوبہ چیز کو روشن کر دیتا ہے ؛ فلیش بلب ـ (برقیات) گیس سے بھری ہوئی برقیاتی نلی جو گردش پیما کو تابدار روشنی کی چمک مہیّا کرنے کے لیے استعمال کی جائے ـ

flashy, a. بھڑکدار ؛ چمکیلا یا تابدار (مصنوعی یا عارضی طور طریقے سے) ؛ پُر نمود ؛ طمطراقی ؛ لامع ؛ ظاہری نمایش والا ـ

flask, n. فلاسک ؛ چھاگل ؛ ایک قسم کی بوتل ؛ تنگ گردن شیشے کی گول سی صُراحی (جو عموماً تجربہ گاہوں میں استعمال ہوتی ہے) ؛ دھات کا کوئی چھوٹا سا چپٹا برتن جس میں شراب ڈال کر اپنے ساتھ لیے پھریں ؛ ساتھ اٹھائے پھرنے والی بارُود کی پیٹی ؛ ڈھلائی کے کارخانے میں کسی فونڈری کا وہ ظرف جس میں ڈھلائی میں کام دینے والی ریت رکھی جائے ـ

flasket, n. چھاگلی ؛ چھوٹا فلاسک ؛ چھوٹی بوتل/صراحی ـ

flat, a. افقی اور چپٹا ؛ مُسطّح ؛ ہموار ؛ اتار چڑھاؤ کے بغیر؛ سپاٹ ؛ سطحِ زمین کے برابر ؛ زمین بوس ؛ یوں پڑا ہوا یا پڑی ہوئی کہ ایک سطح کسی دوسرے کا سہارا لیے ہوئے ہو ؛ ہموار صورت ؛ کم گہرا یا گہری (جیسے : flat dish) ؛ قطعی اور مطلق (جیسے : flat denial) ، غیر دلچسپ ؛ اکتا دینے والا ؛ بے جان ؛ بے ذائقہ یا باسی ؛ جس کا ابال ختم ہو چکا ہو (جیسے : a flat beer) ؛ سیدھا جس میں سے ہوا نکل گئی ہو (جیسے : a flat tire) ؛ بے آب و تاب؛ رنگ و روغن کے بغیر؛ مقررہ و معیّن ؛ غیر متبدِّل ؛ غیر عمیق ؛ یک رنگ و یکساں ؛ کاروباری طور پر نکمّا، سُست ؛ پورا پورا ، مطابق ، بروقت (جیسے one minute flat) ـ (موسیقی) وہ سُر جو طبعی چڑھاؤ سے بقدر نیم سُر نیچے کر دیا گیا ہو ، جو تیز یا طبعی نہ ہو ـ (گرامر) شکل میں تبدیلی کے بغیر مشتق یا ماخوذ ـ (عوامی) تہی دست ؛ قلاش ؛ دیوالیہ ـ (عکّاسی) دھندلا ـ (متعلِق فعل) قطعی طور سے ؛ بے کم و کاست ؛ پوری طرح ـ (موسیقی) موزوں سُرتال سے کم ـ (مالیات) بلاسود ؛ بلا منافع ـ

flat, n. سپاٹ شے یا کوئی چیز جو چپٹی ہو ؛

کسی چیز کا چپٹا حصّہ یا پہلو ؛ سپاٹ میدان ؛ زمین کا ہموار رقبہ ۔ (بول چال) وہ ٹائر جس میں سے ہوا نکل چکی ہو۔ (موسیقی) علامت (ط) جو کسی سُر کے پہلے یا کلیدی تختے پر یہ ظاہر کرنے کے لیے لگائی جائے کہ اس درجے کے تمام سُر یا ان کے آٹھوں سر (octave) نیم سُر تک مدھم ہو جائیں گے ؛ اس طرح مدھم کیا گیا سُر۔ (تھیٹر) کینوس پر بنا ہوا اسٹیج منظر کا وہ حصّہ جو لکڑی کے چوکھٹے میں جڑا ہوا ہو ؛ رہایشی عمارت کی ایک منزل ؛ فلیٹ ؛ کسی عمارت کی ایک ہی منزل پر کمروں کا سیٹ جسے رہایش کے طور پر استعمال کیا جائے ؛ کوئی عام سا کم گہرا ڈبہ جس میں پنیری لگائی جا سکے ۔ (بصورت جمع) عورتوں کی چھوٹی ایڑی والی یا ایڑی کے بغیر جوتی ؛ سیدھی جوتی ؛ کوئی نشیبی یا جزواً پچکا ہوا قطعۂ زمین ؛ پایاب یا کم گہرے پانی والی جگہ یا دلدل ؛ پایابہ۔

flat, v.t. (موسیقی) سُر کو دھیما کرنا (عموماً آدھا سُر اٹھا کر)۔ (فعل لازم) چپٹا ہونا ؛ بے سُرا گانا۔

flat boat, flatbottom, ... سپاٹ کَشتی ؛ ایک بڑی سی چپٹے تلے والی کشتی جسے کم گہرے پانی میں (خصوصاً دریاؤں میں) چلایا جاتا ہے ۔

flat car, n. ریل پٹڑی پر چلنے والی امریکی مال گاڑی : اس کا پلیٹ فارم تو ہوتا ہے لیکن چھت یا جنگلا نہیں ہوتا اسے پلیٹ فارم کار بھی کہتے ہیں۔

flat fish, n. چپٹی مچھلی : ہلی بٹ ، فلاؤنڈر اور سَول میں سے کوئی مچھلی ، اس کا جسم پچکا ہوا ہوتا ہے ، یہ پہلو کے بل تیرتی ہے اور بلوغت میں دونوں آنکھیں اُوپر کی جانب اٹھائے رکھتی ہے ۔

flat foot, n. (امراضیات) سپاٹ پیر ؛ چپٹا پاؤں ؛ ایسی حالت جس میں پاؤں کا تلوا چپٹا ہو جاتا ہے اور پورا تلا زمین پر لگا رہتا ہے ؛ اس شکل کا انسانی پاؤں ؛ چپٹ پایا ؛ رَوحُ القدم۔ (عوامی) پولیس مین ؛ سپاہی ؛ شُرطہ ۔

flat-footed, a. چپٹا پا۔ (بول چال) چپٹے پاؤں والا ؛ کسی معاملے میں سمجھوتا نہ کرنے کا رویہ اختیار کرنے والا ؛ ضدی یا دھن کا پکّا ؛ واضح یا عیاں ۔

flat hat, v.i. (عوامی) طیّارے کو اندھا دھند اڑانا ؛ خطرناک حد تک نیچی پرواز کرنا ۔

Flat head, n. امریکا کے قدیم انڈین کا ایک چھوٹا قبیلہ جو مونٹانا کے شمال مغرب میں آباد ہے ؛ چنوک انڈین۔

flat iron, n. اِستری ؛ چپٹے تلے والا لوہا جس سے کپڑے استری کرتے ہیں ؛ کپڑوں پر استری کرنے کا لوہا۔

flat silver, n. نقرئی ظُرُوف ؛ کھانے کے چاندی کے برتن ؛ پتیلے برتن ۔

flatten, v.t. چپٹا کرنا ؛ ہموار کرنا ؛ سپاٹ بنانا ؛ اوندھا کرنا ۔ (فعل لازم) چپٹا ہونا ؛ سپاٹ ہونا ؛ ہموار ہونا۔

flatten out, ہموار ہو جانا یا استوار ہو جانا ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کو یوں اڑانا کہ وہ افقی پرواز کی صورت اختیار کر لے ۔

flatter, v.t. تملُّق کرنا ؛ کاسہ لیسی کرنا ؛ مدح سرائی کرنا ؛ چاپلُوسی کرنا ؛ حد سے زیادہ تعریف یا دکھاوے کے آداب سلام کر کے (خصوصاً کسی ذاتی مطلب یا جذبے کے تحت)کسی کا من موہ لینا ؛ خوش آیند خیالات کے ساتھ کسی کو خُوش کرنا ؛ مطلب برآری کے لیے کسی کی جُھوٹی تعریف کرنا ؛ مبالغہ آرائی کرنا (کسی کے معاملے میں) ؛ غلط امیدیں بندھوا کر کسی کی حوصلہ افزائی کرنا یا اسے گمراہ کرنا ؛ چرب زبانی کرنا ۔ (فعل لازم) خوشامد سے کام لینا ۔

flatterer, n. خوشامدی ۔

flatteringly, adv. خوشامدانہ ۔

flatter, n. پتک ؛ سپاٹ ؛ ہتھوڑا ؛ کسی شے کو چپٹا کرنے والا شخص یا کوئی چیز؛ خصوصاً آہن گر کا چوڑے مُنہ والا ہتھوڑا ۔

flattery, n. کاسہ لیسی ؛ تملّق ؛ مدح سرائی ؛ خوشامد ؛ چاپلوسی ؛ مبالغہ آمیز غیر مخلصانہ توصیف ۔

flat top, n. امریکی بحریہ ۔ (بول چال) طیارہ بردار جہاز۔

flatulent, a. نفّاخ ؛ ریاح سے بھرا ہوا ؛ بادی (ریاحی) ؛ غذائی نالی میں پیدا ہونے والی گیسوں کے زیر اثر یا ان کی زد میں آیا ہوا شخص ؛ معدے میں گیس پیدا کرنے والی یا کوئی ایسی ممکنہ چیز جو گیس کا باعث بنے ؛ لاف زن ؛ ڈینگیا ، شیخی باز۔

flatulence, flatulency, n. ریحیت ؛ نفخ یا تبخیر کا مرض ؛ اپھراؤ۔

flatus, n. (امراضیات) ریح ؛ بادِ شکم ؛ پیٹ ، انتڑیوں یا جسم کی دیگر خالی جگہوں میں ہوا کا بھر جانا ؛ ریاح ؛ بائی ؛ باؤ۔

flat ware, n. سلوری ظروف ؛ چاندی کے یا چاندی چڑھے کھانے کے برتن ، اسے flat silver بھی کہتے ہیں ؛ میز پر رکھّا جانے والا کوئی برتن جو کم و بیش چپٹا سا ہو (جیسے تھالی) ۔

flat wise, flat ways, adv. کنارے کے بجائے چپٹی جانب کے ساتھ ۔

flatwork, n. کوئی ایسی چیز جیسے چادر یا میز پوش جس کی سلوٹیں دستی استری کے بجائے مشینی استری سے دُور کی جا سکیں۔

flatworm, n. (حیاتیات) کینچوا ؛ چپٹا کیڑا ؛ چپٹا دُودا ۔

flaunt, v.i. طمطراق دکھانا ؛ خودنمائی سے چلنا یا اکڑفوں کا کام کرنا ؛ فخریہ طور سے لہرانا ؛ زرق برق یا بھڑکیلا ہونا ۔ (فعل متعدّی) طمطراق سے ، گستاخانہ یا جارحانہ طور پر نمود و نمایش دکھانا ۔ (اسم) طمطراق ؛ اکڑفوں ؛ نمودونمایش ۔

flaunty, flaunting, a. نمودیا ؛ ظاہر دار ؛ خودنما ؛ نفرت انگیز یا ناشایستہ حد تک دکھاوا کرنے والا ؛ بے ہودگی کے ساتھ نمایش کرنے والا ۔

flautist, n. دیکھیے : flutist ۔

flavin, n. (کیمیا) فَلَیون : ایک زرد نباتاتی رنگ جو لحمی خوشبویات کا ایک جزو ہوتا ہے ۔

flavine, n. (کیمیا) فَلیوینَ ؛ ایکری فلیون ہائیڈروکلورائیڈ جِسے دافع جراثیم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

flavoprotein, n. (حیاتی کیمیا) لحمی خوشبویات : ایک زرد خامرہ (enzyme) جس میں ایک لحمیہ رائبو فلیون والے رقیق خامرے کے ساتھ ملا ہوتا ہے اور ریشوں کے تنفُّس میں ہائیڈروجن کے اخراج میں عمل انگیز کا کام دیتا ہے ۔

flavor, (Brit.), flavour, n. مزا ؛ خوشبُو ؛ مہک ؛ ذائقہ ؛ کسی شے کا وہ وصف جو ذائقے کو متأثر کرتا ہے ؛ کوئی ذائقہ بخش شے ؛چاشنی ؛

چسک ؛ کسی شے کی اُمتیازی خصوصیت ۔ (قدیم) بُو یا مہک ۔ (فعل متعدی) ذائقے دار کرنا یا کسی طرح کی لذت پیدا کرنا ۔

flavorous, flavorful, flavorsome, a. مزے دار ؛ لذت دار ؛ ذائقہ دار ؛ پُرذائقہ ۔

flavorless, a. بے مزا ؛ بے ذائقہ ۔

flavoring, flavouring, n. ذائقی ؛ کوئی شے جو ذائقہ دار بنانے کے لیے استعمال کی جائے ؛ چٹ پٹی ؛ مسالے دار ۔

flaw, n. ادھورا پن ؛ نقص ؛ قصور ؛ درز یا دراڑ ؛ کسی قانونی دستاویز کی کوئی خامی یا سقُم جس سے اس کے غیر موثر ہو جانے کا امکان ہو ۔ (فعل متعدی) کسی میں کوئی خامی یا نقص پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) ناقص ہونا ۔

flaw, n. جھکڑ ؛ اچانک چل پڑنے والا ہوا کا تیز اور زور دار جھونکا ؛ ہلکا طُوفان ؛ طوفانی موسم کا زودگزر عرصہ ۔

flax, n. سن جنس کا کوئی پودا : سَن ایک نازُک سا سیدھے قد والا اور فصلی پودا ہے ، اس کے پُھول نیلے ہوتے ہیں اور یہ اپنے ریشے کی خاطر کاشت کیا جاتا ہے ، یہ ریشہ دھاگا بنانے اور کپڑا بنانے کے کام آتا ہے ۔

flaxen, flaxy, a. سَن کا بنا ہوا ؛ غیر صاف شُدہ سَن کے رنگ کا ؛ کاہی رنگ کا پیلا ؛ زردی مائل رنگ والا ؛ بُھورا ۔

flax seed, n. اَلسی ؛ سن کا بیج ؛ اس سے السی کا روغن تیّار کیا جاتا ہے ، بعض ادویات میں بھی اسے استعمال کیا جاتا ہے ۔

flay, v.t. کھال کھینچنا ؛ کھال ادھیڑ دینا (کوڑے مار کر) ؛ سخت تنقید کا نشانہ بنانا ؛ چکمہ دے کر کسی کی مال و دولت اڑا لینا ؛ لُوٹنا ، ٹھگنا ۔

F layer, n. (موسمیات) ف طبق ؛ آئیونی حلقے کا رقبہ جو ف منطقہ میں سطح زمین سے ۸۵ اور ۲۲۰ میل کے درمیان بلند ہوتا ہے ، اس میں ف (ایک) پرت تو برابر دکھائی دیتا رہتا ہے لیکن ف (دو) بھی موجود ہوتا ہے جو صرف دن کے وقت نظر آتا ہے اور اس کی برقیاتی کثافت کم تر ہوتی ہے ۔

flea, n. پسوّ : ایک چھوٹا سا بے پَر خون چوس کیڑا ، یہ گرم خون جانوروں سے چمٹا رہتا ہے اور نسبتاً خاصی دور تک کود کر جا سکتا ہے ۔

a flea in one's ear, (عوامی) کٹیلی اور پریشان کن ملامت یا دُھتکار ؛ اشارا ۔

flea bane, n. پِسّو مار گھاس ؛ ایک پودا جس کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ مکھی اس کے پاس نہیں بھٹکتی اور آتی ہے تو مر جاتی ہے ۔

flea beetle, n. پھدکنے والے چھوٹے بھونروں کی ایک قسم : یہ پودوں ہی پر پلتے ہیں اور ہوپ (hop) قسم کے پودے ان کی آماجگاہ ہوتے ہیں ۔

flea bite, n. پِسو کاٹ ؛ پسو کے کاٹنے سے جلد پر بن جانے والا سُرخ نشان ؛ معمولی سا زخم یا درد ۔ (عوامی) معمولی سی تکلیف یا زحمت ۔

flea bitten, a. پِسّو کاٹا یا پسو کاٹنے کے دھبوں سے ڈھکا ہوا ۔ (عوامی) خستہ حال ؛ تھکا ماندہ ؛ ان گھوڑوں سے متعلق جن کی سفید جلد پر سرخی مائل بھوری دھاریاں یا چھوٹے چھوٹے دھبّے ہوں ۔

fleam, n. (جرّاحی) نیشتر ؛ فصد لینے کے کام آنے والا نشتر ؛ آلۂ جرّاحی ۔

flea market, n. کباڑی منڈی ؛ (یورپ میں بالخصوص) جہاں سستی اور استعمال شُدہ اشیا فروخت ہوتی ہوں ۔

fleche, n. ایک کم موٹائی والا مخروطی مِینار جو گرجا گھر کے وسطی حصّے اور اس کے بازوؤں کے متقاطع مقام پر بنا ہوتا ہے ۔ (عسکری) قلعے کا وہ باہر کو نکلا ہوا حصہ جس کی تین دیواروں میں سے دو دیواریں مل کر باہر کی طرف کونا بنا رہی ہوں ۔

fleck, n. دھبّہ ، داغ ، جھائی ؛ چھوٹا سا ٹکڑا (معمولی سی چیز) ۔ (فعل متعدی) دھبّے دار کرنا ؛ دھاریاں ڈالنا ؛ لہریا بنانا ۔

flection, flexion, n. خمیدگی ؛ بدن کے کسی عضو کو جُھکانے کا عمل ؛ خمانی (جھکانے والے) پٹھے سے کام لے کر کسی عضُو کو جُھکانا ؛ خم کھایا ہوا یا کمان کی طرح جُھکا ہوا حصّہ ؛ خم ۔ (گرامر) گردان ۔

fledge, v.i. اُڑنے کے لیے نوخیز پرندے کے بال و پر نکلنا ۔ (فعل متعدی) اڑنے کے قابل ہو جانے تک پرندے کو پالنا ؛ پروبال والا بنانا یا یوں کر دینا جیسے پروبال لگ گئے ہوں ؛ پَر لگانا جیسے تیر کو ۔

fledgy, a. پَر دار ؛ روئیں دار ۔

fledgling, fledgeling, n. چُوزہ ؛ نوپرواز ؛ نوپر ؛ نوخیز ۔ (مجازاً) ناتجربہ کار ۔

flee, v.i., v.t. بھاگ کھڑا ہونا (خطرے یا پیچھا کرنے والوں سے) ؛ رفو چکّر ہو جانا ؛ جلدی سے باہم الگ ہونا یا چل دینا ؛ گولی کی طرح تیز جانا ؛ اُڑنا یا سریع الحرکت ہونا ؛ گریز کرنا ؛ فرار ہو جانا ؛ کسی جگہ یا شخص سے دور بھاگ جانا ؛ بھاگ کر کسی سے پیچھا چھڑا لینا یا دور رہنا ۔

fleece, n. پشم ؛ اُون ؛ بھیڑ وغیرہ کی کھال پر اُگے ہوئے اُونی بال ؛ بھیڑ کی کھال سے یکبارگی اتاری ہوئی اُون ؛ وصف ؛ وضع یا بُنت میں اُون سے ملتی جلتی کوئی شے ؛ نرم و دبیز پارچہ خصوصاً جو کوٹ کے استر کا کام دے ؛ ایسے کپڑے کا تہ در تہ ڈھیر ۔ (فعل متعدی) بھیڑوں سے اُون کترنا ؛ مال و متاع ہتھیا لینا ؛ شکار بنانا ؛ چکمہ دینا ؛ اُون کے گالوں کی طرح کسی شے سے کسی جگہ کو بھر دینا یا دھبّہ دھبہ بنا دینا (جیسے : The fluff of the cotton wood trees fleeced the landscape) ۔

fleeced, a. اُونی ؛ پشم دار ؛ جس پر اُون یا نرم روئیں سے ہوں ؛ روئیں دار ؛ مونڈا ہوا ۔

fleecy, a. اُونی ؛ اُون سے ڈھکا ہوا ؛ اُون کا بنا ہوا ؛ اُون کا سا یا نرم روئیں والا ؛ پشمی ۔

fleer, v.i. طعنے دینا ؛ آوازے کسنا ؛ مُنھ چڑانا ؛ ہنسی اڑانا ؛ مذاق یا تمسخرّ اڑاتے ہوئے ہنسنا ؛ بھونڈی ہنسی ہنسنا ؛ تمسخرّ سے کام لینا ۔ (فعل متعدی) اظہارِ حقارت کرنا ؛ مذاق اڑاتے ہوئے کسی پر ہنسنا ؛ پھبتی کَسنا ؛ مُنھ بنانا ۔ (اسم) تمسخر بھری نگاہ ؛ تحقیر ؛ پھبتی ؛ طعن و تشنیع ۔

fleeringly, adv. تمسخرانہ ؛ طعن بھرے انداز میں ۔

fleet, a. تیز قدم ؛ پُھرتیلا ؛ سبک اور سریع رفتار ۔ (فعل لازم) تیزی سے چلنا یا اُڑنا ؛ جلدی میں ہونا ۔ (جہاز رانی) پوزیشن

یا مقام بدلنا (جہاز کا) ۔ (فعلِ متعدی) سطح کو چھوتے ہوئے گزر جانا تیزی سے گزرنا یا گزارنا (جیسے وقت وغیرہ کا) ۔

fleet, n. بیڑا ؛ قطار ؛ فلیٹ ؛ سلسلہ ؛ مسلّح بحری جہازوں کا بیڑا ؛ کسی ایک افسر یا حکومت کے زیر کمان جنگی جہازوں کی مخصوص تعداد ؛ جہازوں یا کشتیوں کا وہ سِلسلہ جو اکٹھا جا رہا ہو ؛ ایک ہی بیڑے کا حصہ ہو یا کسی بھی طرح سے اشتراک میں ہو ؛ نقل و حمل کا وہ سِلسلہ جو شخصِ واحد کی ملکیت ہو یا وحدت یا یونٹ کے طور پر زیر عمل ہو (جیسے طیّارے ، ٹرک یا موٹر کاریں وغیرہ) ؛ تانتا ۔

fleet admiral, n. فِلیٹ ایڈمرل ؛ بیڑے کا امیرالبحر ؛ اکثر ممالک کی بحریہ کا سب سے بڑا عُہدہ جو برّی فوج کے جنرل کے برابر ہوتا ہے ؛ اس عہدے کا حامل ۔

fleeting, a. عارضی ؛ کم دورانیے کا ؛ زود گزر ؛ کم بُود (جیسے لمحات گزراں) ۔

Fleet Street, n. فلیٹ سٹریٹ ؛ لندن کی اخباری دنیا کا مرکز ۔ (مجازاً) برطانوی پریس ۔

Fleming, n. فلیمنگ ؛ فلینڈرز کا رہنے والا ؛ فلینڈرز کی زبان بولنے والا ؛ مغربی بلجیم ، شمالی فرانس اور جنوب مغربی نیدرلینڈ (ہالینڈ) کے ملحقہ صوبوں کا گروہ ۔

Flemish, a. فلینڈرز یا وہاں کے لوگوں یا ان کی بولی سے متعلّق ؛ فلینڈری ۔ (اسم) فلینڈرز کے لوگ ؛تشیبی جرمنی علاقے کی بولی جو ولندیزی بولی سے بہت ملتی جُلتی ہے ۔

flense, v.t. وھیل یا دریائی بچھڑے کی چربی یا کھال اتارنا ۔

flesh, n. لحم ؛ گوشت یا ماس (جانوروں کا) جسے غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے؛ مَٹن ؛ بِیف (اس میں بعض اوقات مچھلی اور پرندوں وغیرہ کو شمار نہیں کرتے)؛ بکرے کا گوشت؛ بدن ؛ لوتھ ؛ انسان کی طبعی یا حیوانی جبلت (بمقابلہ اخلاقی یا روحانی) ؛ نوعِ انسانی ؛ جاندار مخلوق ؛ قبیلہ یا عزیزداری ؛ کسی پھل یا سبزی کا نرم گودے والا حصّہ ؛ جسمِ حیوانی کی جلد (خصوصاً رنگ کے حوالے سے) ۔(فعل متعدی) گوشت کھلانا (شکاری کُتّے یا باز وغیرہ کو) تا کہ اسے شکار کے تعاقب کا چسکا پڑے؛ لڑائی یا خونریزی کا عادی بنانا یا اس پر اُبھارنا (ابتدا میں اس کا تجربہ کروانے کے بعد) ؛ ایک بار چسکا ڈال کر جذبات یا شوق کو بھڑکا دینا ؛ گوشت سے ڈھانک دینا یا اس کی تہ چڑھانا ؛ کھالوں کے ساتھ چمٹے ہوئے گوشت کو الگ کرنا ؛ کسی ہتھیار وغیرہ کو گوشت میں گھونپنا ؛ گوشت دار یا لحیم بنانا ۔

flesh out, وجود بخشنا ؛ مفہوم دار بنانا ۔

flesh color, n. لحمی رنگ ؛ لون اللحم ؛ گلابی مائل کریم رنگ ؛ یہ سفید فام نسل کا رنگ خیال کیا جاتا ہے ۔

flesher, n. قصاب ؛ قصائی ؛ کھال سے چمٹے ہوئے گوشت کو اُتارنے والا شخص ؛ کھال سے گوشت نوچنے کا اوزار ۔

flesh fly, n. ماس مکھّی ؛ زندہ انسان یا حیوان کے گوشت پر بیٹھ کر انڈے دینے والی مکھّی ۔

fleshings, n. جلدی رنگ جیسا چست لباس ؛ کھال سے کُھرچے ہوئے گوشت پارے ۔

fleshly, a. گوشت یا بدن کا یا ان سے متعلّق ؛ جسمانی ؛ مادّی یا حیوانی ؛ شہوانی ؛ نفسانی یا کامی (جیسے : fleshly appetites) ؛ روحانی کی بجائے دنیوی ۔

fleshliness, n. شہوانیت ۔

flesh pot, n. لحم یا گوشت رکھنے کا برتن ؛ وہ جگہ جہاں جنسی تلذّذ اور خوش وقتی کے اسباب مہیّا کیے جائیں (جیسے تعیّشی ، نائٹ کلب وغیرہ) ۔ (جمع) عیش پرستانہ زندگی کی مادی آسایشیں اور جنسی شادکامیاں یا تن آسانی کی زندگی ۔

fleshy, a. فربہ ؛ لحیم شحیم ؛ بہت گوشت والا ؛ موٹا تازہ ؛ ہٹّا کٹّا ؛ گوشت کا یا گوشت سے متعلق ؛ گوشت گوں شے کا بنا ہوا ، پھل کی طرح گودے دار اور سخت ۔

fletch, v.t. پر لگانا یا پروں سے لیس کرنا جیسے تیر کو ۔

fletcher, n. پیکان ساز ؛ تیر ساز ؛ تیر فروش ؛ تیرکمان فروش ۔

Fletcherism, n. فلیچریت ؛ غذا کو چبانے کا عمل ؛ غذا کو دانتوں سے خوب چبا چبا کر لعابی بنا کر کھانے کا کام ؛ صحت بحال رکھنے کے لیے ہوریس فلیچر ۱۸۴۹ - ۱۹۱۵ء اور بعض دوسرے ماہرین غذا اس کا پرچار کرتے تھے ۔

fleur-de-lis, fleur-de-lys, n. سوسن مارکہ ؛ کنول پھول ؛ زنبق ؛ شوکت شاہی کا مظہر ایک آرایشی پُھول جو سوسن یا کنول پُھول کی طرح تین پنکھڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے اور گُچھے کی صُورت میں ایک پتّی سے باندھ دیا جاتا تھا ؛ فرانس کا شاہی نشان ، فرانس کا شاہی خاندان بالخصوص اِسے امتیازی نشان کے طور پر استعمال کرتا تھا ؛ کنول پُھول یا اس کا پودا ۔

fleury, flory, a. (نقابت) سوسن یا کنول کے پھولوں سے آراستہ ؛ وہ صلیب جس کے دونوں بازو یا ایک بازو کا بالائی حصہ زنبق یا سوسن مارکہ (fleur-de-lis) نشان پر ختم ہوتا ہو ۔

flews, n., بعض جاسوس کُتّوں کے اوپری ہونٹ کے لمبے لٹکتے ہوئے حصّے؛ کھانڈے ۔

flewed, a. ایسے اوپری ہونٹ والا ؛کھانڈو ۔

flex, v.t. توڑے بغیر جُھکانا ؛ خم دینا ؛ سکیڑنا (جیسے پٹّھے وغیرہ کو) ۔ (فعل لازم) تہیں بنانا ؛ بکسوا لگانا ۔ (اسم) خم دینے کا عمل ۔ (برطانوی) آسانی سے مڑ جانے والا برقی تار ۔ (ریاضی) وہ نُقطہ جہاں سے کوئی خم محدّب سے مُجوّف صورت اختیار کرتا ہے ؛ نُقطۂ انحنا ۔

flexible, flexile, a. لچک پذیر ؛ لچکیلا ؛ لچیلا ؛ خم پذیر ؛ خم کھانے کی صلاحیت لیے ہوئے ؛ لچکدار ؛ آسانی سے جھکایا جا سکنے والا ؛ بغیر ٹوٹے مڑ جانے والا ؛ دلائل یا ترغیب پذیر ؛ ڈھل سکنے والا یا قابلِ ترمیم ؛ غیر مستقل ؛ متلوّن ۔

flexibility, n. لچک پذیری ؛ نرمی ؛ لوچ؛ لچک ۔

flexion, n. دیکھیے : Flection ۔

flexitime, n. لچکدار اوقات ؛ اوقات کار کا لچکدار اختیاری نظام جس میں کارکن کو حسبِ دلخواہ اوقات تبدیل کرنے کی اجازت ہے ، بشرطیکہ کام کے مقررہ گھنٹے پورے کر دیے جائیں ۔

flexor, n. (تشریح الاعضا) عضلۂ عطفی ؛ وہ عضلہ یا پٹّھا جو کسی جوڑ کو لچکانے یا جُھکانے کا کام دے ؛ عُضلۂ قابضہ ؛ جوڑ لچکاؤ پٹّھا ۔

flexuous, flexuose, a. خمیدہ ؛ بل کھاتا ہوا یا خم کھایا ہوا ؛ مڑا ہوا ؛ متذبذب ؛ پیچاں ؛ اتار چڑھاؤ رکھنے والا ۔

flexure, n. خمیدگی ؛ جُھکاؤ ؛ خم ؛ خاؤ ؛ موڑنے یا جُھکانے کا عمل ؛ مڑے یا جُھکے ہونے کی حالت ؛تہ ؛ خم‌کھائی ہوئی کوئی شے یا حصّہ ۔

flibberti gibbet, n. بکواسی یا باتونی (عموماً عورت) ۔

flic, n. (بول چال) پیرس کی پولیس کا سپاہی (پُلسیا) ۔

flick, n. چابک یا انگلی سے ہلکی سی ضرب یا چوٹ جو اچانک لگ جائے ؛ اس طرح پیدا ہونے والی آواز ؛ فوری حرکت (جیسے : a flick of the wrist) ؛ جھٹکے سے پھینکی ہوئی کوئی شے (جیسے : a flick of a spray) ۔ (عوامی) مووی (متحرّک فلم) ۔ (فعل متعدی) چابک یا انگلی سے ہلکی چوٹ مارنا ؛ اس طرح کی ضرب کے ذریعے ہٹا دینا ؛ اچانک ہلکی ضرب یا جھٹکے سے حرکت کرنا ۔ (فعل لازم) جھٹکے یا جھٹکوں سے چلنا ؛ پھڑپھڑانا ۔

flicker, v.i. جلنا ؛ چمکنا یا ایک جیسی روشنی نہ دینا ؛ لڑکھڑاتے ہوئے چلنا ؛ کانپنا یا تھرتھرانا ؛ لرزنا ؛ سائے کے طور پر نظر آنا جیسے جھلک سی دکھا کر غائب ہو جانا ۔ (فعل متعدی) چمک ، تھرتھراہٹ ، پھڑپھڑاہٹ وغیرہ پیدا کرنا ۔ (اسم) ٹمٹماہٹ ؛ جھلملاہٹ ؛ چمک ؛ تھرتھراہٹ ، جھلک وغیرہ (جیسے : He was gone in a flicker) ۔ بُدبُد زرّیں ؛ بھوری سی پشت والا کٹھ بڑھئی

flicker, n. جس کی دم سفید ہوتی ہے اور اصلاً شمالی امریکا کا پرندہ ہے۔

flicker tail, n. گلّو ؛ موش خرما ؛ چیلو ؛ روکھی ؛ ایک قسم کی گلہری جو شمال مشرقی امریکا اور کینیڈا میں عام پائی جاتی ہے ۔

flier, flyer, n. اڑنے والا جیسے کوئی اڑنے والا کیڑا ؛ پتنگا ؛ ہوا باز ؛ تیز رو شخص یا شے ؛ مشین کا تیزی سے چلنے والا پُرزہ۔ (بول چال) اڑتی ہوئی پھلانگ یا کود ؛ اپنے معمول کے کاروبار سے ہٹ کر سرمایہ کاری کرنا ؛ سیدھی سیڑھی کا ایک زینہ ؛ اصلاً دستی اشتہار اور اب کسی مخصوص فروخت یا کھیل وغیرہ کا وہ اشتہار جسے دست بدست تقسیم کیا جائے یا ترسیلی ڈاک سے یا پمفلٹ کی صورت میں بھیجا جائے۔

flight, n. اُڑان ؛ پرواز ؛ اڑنے کا عمل ، انداز یا طاقت ؛ ہوائی سفر یا بذریعہ طیّارہ پرواز (جیسے : He left on the morning flight) ؛ فاصلہ یا راستہ جو کسی اُڑنے والی شے نے طے کیا ؛ فضا میں اکٹھے اڑنے یا گزرنے والے افراد یا اشیا کی تعداد (جیسے : a flight of doves or swallows) ؛ میزائل کی سی تیز رفتاری ۔ (مجازاً) عام حدود سے بلند پرواز کرنا یا پرے نکل جانا (جیسے : a flight of fancy) ؛ دو ملحقہ فرودگاہوں کے درمیان کی سیڑھیوں وغیرہ کا سلسلہ ؛ ایک ہی سمت میں اُوپر جاتا ہوا سیڑھیوں کا سلسلہ ؛ امریکی فضائیہ میں چار یا چار سے زیادہ طیاروں کا جنگی یونٹ ۔ (تیر اندازی) دور تک مار کرنے والا ہلکا تیر ؛ ایسے تیروں کی نشانہ بازی کا مقابلہ ۔ (فعل لازم) جنگلی پرندوں کا پرے باندھ کر اڑنا ۔

flight, n. فرار ؛ جلدی سے یا عجلت کی روانگی ؛ بھاگ جانے کا عمل ؛ دوڑ دھوپ ۔

flight control, n. (طیرانیات) فلائٹ کنٹرول ؛ پرواز کے دوران طیارے کو قابو میں رکھنے کا عمل (خصوصاً ریڈیائی رابطے سے یا برقیاتی طریقوں سے) ؛ ضبط پرواز ؛ عنان گیریٔ پرواز ۔ (اکثر بڑے سے) وہ ایجنسی ، آلہ یا طریقہ جس کے ذریعے یہ ضبط قائم رکھا جائے ۔ (جمع) ان تمام بیرموں ، تاروں اور طریقوں کا نظام جس سے طیّارے کی نقل و حرکت قابو میں رکھی جاتی ہے ۔

flight deck, n. عرشۂ پرواز ؛ فلائٹ ڈیک ؛ بحریہ میں کسی طیّارے بردار کا وہ عرشہ جو دوڑ پٹّی (رن وے) کا کام دے اور جہاں سے ہوائی جہاز اڑ سکیں اور اتر سکیں ؛ طیّارہ بردار جہاز کا بالائی عرشہ ۔ (طیرانیات) بیشتر طیّاروں کے اندر سامنے کی وہ جگہ جہاں سے دورانِ پرواز طیّارہ چلایا جاتا ہے ۔

flight engineer, n. فلائٹ انجینئر ؛ پروازی انجینئر ؛ طیّارے کے عملے کا وہ رُکن جو زیر پرواز طیّارے کی میکانکی کارکردگی کا ذمّہ دار ہوتا ہے ۔

flight feather, n. (طیوریات) پرِ پرواز ؛ پرندے کے بازو کا وُہ ایک لمبا اور مضبوط حصّہ جو اڑنے کے لیے ضروری ہوتا ہے ۔

flight lieutenant, n. فلائٹ لیفٹیننٹ ؛ انگلینڈ اور کینیڈا کی شاہی فضائیہ کا ایک کمیشن یافتہ عُہدہ جو امریکی فضائیہ کے کپتان کے برابر ہوتا ہے ؛ اس عہدے کا حامل شخص ۔

flight path, n. (طیرانیات) ہوائی راستہ ؛ وہ راستہ جس پر طیّارے ، گولے یا میزائل وغیرہ فضا میں محو پرواز ہوں یا جو راستہ بنائیں ؛ دورانِ پرواز کسی طیّارے کے مرکز ثقل کا راستہ ۔

flight surgeon, n. (طیرانیات) فلائٹ سرجن ۔ (اکثر و بیشتر بڑے F سے) فضائیہ کا وہ طبّی افسر جو فضائی عملے کی طبّی ضرورتوں کا خیال رکھنے کے لیے تربیّت یافتہ ہو۔

flighty, a. اچانک اور خلاف عقل توہمات کا شکار ؛ مذبذب ؛ وحشت زدہ ؛ وہمی ؛ مُتذبذب ؛ من موجی ؛ قدرے ہذیانی یا بہکی بہکی ہانکنے والا ؛ تھوڑا سا خبطی ۔

flim flam, n. (بول چال) دھوکا ؛ مکر ؛ داؤ ؛ چال ؛ چالبازی ؛ فریب ؛ محض بکواس ؛ لغو ؛ بے معنی بات ۔ (فعل متعدی) داؤ کھیلنا ؛ جُل دینا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ۔

flimsy, a. تھوتھا ؛ کمزور ؛ کم مُحکم ؛ غیر اہم ؛ جسے ذہن قبول نہ کرے ؛ نازک ؛ ناپایدار ؛ بے وقعت ؛ بودا ؛ کچا ؛ پوچ ؛ جھرجھرا ؛ باریک ۔

flimsy, n. مُثنیٰ تیّار کرنے کے ٹائپ رائٹر پر برتا جانے والا پتلا سا لیکن مضبوط کاغذ ؛ اس کاغذ پر اتاری گئی مُثنیٰ ۔

flinch, v.i. درد یا خطرے سے پیچھے ہٹ جانا یا جُھک جانا؛ جھجکنا ؛ جھرجھری لینا ؛ چوکنا ۔ (کروکی) ایک کھیل (کروکی) میں اپنے پاؤں کو پھیلا کر مخالف کی گیند کو ٹھوکر مارتے ہوئے دور پھینک دینا ۔ (اسم) پاؤں پھیلا کر گیند کو ٹھوکر مار کر دور پھینکنے کا عمل ۔

flinders, n. (جمع) کھپچیاں ؛ ریزے ؛ پُرزے ؛ ٹُکڑے ؛ پھانسیں ۔

fling, n. پھینک ؛ انداخت ؛ آوازہ کشی ؛ غیر ذمّہ دار شغل بازی یا کام جوئی ؛ کٹیلی یا حقارت آمیز بات ؛ ایک دل انگیز اسکاتستانی رقص جس میں بازوؤں اور ٹانگوں کو تیز تیز حرکت دی جاتی ہے ۔ دیکھیے : Highland Fling ۔

fling, v.t. پھینکنا ؛ چھوڑ دینا ؛ گُھما پھینکنا ،

زور یا شدت کے ساتھ ؛ بے صبری یا حقارت کے ساتھ پھینکنا یا چلنا (جیسے : He flung himself angrily from the room) ؛ یک دم یا زبردستی ڈال دینا (جیسے : to fling someone into prison) ؛ ترک کر دینا ؛ لاتعلّق ہو جانا ؛ یک دم یا تیزی کے ساتھ بھیجنا یا روانہ کرنا ؛ زمین پر دے مارنا ؛ اپنے آپ کو بڑے انہماک سے کسی منصوبے میں ڈال دینا ۔ (فعل لازم) تیزی یا شدّت کے ساتھ حرکت میں آنا ؛ ہلہ بولنا یا جھپٹ پڑنا ؛ تیزی سے پِل پڑنا ؛ غُصے سے بولنا یا بدزبانی کرنا (عموماً بعد میں out آتا ہے) ؛ بدن کو گول چکر دینا جیسے رقص میں ۔

flint, n. سنگ چقماق ؛ چقماق ؛ ایک سخت سا سلیکا کے باریک دانوں والا پتّھر جو عام طور پر سنگ چینی اور سنگ یمانی کا مرکّب ہوتا ہے ؛ اس ٹکڑے کو فولاد کے ٹکڑے کے ساتھ رگڑ کر آگ جلاتے ہیں یا شرر انگیزی کرتے ہیں ؛ کوئی بھی بہت سخت یا بے لچک شے ۔

flint corn, n. ایک قسم کا انڈین غلّہ جس کے دانے موٹے ، سخت اور چھلکے دار خول والے ہوتے ہیں ؛ مکئی کی ایک قسم ۔

flint glass, n. چقماقی شیشہ ؛ ایک تابناک چمکیلا شیشہ جس میں سیسے کا آکسائڈ ہوتا ہے اور عموماً بصری عدسوں میں استعمال ہوتا ہے ؛ سربی شیشہ ۔

flintlock, n. چقماقی گھوڑا ؛ سترھویں؍اٹھارویں صدی میں مستعمل بندوقوں کا وہ گھوڑا جس میں چقماق کا ایک ٹکڑا فولاد سے ٹکرا کر شعلہ پیدا کرتا اور بارود کو آگ لگ جاتی ؛ آتش زنہ ؛ کوئی ہتھیار جس میں چقماقی آتش زنہ لگا ہوا ہو۔

flinty, a. چقماقی ؛ چقماق سے مُرکّب ؛ بہت سخت ؛ سنگ دل ؛ کڑا ۔

flip, v.t. سکّے وغیرہ کو اچانک تڑاخ سے فضا میں اچھالنا یا ٹاس کرنا کہ وہ بل کھاتا ہوا نیچے گرے؛ انگوٹھے سے اُچھالنا؛ تاش کے پتوں کو تیزی کے ساتھ یا جھٹکا دے کر الٹانا ۔ (فعل لازم) جھٹکے یا اچھال کی حرکت میں ہونا ؛ کسی چیز کے ساتھ تیزی یا جلدی سے ٹکرانا ؛ دفعتاً یا جھٹکا کھاتے ہوئے حرکت میں آنا ۔ (عوامی) جوش و جذبے کے ساتھ ردّ عمل کا اظہار کرنا ۔ (اسم) جھٹکا دینے کا عمل یا اس کی مثال ؛ کراری ضرب یا چوٹ ؛ ہوا میں لگائی گئی قلابازی ؛ میٹھے مشروبات میں سے کوئی ایک ۔

flip, a. (عوامی) شریر ؛ شوخ چشم ؛ گُستاخ ؛ بے ادب ؛ طرّار ؛ بے حیا ؛ دریدہ دہن ۔

flip-flop, n., adv. اُب ڈُب ؛ کسی ڈولتی یا پَھڑپَھڑاتی ہوئی چیز کی حرکت یا اس کا شور ؛ سمت یا رائے کی فوری تبدیلی ؛ اشتہار بازی کی وہ صورت جس میں صفحات اوپر کی جانب سے جُڑے ہوئے اور ترتیب وار موڑے ہوئے ہوں ۔ (جمناسٹک) اُلٹی قلابازی جس میں بدن کے سیدھی وضع میں آنے سے پہلے ہاتھ زمین پر لگے ہونے چاہیں ۔ (فعل لازم) الٹی قلابازی لگانا ؛ پھڑپھڑانا ؛ آگے پیچھے کو ہلنا ؛ اُب ڈُب کرنا ۔

flippant, a. ہلکا ؛ اوچھا؛ غیر سنجیدہ؛ حد سے بڑھا ہوا ؛ ہلکا پن دکھانے والا ؛ بے ادب ؛ معمولی ؛ خفیف ؛ ادنیٰ ؛ متانت سے خالی ؛ احترام ناشناس ۔

flippancy, n. بے ادبی؛ غیر سنجیدگی ۔

flippantly, adv. گستاخانہ ۔

flipper, fin , n. پیراکہ ؛ کوئی بڑا سا چپٹا عضو جس سے تیرنے میں مدد لی جائے (جیسے وھیل یا دریائی بچھڑے کا)۔(بصورت جمع)ایک قسم کا ربڑ جُوتا جو پنجے کی جانب سے چوڑا ہوتا ہے اور تیرنے کی بعض صورتوں میں اسے پہنا جاتا ہے ۔ (عوامی) ہاتھ ۔

flip side, n. (عوامی) فونوگراف ریکارڈ کا وہ رُخ جس کا گیت وغیرہ زیادہ مقبول نہ ہو ۔

flirt, v.i. فلرٹ کرنا ؛ تفریحاً اظہارِ محبّت کرنا ؛ پیار کا ڈھونگ رچانا ؛ ناز نخرے سے کام لینا ؛ کسی خیال سے کھیلنا ؛ چھوٹی تیز حرکات کے ساتھ چلنا یا تیر کی طرح جانا ؛ بے احتیاطی سے اپنے آپ کو عیاں یا ظاہر کر دینا ۔ (فعل متعدی) پھینکنا یا جھٹکے سے چلنا ؛ یک دم پھینک دینا ؛ ہاتھ میں کوئی چیز (پنکھا وغیرہ) لے کر ادائیں دکھانا ۔

flirtation, n. فلرٹ ؛ دکھاوے کی محبت ؛ ظاہری عشق بازی ؛ عشوہ گری ؛ ناز و انداز ؛ نخرہ بازی ۔

flit, v.i. اُڑ جانا یا تیر ہو جانا ؛ تیز تیز اور سُبک سُبک چلنا ؛ کلی کلی منڈلانا (جیسے : The hummingbird flitted from flower to flower.)؛ جُھولنا یا پھڑپھڑانا ؛ تیزی سے گُزر جانا (جیسے : The time flitted away) ۔ (متروک) حرکت میں آنا ۔ (اسم) تیز حرکت ۔

flitch, n. سُور کے پہلُو کا نمک لگا ہوا اور خشک کیا ہوا گوشت (جیسے : a flitch of bacon) ؛ مچھلی کا قتلہ ۔ (نجاری) کسی درخت کے تنے سے لمبائی کے رُخ کاٹا گیا تختہ ؛ لکڑی کے بندھے ہوئے تختوں میں سے ایک جو شہتیر بنانے کے کام آئے ؛ کڑی ۔ (فعل متعدی) تختہ تختہ کرنا ؛ قتلہ قتلہ کرنا ؛ کڑیاں بنانا ۔

flitter, v.i., v.t. پھڑپھڑانا ؛ پُھدکنا ؛ جَست بھرنا ؛ اُچھلنا کُودنا ۔

fliver, n. ایک چھوٹی سی کم لاگت والی اور عموماً پرانی موٹر کار ؛ ناکامی یا ابتری (اناڑی پن سے) ۔

float, v.i., v.t. تیرنا ؛ مائع کی سطح پر بہنا ؛ کسی رقیق مادّے کی سطح پر ٹکا رہنا یا ہولے ہولے حرکت میں ہونا ؛ ترناؤ کی حالت میں ہونا ؛ فضا میں حرکت کرنا یا ٹکا ہوا ہونا ؛ منڈلانا ؛ مٹک مٹک کر یا بے تکلُّف چلنا ؛ آنکھوں کے آگے یا ذہن میں منڈلاتے رہنا ؛ ایک سے دوسرے تک پہنچنا ؛ گشت کرنا (جیسے :the news of their divorce is floating around the town) ؛ غیر ذمّہ داری کے ساتھ اِدھر سے اُدھر ہونا (جیسے : He floated from job to job) ؛ بے تعلق سا رہنا یا کسی معاملے سے وابستہ نہ ہونا ؛ کسی کمپنی یا اسکیم کا آغاز ہونا ۔ (تجارت) گردش میں ہونا (جیسے ہنڈی وغیرہ کا) ؛ قابل ادائیگی ہو جانے کے انتظار میں ہونا ؛ تیرانا ؛ ہموار یا مُسطّح کرنا (جیسے گیلے پلستر کی سطح کو کیا جاتا ہے) ؛ کمپنی یا کسی اسکیم کو چالُو کرنا ؛ عمل پیرا کرنا یا زیرِ عمل لانا ؛ حِصص یا بانڈ کی صورت میں منڈی میں لانا ؛ پانی سے بھر دینا یا سیراب کرنا ؛ آبپاشی کرنا ؛ پُرآب کر دینا ۔

floatable, a. بہنے یا تیرنے کے قابل ؛ تیرنے کے لائق ۔

float, n. رقیق سطح پر تیرنے والی یا بہنے والی کوئی چیز ؛ بیڑا ؛ جان کا محافظ ؛ لکڑی کا ٹھاٹھ ، ٹلّہ یا تلّہ ؛ رافٹ ؛ ترنا ؛ کارک کا ٹُکڑا جو ڈھیل والی ڈوری کے ساتھ بندھا ہوتا ہے اور پانی

پر تیرتا رہتا ہے اور مچھلی کے طعمہ کھانے کا پتا دیتا ہے ؛ ہوا سے بھری ہوئی تھیلی جو پانی میں پودوں اور جانوروں کی حفاظت کرتی ہے ؛ ایک کھوکھلا سا گیند جو تیرتے ہوئے از خُود ٹینک یا سسٹرن میں پانی کی سطح کو ہموار رکھتا ہے ؛ بہتا یا بیڑا ؛ وہ پہیوں والا پلیٹ فارم یا فلوٹ جس پر کوئی بڑی سی تصویر یا ماڈل وغیرہ رکھ کر کسی جلوس یا پریڈ کے حصّے کے طور پر دکھاتے ہیں ؛ ہموار کرنے کا کوئی اوزار جیسے گرمالا یا کرنڈی ـ (طیرانیات) ہوائی جہاز کا کشتی نُما وہ نِچلا حصّہ جو اُسے پانی کی سطح پر تیرنے میں مدد دے ؛ ایک بینک سے دوسرے بینک میں منتقل ہونے والے غیر ادا شدہ چیکوں کی مالیت (گردشی مالیت) ؛ مِلک شیک یا سوڈا واٹر جس پر چمچہ بھر آئس کریم تیر رہی ہو ـ (جمع) وہ روشنیاں جو کسی تھیئٹر میں نچلی جانب اسٹیج کے سامنے جلتی ہیں اور ان کی چمک اداکاروں کے پاؤں سے اوپر نہیں جاتی ؛ پادر روشنیاں ـ

floatage, n. دیکھیے : Flotage ـ

floatation, n. دیکھیے : Flotation ـ

floater, n. تیراک ؛ تیرنے والا شخص یا تیرنے والی شے ؛ اپنی ملازمت یا اپنے ٹھکانے کو بار بار بدلنے والا شخص ؛ آزاد رائے دہندہ ؛ ایک ہی انتخاب میں مختلف جگہوں پر جعل سازی سے ووٹ ڈالنے والا ـ (بیمہ) محدود مُدت کی پالیسی جس کے تحت گھریلو نوعیت کی یا ذاتی جائیداد کا بیمہ کرایا گیا ہو (خصوصاً جب اس جائیداد کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جا رہا ہو) ـ

floating, a. پانی یا کسی اور سیّال پر بہتا ہوا ؛ تیرتا ہوا ؛ تھوڑی یا بالکل دلچسپی نہ رکھنے والا ؛ جس نے واضح طور پر کہیں کوئی ٹھکانا نہ بنایا ہو ؛ سیلانی ـ (امراضیات) اپنی اصل جگہ سے ہٹا ہوا جیسے تیرتا ہوا گُردہ ـ (مالیات) اصل دائر ؛ دائر سرمایہ ـ وہ رقم جو گردش میں تو ہو اور برتی بھی جا رہی ہو لیکن جسے زرِ سرمایہ کے طور پر مستقلاً نہ لگایا گیاہو ؛ وہ رقم جو سرکار کو دیے گئے قرضے میں تبدیل نہ کی گئی ہو ـ (مشین) تھرتھراہٹ کم کرنے کے لیے معطل شدہ (پُرزہ)

floating dock, n. ترنا گھاٹ ؛ تیرتی گُودی ؛ خشک متحرّک گودی جس کو اتنا نیچے لایا جا سکے کہ جہاز اس میں داخل ہو جائے اور بعد میں اسے واپس اپنی سطح پر لے جایا جا سکے تا کہ جہاز پانی سے اوپر آ جائے ـ

floating island, n. ترن جزیرہ ؛ جزیرے سے مِلتا جُلتا مٹّی کا تودہ جس پر سبزہ اُگا ہوا ہو اور وہ کسی قطعۂ آب پر تیر رہا ہو ؛ ایک قسم کی فیرنی جس پر انڈے کی سفیدی اور پھینٹی ہوئی کریم کی تہ جمائی جاتی ہے ـ

floating rib, n. کاذِب پسلی ؛ پسلیوں کے سب سے نچلے جوڑوں میں سے ایک جو سینے کی ہڈّی یا دُوسری پسلیوں سے پیوست نہیں ہوتی ؛ کُھلی پسلی ـ

float plane, n. (طیرانیات) وہ طیّارہ جس میں پانی پر گِرنے یا اُترنے کی صورت میں تیرنے کی یہ سہولت موجود ہو کہ پہیّوں کی جگہ اس میں ایک یا ایک سے زیادہ پیراکے لگے ہوں ـ

floc, flock, n. باریک باریک ذرات کی تہیں جو پانی یا فضا میں سے زمین پر آہستہ آہستہ نیچے بیٹھ جاتی ہیں ؛ تہ نشین ؛ رسوب ؛ روئی ـ اون کے گالے جن کو گدیوں وغیرہ میں بھرا جاتا ہے ؛ طرۂ پشم ـ (فعل لازم) رُوئی کے گالوں کی طرح جمع ہو جانا ؛ تہ نشین ہونا ؛ رسوب بننا ـ (فعل متعدی) گالوں کی صورت میں اکٹھا کرنا ؛ گالے بنانا ـ

floccose, a. (نباتیات) رُوئی کے گالوں سے مرکّب ؛ جس پر گُچّھا گُچّھا اُون ہو یا لمبے لمبے ملائم بال ہوں ؛ نرم اور لمبے بالوں والا ؛ گچھے دار ـ

flocculate, v.i. رسوب بننا ؛ ذرّات کا ڈھیلے ڈھالے ڈھیر یا گُچھے کی سی شکل اختیار کرجانا (خصوصاً کیمیائی عمل تبخیر میں) ـ (فعل متعدی) رسوب کی شکل دینا ؛ رسوب بنانا ـ (اسم) رسُوب ؛ ذرّات کا مجموعہ ؛ گُپھا ؛ گالا ـ (صفت) (حشریات) وہ جس کے جسم پر بالوں کے چھوٹے چھوٹے گُچھّے سے ہوں ؛ پشمی ـ

floccule, n. گالا ؛ طرّہ ؛ لچّھا ؛ اون کے گالے یا گُپھے سے ملتی جلتی کوئی شے ؛ کسی مائع شے میں کوئی ہلکی سی نرم نرم ترمراہٹ ؛ ترِمِرے ؛ رسوب (خاص طور پر مائع کے اندر) ـ

flocculent, a. گالے دار ؛ گالا ساز ؛ ڈھیلے ڈھالے ہم پیوستہ ذرّات کا بنا ہُوا ؛ اُون کے گالے کی طرح ؛ ملائم بالوں والا (والی) ؛ پشمی ؛ رسوب دار ـ (حیاتیات) مومی رطوبت یا نرم سی اُون والا ـ

flocculus, n. گالا ؛ ذرّہ ؛ اُون کے گالے یا گُچھّے سے ملتی جلتی کوئی چیز ؛ لچّھا ـ (فلکیات) سورج کی سطح پر اُبھرنے یا نظر آنے والا سیاہ دھبا یا روشنی کا دُھندلایا ہوا رقبہ ؛ کلفِ آفتاب ـ (تشریح الاعضا) دماغ کے عقبی حصّے کی ایک لَو ـ

flock, n. گلّہ ؛ جھول ؛ جُھنڈ ؛ ایک ہی قسم کے جانوروں کا گروہ (خصوصاً بھیڑوں یا پرندوں کا) ، جو ایک ہی جگہ رہتے اور چرتے چُگتے ہوں ؛ ریوڑ ؛ ڈار ؛ لوگوں کا خاصا بڑا انبوہ ؛ ہجوم ؛ کسی رہنما کی سرکردگی میں کوئی گروہ ؛ کسی رہنما کے دائرۂ اثرو اختیار میں کوئی مذہبی جمعیت یا امت ـ (فعل لازم) ریوڑ کی صورت میں اکٹھا ہونا ؛ ہجوم کی صورت اختیار کرنا ـ

flock, n. روئی ، اُون ، بالوں وغیرہ کا لچھّا یا چُٹکی یا لَٹ ؛ اُون یا روئی جو گدیوں اور گدے وغیرہ بھرنے کے کام میں لاتے ہیں ؛ اُونی یا سُوتی کپڑے کی کترنیں جن کو سجاوٹ میں اضافے کے لیے دیواری کاغذ پر چسپاں کیا جاتا ہے ؛ نمایشی علامتیں اور دھات پر کسی چیز کا حفاظتی لیپ ـ (فعل متعدی) لچھّوں یا کترنوں سے بھرنا یا ڈھانکنا ـ

floe, ice floe, n. سِل یخ ؛ سمنْدر پر تیرتا ہوا یخ کا بڑا سا تودہ یا اس کا ٹُکڑا ـ

flog, v.t. کوڑے لگانا یا کوڑے مارنا ؛ بار بار پیٹنا ؛ شدید تنقید کرنا ؛ کسی کام یا عمل پر مجبور کرنا ـ (برطانوی) بڑی سرگرمی سے فروخت کرنا ـ

flood, n. سیل ؛ طغیانی ؛ سیلاب ؛ پانی کا بہت بڑا تند و تیز بہاؤ ؛ جوار بھاٹا ؛ کسی چیز کی بہتات کے ساتھ کہیں اچانک آمد ؛ کسی مائع چیز کا بہاؤ ؛ بہت زیادہ نکاس ؛ کناروں سے اچھل پڑنے کی حالت ؛ افراط ؛ کثرت؛ پانی کا ریلا ـ (فعل متعدی) غرقاب کر دینا ؛ تہ آب کر دینا ؛ ڈبو دینا ؛ طغیانی لانا ؛ بھر جانا ؛ طوفان برپا کر دینا ؛ بافراط مہیا کرنا ـ

flood gate, n. دربند آب ؛ آب بند پھاٹک ؛ ریا یا نہر کا وہ پھاٹک جسے پانی کے بہاؤ اور اس کی گہرائی کو قابو

میں رکھنے کے لیے کھولا یا بند کیا جائے ؛ بہاؤ روک ـ

floodlight, n. ضیا پاش آلہ ؛ آلۂ نُور افگن ؛ وہ لیمپ (یا بلب) جو روشنی کی بہت تابناک اور عریض دھار سی چھوڑتا ہے (اسے عموماً کسی عکس انداز کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے) ؛ سیلِ نُور ـ (فعل متعدی) سیل نُور سے چکا چوند کرنا ؛ تیز روشنی ڈالنا ـ

flood plain, n. طاسِ سیلاب ؛ سیلابہ ؛ سیلاب زدہ علاقہ ؛ دریا یا ندی نالے کے آس پاس کا سیلاب کی زد میں آ جانے والا ہموار رقبہ ؛ سیلاب آورد مٹّی سے بنا ہوا میدان ـ

flood tide, n. مدِّ سَیل ؛ اُٹھتا ہوا یا اندر کو آتا ہوا پانی کا بہاؤ ؛ راس یا چوٹی ؛ فراواں مقدار ؛ اِفراط ـ

floodwater, n. آبِ سَیل؛ طُغیانی ؛ سَیل ؛ سیلاب ؛ سیلابی پانی ؛ ریلے کا پانی ؛ تُنداب ـ

floor, n. فرش ؛ کسی عمارت یا کمرے کی وہ جگہ جس پر چلا جائے ؛ عمارت کی ایک سطح جس پر کمرے وغیرہ ہوں ؛ منزل ؛ کسی عمارت کے اُفقی حصّے جو اسے منزلوں میں تقسیم کریں ؛ کوئی چپٹی سطح یا تہ (جیسے : Ocean floor) ؛ کسی تعمیر کو سہارا دینے والی ہموار سطح یا چبوترہ ؛ کسی خاص مقصد کے لیے تعمیر شدہ مسطح رقبہ یا چبوترہ (جیسے : dance floor) ؛ کم سے کم دی یا لی گئی قیمت ؛ کسی قانون ساز ادارے کے بڑے کمرے کا حصّہ ؛ سماعت گاہ ، کمرۂ اجلاس وغیرہ جہاں اس کے ارکان تقریریں کرتے ہیں (بمقابلہ گیلری) ؛ پارلیمانی اجلاس میں اظہار خیال کا حق (جیسے : Mr. Jones has the floor) ـ (بازار حصص) کسی ذخیرے یا جنس کے کاروبار کے لیے مخصوص کمرہ جہاں تمسکات کا لین دین ہوتا ہے ـ (فعل متعدی) فرش بنانا ؛ مار کر چت کر دینا ؛ دبا کر فرش کی سطح پر لے جانا ؛ فرش تک دبا دینا (جیسے موٹر کار کا ایکسیلیٹر) ؛ انتہائی رفتار پر لے جانا ـ (بول چال) چت یا پریشان کر دینا (جیسے : The problem floored him) ـ

floorage, n. فرش کا کُل رقبہ ؛ کسی عمارت کی فرشی گُنجایش ـ

flooring, n. فرش ؛ فرش بنانے کے لوازمات ـ

floor board, n. کسی موٹر وغیرہ کا فرش ؛ فرش میں لگے ہوئے تختوں میں سے کوئی ایک ؛ فرشی تختہ ـ

floor exercise, n. فرشی کسرت ؛ جمناسٹک کے مُقابلے جن میں ٹمبلنگ ، قلابازی ، ہتھیلیوں پر کھڑے ہونا ، رقص کی حرکات وغیرہ شامل ہیں ـ

floor lamp, n. فرشی لیمپ ؛ وہ لیمپ جس کا پیندا فرش کو چھوئے ـ

floor leader, n. قائد ایوان ؛ سینیٹ یا ایوان نمائندگان کے اندر اپنی پارٹی کی سرگرمیوں کا نگران رُکن ؛ کسی ایوانِ مُقننّہ میں اسی قسم کا کوئی قائد (نگران) ـ

floor show, n. فلورشو ؛ کسی شبینہ کلب میں منعقدہ رقص و نغمہ وغیرہ کی محفل ـ

floor walker, shop walker, n. فروخت نگران ؛ کسی خوردہ فروش کی دکان کا وہ ملازم جس کا کام گھوم پھر کر فروخت کرنے والے عملے کی نگرانی اور گاہکوں کی رہنمائی کرنا ہو ـ

floozy, floozie, n. (عوامی) اخلاق باختہ عورت ؛ کسبی ؛ فاحشہ ؛ طوائف ؛ بیسوا ؛ رنڈی ؛ بائی ؛ چھنال ؛ گشتی ؛ قحبہ ـ

flop, v.i. دھڑام سے گر پڑنا ؛ اچانک ٹھوکر کھا کر یا دَھم سے گر پڑنا یا مُڑ جانا ؛ یک دم ایک جانب سے دوسری جانب چلا جانا یا ایک پارٹی کو چھوڑ کر دوسری میں شامل ہو جانا (عموماً بعد میں over لگاتے ہیں) ـ (بول چال) پسپا ہو جانا ؛ دباؤ قبول کر جانا ؛ یک دم کام کرنے سے رُک جانا یا ناکام ہو جانا ؛ پَھڑپَھڑانا (جیسے ہوا میں) ـ (فعل متعدی) دھڑام سے گِرانا یا دھم سے دے مارنا ؛ بے ڈھنگے پن سے پروں کا مارنا ؛ اصل صورتِ حال کے برعکس کر دینا یا ایک کو دوسری جگہ لگا دینا جیسا کہ فوٹوگرافی میں نیگیٹو کو اجاگر کرتے ہوئے کیا جاتا ہے ـ (اسم) پھڑپھڑاہٹ ؛ دھم کی آواز ـ (بول چال) ناکامی ـ

flophouse, n. (بول چال) عوامی ہوٹل ؛ بھٹیار خانہ ؛ سَستا سا خستہ حال کمروں پر مشتمل گھر یا ہوٹل (عموماً جو شہر کے غریب اور غیر معروف علاقے میں ہو) ـ

flopover, n. ٹی وی کی نقص دار موصولی جس سے تصویر بار بار عمودی ہوتی رہتی ہے ـ

floppy, a. ناکامی کا مُنھ دیکھنے والا ؛ ناکامی جس کا مقدّر بن رہی ہو ؛ بھدّا ؛ سُست ؛ کُند ـ

floppy disk, n. فلاپی قُرص ؛ مقناطیس بند اور لچکدار پلاسٹک کا قُرص جو کمپیوٹر کی معلومات بندی کے لیے استعمال ہوتا ہے ـ

flora, n. نباتیہ ؛ نباتات نامہ ؛ کسی علاقے یا عہد سے مخصوص پودے ؛ اِس قسم کے پودوں کی ترتیب وار فہرست ـ (بڑے F سے) رُومیوں کی پُھول دیوی ؛ لڑکی کو دیا گیا نام ـ

floral, a. پھول جیسا ؛ پھولدار ؛ نباتی ـ

floral envelope, n. (نباتیات) کمامۂ گُل ؛ کاسۂ گُل ؛ کسی پُھول کے پتّے مجموعی حوالے سے جیسے پنکھڑیاں یا پُھول کٹوری یا دونوں ؛ پُھول کٹوری ـ

Florentine, a. فلورنس (اٹلی) سے متعلّق ـ (اسم) فلورنس کا رہنے والا ؛ فلورنس کا باشندہ ـ

florescence, n. (نباتیات) فصلِ گُل ؛ شگفتگی ؛ کِھلاوٹ ؛ نسر ؛ پھول لگنے کا عمل ، دَور یا اس کی حالت ـ

florescent, a. فارغ البالی کا (دَور)؛ شگفتہ ؛ کِھلتا ـ

floret, n. (نباتیات) پُھولک ؛ اکیلا چھوٹا سا پُھول ؛ گُلچہ ؛ ان چھوٹے چھوٹے پُھولوں میں سے ایک جو سب مل کر سر کی شکل کا ایک پودا بناتے ہیں ـ

floriated, a. پُھولوں سے سجا ہوا ؛ گُل صورت ـ

floribunda, n. (نباتیات) دوغلے گُلابوں کی مختلف قسموں میں سے کوئی ایک ، ان پر بڑے بڑے گُچّھوں کی صورت میں پُھول لگتے ہیں ـ

floriculture, n. گُل پروری ؛ کاشتِ گُل ؛ تہذیبِ گُل ؛ پُھولوں والے پودوں کی اصلاح ؛ پُھولوں کی کاشت یا پرورش ـ

florid, a. آراستہ جیسے پھولوں سے ؛ مرصّع اور حد سے زیادہ پُرتکلّف ؛ بھڑکیلا ؛ نمود پسند ؛ گُل رنگ ؛ تمتمایا ہوا (جیسے : florid complexion) ـ

Florida moss, n. ہسپانوی کائی ـ

floriferous, a. گل خیز ؛ گُل بردار ؛ جس پر پُھول لگتے ہوں ؛ گُل آور ؛ بہت پُھول پیدا کرنے والا ـ

florilegium, n. مجموعۂ نگارشات ؛ بیاض ؛ مجمع الاشعار ۔

florin, n. فلورن ؛ برطانیہ عُظمیٰ کا ایک سِکّہ ؛ (پونڈ کا دسواں حصّہ یعنی دو شلنگ کے برابر) نیدرلینڈ (ہالینڈ) کا گلڈر ۔

florist, n. گُل کار ؛ گُل پرور ؛ گُل فروش ؛ کاروبار کے طور پر پُھولوں اور زیبایشی پودوں کو اُگانے والا ؛ نمایشی بشمول مصنوعی پُھولوں اور پَودوں کا کاروباری ۔

floristry, n. گل پروری ؛ گل فروشی ۔

floristics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) گلزاریات ؛ نباتی جغرافیے کی سائنس کی ایک شاخ جو زمین پر پودوں کی طبعی تقسیم سے بحث کرتی ہے ؛ گل نباتیات ۔

floristic, a. گل داری ؛ گل نباتی ؛اس شاخِ علم کے متعلق ۔

floss, floss silk, n. کچّا ریشم ؛ اَن بٹے ریشوں کی صورت میں ریشم یا پشم جیسے تار ؛ کشیدہ کاری میں استعمال ہونے والا ریشم یا دیگر نوع کے دھاگے ؛ سُنبل کے درخت سے حاصل ہونے والی روئی ؛ کوئی ریشم کی طرح کی ملائم تارگوں شے (جیسے مکئی کے بال ، بالُو وغیرہ) ؛ اس قسم کا ملائم دھاگا (جیسے وہ دھاگا جس سے دانتوں میں خلال کرتے ہیں) ۔

flossy, a. ریشہ گوں ؛ ملائم یا ریشمی ؛ کومل یا نرم ۔ (عوامی) نمایش دار ؛ ضرورت سے زیادہ فیشن پرست ۔

flotage, floatage, n. قوت شنا ؛ اُچھال ؛ تیرنے کی حالت ؛ شناوری ؛ تیرنے کا عمل یا تیرنے کی حالت ؛ اشیائے شناوری ؛ تیرنے والی کوئی شے ؛ ڈوبے جہاز کا بہتا ہوا مال و اسباب ؛ سطح آب پر تیرتی ہوئی جہاز کی کوٹھی ۔

flotation, floatation, n. تیراؤ ؛ تیرنے کا عمل یا حالت ؛ کسی کاروباری منصوبے یا تجارتی کمپنی کا آغاز ۔ (فلزّیات) ایک طریق کار جس سے کسی خام دھاتی مواد کے پِسے ہوئے ذروّں کو ان کے بعض سیّالوں میں ترنے اور ڈوبنے کے حوالے سے الگ الگ کیا جاتا ہے ؛ اس قسم کا کوئی طریقِ کار جس کی بُنیاد متعلقہ شناوری صلاحیتوں پر ہو ۔

flotilla, n. چھوٹا بحری بیڑا ؛ چھوٹے جہازوں کا بیڑا ؛ امریکی بحری یونٹ جس میں دو یا دو سے زیادہ اسکواڈرن ہوتے ہیں ۔

flotsam, n. (بحری قانون) آب آوردہ ؛ غرقابہ ؛ کسی غرق شدہ جہاز کا آب آورد مال اسباب جو تیرتا ہوا مل جائے اور اسے پانی سے نکال لیا گیا ہو ۔ (مجازاً) بے ٹھکانہ کار طلب ؛ گھوم پھر کر روٹی کمانے والے ؛ خانہ بدوش ؛ گرداں؛ پناہ گزیں ؛ آوارہ گرد ۔

flotsam and jetsam, کسی غرق شدہ جہاز کا مال اسباب یا تباہ شدہ ٹُکڑے جو سمندر پر یا کنارے پر تیرتے ملیں ؛ متفرق ؛ بے وقعت ؛ غیر اہم بچی کھچی چیزیں ؛ گھوم پھر کر روٹی کمانے والے ؛ اِدھر اُدھر پِھرتے رہنے والے ۔

flounce, v.i. پٹخنیاں دینا ؛ بدن کو اِدھر اُدھر جھٹکے دینا جیسا کہ دلدل میں پھنس کر یا زور آزمائی میں کیا جاتا ہے ؛ بدن کو برہمی یا غُصّے کے عالَم میں دائیں بائیں مارتے ہوئے آگے بڑھنا ؛ اُکھڑے اُکھڑے اور معمول سے ہٹے ہوئے انداز کے ساتھ چلنا ۔ (اسم) پٹخنی ؛ اس قسم کی حرکت ؛ غُصّے یا نفرت کی حالت میں بدن کو دیے گئے جھٹکے ۔

flouncy, a. پٹختا ہوا ؛ اس قسم کا اندازِ حرکت اختیار کیے ہوئے ۔

flounce, n. جھالر ؛ سنجاف ؛ کسی لہنگے یا اسکرٹ وغیرہ کے نچلے گول حصّے میں لگی ہوئی اور کناروں سے باہر نکلی ہوئی جھالر ۔ (فعل متعدی) کناروں پر جھالر لگانا یا ٹانکنا یا جھالر سے سجانا ۔

flouncing, n. جھالر یا سنجاف کے کام آنے والا کپڑا ۔

flouncy, a. جھالر دار ؛ چُنّٹ والا ؛ سنجافی ۔

flounder, n. ایک چوڑی خوردنی مچھلی ۔

flounder, v.i. لوٹنا ؛ پھسل جانا یا ٹھوکر کھانا ؛ توازن قائم رکھنے یا بحال ہونے کی کوشش کرنا (جیسے گہری برف یا کیچڑ میں) ۔ (اسم) اُکھڑا اُکھڑا سا یا بہکا بہکا سا شخص ۔

flour, n. آٹا ؛ آرد ؛ باریک پسا ہوا غَلّہ ؛ باریک چھنا ہوا آٹا (میدہ) ؛ کسی بھی چیز کا باریک سفوف ۔ (فعل متعدی) آٹا بنانا ؛ آٹے میں بدل دینا ۔ (فعل لازم) چھوٹے چھوٹے ذرّات بن جانا ؛ سفوف بن جانا ؛ آٹا بن جانا ۔

floury, a. آٹے پر مشتمل ؛ آٹے جیسا ؛ آردی ؛ جس پر آٹے کی تہ ہو ؛ آٹے کا ؛ آٹے سے ڈھکا ہوا ۔

flourish, v.i. خوش صحت ہونا یا توانا ہونا ؛ پنپنا ؛ کامرانی یا ترقی کی بلندی پر ہونا ؛ پورے عروج پر ہونا ؛ خوب بڑھنا یا پھلنا پھولنا ؛ ہتھیار وغیرہ گُھما گُھما کر ضربیں لگانا یا پینترے بدلنا ؛ تزئین خصوصاً کتابت آرائی کرنا ؛ نمودونمایش کرنا (طمطراق کا مظاہرہ کرنا) ۔ (موسیقی) کوئی نمایشی نغمہ چھیڑنا ؛ پُر کشش انداز میں کوئی نغمہ الاپنا ؛ بگل بجانا ۔ (فعل متعدی) گُھماتے لہراتے پھرنا ؛ اِتراتے پھرنا ؛ طمطراق کے ساتھ نمایش کرنا ؛ آرایشی کام یا ڈیزائن کے ساتھ سجانا ۔

flourishing, a. خوشحال ؛ خوش نُمو ؛ پنپتا ہوا ۔

flourishingly, adv. عیاشانہ ؛ فارغ البالی سے ۔

flourish, n. تلوار وغیرہ کا گھماؤ یا لہراؤ ؛ فخریہ نمایش ؛ سجاوٹ ؛ آرایش (خصوصاً تحریر میں لمبی لمبی قوسیں بناتے ہوئے) ۔ (علم بیان) تقریر میں مرصّع اور مُسجّع الفاظ و تراکیب کا استعمال تاکہ اثر آفرینی ہو ۔ (موسیقی) کوئی کمال کا نغمہ یا اضافہ جو محض اظہارِکمال کے لیے چھیڑا گیا ہو ؛ بِگل کی دُھن ۔

flout, v.t. تمسخر اُڑانا ؛ چڑانا یا توہین کرنا ؛ حقارت یا بے ادبی سے پیش آنا ؛ کسی کا مذاق اڑانا ؛ مزاحمت کرنا یا للکارنا ۔ (فعل لازم) تحقیر کرنا (بعد میں اکثر at لگاتے ہیں) ؛ نفرت ظاہر کرنا ؛ حقارت آمیز سلوک کرنا ۔ (اسم) تمسخر؛ توہین ؛ اِستہزا ؛ تضحیک ۔

flouter, n. تمسخر اڑانے والا ۔

flow, v.i. ایک دھار سی بن کر بہنا (جیسے رقیق مادّہ) ؛ گردش کرنا (جیسے خون کا) ؛ لگاتار اور بے روک ٹوک چلتے جانا (جیسے لوگوں کا جمِّ غفیر یا شعر کا مصرع) ؛ پوری لمبائی کے ساتھ نیچے کی جانب ڈھیلے ڈھالے انداز میں لٹکنا (جیسے بال) ؛ ندّی کی طرح بہنا یا چشمے کی طرح پُھوٹ نکلنا ؛ زور سے بہ نکلنا یا اُبل پڑنا ؛ کسی منبع سے خارج ہونا یا نکلنا ؛ ندّی بہا دینا جیسے خون کی ؛ چڑھنا اور بڑھنا (جیسے مد کا جزر کے برعکس) ؛ چھلک پڑنا یا کسی چیز سے

لبا لب ہو جانا ۔ (فعل متعدی) بہنے دینا یا بہانا ؛ پانی یا کسی اور سیّال سے ڈھانپ دینا ؛ غرق کرنا ؛ ڈبونا یا نذرِ سَیل کرنا ۔

flow, n. بہاؤ ؛ ندی کی صورت میں یا ندی کے اندر روانی ؛ کسی بھی چیز کی مسلسل روانی (جیسے خیالات ، تقریر یا کاروبار کی) ؛ کسی چیز کا اخراج یا دھارا (جیسے خون کا) ؛ جزر کے مقابلے میں مدّ ؛ چھلک؛ ندّی کی سی روانی ؛ بہاؤ کی رفتار ؛ ایک وقت میں کسی مقامِ گزر میں سے بہ جانے والے سیّال کی کمیّت ؛ چھوٹی سی ساحلی آب گزر ؛ پایابہ ۔ (مشین) شدید حرارت کے سبب مسلسل استعمال سے کسی مشین کے پُرزے کی انتہائی خراب حالت ۔ (طبیعیات) انتقالِ توانائی ۔

flowage, n. اُچھال ؛ طُغیانی ؛ بہاؤ ؛ سیلابی صورت حال ؛ آب طغیانی ؛ سَیل؛ چھلکاؤ ۔

flow chart, n. گراف چارٹ ؛ گُزر نقشہ ؛ فلو چارٹ ؛ کوئی توضیحی نقشہ جس میں ایسی علامتوں سے کام لیا گیا ہو جو کسی کارروائی کی نوعیت اور ترتیب کی مرحلہ وار وضاحت کرتی ہوں ؛ نظاماتی تجزیے اور کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں مستعمل چارٹ ۔

flow chart symbol, n. منفرد گرافی علامات کا وہ سلسلہ جو گراف چارٹ میں شامل افراد ، مقامات ، امور ، فرائض اور استعمال میں آنے والے سازوسامان کی نشاندہی کرے : ایک نشان جو نظاماتی تجزیے اور کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں استعمال ہوتا ہے ۔

flower, n. (نباتیات) پُھول ؛ کسی پودے کا کِھلا ہوا حصّہ جس میں تناسلی اعضا ، اِن کے غلاف ، ڈنٹھل ، چھوٹی بڑی پنکھڑیاں ، پتّے پتّیاں وغیرہ ہوتے ہیں اور اپنے رنگ اور ہیئت کی وجہ سے مُمتاز ہوتا ہے ؛ گُل ؛ وہ پودا جسے اس کے شگوفوں کی بدولت اہمیت حاصل ہو یا جسے پُھولوں کی رعنائی کے حوالے سے اگایا جاتا ہو ؛ کِھلنے کا عالم (جیسے : Plants in flower) ؛ پھول کی طرح کا زیور ؛ پیرایۂ کلام ؛ ترصیع و تسجیع ؛ کسی تعداد ، ادارے یا کُل کا سب سے عمدہ حِصّہ یا رُکن (جیسے the flower of the family) ؛ کسی چیز کا سب سے عمدہ اور چیدہ ترین حاصل (جیسے the flower of his genius) ؛ کسی وصف کا عمدہ ترین نمونہ ؛ عمدہ ترین یا بارور ترین حالت یا عہد (زندگی یا حُسن وغیرہ کے حوالے سے) ؛ عروج ۔ (جمع) (کیمیا) باریک سفوف (کسی شے کا) جو تصعیدی عمل کا حاصل ہوتا ہے (جیسے : flowers of sulfur) ؛ زہرہ ؛ غنچہ ۔

flower, v.i. پُھولنا ؛ پُھول نکالنا (پودے وغیرہ کا) ؛ کِھلنا ؛ شگفتہ ہونا ؛ پوری طرح بڑھ پانا ؛ پَھلنا پُھولنا ؛ نشوونما پانا ۔ (فعل متعدی) پُھولوں سے ڈھک دینا یا سجا دینا ؛ گُل بوٹے بنانا ؛ گُل کاری کرنا ۔

flowerage, n. پُھولت ؛ پھولنے کا عمل ، وقت یا عَالَم ؛ پُھولن ؛ پُھول مجموعاً ؛ پُھولوں کی کثرت ؛ گُل کاری یا آرایشِ گُل؛ تزہیر ۔

floweret, n. چھوٹا پُھول ؛ پُھولک ؛ گُلچہ؛ زَہیرہ ؛ گوبھی کے پھول کا ایک ٹکڑا ۔

flower girl, n. گل انداز لڑکی ؛ جوان لڑکی جو پُھول لیے ہوتی ہے اور کبھی کبھی برات پر ان کو نچھاور بھی کرتی ہے ۔ (برطانوی) گل فروش (لڑکی) ؛ گلی گلی گھوم کر پُھول بیچنے والی لڑکی یا عورت؛ مالن ۔

flower head, n. (نباتیات) گُلِ مروارید یا بابُونہ کی طرح گُندھا ہوا پُھول جس کا گُچھا سر کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے ننھے ننھے ذیلی پُھول باہم پیوست ہو کر ایک گردپوش میں سما جاتے ہیں ؛ گُھنڈیا ۔

flowerpot, n. گلدان ؛ گملا ؛ عموماً مٹّی کا برتن یا کوئی ظرف جس میں مٹّی ڈال کر پودے لگائے جاتے ہیں ۔

flowery, a. پھولوں سے لدا ہوا ؛ پھولوں کے نقش و نگار لیے ہوئے ؛ مرصّع و مسجّع عبارت آرائی کا مظہر ؛ پُھول کی سی (مہک وغیرہ) ؛ پُھولوں کا سا (رنگ وغیرہ) ؛ گُلدار ۔

flowing, a. ندی میں یا ندی کی طرح بہتا ہوا ؛ بآسانی یا بلا روک ٹوک رواں دواں (جیسے زبان و بیان کی روانی) ؛ خطوط اور خموں کی طرح لمبائی میں مسلسل اور یکساں؛ پوری لمبائی میں ڈھیلے ڈھالے لٹکتے ہوئے جیسے بال ؛ بکثرت یا بہ افراط رسد والا ۔

flown, a. بہم ملے ہوئے یا پھیلتے ہوئے رنگوں سے بنا ہوا یا سجا ہُوا (جیسا کہ چینی یا مٹّی کے برتن ہوتے ہیں) ۔

flow stone, n. (ارضیات) چُونا پتّھر کی وہ شکل جو اس جگہ پائی جاتی ہے جہاں آب معدن چٹانوں کے اُوپر سے گزرتے ہوئے اس کی تہ جما دیتا ہے ؛ سنگِ چوناب ۔

flu, n. دیکھیے : influenza ۔

flub, v.t. خراب کر دینا ؛ بگاڑنا ؛ بھونڈے طریقے سے کرنا ۔ (فعل لازم) کوئی کام کرتے ہوئے بُری طرح گڑبڑ کر جانا ۔ (اسم) گڑبڑ ؛ بگاڑ ۔

flub dub, flub dubbery, n. (بول چال) لفاظی ؛ پراز تصنّع اظہار ؛ لفظوں کی بازیگری ۔

fluctuant, a. متلوّن ؛ غیر متوازن رویّے والا ؛ مسلسل تغیّر کی حالت میں ؛ ڈانواں ڈول ؛ غیر مستقل ؛ متغیّر ؛ لہر کی طرح متحرک ؛ گھٹنے بڑھنے والا ؛ موّاج ۔ (طب) ایسے ادھ پکے مواد والا پھوڑا جو دبانے سے ایک جگہ سمٹ سکتا ہو اور نشتر زنی کے قابل ہو ۔

fluctuate, v.i. بے قاعدگی سے اِدھر اُدھر ہونا ؛ لہروں کی طرح ہچکولے کھانا ؛ متلوّن یا ڈِھلمِل ہونا ؛ نااُستوار ہونا؛ کسی قرینے یا اسلُوب کے بغیر نمایاں طور پر بدلنا؛ ڈگمگانا؛ جُھولنا؛ لڑکھڑانا؛ بار بار اور بکثرت متغیّر ہوتے رہنا لیکن اس طرح کہ ان تغیّرات کی پیش بینی نہ کی جا سکے ؛ متردّد ہونا ؛ ڈانواڈول ہونا ۔ (فعل متعدی) بے قاعدہ روی پیدا کرنا ؛ سرگرداں کرنا ۔

fluctuation, n. کمی بیشی ؛ تلوُّن ؛ تَذبذُب ؛ ڈگمگاہٹ ؛ اُتار چڑھاؤ ؛ تغیّر ؛ گھٹاؤ بڑھاؤ ؛ اِدھر اُدھر کی جنبش ۔

flue, n. دُودکَش ؛ بادکَش ؛ وہ پائپ یا ٹیوب جس میں سے بھاپ جوشارہ (Steam boiler) کےگرد کے پانی کو گرم کرنے کے لیے گرم ہوا گزاری جاتی ہے ۔

fluent, a. رواں ؛ الفاظ جس کے اشاروں پر ہوں اور وہ ان کو بلا تکلّف اور بے جِھجک بولتا چلا جائے ؛ رواں گُفتار ؛ خوش اسلُوب ؛ حاضر کلام ۔

fluency, n. روانی ؛ سلاست ؛ زور خطابت ۔

flue pipe, n. فُلو باجا : ایک ارغنون باجا جس میں ہوا براہِ راست داخل ہوتی ہے اور پہلو کی جانب کی ایک کشاد کی طرف جا کر آواز پیدا کرتی ہے ۔

flue stop, n. دُود روک ؛ فُلو روک ؛ باجے کی نالیوں کو حسب ضرورت روکنے والی شے ؛ پپیاّ ۔

fluff, n. ہلکے پشمینے کے سے نرم روئی کے پُھٹکے ؛ پشمینے جیسی کوئی شے ۔ (بول چال) فروگزاشت (خصوصاً کسی ڈرامے یا نشریے کی سطریں بولتے وقت) ؛ کوئی معمولی سی یا بے حقیقت شے یا بات ۔ (فعل متعدی) تکیے کی طرح کسی کو ہلانا یا تھپکنا (بعد میں عموماً up لگاتے ہیں) ۔ (فعل لازم) ملائم ہو جانا ؛ ہلکا ہو جانا ؛ پشمینے جیسا ہو جانا ؛ بے وقعت ہو جانا ۔(صفت) Fluffy : روئیں دار ؛ ملائم ؛ نرم ۔

fluid, a. سیال ؛ بہنے کی صلاحیت لیے ہوئے ؛ مائع ؛ گیس صورت (ٹھوس کے برعکس) ؛ غیر جامد(a fluid position on a question) ۔ (اسم) کوئی سیّال یا گیس کی سی کوئی شے جو آزادانہ بہتی ہے ؛ کوئی مواد جس کے ذرّات ذرا سے دباؤ پر حرکت میں آ کر جگہ تو بدل سکتے ہیں لیکن ایک دوسرے سے کٹ نہیں سکتے ؛ رواں یا سریع الحرکت مادّہ ؛ رطوبت ۔

fluid drive, n. سیاق سیّال ؛ موٹر کار کو توانائی منتقل کرنے والا ایک خُود کار میکانکی نظام جس میں تیل بھرے سربمہر خانے میں لگا ہوا دوّارہ ایک اور دوارے کو تیل سے ملنے والی قُوّت کے عمل سے حرکت میں لے آتا ہے اور اس طرح موٹر کے انجن کو کسی بھی گیئر میں رواں چلنے کے قابل بنا دیتا ہے ۔

fluid extract, n. (علمِ ادویہ) الکحل میں تیار کی گئی کوئی نباتی دوا جس کے ایک مکعب سنٹی میٹر محلول کی قُوّت اس کے سفوف کے ایک گرام کے برابر ہوتی ہے ۔

fluid mechanics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) سیالی میکانیات ؛ ایک اطلاقی علم جس کا تعلّق سیال مادّوں اور گیسوں کے خواص اور اُصولوں سے ہوتا ہے ۔

fluid ounce, n. مائع اونس ؛ کسی سیّال شے کی مقدار ناپنے کا آلہ جو امریکا میں ایک پنٹ کے سولھویں اور برطانیہ میں بیسویں حصّے کے برابر ہوتا ہے ۔ مخفف : fl.oz. ۔

fluidram, fluid dram, fluid drachm, n. مائع ڈرام ؛ سیّال مادے کو ناپنے کا آلہ جو مائع اونس کے آٹھویں حصّے کے برابر ہوتا ہے ۔

fluke, n. فلوک ؛ ایک قسم کی چپٹی مچھلی فلاؤنڈر (موآ) ؛ کِرم جگر : ایک قسم کا باریک کیڑا جو انسانوں ، بھیڑوں اور رینگنے والے کیڑوں کے جگر میں ہوتا ہے ؛ وھیل مچھلی کی دُم کا ایک ٹکڑا ۔

fluke, n. زمین گیر ؛ نوکِ لنگر ؛ لنگر کا چپٹا تکونا حصّہ جو اس کے ہر ایک بازو سے بندھا ہوتا ہے اور جو زمین میں جا کر گڑ جاتا ہے ؛ ہارپون (harpoon) یا تیر وغیرہ کا روش دار حصّہ یا رَوش ۔

fluke, n. اتفاقیہ فائدہ ؛ قسمت کی یاوری ؛ تُکّا ؛ قسمت کی اتفاقاً ساز گاری ؛ کسی کھیل میں پتّے ، داؤ یا ضرب کا اتفاقاً خُوب بیٹھنا جیسے بلیئرڈ یا گالف میں ۔(فعل متعدی) تُکّا لگ جانا ؛ قسمت کے بل پر فائدے میں رہنا ۔

fluky, a. اتفاقی ؛ بخت آورد ؛ خدا ساز ؛ غیر یقینی (جیسے ہوا کا چلنا یا موافق چلنا) ۔

flume, n. نالی ؛ نلوا ؛ گہری کم چوڑی گزرگاہ جس میں پہاڑی نالہ بہتا ہو ؛ خودساختہ آبگُزر یا نالا جس کے پانی کے ذریعے لٹھوں کی نقل و حرکت ہو سکے ۔ (فعل متعدی) بھدّی عمارتی لکڑی کی باربرداری کرنا یا نالی وغیرہ نکال کر دریا کا رُخ بدلنا ۔

flummery, n. آش جَو ؛ جَو کا گاڑھا پکوان ؛ کوئی میٹھا پکوان بالخصوص سانچے ڈھلی یخ فِرنی جسے عموماً پھل چٹنی کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے ۔ (مجازاً) خالی جمع خرچ ؛ یاوہ گوئی ؛ بکواس ؛ بے معنی باتیں ؛ خالی خولی تعریف ۔

flunk, v.i. (بول چال) طالب علم کا کسی امتحان یا نصاب میں فیل ہو جانا ؛ چھوڑ دینا یا ترک کر دینا ؛ بات سے پھر جانا یا مُکر جانا ۔ (فعل متعدی) کسی کورس وغیرہ میں فیل کرنا ؛ ناکام بنانا یا ناکام ہونے والا درجہ دینا ۔ (اسم) ناکامی ؛ وعدہ خلافی وغیرہ ۔

flunk out, تدریسی تقاضے پورے کرنے میں ناکام رہنے کے باعث کسی تعلیمی ادارے سے نکال دینا یا نکالا جانا ۔

flunky, flunkey, n. باوردی خادم ؛ اردلی ؛ چپراسی ؛ پیش خدمت ؛ چوبدار ؛ غُلام ؛ آمادہ بہ غلامی ۔

fluor, n. دیکھیے : fluorite ۔

fluoresce, v.i. نُورافشانی کرنا ؛ روشنی بکھیرنا ؛ ضیا باری کرنا ۔

fluorescein, fluoresceine, n. (کیمیا) فلوری سین ؛ سرخ نارنجی رنگ کا باریک دانے دار سفوف جسے اگر رقیق قلوی محلول میں ڈالا جائے تو روشنی کے انعکاس سے اس میں گہری سبزی مائل نورانیت پیدا ہو جاتی ہے اور جب روشنی اس میں سے گزرتی ہے تو یہ سرخی مائل نارنجی نظر آتی ہے ، یہ سفوف سمندر کی بچاؤ مہموں اور کنوؤں میں آلایشوں کی نشاندہی کے لیے پانی کو رنگنے اور اون یا ریشم رنگنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

fluorescence, n. (کیمیا ، طبیعیات) نورانیت ، فلوریت ؛ سیلان النّور؛ برقناطیسی تابکاری کا اخراج خصوصاً مرئی روشنی کی صورت میں ، جو بعض مادوں مثلاً فاسفورس وغیرہ میں برقی اخراج یا بالائے بنفشی روشنی کے انجذاب کے نتیجے میں ہوتا ہے ۔

fluorescent lamp, n. فلوری لمپ ؛ ٹیوب نُما برقی لمپ ؛ کوئی ایسی ٹیوب جس کی اندرونی دیواروں پر چمک دار مادّے کا روغن کر دیا گیا ہو اور اسے ارگن گیس نیز سیابی بخارات سے بھر دیا جائے تا کہ جب برقی رو اس ارگن سیابی مُرکّب میں سے گُزرے تو اس میں سے بالائے بنفشی روشنی پیدا ہو جسے فاسفورس جذب کر کے مرئی روشنی کی صورت میں باز اخراج کرے ۔

fluoridation, n. شمول فلورائیڈ ؛ دانتوں کو گرنے سے بچانے کے لیے پینے والے پانی میں فلورائڈ کا اضافہ ۔

fluoridate, v.t. فلورائڈ کا اضافہ کرنا ۔

fluoride, n. (کیمیا) فلورائیڈ ؛ فلورین اور کسی اور عنصر یا اصلیے کا مرکب ۔

fluorinate, v.t. (کیمیا) فلورین کے ساتھ ملانا یا فلورین سے مدبّر کرنا (پُٹھ دینا) ۔

fluorine, n. (کیمیا) فلورین ؛ حد سے زیادہ اثر انداز و اثرپذیر غیر دھاتی عنصر ، ایک ہلکے زرد رنگ کی گلانے والی گیس جو قدرتی طور پر کرائیولائٹ (Cryolite) ایسی معدنیات کے ساتھ آمیزے کی صورت میں پائی جاتی ہے ۔ دیکھیے : Cryolite ۔

fluorite, fluorspar, n. (معدنیات) فلورائٹ ؛ فلورسپار ؛ قدرتی طور پر پایا جانے والا کیلسیم فلورائیڈ : ایک شفاف اور نیم شفاف مختلف رنگوں کی دھات جو فولادی بھٹّیوں اور ڈھلائی کے کاموں میں گلانے (flux) کے لیے استعمال کی جاتی ہے اور فلورین کا

بڑا ماخذ ہے۔

fluorocarbon, n. (کیمیا) فلوروکاربن : کاربن اور فلورین کے متعدد انتہائی غیر عامل مرکبات میں سے کوئی ایک ، اسے ایروسول کو آگے دھکیلنے ، چکناہٹ پیدا کرنے ، اشیا سرد کرنے ، حل کرنے اور آگ بجھانے کے عامل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

fluorometer, fluorimeter, n. فلوریت پیما ؛ اخراجِ نُور پیما ؛ فلورومیٹر۔

fluoroscope, n. فلوریت بیں ؛فلوروسکوپ : ایک آلہ جس کے ذریعے کسی فلورینی اسکرین پر ان سایوں کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے جو لاشعاعوں یا دُوسری کسی اشعاع (تابکاری) کے کسی کثیف شے میں سے گزرتے ہوئے پیدا ہوتے ہیں۔

fluoroscopy, n. فلوریت بینی ؛ فلوروسکوپ کے ذریعے معائنہ۔

fluorspar, n. دیکھیے : fluorite ۔

flurry, n. جلد پگھل جانے والی برف باری ؛ ہوا کا ناگہاں جھونکا ؛ ناگہانی افراتفری ، ہلچل یا کھلبلی۔ (بازارِ حصص) تجارتی سرگرمیوں میں ہلکی سی تیزی۔ (فعل معدی) ہلچل پیدا کرنا ؛ کھلبلی مچانا ؛ چونکا دینا ؛ پریشان کر دینا۔

flush, v.t. پانی کا ریلا بہانا (خصوصاً صفائی کے لیے) ؛ کوئی رقیق مادّہ موری یا غسل خانے کے اندر زور سے بہا کر اسے دھونا یا صاف کر دینا ؛ سُرخ کر دینا یا چہرے پر شرم و حیا کی سُرخی دوڑا دینا ؛ روح پھونک دینا یا بڑھاوا دینا۔ (فعل لازم) زور سے بہنا ؛ بہنا یا اچانک پھیل جانا ؛ رنگ کا (چہرے وغیرہ پر) آ جانا ؛ سُرخ ہو جانا ؛ شرما جانا ؛ جھینپ جانا۔ (اسم) حوصلہ افزائی ؛ زورِ جذبات ؛ تازگی یا توانائی ؛ شرم و حیا سے چہرے کی ہلکی سُرخی ؛ سُرخئ عارض ؛ گلابی چمک ؛ زور دار بہاؤ یا ہر طرف پھیل جانے والا بہاؤ (پانی وغیرہ کا)۔

flush, a. یکساں یا ہموار (جیسے کسی سطح کے ساتھ) ؛ ایک سیدھ میں (سیدھا) ؛ برابر (جیسے : the flush deck of a ship) ؛ ہم دیوار؛ ہم حد ؛ امکانی حد تک ایک دوسرے کے قریب ؛ کِیسہ پُر ؛ فراواں ؛ باثروت ؛ دولت مند ؛ فارغُ البال ؛ بافراط یا بکثرت (دولت وغیرہ کے لحاظ سے) ؛ جس پر سرخی مائل ونگ منتشر ہو ؛ جھینپا ہوا ؛ توانا ؛ بوالہوس ؛ لب ریز یا لبا لب ؛ تنومند۔ (فعل متعدی) ہموار یا ہم سطح کرنا۔ (متعلق فعل) ہمواری کے ساتھ ؛ کمی بیشی کے بغیر ؛ ٹھیک ٹھاک۔

flush, v.t. پرندوں کو ان کی حفاظتی جگھوں یا کھوہ وغیرہ سے باہر نکالنا۔ (فعل لازم) اُڑ جانا یا اچانک پرواز کر جانا جیسے پرندوں کا جب انھیں چھیڑا جائے۔

flush, n. فَلَیش ؛ تاش کا ایک کھیل : تاش کے بعض کھیلوں میں ایک ہی رنگ کے پتّوں کے ہاتھ میں ہونے کا کھیل۔

fluster, v.t. مضطرب کرنا ؛ اُکسانا ؛ پراگندہ فکر بنانا ؛ شراب سے دُھت کر دینا ؛ گھبرا دینا؛ پریشان کر دینا۔ (فعل لازم)مضطرب ہونا ؛ گرم جوشی سے کام لینا ؛ پراگندہ فکر ہونا ؛ بے چین ہونا ؛ گھبرانا ؛ دوڑ دُھوپ کرنا ؛ گھبرائے اور بھڑکے ہوئے انداز سے پیش آنا۔ (اسم) جوش ؛ پراگندہ فکری ؛ بے چینی ؛ اضطراب ؛ پریشانی ؛ گھبراہٹ؛ بدحواسی۔

flute, n. بانسری؛ مُرلی؛ الغوزہ؛ نَے؛ لکڑی کا ایک مُنھ سے بجانے والا ساز جو اندر سے خالی مخروطی ٹیوب کی طرح کا ہوتا ہے ، اس میں انگلیاں رکھنے کے لیے سوراخ یا کلیدوں کا ایک سلسلہ ہوتا ہے جن سے دو طرح کے سُر نکالے جاتے ہیں : اس آلۂ موسیقی کے اُوپر والے حصّے میں لگے ہوئے دہانے کو بجا کر ایک سُر اور اس کے اُوپر کے حصّے کے کنارے آڑے ترچھے بنے ہوئے سوراخ کو پھونک کر دوسرا سُر نکالا جاتا ہے ؛ ارغنوں باجے کی ایک نالی جس میں سے بانسری جیسی آواز نکلتی ہے۔ (فرنیچر و فنِ تعمیر) کٹاؤ یا جھری جِسے کسی ستون میں سجاوٹ کے طور پر بنایا جائے ؛ اس قسم کی گول شکن یا چُنَٹ جیسے جھالر میں ہوتی ہے؛ شیشے کے برتن پر بنایا ہوا کوئی ڈیزائن یا کیک وغیرہ کے مُڑے ہوئے کنارے۔ (فعل لازم و متعدی) مُرلی پر سُر چھیڑنا؛ مُرلی یا بنسری کی سی آواز پیدا کرنا ؛ بانسری بجانا ؛ مُرلی بجانا ؛ بانسری جیسے انداز میں کچھ الاپنا؛ شکنیں ، چنٹیں یا اُبھرے ہوئے گول کنارے بنانا۔

fluted, a. بنسری کے لَے میں بجایا گیا؛ جھریوں اور چنٹوں والا؛ شکن دار۔

flutter, v.i. پرافشانی کرنا ؛ پر جھاڑنا ؛ ہوا میں بھڑبھڑانا یا لہرانا ؛ پرندوں کا اُڑے بغیر یا چھوٹی اُڑان میں پر مارنا ؛ تیزی سے اِدھر اُدھر یا اُوپر نیچے ہونا ؛ پلکوں کا بار بار جھپکنا (جیسے : Her eyelids flutter) ؛ تیز تیز لیکن بے ترتیبی سے حرکت میں آنا؛ برہم یا بے چین ہونا ؛ دل کا بے قاعدگی سے دھڑکنا۔ (فعل متعدی) اُکسانا یا گڑبڑ میں ڈالنا۔ (اسم) تیز لیکن بے قاعدہ حرکت ؛ اہتزاز ؛ اکساہٹ یا افراتفری ؛ جذباتی ہلچل (جیسے : Her entrance caused a flutter)۔ (برقیات) کسی برقی تکثیر پر نشری بے قاعدگی سے پیدا ہونے والی گڑبڑ ؛ گھر گھر ؛ گھرگھراہٹ ؛ گھمر گھمر۔

flutter kick, n. لکدکوبی ؛ پاؤں ماری ؛ تیرتے وقت گھٹنوں کو چھاتی کی طرف لانے کے بعد پیچھے کی طرف جھٹکنے کا عمل ؛ سست رفتار پیراکی میں گھٹنوں کا موڑنے کے بعد بے حرکت رہنے کا عمل۔

fluvial, fluviatile, a. سیلابی ؛ دریائی ، دریائی عمل کی پیداوار ؛ دریاؤں میں رہنے یا نمو پانے والے۔

fluviomarine, a. (ارضیات) دریا بحری : ان دہانوں میں تشکیل پانے یا جمع ہونے والے ، جہاں دریا اور سمندروں کا عمل شامل ہو۔

flux, n. بہاؤ ؛ سَیل ؛ سیلان ؛ بہنے کی حالت ؛ تغیرِ پیہم یا حرکتِ پیہم ؛ بہاؤ یا اخراج ؛ مدّ کے وقت سمندری پانی کا خُشکی کی جانب بہاؤ ؛ جسم سے سیّال مواد کا اخراج خصوصاً اجابت کا غیر معمولی یا بکثرت ہونا۔ (فلزّیات) وہ مواد جسے دھاتوں یا معدنیات کی آمیزی صلاحیت بڑھانے کے لیے استعمال کیا جائے۔ (طبیعیات) بہاؤ کی وہ شرح جس کے مطابق کوئی سیّال ، ذرّات یا توانائی کسی رقبے کو پار کر جائے۔ (فعل متعدی و لازم) بہانا؛ سیّال بنانا؛ پگھلا کر یا پگھل کر باہم مل جانا؛ بہنا ؛ بصورت سَیل جاری ہونا۔

flux gate, n. (طبیعیات) گردشی قُطب نما میں ایک آلہ جس کے ذریعے زمین کے مقناطیسی حلقے کے افقی جزو کا سراغ لگایا جاتا ہے اور یوں طیارے کے قطب نما کے صحیح رخ کو بحال رکھا جاتا ہے۔

fluxion, n. بہاؤ یا روانی ؛ تغیرّ پیہم ؛ جریان ؛مسلسل تبدیلی۔

fly, n. مکھّی ؛ ذُبابہ (اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں) ؛ بے شمار کیڑوں میں سے کوئی ایک ، عموماً گھریلو مکھّی جس کے دو شفّاف پر ہوتے ہیں یا کوئی اور پردار کیڑا جیسے جُگنو ؛ مکھّی کی

شکل کا یا کسی اور کیڑے سے مِلتا جُلتا کانٹا جسسے مچھلیاں پکڑنے والے استعمال کرتے ہیں ۔

fly in the ointment, کوئی چیز (خصوصاً بے وقعت) یا جو کسی اور شے سے حاصل ہونے والی لذّت یا افادیّت کو زائل کر دے یا اس کا مزا کِرکِرا کر دے ۔

fly, n. کپڑے کا پَلّا جو کسی پہناوے کو کُھلا نہ رکھنے کے لیے لگائی گئی زِپ یا کاجوں کے اُوپر رہتا ہے یا جس میں کاج بنائے جاتے ہیں خصوصاً مردانہ پتلونوں میں ؛ خیمے کے دروازے کا کام دینے والا پردہ ؛ بعض خیموں کی دوسری بالائی چھت بنانے کے لیے استعمال ہونے والا کینوس کا ٹُکڑا ؛ پرواز ؛ اُڑان ۔ (برطانوی) ہلکی پُھلکی گاڑی یا کرائے پر چلنے والی کوچ ؛ جھنڈے کی ڈنڈے کے عرض سے کپڑے کی انتہائی کور تک چوڑائی ؛ جھنڈے کا آخری کنارا ۔ (تھیئٹر) تھیئٹر کے لیے لگے ہوئے پردے اور اسٹیج کا درمیانی فاصلہ جو اوپر لگی ہوئی روشنیوں اور مشینری کے لیے ہوتا ہے جس سے سیٹوں کو حرکت دے کر اِدھر اُدھر کیا جاتا ہے ۔ (بیس بال) وہ گیند جو ضرب کھا کر اُوپر فضا میں اس طرح اٹھ گیا ہو کہ فاؤل کی حدود میں آ جائے ؛ خالی ورق جو کسی کتاب کے شروع یا آخر میں لگا دیا جائے ؛ اُڑن پہیہ (fly wheel) ۔

fly, v.i. اُڑنا ؛ فضا میں پروں یا بازوؤں کے سہارے حرکت کرنا ؛ فضا میں ہوا کے زور سے یا کسی اور ریلے سے حرکت کرنا ؛ طیّارے میں فضائی سفر کرنا ؛ تیزی سے دوڑنا یا گُزرنا جیسے وقت کا ؛ تیز چلنا ؛ بھاگ جانا ؛ فرار ہو جانا یا بچ نکلنا؛ پھٹ کر ٹُکڑے ٹُکڑے ہو جانا؛ جھنڈے کی طرح پھڑپھڑانا یا لہرانا؛ دولت کا بعجلت اُڑا دینا؛ اُڑتے پرندے کا شکار کرنا یا اُس پر حملہ کرنا جیسے باز پر ۔ (بیس بال) اُڑتے ہوئے گیند کو ضرب لگانا ۔ (فعل متعدی) اُڑانا یا چلانا جیسے طیّارے کو ؛ ہوائی جہاز میں سفر کرنا یا پرواز کرنا (جیسے : to fly the Atlantic)؛ طیّارے کے ذریعے سامان کی نقل و حمل یا سامان اپنے ساتھ لے جانا ۔

to fly at, ٹُوٹ پڑنا ؛ اچانک زور دار حملہ کر دینا ۔

to fly in the face of, للکارتے ہوئے کوئی قدم اٹھانا یا سامنا کرنا ؛ گُستاخی کرنا ؛ مقابلہ کرنا ۔

to let fly, خالی کرنا ؛ پھینک دینا یا پَھٹ پڑنا۔

to fly off, جلدی میں چل دینا۔

to fly into, یک لخت اور بے قابو ہو کر اظہار کرنا (غُصّے وغیرہ کا) ۔

fly, a. (برطانوی ، عوامی) ذہنی طور پر چوکس ؛ تیز ؛ حاضر دماغ ؛ چُست اور پُھرتیلا ؛ ہوشیار ؛ چوکّنا ؛ ہوشمند ۔

fly agaric, n. مگس کُھمبی ؛ ایک انتہائی زہریلی کھمبی ۔

flyaway, a. پھڑپھڑاتا ہُوا ؛ ندّی کی طرح بہتی ہوئی ؛ غیر سنجیدہ ؛ غیر متین ۔ (طیرانیات) کسی فوجی یونٹ کے اپنے ہی طیّارے کے باربرداری والے مال اسباب اور سامانِ رسد کا یا اس سے متعلّق ۔

fly blow, n. مکھّی کا انڈا ؛ تخمِ مگس ؛ اُڑن مکھی یا ماس مکھی کے غذا پر چھوڑے گئے انڈے یا لاروے ۔

fly blown, a. آلودہ ؛ داغی ؛ خراب شدہ شے ۔

fly boy, n. (عوامی) امریکی فضائیہ کا پائلٹ یا کوئی اور رُکن ۔

fly by, n. کسی مخصوص جگہ پر سے یا اس کے پاس سے طیّارے یا فضائی گاڑی کی نیچی پرواز ۔

fly-by-night, n. شب پرواز ؛ ناقابلِ اعتماد شخص یا کاروبار؛ خصوصاً مالی ذمّہ داری اور قرضے کی ادائیگی کے معاملے میں ۔ (صفت) غیر معتبر یا بھروسے کے ناقابل خصوصاً مالی یا کاروباری معاملات میں ؛ عبوری (عارضی) ؛ چند روزہ ؛ یک روزہ ۔

fly casting, n. (بنسی بازی) ڈھیلی چھڑی کے برعکس زیادہ لمبی اور ہلکی لچک دار چھڑی کے ساتھ مصنوعی مکھّی لگا کر مچھلی پکڑنے کے لیے کانٹا یا بنسی پھینکنے کا طریقہ یا عمل ۔

fly catcher, n. (طیوریات) مگس گیر : گانے پُھدکنے والا ایک پرندہ جو اُڑتے ہوئے کیڑوں ، مکھّیوں وغیرہ کو پکڑ کر کھا جاتا ہے ؛ مگس مار چڑیا ؛ مکھّی مار۔

flyer, flier, n. اُڑنے والا ؛ طیّار۔

fly gallery, fly floor, n. (تھیئٹر) ایک تنگ یا بلند سطح کا پلیٹ فارم (چبوترہ) جو اصل اسٹیج کے پہلو میں ہوتا ہے جہاں سے مناظر بدلنے کے لیے ڈوریاں کھینچی جاتی ہیں ۔

flying, a. طیرانی ؛ لہراتا ہوا ؛ قابلِ پرواز یا اُڑنے کے لیے موزوں ؛ ہوا میں اُڑتا ہوا ؛ تیزی سے حرکت کرتا ہوا ؛ جلدی سے گُزرتے ہوئے یا بھاگتے ہوئے (جیسے : flying moments) ؛ پرچموں کی طرح ہوا میں آزادانہ جُھولتے ہوئے یا لہراتے ہوئے ؛ تیز رفتاری یا فوری اقدام کے لیے تربیت یافتہ (جیسے : a flying squad) ؛ پردار یا پرداروں کا سا ؛ سریع ۔ (اسم) فضا میں سے گزرنے یا سفر کرنے کا عمل ؛ فضائی سفر ؛ پرواز ؛ طیّارہ رانی ؛ اُڑان ۔

flying boat, n. (طیرانیات) اُڑن کَشتی ؛ ایک قسم کا کَشتی نُما طیّارہ جو پانی پر اُتر بھی سکتا ہے اور اس میں تیر کر اُڑ بھی سکتا ہے ۔

flying bridge, n. (جہاز رانی) بحری جہاز کا سب سے اونچا پُل یا چبوترہ جہاں جہاز رانی کے آلات اور ضبطی نظام یا کنٹرول نصب ہوتے ہیں ۔

flying buttress, n. (فنِ تعمیر) محراب کا وہ حصّہ جو وتری صورت میں نیچے کو بڑھا ہوا ہو اور کسی اور پُشتے کی محرابی دیوار کے ساتھ مل کر متوازی پُشتے کا کام دے ؛ ڈھلوانی محراب دار پشتہ ۔

flying colors, n. امتیازی کامیابی ؛ نمایاں کامیابی ؛ کامرانی ؛ ظفرمندی ؛ فتح و ظفر (جیسے : He passed the test with flying colors) ۔

Flying Dutchman, n. وہ خیالی یا واہمہ زاد جہاز جس کے متعلّق داستانوں میں آیا ہے کہ راس اُمّید سے ہٹ کر دکھائی دیتا تھا اور موسمی خرابی یا خطرے کی پیش گوئی کرتا تھا ؛ اس جہاز کا اساطیری کپتان ؛ رچرڈ ویگنر کا او پیرا ۔

flying field, n. ہوائی میدان ، جو بلحاظ رقبہ تو عام ہوائی اڈوں سے چھوٹا ہوتا ہے لیکن وہاں دوڑ پٹڑی (runway) اور طیاروں کی دیکھ بھال کے متعلق دیگر سہولتیں موجود ہوتی ہیں ۔

flying fish, n. اُڑن مچھلی : یہ گرم ممالک کے پانیوں میں پائی جاتی ہے اور اپنے لمبے لمبے بازوؤں جیسے صدری پروں کے ساتھ فضا میں تھوڑے فاصلے تک تیر سکتی ہے ؛ ماہئ پرّاں ۔

Flying Fortress, n. امریکی بمبار ؛ ایک خاصا بڑا اور وزنی مسلّح امریکی بمبار پسٹن انجن والا بی ۱۷ ، جو دُوسری عالمگیر جنگ میں بہت استعمال ہوا ۔

focus (continued from previous page)

کسی عدسے کے طول ماسکہ کو اس کے حقیقی قُطر سے تقسیم کرنے سے حاصل ہونے والا عدد ، یہ عدد جس قدر چھوٹا ہو گا اسی قدر شعاعیہ یا سوراخ زیادہ چوڑا ہو گا اور اسی قدر کم وقت اسے روشنی کی زد میں رکھنے کی ضرورت ہو گی ؛ ماسکی تناسُب ۔

foal, n. گھوڑے ، گدھے وغیرہ کا نو عمر بچّہ ؛ بچھیرایا بچھیری ۔ (فعل متعدی و لازم) بچھیرا پیدا کرنا/ہونا ۔

foam, n. جھاگ ؛ چھوٹے چھوٹے بُلبُلے جو کسی مائع شے کا خمیر اٹھانے ، جوش دلانے یا بلونے سے اس کی سطح پر اُبھر آتے ہیں ؛ پسینہ آنے یا لعاب، دہن بہ نکلنے سے (بعد میں) بن جانے والا رسُوب ؛ ایک مواد جو آگ بجھانے کے کام آتا ہے خصوصاً جب کسی مائع نے آگ پکڑ لی ہو ، اس صورت میں چھوٹے چھوٹے مزاحم حرارت بُلبُلوں سے شُعلوں کو دبا دیا جاتا ہے ۔ (فعل لازم) جھاگ جھاگ ہو جانا؛ جھاگ کا ایک جگہ اکٹھا ہو جانا؛ غُصّے میں آ جانا ؛ غُصّے میں ہونا ؛ کف در دہن ہونا ۔ (فعل متعدی) جھاگ جھاگ کر دینا ؛ جھاگ بنانا ۔

foamy, a. جھاگی ؛ زبدی ؛ کف دار یا جھاگ دار ۔

foam rubber, n. ربڑ فوم ؛ اسفنجی ربڑ جسے ربڑ ہی کے درخت کے دودھ (شیرے) سے تیار کرتے ہیں ، پہلے اسے خُوب پھینٹتے ہیں اور گندھک ملا کر گدّے اور گدیلے بنانے کے لیے اسے مضبوط اور لچک دار بناتے ہیں۔

fob, n. جیبی گھڑی کی زنجیر یا فیتہ ؛ گھڑی سے منسلک چھوٹی آرایشی زنجیر یا فیتہ۔

focal, a. ماسکی ؛ ماسکہ کا یا اس سے متعلّق (جیسے : the focal distance or length of a lens) ۔ (طِب) مرکوزی ؛ جسم کے کسی خاص حصّے تک محدود ۔

focalize, v.t., v.i. ماسکے میں لانا یا آ جانا ۔

focalization, n. ماسکہ کاری ؛ تمسیک ۔

focal infection, n. (امراضیات) مرکوزی سرائیت : وہ چھوت کی بیماری جو بدن کے کسی خاص حصّے میں ہو اور وہاں سے خون کی نالیوں میں داخل ہو کر دوسرے حصّوں میں سرایت کر جائے ۔

focal length, focal distance, n. (بصریات) طولِ ماسکہ ؛ فصلِ ماسکہ ؛ کسی عدسے یا آئینے کے بصری مرکز سے اس مقام تک کا فاصلہ جہاں کرنیں مرتکز ہوتی ہوں ؛ ماسکی طُول یا فاصلہ ۔

fo'c's'le, n. دیکھیے : Forecastle ۔

focus, n. ماسکہ ؛ وہ مقام یا نُقطہ جہاں روشنی ، حرارت وغیرہ کی شعاعیں انعکاس یا انعطاف کے بعد باہم ملیں ؛ وہ مقام جہاں سے منتشر ہونے والی شعاعیں پھوٹتی ہوئی معلوم ہوں یا جہاں مرتکز ہونے والی شعاعیں اگر انھیں ایک ہی رُخ بڑھنے دیا جائے تو باہم مل جائیں؛ مقامِ ارتکاز ؛ مرکوزی مقام ؛ مقامِ اتّصال ؛ مقامِ انتشار ۔ (بصریات) کرن بندی ؛ نقطۂ شعاعی ؛ کسی شے کا اصل مقام یا آنکھوں پر عینک فٹ کرنے کی صحیح جگہ جس سے ہر شے کا عکس صاف اور واضح دکھائی دے (in focus اور out of focus کا یہی مفہوم ہے) ؛ ایسی مطابقت اور وضع سے پیدا ہونے والے نقش کی غیر مبہم صُورت ؛ عدسے کی ماسکی لمبائی یا اس کا نقطۂ ماسکہ ؛ کشش ، توجُّہ یا سرگرمی کا مرکزی نُقطہ ۔ (جیومیٹری) مدار ؛ ان نقاط میں سے کوئی

flying fox, n. بڑ باگل ؛ پھل کھانے والی چمگادڑ ؛ یورپ ، ایشیا اور افریقہ کے گرم علاقوں میں پائی جانے والی پھل خور چمگادڑ جس کا سَر لومڑی جیسا ہوتا ہے ۔

flying gurnard, n. سُرخ اُڑن ماہی ؛ سمندری مچھلی کی بہت سی اقسام میں سے ایک جس کے پَر رنگدار ہوتے ہیں اور اتنے بڑے کہ وہ جب ان سے پانی کے باہر چھلانگ لگاتی ہے تو اس پر اُڑنے کا گمان ہوتا ہے۔

flying jib, n. (جہازرانی) ہلکا سا چھوٹا بادبان جسے بادبانی شہتیر کی ایزاد سے پیوست کیا ہوتا ہے ۔

flying lemur, n. اُڑن لیمور ؛ جلد پرّے (Dermoptera) جنس کا شب گرد میمل جانور ، اس کے اعضا اطراف میں جِلدی شکنوں سے باہم ملے ہوتے ہیں جس کے باعث وہ جست لگا سکتا ہے ، یہ ایشیا کے گرم خطّے میں شرقُ الہند اور فلپائن میں پایا جاتا ہے ۔

flying machine, n. اُڑن مشین ؛ انجن والا طیارہ ؛ ایک ابتدائی طرز کا طیّارہ ۔

flying saucer, n. اُڑن طشتری ؛ بیسویں صدی کے وسط میں خیال کیا جاتا تھا کہ فضا میں طشتری نُما چیزیں موجود ہیں جو خلا پار کی کسی مخلوق کے چھوڑے ہوئے خفیہ میزائل ، فریب ہائے نظر ، قدرتی مظاہر یا گاڑیاں وغیرہ ہیں ۔

flying squirrel, n. چتر دار گلہری ؛ گلہری کی ایک قسم جس کی جِلدی شکنیں اگلی اور پچھلی ٹانگوں تک پھیلی ہوتی ہیں اور اسے جست بھرنے میں مدد دیتی ہیں ۔

flyleaf, n. ورقِ سادہ ؛ کتاب وغیرہ کے شروع اور آخر میں لگا ہوا خالی ورق ۔

fly over, n. برپروازی ؛ ایک یا ایک سے زیادہ طیّاروں کے ساتھ کسی مقررہ زمینی مقام کے اوپر سے پرواز کرتے گزر جانے کا عمل ۔ (برطانوی) سَرپُل ؛ وہ سڑک جو پُل کے ذریعے کسی اور سڑک پر سے گُزرتی ہو (جیسا کہ شاہراہوں پر ہوتا ہے) ۔

fly paper, n. مکھّی مار کاغذ : یہ مسام دار ہوتا ہے اور اس پر چپکنے والا ایسا زہریلا مادہ لگا دیا جاتا ہے کہ مکھّی اس پر بیٹھتے ہی مر جاتی ہے ۔

fly past, n. دیکھیے : flyby ۔

fly speck, n. چھوٹا سا دھبہ یا داغ جو مکھّی کی چھوڑی ہوئی غلاظت کی نشاندہی کرے ؛ ایک خفیف سا نشان ۔ (مجازاً) کوئی غیر اہم شے ۔ (فعل متعدی) دھبّے دھبّے کر دینا ؛ داغ دھبے ڈالنا ۔

fly trap, n. حشرہ گیر؛ مکھی پھندا؛ مکھّی جال ؛ مگس گیر ؛ مکھیوں کو پکڑنے اور مارنے کا پھندا ۔

fly way, n. اُڑان رستہ ؛ اُڑنے کا ایک عام ہوائی راستہ جو ایک جگہ سے اُڑ کر دوسری جگہ جانے والے پرندے اختیار کرتے ہیں، (جیسے : the Mississippi flyway) ۔

fly weight, n. سُبک بار ؛ وہ باکسر (مُکہّ باز) جس کا وزن ایک سو بارہ پونڈ سے زیادہ نہ ہو۔

fly wheel, n. اڑن پہیہ ؛ چرخ گرداں ؛ فلائی وہیل ؛ ایک بھاری پہیہ یا قُرص جو دُھرے پر گھومتا ہے ، اس کے ذریعے مشین کے تمام پُرزے مسلسل حرکت میں رہتے ہیں ۔

f-number, focal ratio, n. (عکّاسی) عدد ماسکہ ؛

نُقطہ جن میں سے کسی دی ہوئی قوس کے کسی ایک نُقطے تک
فاصلے ایک ہی خطّی لمبائی رکھتے ہوں ؛ وہ جگہ جہاں سے زلزلے کا
آغاز ہوتا ہو۔ (امراضیات) وہ جگہ جہاں سے کسی مرض کا آغاز ہو یا
جہاں وہ مرکوز ہو گیا ہو۔

focus, v.t. ماسکے میں لانا (کسی چیز کو) ؛ مرتکز کرنا ؛
ماسکے کے مطابق کرنا (جیسے کیمرے کے عدسے یا آنکھ کو)۔
(فعل لازم) ماسکے میں آنا ؛ یوں مطابقت پیدا کرنا کہ نقش واضح ہو
جائے۔

fodder, n. چارا ؛ چری ؛ پٹھے ؛ بھوسا ؛ مویشیوں
کا چارا خصوصاً اناج وغیرہ جو سبز پودوں ، جھاڑیوں ، ٹہنیوں ، پتّوں
اور دانوں وغیرہ پر مشتمل ہو۔ (فعل متعدی) چارا ڈالنا ؛ چارا کھلانا۔

foe, n. دُشمن ؛ بیری ؛ عدو ؛ ذاتی دشمن ؛
مخالف ؛ مخالف یا مقابل فوج ؛ معانِد ؛ غنیم ؛ مقابل۔

foehn, fohn, n. گرم خشک ہوا جو پہاڑ کی (بالخصوص الپس کی)
وادیوں میں چلتی ہے۔

foetal, a. دیکھیے: Fetal ۔

foetid, a. دیکھیے: Fetid ۔

foetus, a. دیکھیے: Fetus ۔

fog, n. کُہر ؛ شب دُود ؛ غُبار ؛ دُھند ؛ سطح زمین
کے پاس آبی بخارات کا تکاثف جو عموماً نظر کو دُھندلا دیتا ہے ؛
دھندلائی ہوئی فضائی صورت یا جو چیز اس دھندلاہٹ کا باعث بنے۔
(عکّاسی) نیگٹو یا تصویر کے اوپر کا دھبا جو اس کی روشنی کی زد
میں غلطی یا غفلت سے آ جانے کے باعث پیدا ہو جائے۔ (کیمیا) مائع
ذرّات کا کسی گیس میں بکھرا ہوا آمیزہ ؛ ضباب ؛ تیرگی۔ (فعل
متعدی) دُھندلا دینا ؛ غیر واضح کر دینا۔ (عکّاسی) تصویر کو دُھندلا
دینا۔ (فعل لازم) دھندلا جانا ؛ دھند میں گِھر جانا ؛ یوں لگنا جیسے دُھند
میں گِھر گیا ہو ؛ کُہر آلود ہونا۔

fog, n. پس گیاہ ؛ پہلی کٹائی کے بعد گھاس
کے دوبارہ اُگنے کا عمل ؛ سردیوں میں زمین سے ختم نہ ہونے والی لمبی
گھاس۔

fog bank, n. ساگر دُھند ؛ کُہر کا بادل ؛
دُھند کی تہیں یا انبار سا جو دُور سے دیکھا جائے ؛ سُرابِ بحر۔

fog dog, n. روزنِ کُہر ؛ ساگر دُھند میں کبھی کبھی
دکھائی دینے والا روشن مقام۔

fog bound, a. کہر زدہ ؛ دُھند میں گھرا ہوا ؛
کُہر بند ؛ کُہری دھند کے باعث جہاز رانی کے ناقابل (جیسے : fog-bound ship)۔

fog-bow, n. دُھند دھنک ؛ قوسِ کُہر ؛ سفیدی مائل یا زرد
رنگ کی کمان ، محراب یا دائرہ جو کبھی کبھی دُھند میں نظر آتا ہے ؛
دھند کے ترشح سے پیدا ہونے والی قوس قزح۔

foggy, a. کُہر آلود ؛ تیرہ ؛ دُھند بھرا ؛ دُھندلا ؛
کم تاب ؛ کُند ؛ حواس باختہ۔ (عکّاسی) فوٹو پرنٹ یا پلیٹ کے متعلّق
جو دھلائی کے دوران دھندلا گئی ہو۔

fog horn, n. دُھند بگل ؛ دُھند کے دوران جہازوں کو
ایک دوسرے کی یا ساحل کی قربت سے آگاہ کرنے کے لیے زور سے
بجایا گیا یا بجایا جانے والا سنکھ یا بگل ؛ کوئی اونچی گُونج دار آواز۔

fogy, fogey, n. (بول چال) دقیانوسی یا پرانی وضع کا آدمی
(عموماً پہلے old لگاتے ہیں) ؛ سُست ؛ ضعیف ، بُڈھا ؛ قدامت پسند۔

foible, n. عیب ، نقص ، خطا ؛ معمولی سی فروگزاشت
یا غلطی ؛ تیغ کے پَھل کا کمزور تر حصّہ ، جو وسط اور نوک کے بیچ
میں ہوتا ہے۔

foiegras, n. بزور تغذیے کے نتیجے میں پالی ہوئی
بطخوں یا مرغابیوں کی کلیجی ، اسے دسترخوان کی لذیذ غذا تصور کیا
جاتا ہے ، لئی شکل میں اسے pate de foie gras کہتے ہیں۔

foil, n. ورق ؛ پترہ ؛ پنّا ؛ فلزّی ورق (جیسے : gold foil or tinfoil) ؛
شیشے کو آئینہ بنانے کے لیے اس کی پُشت پر کیا گیا دھاتی ممزوج ؛
کسی ہیرے کی تاب اور رنگت کو دوبالا کرنے کے لیے اس کے نیچے
رکھّی گئی پتلی سی تہ ؛ وہ شے یا شخص جو کسی اور شے یا شخص
کے لیے سونے پر سہاگے کا کام دے۔ (فنِ تعمیر) کوئی محراب یا گولائی
جو کسی کھڑکی کی بالائی جانب ہلالی خم کے اندر یا کسی اور آرایشی
جگہ میں بنی ہوئی ہو۔ (فعل متعدی) شیشے کو زنگاری بنانا یا لیپنا ؛
ماحولی حوالے سے زینت افزائی کرنا۔

foiled, a. (فنِ تعمیر) محراب دار ؛ محرابوں سے سجایا ہوا۔

foil, v.t. کامیاب نہ ہونے دینا ؛ راہ میں روڑے اٹکانا ؛
کامیابی کی راہ روکنا ؛ ناکام بنانا (کوششوں کو)۔ (شکاریات)
شکاری کو ناکام بنانے کے لیے سراغ کے نشانات یا بُو کو ضائع کرنا۔
(اسم) (قدیم) شکست ؛ رکاوٹ ؛ ہار ؛ ناکامی۔

foil, n. گتکا ؛ کُند تلوار جس کے سِرے پر تیغ بازی کے لیے
تلوار کو کُند کرنے والا بٹن لگا ہوتا ہے۔ (بصورت جمع) اس سے اس قسم
کی تلواروں کے ساتھ تیغ بازی کا فن اور مشق مراد ہے۔

foilsman, n. تیغ باز ؛ گتکے باز ؛ گتکے کا ماہر۔

foin, v.i. (قدیم) کوئی ہتھیار چبھونا ؛ تیغ بازی میں
نوکِ شمشیر (بظاہر) چبھونا۔ (اسم) (قدیم) کسی ہتھیار کی چُبھن۔

foison, n. (قدیم) افراط ؛ کثرت ؛ فراوانی
خصوصاً فصل کی بہتات۔

foist, v.t. سَر منڈھنا ؛ کسی غلط شخص یا شے کو
دھوکے یا فریب کے ساتھ کسی اور کے پلے ڈال دینا (بعد میں on یا
upon لگاتے ہیں) ؛ بغیر اختیار یا استحقاق کے کسی تحریر وغیرہ میں
جعل سازی کر جانا (بعد میں in یا into لگاتے ہیں) ؛ اس طرح کا دھوکا
دینا۔

folacin, n. دیکھیے : folic acid ۔

fold, v.t. دوہرا کرنا یا تہ کرنا (کسی کاغذ یا
کپڑے کو) ؛ اجزا کو اِکٹھا کرتے ہوئے اور شِکن ڈالتے ہوئے کسی شے کو
تہ کرنا (عموماً up کے ساتھ ، جیسے : to fold up a map) ؛ یک جا کرنا
یا ایک دوسرے میں ملا دینا (جیسے بازوؤں یا ہاتھوں کو) ؛ معانقہ کرنا ؛
بغل گیر کرنا ؛ گلے لگانا (جیسے : to fold her in his arms) ؛ بند کرنا ؛
لپیٹنا یا کسی شے میں ملفوف کرنا ؛ خم کرنا یا حمائل کرنا (عموماً about
یا around بعد میں لگاتے ہیں ، جیسے : to fold ones arms about
another's neck) ؛ پرندے کا پر سمیٹنا۔ (طبّاخی) ایک حصّے کو
آہستگی سے دوسرے پر پلٹاتے ہوئے دیگر اجزا میں اضافہ کرنا (عموماً
بعد میں in لگاتے ہیں ، جیسے : to fold in the flour)۔ (فعل لازم) لپٹنا ؛ لپیٹا
جانا۔ (بول چال) ناکام ہونا یا بالکل رہ جانا ؛ خصوصاً مالی لحاظ سے

(کبھی کبھی up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

fold, n.
تہ ؛ پرت ؛ خم ؛ تہ کیا گیا حصّہ یا کسی چیز کا پرت یا اس کی تہ شُدہ صورت (جیسے : a fold of cloth)؛ سلوٹ ؛ دوہرا کرنے سے پڑ جانے والی لکیر یا شِکن (کپڑے وغیرہ میں) ؛ کسی قطعۂ زمین میں قدرتی موڑ ، اتار چڑھاؤ وغیرہ (جیسے کوئی وادی) ۔ (ارضیات) تہ دار چٹان میں پڑا ہوا خم یا لَفّ جو کوہانی ، پیالہ شکل یا ڈھلوان نما ہو ۔ (تشریح الاعضا) بدن کی کسی جھلّی یا کسی اور عضو خصوصاً چوڑی ساخت کا دوہرا یا خمدار حصہ (جیسے : a vocal fold) ؛ سانپ کے جسم کی طرح کی کُنڈلی ؛ تہ لگانے یا دوہرا کرنے کا عمل ۔

fold, n.
بھیڑ بکریوں کا باڑا یا احاطہ ؛ بھیڑوں کا ریوڑ ؛ کلیسا اور کلیسیائی اجتماع ؛ مشترک مقاصد ، اقدار اور عقائد رکھنے والا کوئی گروہ ۔ (فعل متعدی) باڑے میں بند کر دینا ۔

foldaway, a.
تہ کیے جانے کے قابل اور تہ کر کے علیحدہ رکھ دیا جانے والا ۔

fold boat, n.
دیکھیے : faltboat ۔

folder, n.
تہ کرنے والا ؛ شکن انداز ؛ شِکن دار ؛ تہ ہو جانے والی شے ؛ کوئی مطبوعہ شے (سرکلر یا ٹائم ٹیبل) جسے دوہرا کیا گیا ہو ؛ کُھلے کاغذوں یا رپورٹوں وغیرہ کو یک جا رکھنے کے لیے کارڈ بورڈ وغیرہ کا بستہ بند ؛ پوشہ ؛ فولڈر ؛ تہ بند ۔

folderol, falderal, n.
بیہودہ ؛ مہمل یا احمقانہ بات یا خیالات ؛ بے وقعت بات ۔

folding door, n.
تہ دروازہ ؛ قبضے دار پٹوں والا دروازہ جس کے کُھلتے ہی دونوں پٹ اکٹھے ہو جاتے ہیں ۔

folding money, n.
(بول چال) کاغذی کرنسی (نوٹ) وغیرہ ۔

foliaceous, a.
برگ نُما ؛ برگ دار ؛ پتّوں والا ؛ جس پر پتے پھوٹتے ہوں ؛ پتلی پتلی پتیوں والا ؛ برگ وَش ؛ اُن پنکھڑیوں کے بارے میں کہا جاتا ہے جو پتّوں جیسی ہوں ۔

foliage, n.
بیل بوٹا ؛ عموماً پتّے ؛ سبزۂ برگ ؛ کسی پودے کے پتّے ؛ مجسموں اور عمارتوں میں بنائے گئے پتّے یا پتوں والے بیل بوٹے ۔

foliage leaf, n.
برگ ؛ پتّے ؛ پتواڑی پتّہ ؛ وہ سبز پتّہ جو اپنی طرح کے پتوں کی نمائندگی کرتا ہو ، یہ پتّہ پنکھڑی ، بیل سُوت اور چھلکے وغیرہ سے مختلف ہوتا ہے ۔

foliar, a.
برگی ؛ پتّے کا یا پتّے سے متعلق ۔

foliate, v.t.
برگ کاری کرنا ؛ ورق بنانا ؛ پتّے کی سی شکل دینا ؛ کُوٹ کاٹ کر (سونے وغیرہ کو) ورقوں (پتریوں) کی صورت میں ڈھالنا ؛ پتلی چادروں کی صورت میں الگ الگ کرنا ؛ کسی چیز پر پتلی سی دھاتی پُشتی جمانا (جیسے شیشے پر) ؛ کسی کتاب وغیرہ کے اوراق پر صفحاتی عدد لکھنا ۔ (فن تعمیر) کسی عمارت کو بیل بوٹے وغیرہ بنا کر آراستہ کرنا ۔ (فعل لازم) پتّے پُھوٹنا ؛ پتّوں جیسی پتلی پرتوں میں بٹ جانا ؛ ورق بننا ۔ (صفت) برگ دار یا برگ پوش ؛ برگ وش ۔

foliated, a.
برگ دار ؛ پتّے کی سی شکل کا بنا ہوا ؛ پتوں کی سی پتلی پرتوں سے مرکب ۔ (فنِ تعمیر) گولائیوں یا قوسوں سے یا پھر پتّوں کی شکل سے مزیّن (عمارت) ۔(foliate بھی اس مفہوم کا حامل ہے)۔

foliation, n.
نموئے برگ ؛ برگاؤ ؛ برگ داری ؛ پتّوں کے پُھوٹ پڑنے کا عمل ؛ پتّے دار ہونے کی حالت ؛ پتّے یا پتواڑ ؛ دھات کی پتلی چادروں میں ڈھلائی ؛ شیشے پر زنگار مالی ؛ کتاب پر ترتیب وار صفحاتی عدد نویسی ۔ (ارضیات) پرت بندی ؛ بعض چٹانوں کی ساخت جو مختلف معدنیات کے پھٹ کر ورق ورق سی پرتیں بن جانے سے ہو جاتی ہے ؛ پرت سازی ۔ (فن تعمیر) برگ کاری ؛ بیل بوٹوں سے عمارت کو مزیّن کرنے کا عمل ؛ مزیّن کاری ۔

folic acid, folacin, n.
(کیمیا) برگی تیزاب ؛ فولک ایسڈ : وٹامن بی کمپلیکس کا ایک جز جو سبز پودوں ، تازہ پھلوں ، جگر اور خمیر وغیرہ میں پایا جاتا ہے اور غذائی کمی کے علاج معالجے میں استعمال ہوتا ہے ۔

folic, a.
فولک ؛ برگی ۔

folie a deux, n.
(طبِ نفسی) قربت رکھنے والے دو افراد میں بیک وقت ایک جیسی غیر معمولی ذہنی کیفیّت کا ظہور ۔

foliicolous, a.
پتوں کا رَس چُوسنے والا یا برگ خور (جیسے کہ بعض پھپھوندیاں وغیرہ) ۔

folio, n.
فولیو ؛ کاغذ کا طاق ، جسے دوہرا کر کے ہر طاق کے دو ورق یا چار صفحے بنا لیے جائیں ؛ دوتائیہ ؛ ایسے اوراق پر طبع شُدہ کوئی کتاب (جس کے صفحات بڑے سائز کے ہوں) ؛ ایسی جِلد کا سائز ؛ کسی ایسے مجموعۂ اوراق میں سے کوئی ایک (جیسے کوئی مسوّدہ یا کتاب) ؛ جس کے سامنے کے صفحات ہی پر نمبر شماری کی گئی ہو ؛ کسی صفحے کا عدد ؛ جزدان ۔ (کھاتہ داری) کھاتے کے باہم متقابل صفحات جن کا ترتیبی عدد ایک ہو ۔ (قانون) امریکا میں مسل داری کے لیے سو کا عدد جِسے کسی دستاویز کی لمبائی شمار کرنے کے لیے اِستعمال کیا جاتا ہے ۔ (صفت) فولیو ؛ طاق یا ورق سے متعلّق یا اس کی صورت میں ؛ ورقی ۔ (فعل متعدی) اوراق و صفحات کی ترتیب وار نمبر شماری کرنا ۔

foliolate, a.
(نباتیات) برگ پاروں سے متعلّق یا اِن پر مشتمل ؛ برگچہ دار ، عموماً یہ کسی کا جُز بن کر آتا ہے (جیسے : bifoliolate) ۔

foliose, folious, a.
(نباتیات) گُنجان برگا ؛ بَرگ دار ؛ جس کے پتوں جیسے زوائد ہوں (جیسے کہ کائی وغیرہ کے) ۔

folium, n.
فولیئم ؛ پَرت ؛ طبق ؛ ارضیات میں اس سے وہ پتلی سی پتّوں جیسی پرتیں یا پترے مراد ہیں جو اکثر متغیرہ چٹانوں میں پائے جاتے ہیں ۔

folk, folks, n.
خلق ؛ مردم ؛ لوگ ؛ (بالعموم) عوام ؛ لوک ؛ لوگوں کا کوئی الگ طبقہ ؛ تہذیب و ثقافت کو سنبھال کر رکھنے والا ؛ وہ عوامی طبقہ جو اپنے معاشرے کی رسموں ، روایتوں ، اعتقادوں وغیرہ کی پوری طرح نمائندگی کرتا ہو ۔ (صفت) عام لوگوں میں سے پھوٹنے والا یا ان کی نمائندگی کرنے والا (جیسے : folk music) ؛ مجہول الاصل لیکن روایتی ہیئتوں کی آئینہ دار (جیسے : folk legend) ۔

folks, n.
(بول چال) اپنے کُنبے کے لوگ (خصوصاً والدین) ۔

folkish, folklike, a.
لوک روپ میں ؛ عامیانہ ۔

folk dance, n.
لوک ناچ ؛ عوامی رقص ؛ اس رقص میں الاپا جانے والا نغمہ یا گیت کا ٹُکڑا ۔

folk etymology, n. غلط العام ؛ لوک اشتقاق ؛ کسی غیر مانُوس لفظ میں عوام کے کثرتِ استعمال سے لائی گئی وہ تبدیلی جس سے وہ لفظ کسی مانُوس یا زیادہ قابلِ فہم لفظ کا ہم پلہ معلوم ہو ، اکثر ایسا اس لفظ کے ماخذ اور اشتقاق کے بارے میں کسی غلط فہمی کی بنا پر ہو جاتا ہے ۔ (جیسے asparagus سے sparrowgrass) ؛ عوام کا الفاظ کی وجہ تسمیہ کو غلط سمجھ کر انھیں بگاڑنے یا بدلنے کا عمل ۔

folk lore, n. لوک رِیت ؛ روایتی اعتقادات ، رسوم، داستانیں اور گیت وغیرہ جو لوگوں تک زبانی اور نسل در نسل منتقل ہوتے چلے آئیں ؛ ایسی روایات کا عِلمی مطالعہ ؛ اساطیرِ عوام ۔

folk moot, folk mote, n. مجمعِ عام ؛ انگلستان میں پہلے اس سے کسی گاؤں یا قصبے کے لوگوں کا اجتماعِ عام مراد تھا ۔

folk music, n. لوک راگ ؛ لوک موسیقی ، عموماً وہ جو سادہ سہل اور مجہول الاصل ہو ، لوگوں میں یہ عموماً سینہ بہ سینہ چلی آتی ہے اور اِن کے اعتقادات و روایات اور رُجحانات کی آئینہ دار ہوتی ہے ۔

folk song, n. لوک گیت ؛ عوام کے گیت؛ کسی قوم یا علاقے کے عوام سے جنم لینے والا اور سُنا سنایا دوسروں تک پُہنچنے والا گیت : اِس کے کئی روپ ہوتے ہیں لیکن سب میں سادگی ہوتی ہے ، انداز بیانیہ ہوتا ہے اور مصرعوں کی تکرار ہوتی ہے ؛ کسی معروف شاعر کا اس انداز میں لکھا گیا مقبول گیت ۔

folksy, a. خلیق ؛ خوش خُلق ؛ یارباش ؛ مِلنسار ؛ بے تکلّف ؛ حلیم الطبع (جیسے : folksy character) ۔

folk tale, folk story, n. لوک کہانی ؛ خال خال تحریری مگر زیادہ تر زبانی لوگوں میں ایک دوسرے تک پہنچنے والی روایتی داستان جو کسی مخصوص عوامی طبقے سے منسُوب و مخصُوص ہو؛ عوامی کہانی ۔

folkways, n. (جمع) مقبول عام یا روایتی عادات و رسومات اور اخلاقی معیار جو غیر رسمی طور پر تسلیم کیے جا چکے ہوں اور کسی معاشرے کا شِعار بن چکے ہوں ؛ لوک چال ؛ لوک ریت ۔ دیکھیے : mores ۔

follicle, n. (تشریح الاعضا) غدودی؛ چھوٹا سا گڑھا ، تھیلی یا غدود؛ گلٹی ۔ (نباتیات) پَھلی ؛ شیر گیاہ کی طرح کا ایک خُشک یک خولی پھل جو واحد بقچے سے پھوٹتا ہے اور ایک ہی سِیوَن سے پھٹتا ہے ؛ جرابیہ ۔

follicular, a. غدودہ ؛ پھلی کا سا ؛ پُھلیّل ؛ پھلی سے متعلّق ؛ غدودی ؛ بیضہ دانی والا ۔ (امراضیات) کسی غدود وغیرہ سے شروع ہونے والا یا اسے متأثّر کرنے والا؛ بیضہ دانی سے شروع ہونے والا یا اسے متأثّر کرنے والا ۔

folliculate, folliculated, a. غدود دار؛ جس میں کوئی تھیلی سی یا گڑھا سا بنا ہو؛ پھلی دار ۔ (امراضیات) غدود یا گِلٹی پر اثر انداز یا اس میں سے پھوٹتا ہوا ۔

follicle-stimulating harmone, n. (حیاتی کیمیا) بلغمی ہارمون جس کے زیر اثر خُویصَلَہ (بیضہ دان) کا عمل عورتوں میں اور مادہ منویہ کا مردوں میں تیز ہو جاتا ہے۔

folliculin, estrone, n. (حیاتی کیمیا) ایک نسوانی ہارمون جسے بیضہ دان کی تھیلی پیدا کرتی ہے ۔

follow, v.t. تعاقب کرنا؛ پیروی کرنا؛ پیچھے پیچھے آنا یا جانا ؛ ایک ہی سمت میں پیچھے پیچھے چلنا ؛ ترتیب زمانی کے لحاظ سے یا ترتیب وار بعد میں آنا ؛ جگہ لینا ؛ نتیجے یا ماحصل کے طور پر بعد میں آنا ؛ سے نتیجہ نکالنا ؛ کسی قائد کی قیادت قبول کرنا یا اس کے تابع رہنا ؛ اطاعت کرنا ؛ اتباع کرنا ؛ تعمیل کرنا یا ماننا (نصیحت وغیرہ) ؛ رِیس کرنا یا نقل کرنا (جیسے فیشن وغیرہ) ؛ ساتھ ساتھ آگے بڑھتے جانا (جیسے کسی راستے کے ساتھ) ؛ کسی نصب العین کو حاصل کرنے کے لیے کوشش کرنا یا جان مارنا ؛ کسی کا پیچھا کرنا ؛ کسی دھندے میں لگ جانا یا کوئی پیشہ اختیار کر لینا (جیسے :to follow a profession) ؛ ترقی یا رفتار پر نگاہ رکھنا ؛ توجُّہ دینا یا سمجھ جانا (کسی دلیل وغیرہ کو) ۔ (فعل لازم) کسی چلتی پھرتی شے یا چلتے پھرتے شخص کے پیچھے آنا یا جانا ؛ ترتیبِ زمانی یا اپنی ترتیب کے مطابق کسی کے بعد آنا ؛ اثر کی صورت میں نتیجہ نِکلنا ؛ ماحصل کے طور پر رونما ہونا ۔ (اسم) پیچھے پیچھے چلنے کا عمل ۔ (بلیئرڈ) وہ ضرب جس سے گیند دوسری گیند سے ٹکراتی ہے اور پھر اس کے پیچھے پیچھے چلی جاتی ہے۔

followable, a. قابل تقلید ؛ قابل پیروی ۔

follow suit, (تاش کا کھیل) پہلے کھیلے گئے رنگ کے پتّے کے بعد اسی رنگ کا پتہ پھینکنا ؛ (مجازاً) دوسرے کے نقشِ قدم پر چلنا ۔

follower, n. مقلِّد ؛ مرید؛ پیرو؛ معتقد ؛ تابع ؛ پیچھے چلنے والا یا آنے والا ؛ دوسرے کے اعتقادات اور تعلیمات پر عمل کرنے والا؛ چیلا؛ متعاقب ؛ نقّال ؛ حاضر باش ؛ خدمتی؛ وابستۂ دامن یا ملازم ۔ (برطانوی) (بول چال) مداح یا کسی جوان عورت خصوصاً خادمہ (نوکرانی) کا عاشق ۔ (مشین) کسی مشین کا وہ پُرزہ یا حصّہ جو کسی اور پُرزے یا حصّے سے متحرک ہو یا اس کی حرکت کے ساتھ حرکت کرے ۔

following, n. مقلِّدین ؛ ماننے والے ؛ مریدوں ، معتقدوں یا چیلوں کی جماعت؛ پیروکار گروہ؛ وابستگانِ دولت یا حاشیہ نشین ۔ (صفت) پیچھے آنے والا (زمانی یا ترتیبی لحاظ سے بعد میں آنے والا یا فوراً بعد آنے والا) ؛ اب جو آنے والا ہے یا اب جس کا ذکر ہونے والا ہے یا جو بیان کیا جانے والا ہے ؛ مذکورہ یا مندرجہ ذیل ۔

follow out, v.t. کسی نتیجے پر پہنچا کر پیچھا چھوڑنا ؛ تعمیلِ حُکم کروا کر دم لینا ۔

follow through, v.i. گالف یا ٹینس میں ضرب یا حرکت کو پوری طرح اس کی آخری حد تک پہنچانا ؛ کسی کام یا منصوبے کو مکمل کر کے دم لینا ۔

follow-through, n. ضرب یا گیند کی روانی کی کامیاب انجام رسانی (جیسے گالف یا ٹینس کے کھیل میں) ؛ اس قسم کی ضرب کا وہ حصّہ جو گیند پر اثر چھوڑے ؛ مکمّل کرنے کا کوئی عمل ۔

follow up, v.t. تعاقب میں لگے رہنا ؛ پیروی کرتے رہنا ؛ بڑی ہوشیاری سے پیچھا کرنا ؛ تکمیل تک کسی کام کا پیچھا کرتے رہنا ؛ پہلے سے شروع کی گئی کسی شے کا ہمّت سے پیچھا کرنا ؛ مزید اقدام سے تاثیر میں اضافہ کرنا ؛ مستقل مزاجی سے کسی کام کو کرتے رہنا ۔

follow-up, n. تعاقُب ؛ پیچھا کرنے کا عمل ؛ پہلے خط یا گشتی مراسلے کی اثر افزائی کے لیے دُوسرے خط یا مراسلے کی ترسیل جیسے اخبارات میں ۔ (صحافت) پہلی شائع شُدہ خبر کے بارے میں اضافی یا ضِمنی معلوماتِ فراہم کرنے والی کوئی خبر ۔ (صفت) پہلے اقدام ، طریقِ کار یا مراسلے کے مابعد کا ۔

folly, n. نادانی ؛ بے عقلی ؛ نافہمی ؛ بے دانشی ؛ بیوقوفی ؛ سمجھ یا حُسنِ فیصلہ کی کمی ؛ کوئی احمقانہ اقدام ، عمل یا خیال ؛ بیہودگی ؛ حماقت ؛ مہنگا اور ناسمجھی کا دھندا (جیسے کوئی بہت بڑی عمارت شروع کر کے مالی کمی کے باعث اسے ادھورا چھوڑ دینا) ۔ (جمع) سُرسنگیت کے ساتھ مزاحیہ نقل (حالاتِ حاضرہ پر تبصرہ کرتے ہوئے) یا اسٹیج شو ۔

Folsom culture, n. (بشریات) فالسم ثقافت : دس ہزار سال سے پچیس ہزار سال پہلے کی شکاری ثقافت ، اس پر عمل پیرا لوگ راکی پہاڑوں کے مشرق میں شمالی امریکا کے وسیع رقبے میں آباد تھے ۔ ان کا پتہ ۱۹۲۶ء میں لگا جب سنگی بھالے ، جو فالسم پوائنٹ سے موسوم ہیں ، نیو میکسیکو کے قریب ایک فالسم نامی جگہ سے نکالے گئے ۔

Folsom man, n. فالسم آدمی ؛ فالسمی کلچر سے تعلّق رکھنے والا کوئی فرد ۔

foment, v.t. پرورش کرنا ؛ ترقی دینا یا حوصلہ بڑھانا؛ انگیخت دینا (جیسے : to foment quarrels) ؛ گرم مائع شے سے نہلانا یا ٹکور کرنا ؛ سینکنا ؛ تریڑے دینا ۔

fomentation, n. حوصلہ افزائی؛خصوصاً کسی تخریبی کام کے لیے ؛ ٹکور ؛ درد سے نجات کے لیے کسی گرم مائع شے سے ماؤف جگہ کو تر کرنا یا دھونا (کسی لوشن یا پُلٹس سے) ؛ سینک ؛ تریڑا ؛ تتار ۔

fond, a. عقیدہ رکھتے ہوئے (بعد میں عموماً of لگاتے ہیں) ؛ محبت بھری یا پُر شفقت (جیسے : fond glance) ؛ شیفتہ ؛ عاشق ؛ کسی پر لٹّو ؛ فریفتہ ؛ مُشتاق ؛ سب سے بڑی دلی یا نامعقول خواہش (جیسے : He had fond hopes of becoming a millionaire) ۔

fondant, n. شیرہ ؛ گاڑھا شیرہ جس سے مختلف قسم کی مٹھائیاں بنائی جاتی ہیں ؛ ایسے شیرے سے بنا ہوا مربّہ یا قندی ۔

fondle, v.t. پیار کرنا ؛ دُلارنا ؛ پیار سے چُھونا ؛ تھپکنا ۔ (فعل لازم) دُلارتے ہوئے اظہارِ محبت کرنا ۔

fondly, adv. مشتاقانہ ؛ دل سے ؛ پیار سے ۔

fondness, n. اشتیاق ؛ شدید؛ ترجیح ؛ گرویدگی ؛ محبت ؛ پیار۔

fondue, n. پگھلے ہوئے پنیر سے مرکّب ایک کھانا (عموماً سفید شراب کے ساتھ)۔

font, fount, n. ایک ڈھنگ ، ایک طرح اور ایک سائز کے مشینی ٹائپ کا مکمّل انتخاب یا چناؤ ؛ فونٹ۔

font, n. بپتسمہ دینے کے لیے استعمال کیا جانے والا پانی کا برتن جو عموماً پتھّر کا بنا ہوا ہوتا ہے ؛ مقدس پانی رکھنے کا برتن ؛ لیمپ میں تیل ذخیرہ کرنے والی جگہ ۔ (مجازاً) کوئی منبع یا اصل ۔

fontal, a. سرچشمے سے متعلق یا اس سے پُھوٹتا ہوا ۔ (مجازاً) کسی چیز کے ماخذ یا سرچشمے سے متعلّق ۔

fontanel, fontanelle, a. (تشریح الاعضا) نومولود یا نوزاد کے سر کی ہڈّیوں کے درمیان بعض جگہوں میں موجود جھلّی دار خلا یا غشائیہ؛ تالو ۔

food, n. اشیائے خوردنی ؛ غذا ؛ خوراک ؛ غذائیت سے بھرپور شے جسے زندگی کو بحال اور نمو کو برقرار رکھنے نیز بافتوں کی مرمّت کے لیے کوئی نامیاتی جسم قبول کرتا اور پھر جذب کرتا ہے ؛ مشروب کے برعکس کم و بیش ٹھوس خوراک ؛ خاص قسم کا طعام (جیسے : breakfast food) ؛ کوئی سی شے جس کا مقصد استعمال میں آنا یا کسی کام آنا ہو (جیسے : food for thought) ۔

foodless, a. بِن غذا ؛ بے خوراک ۔

food chain, n. غذائی سلسلہ ؛ غذائی تسلسل : پودوں اور جانوروں کا باہمی سلسلہ جس کے مطابق ادنیٰ اپنے سے اعلیٰ کی غذا بنتا ہے اور یہ اعلیٰ اُپنے سے اعلیٰ تر کی غذا بنتا ہے ۔

food poisoning, n. تَسمُّمِ غذا ؛ غذائی سمیّت؛ معدے اور انتڑیوں کا شدید مرض جو جرثومی سرایت یا جراثیم کُش دواؤں کے کیمیائی عمل سے غذا آلودہ ہو جانے سے پیدا ہو جاتا ہے؛ غذائی زہریت ۔

food processor, n. غذا کار (آلہ) ؛ ایک برقیاتی آلہ جو خوراک کو ملاتا ، کاٹتا اور رقیق بناتا ہے ۔

food stamp, n. خوراک نامہ ؛ حکومت کی جانب سے کم آمدنی والے افراد کو جاری کردہ تصدیق نامہ جو خوراک کے خوردہ فروشوں کی دکانوں پر قابلِ قبول ہوتا ہے ۔

food-stuff, n. ماکولات ؛ اشیائے خوردنی ؛ کھانے کی چیزیں ؛ خوراک کا کام دینے والی کوئی موزوں شے ۔

foofaraw, n. جھگڑا ؛ تنازع ؛ فساد ؛ ہنگامہ (کسی غیر اہم یا معمولی سی شے پر) ؛ بھڑکیلی زیب و زینت ؛ شوخ بناؤ سنوار یا سنگھار ۔

fool, n. سادہ لوح ؛ گاؤدی ؛ مُورکھ ؛ نادان؛ بیوقوف ؛ قوّتِ فیصلہ سے عاری ؛ احمق ؛ وہ جسے احمق یا قابلِ تمسخّر گردانا گیا ہو (جیسے : He made a fool of me) ؛ بدُھو ؛ پیشہ ور مسخرا یا بھانڈ یا نقل باز جسے ماضی میں بڑے لوگ تفریحِ طبع کے لیے پاس رکھا کرتے تھے ۔ (عوامی) پُرجوش ؛ بہت گرویدہ یا پرستار ۔ (برطانوی) دَم پُخت پَھل کو کُچل کر اور اس میں کریم ملا کر بنایا گیا میٹھا پکوان جو کھانے کے آخر میں کھایا جاتا ہے ۔ (صفت) بیوقوف ؛ بیہودہ ؛ احمق ؛ گاؤدی ۔

fool v.i., v.t. احمقانہ کام کرنا ؛ ہنسی مذاق کرنا یا تمسخّر اڑانا ؛ فریب دینا یا دھوکا دینا ؛ احمقانہ طور پر خرچ کرنا جیسے وقت یا دولت (عموماً بعد میں away لگاتے ہیں) ۔

fool around, وقت ضائع کرنا ؛ تضیعِ اوقات ۔

foolery, n. احمقانہ کام یا چلن ؛ بیوقوفی کی حرکت ؛ نادانی کا کام ، کارکردگی یا بے عقلی کی بات ۔

fool hardy, a. خطرناک حد تک جرأتمند ؛ احمقانہ حد تک بہادُر یا مہم جُو ؛ اُجڈ ؛ جلد باز ۔

foolish, a. بیوقوف ؛ بے عقل ؛ حُسنِ شعور سے خالی ؛ شعور کی کمی سے پیدا ہونے والا ؛ احمق ؛ بے سمجھ ؛ نادان ؛ احمقانہ (جیسے : a foolish decision) ۔

fool proof, a. بے چُوک ؛ بے خطا ؛ کسی غلطی کے امکان سے خالی ؛ کسی غلطی کا جس میں اندیشہ نہ ہو (جیسے : a foolproof plan) ؛ غلطی سے مبّرا ؛ قطعی ؛ بے شُبہ؛ صاف ؛ صریح ۔

foolscap, n. فُل سکیپ : خاص قسم کا لکیر دار کاغذ جس کا بالائی حصہ تقریباً ایک انچ کے برابر بغیر لکیر کے ہوتا ہے اور جو امریکی عدالتوں میں استعمال ہوتا ہے؛ برطانیہ میں لکھائی چھپائی کے کاغذ کا سائیز جو عموماً ۱۷ × ۱/۲ ۱۳ انچ ہوتا ہے ۔

fool's cap, fools-cap, dunce cap, n. اُلّو ٹوپی ؛ مسخرے کی ٹوپی ؛ ایک قسم کی گھنگھرو لگی ٹوپی یا کلاہ جسے کبھی مسخرے پہنتے تھے ؛ مخروطی شکل کی کاغذی ٹوپی جو شریر یا غبی طالب علموں کو بطور سزا پہنا دی جاتی تھی۔

fool's errand, n. کوئی لغو سا یا بے معنی پیغام یا اقدام ؛ بے مقصد خبر یا کام۔

fool's gold, n. زراحمق ؛ لوہے یا تانبے کا چقماق جس پر کبھی کبھی سونے کا گمان گزرتا ہے ؛ سون مُکھی۔

fool's paradise, n. خیالی جنّت ؛ جَنّت الحمقا ؛ احمقوں کی جَنّت ؛ خیالی خوشی کی کیفیت ؛ بے حقیقت امیدوں یا جھوٹے اعتقادوں پر مبنی خوش وقتی ؛ دل خوش کن خیال۔

foot, n. پاؤں ؛ پیر ؛ پگ ؛ پا ؛ قدم ؛ غیر فقری جانوروں میں پاؤں سے مشابہ کام کرنے والا کوئی حصّہ ؛ شکل ، استعمال یا جگہ میں پاؤں سے مِلتا جُلتا کوئی حصہ یا شے جیسے فرنیچر میں کُرسی وغیرہ کا پایہ ۰ انگریزی بولنے والے ممالک میں بارہ انچ یا ۴۸ ء ۳۰ سینٹی میٹر کے برابر کا پیمانہ یا چلنے یا دوڑنے کی حرکت ؛ قدم ؛ گام ؛ سر یا چوٹی کی متضاد و مخالف سمت میں کسی شے کا حصّہ (جیسے : the foot of a mountain) ؛ دامن ؛ تلیٹی ؛ ترائی ؛ کسی کاغذ یا زینے وغیرہ کی نچلی سطح یا بُنیاد ؛ نیو ؛ پائیں ؛ نچلا حصّہ ؛ چارپائی یا قبر کا وہ حصّہ جدھر پاؤں ہوتے ہیں ؛ پائنتی ؛ جراب یا جُوتے کا وہ حصّہ جو پاؤں ڈھانپتا ہے ؛ کسی سلسلے کی آخری کڑی یا قسط ۔ (جہاز رانی) بادبان کا نچلا کنارا ۔ (عروض) مؤکد اور غیر موکد رکنوں کا وہ مجموعہ جو کسی شعری وزن یا بحر کی بڑی اکائی ہو ؛ پاپیادہ کُوچ یا لڑائی کرنے والے سپاہی ؛ پیادہ یا پیدل فوج (رسالے کے برعکس)۔

on foot چلتے ہوئے ؛ پیدل ؛ اپنے پاؤں کے بل پر (جیسے : He came on foot)۔

foot, v.i. چلنا یا رقص کرنا (بعد میں اکثر it لگاتے ہیں) ؛ حرکت میں آنا ؛ ہلنا ؛ جُنبش کرنا ۔ (فعل متعدی) قدم جمانا (رکھنا) ؛ کسی پر چلنا یا ناچنا ؛ ہندسوں کے کالم میں جمع کر کے کُل رقم کی میزان آخر میں درج کرنا (بعد میں عموماً up لگاتے ہیں) ۔ (بول چال) کسی کی ذمّہ داری لینا یا چُکا دینا (کسی بل وغیرہ کا)؛ کسی جراب وغیرہ کا پاؤں والا حصّہ بنانا یا ساتھ جوڑنا (جیسے : to foot a stock-ing)۔

footage, n. فُٹ ناپ ؛ فٹائی ؛ فٹوں میں لمبائی یا وسعت (جیسے : the footage of a film) ؛ کسی متحرّک تصویر یا فلم میں کسی خاص موضوع سے متعلّق کوئی منظر یا مناظر (جیسے : newsreel footage) ۔ (کان کَنی) کان کَنوں کو جاری کام کی فٹوں کے حساب سے ادائیگی یا اس طرح ادا کی جانے والی رقم۔

foot-and-mouth disease, aphthous fever hoof-and-mouth disease, n. مُوکھر؛ مُنہ کُھر روگ ؛ سُمدار اوردیگر جانوروں کی سخت متعدی بیماری جس میں نہ صرف مُنہ اور کُھر بلکہ کھیری اور تھنوں پر بھی چھالے اُبھر آتے ہیں ۔

football, n. فٹ بال ؛ سوکر ؛ رگبی ؛ کھیل کی ایک قسم اور اس کا بیضوی گیند ۔ (برطانوی) رگبی اور سوکر کے کھیل کے گیند۔ (کینیڈا) امریکی فٹ بال سے ملتا جلتا کھیل جس میں ہر ٹیم کے بارہ کھلاڑی ہوتے ہیں ۔ (مجازاً) کوئی متنازع یا مُشکل مسئلہ جسے ایک ذمّہ دار فریق نے بے تصفیہ چھوڑ دیا ہو اور فیصلے کے لیے کسی دوسرے فریق کے سپرد کر دیا ہو۔

foot board, n. پائدان ؛ فُٹ بورڈ ؛ کوئی تختہ یا چبوترہ جس پر پاؤں کے بل کھڑا ہوا جا سکے ؛ ڈھلوان تختہ ؛ کسی چیز کا پائدان جس پر پاؤں رکھ کر بیٹھا یا کھڑا ہوا جا سکے یا اسے چلایا جا سکے (جیسے سائیکل کے پیڈل) ؛ پلنگ کی پائنتی کی طرف عمودی تختہ ؛ قدم گاہ۔

foot bridge, n. پیدل پُل ؛ تنگ پُل ؛ پیدل چلنے والوں کے لیے بنا ہوا پُل۔

foot- candle, n. (بصریات) فُٹ قندیل : روشنی کی اکائی جو کسی معیاری قندیل سے ایک فٹ کے فاصلے تک حاصل ہونے والی روشنی کے برابر ہوتی ہے ؛ ایک مربع فٹ کے حساب سے ایک ضیائی اکائی یا نُوریَہ۔

footed, a. پادار ؛ پاؤں والا ؛ کئی پاؤں والا ، عموماً مرکّب لفظ کے طور پر آتا ہے (جیسے : multi footed)

footer, n. پاپیادہ ؛ پیدل جانے والا ؛ لمبائی چوڑائی یا اونچائی کے حوالے سے ظاہر کردہ فٹوں کی تعداد (جیسے : six foo-ter) ؛ فُٹا ، جیسے چھ فٹا۔

footfall,n. قدم ؛ پاؤں کی آہٹ ؛ آواز پا۔

foot fault, n. (ٹینس) پا غلطی ؛ مقررہ خط سے پرے پاؤں نہ رکھتے ہوئے ٹینس کی گیند پر ضرب لگانے کی غلطی ؛ غلط پائی۔ (فعل لازم) پا غلطی ہونا۔

footgear,n. پاپوشہ ؛ پاپوشی کا کام دینے والی چیزیں جیسے موزے ، بُوٹ ، جُوتے وغیرہ۔

foothill, n. ترائی ؛ دامنِ کوہ ؛ کسی پہاڑ کے دامن میں کوئی چھوٹی سی پہاڑی ؛ پہاڑی علاقے کے کنارے پر واقع کوئی پہاڑی ؛ تلیٹی ؛ دامن۔

foothold,n. پاگاہ ؛ کھیڑھی ؛ گڑھ ؛ پاؤں کا سہارا ؛ اطمینان کے ساتھ چلنے یا آرام کرنے کی جگہ ؛ قرار گاہ ؛ پُختہ قدمی ؛ مضبوطی ؛ اِستحکام ؛ مضبوط صورتِ حال ؛ کھڑے ہونے کی جگہ۔

footing, n. قدموں کے لیے مضبوط یا محفوظ جگہ جہاں قدم جم گئے ہوں ؛ محفوظ بُنیاد (جیسے a business on a sound footing) ؛ دوسروں کے مقابلے میں سماجی ، مالی یا پیشہ ورانہ حیثیت یا درجہ (جیسے : He was on an equal footing with his colleagues)؛ میزان ؛ حاصلِ جمع ؛ دیوار کی بنیاد (عمارت سازی میں)۔

footlights, n. (تھیٹر) پاروشنی : اسٹیج کے سامنے کی جانب بتیّوں کی قطار جو اداکاروں کے پاؤں کے برابر کی سطح پر عموماً لگی ہوتی ہیں اور ان کا مقصد اسٹیج پر کرداروں کو نمایاں کرنا ہوتا ہے ؛ اسٹیج یا تھیٹر بحیثیت پیشہ۔

footlocker,n. پا بُقچہ ؛ وہ صندوقچہ یا ٹرنک جو چارپائی کی پائینتی کے ساتھ لگا ہوتا ہے اور اس میں ذاتی ضروریات کی چیزیں ہوتی ہیں ، پہلے یہ سپاہیوں میں مستعمل تھا۔

footloose,a. آزاد ؛ آزاد پا ؛ بے زنجیر ؛

علائق اور ذمّہ داریوں سے آزاد ؛ من مرضی سے آنے جانے والا ؛ آزاد منش ۔

footloose and fancy free, بے فکرا ؛ آزاد ؛ بے قید؛ بے علائق ؛ لاتعلق ؛آزاد منش ۔

footman, n. خادم ؛ نوکر ؛ گھریلو ملازم ؛ وردی پوش رکابدار؛ اَردلی ۔

footnote, n. پاورقی حاشیہ ؛ فُٹ نوٹ ؛ پانوشت ؛ کوئی بیان ، اقدام یا واقعہ جس کی کسی زیادہ بڑے اور اہم واقعے کے حوالے سے ذیلی حیثیت ہو ؛ حاشیہ ؛ زیرِ حاشیہ ۔ (فعل متعدی) پانویسی کرنا ؛ حاشیہ نویسی کرنا ؛ پاورقی یا حاشیہ لکھنا ۔

footpace, n. چال ؛ رفتار قدم؛ قدم کی لمبائی ؛ ڈگ ؛ چبوترہ یا فرش کا نسبتاً اونچا حصّہ ؛ سیڑھی کی فرود ؛ گام ۔

footpad, n. رہزن ؛ پیدل بٹ مار ؛ پیدل چلنے والوں کو لُوٹ لینے والا لٹیرا ۔

footpath, footway, n. پگڈنڈی ؛ پیدل پٹڑی ؛ فُٹ پاتھ ؛ پیدل چلنے والوں کے لیے تنگ سا راستہ ۔ (برطانوی) شہر کی سڑک پر کِنارے کِنارے پیدل چلنے والوں کا راستہ ؛ دیہاتی راہ ؛ بٹیا ؛ پیدل راستہ ۔

foot-pound, n. (طبیعیات) فُٹ پاؤنڈ ؛ کام یا توانائی کی اکائی ؛ کسی توانائی کے ذریعے کیا گیا ایک پونڈ کے برابر کام جو توانائی کی سمت میں ایک فٹ کے فاصلے سے کیا جائے ۔

foot-poundal, n. (طبیعیات) فٹ پاؤنڈل ؛ فٹ پاؤنڈ کے دوسرے پیمائشی نظام میں کام کی مطلق اکائی ؛ ایک پونڈل توانائی سے کیا گیا کام جو توانائی کی سمت میں ایک فٹ کے فاصلے پر ہو ۔

foot-pound-second, n. (طبیعیات) پیمائشی نظام کی اکائیوں کا یا ان سے متعلّق جن میں لمبائی ، کمیت اور وقت کی بنیادی اکائیاں فٹ ، پونڈ اور سیکنڈ کی شکل میں ہوتی ہیں ۔

footprint, n. نقشِ پا ؛ نقش قدم ؛ ریت یا زمین پر ثبت شُدہ پاؤں کا نشان ؛ کُھرا ؛ شناخت کے لیے لگوایا گیا پاؤں کا نشان ۔

footrest, n. پادان ؛ پیر ٹیک ؛ پاانداز ؛ پائدان؛ پاگاہ ۔

footrot, n. (بیطاری امراضیات) پوکھا؛ ایک متعدی التہابی عارضہ جو بھیڑوں یا دیگر مویشیوں کے پاؤں کو متاثّر کر کے لنگڑا پن پیدا کر دیتا ہے ۔ (نباتیات) پودوں کی بیماری جو زمین کے قریب اسر، کے تنے کو کہا جاتی ہے ۔

footsoldier, n. پیادہ سپاہی؛ پیادہ ۔

footsore, a. پاؤں کا زخم؛ زخم پا؛ پاؤں کی دُکھن (لمبے سفر کی وجہ سے) ؛ آبلۂ پا ؛ پاؤں کا چھالا ۔

footstalk, n. (حیوانیات) برگدم ۔ (نباتیات) ٹنٹنا ؛ ڈنٹھل یا اس کی سی شباہت رکھنے والی کوئی شے یا جو اسی طرح کسی کو سہارا دیے ہوئے ہو ۔

footstep, n. قدم ؛ گامزنی ؛ ایک دم فاصلہ ؛ چاپ ؛ پاؤں کی آہٹ ؛ نشانِ پا ؛ نقش پا ؛ سیڑھی یا زینہ ؛ نقش قدم ۔

footstool, n. تپائی ؛ مسندِ پا ؛ ایک کم اُونچا اسٹول جس پر پاؤں رکھے جاتے ہیں یا بیٹھا جاتا ہے ؛ اسٹول ۔

foot-ton, n. (طبیعیات) فٹ ٹن ؛ کام کی وہ اکائی جو اس توانائی کے برابر ہوتی ہے جو ۲۲۴۰ پونڈ کے ایک ٹن وزن کو ایک فٹ اونچا اٹھانے میں صرف ہوتی ہے ۔

footwall, n. (ارضیات) پا دیوار ؛ تہ دیوار ؛ کسی دھنسی ہوئی زمین کے نیچے چٹانی پرتوں کی سب سے اوپر والی پرت ۔ (کان کنی) معدنی کان میں ایسی چٹانی تہوں کی سب سے اوپر والی تہ جو کسی کچ دھات کی درز یا رگ کے نیچے ہو ۔

footwear, n. جُوتا ؛ پاپوش (بُوٹ، جوتے وغیرہ) ؛ پاؤں میں پہننے کی کوئی چیز ۔

footwork, n. پااندازی ؛ ناچ اور مُکّہ بازی کے دوران پاؤں کو خاص انداز سے رکھنے اور اس پر قابو پانے کا عمل ؛ تحقیق و تفتیش کے سلسلے میں جگہ جگہ کا گشت ؛ پاکاری ۔

fop, n. خود نُما ؛ شیخی خورا ؛ گھمنڈی ؛ البیلا ؛ چھیل چھبیلا ؛ خود پسند انسان جسے اپنے لباس ، وضع قطع اور طور طریقوں کا ضرورت سے زیادہ خیال رہتا ہے ۔

foppish, a. نمود پسند ؛ ظاہر دار ۔

foppery, n. خود پسندی ؛ ظاہر داری ۔ شیخی خورے کا امتیاز ، جسے نمود پسند یا خود پسند لوگ ہی استعمال میں لاتے ہوں ۔

for, prep. برائے ؛ بابت؛ واسطے ؛ کے لیے ؛ خاطر؛ اس لیے کہ ؛ چُونکہ ؛ بغرض ؛ کے مفاد میں ؛ کسی کے بدلے (جیسے : to act for a client) ؛ کی جگہ ؛ بجائے (جیسے : a substitute for butter) ؛ بعوض یا کے بدلہ یا کی جگہ (جیسے: three for a dollar) ؛ بدلے میں یا جواباً (جیسے : a blow for a blow) ؛ حمایت میں یا کی جانب (جیسے : to stand for honest government) ؛ کے اعزاز میں (جیسے : to give a dinner for a person) ؛ کا مقصد یا غرض لیے ہوئے (جیسے : to go for a walk) ؛ فائدہ مند ؛ سازگار (جیسے : for the advantage of everybody) ؛ حاصل کرنے کے لیے (جیسے : a suit for damages) ؛ بچانے کے لیے (جیسے : to flee for one's life) ؛ کی طرف رجحان یا رغبت کے ساتھ (جیسے : an eye for beauty) ؛ کی مناسبت سے ، (جیسے : tiny for her age) ؛ پہنچنے کے مقصد سے (جیسے : to start for London) ؛ کسی کے لیے ہونا ، کسی کی ضروریات یا مقاصد کے مطابق ہونا یا کسی سلسلے میں استعمال ہونا (جیسے : a picture book for children) ؛ کسی سے متعلّق یا مخصوص (جیسے : an engagement for this evening) ؛ کے لیے موزوں و مناسب (جیسے : subject for speculation) ؛ کی گنجایش لیے ہوئے (جیسے : too many for separate mention) ؛ کے حق میں (جیسے : his reason for going) ؛ اس سلسلے میں یا اس کے مطابق (جیسے : so much for that) ؛ مفادات و حالات پر اثرانداز (جیسے: bad for health) ؛ کی حقیقت یا اس کے طور پر (جیسے : to know a thing for a fact) ؛ کی بنا پر یا کے سبب (جیسے : to shout for joy) ؛ کے باوجود (جیسے : to love some one for all that) ؛ جاری رہنے تک (جیسے : for a long time) ؛ یا حد تک (جیسے : to walk for a mile) ؛ کسی مصدری جُزو جُملہ کو جملۂ اسمیہ (جیسے : that he should) کی بجائے استعمال کرنے کے لیے لایا جاتا ہے (جیسے : It is time for him to leave home) ۔ (عطف) کیونکہ ؛ یہ دیکھتے ہوئے کہ ؛ چونکہ ؛ اس لیے کہ ؛ یعنی ۔

forage, n. گھوڑوں اور مویشیوں کا چارا ؛ گھاس وغیرہ ؛ علف؛ چارے کی تلاش یا اس کا حصول ؛ کسی قسم کی

خوردنی ضروریات کی تلاش کا عمل ؛ تاخت و تاراج ؛ حملہ ۔ (فعل متعدی و لازم) ادھر ادھر سے چارا اکٹھا کرنا ؛ رسد کاٹ دینا ؛ لُوٹنا ؛ تاخت کر کے غذا حاصل کرنا ؛ چارا مہیّا کرنا ؛ غذائی ضروریات کی خاطر مارے مارے پھرنا ؛ شکار کرنا یا تلاش میں پھرنا ؛ چھان مارنا ؛ ہلّہ بولنا ۔

forage cap, بیگار ٹوپی ؛ ایک چھوٹی سی بیگار ٹوپی جِسے پہلے سپاہی پہنا کرتے تھے ۔

forager, n. چارا جمع کرنے والا ؛ تاخت کرنے والا ۔

foramen, n. مُنفذ؛ ثُقبہ ؛ سوراخ ؛ (حیوانات میں) وہ چھوٹا سا قدرتی سوراخ یا مُنفذ جس کی بدولت رگوں یا اعصاب کا ہڈیوں میں سے گزرنا ممکن ہو جاتا ہے ۔

foraminal, foraminous, foraminate, a. چھید چھید ؛ چھدا ہوا ؛ سوراخ دار ؛ چھدرا ۔

foramen magnum, n. مُنفذِ نخاع ؛ پُشتِ سر کی ہڈّی کا وہ سوراخ جس میں سے حرام مغز گزر کر مغز کے نچلے حصّے سے جا ملتا ہے ۔

for-as-much, conj. اس حقیقت کے پیش نظر کہ ؛ یہ دیکھتے ہوئے کہ ؛ چونکہ ؛ جس قدر (بعد میں as لگایا جاتا ہے) ۔

foray, v.t., v.i. پامال کرنا ؛ لُوٹنا ؛ تاراج کرنا ؛ تلاش کر کے حاصل کرنا ۔ (اسم) دھاوا ؛ غارتی گشت ؛ حملہ ؛ یورش ؛ ہلّہ ۔

forayer, n. غارتگر ؛ قزاق ؛ لُٹیرا ؛ ڈاکو ؛ رہزن ۔

forb, n. بُوٹی؛ نبات ؛ عام گھاس سے مختلف قسم کی بوٹی جو پھلی دار ہوتی ہے اور مویشیوں کے چارے کا کام دیتی ہے ۔

forbear, v.t., v.i. کسی چیز یا بات سے رُکنا یا پرہیز کرنا ؛ الگ رہنا ؛ کسی بات کا ذکر نہ کرنا ؛ روکے رکھنا یا رہنا ۔ (قدیم) برداشت کرنا ؛ دُور رہنا ؛ صابر ہونا ؛ برہمی اور اشتعال کی حالت میں اپنے آپ کو قابو میں رکھنا ۔

forbearer, n. متحمل ؛ صابر ۔

forbearingly, adv. صبر و تحمل کے ساتھ ۔

forbear, n. دیکھیے : Forebear ۔

forbearance, n. صبر ؛ تحمّل ؛ برداشت ؛ کسی چیز سے احتراز ؛ برداشت کرنے کا وصف ؛ بردباری ؛ نرم مزاجی ؛ کسی حق کے معاملے میں بھی جبر سے کام لینے سے گریز (جیسے کسی پرانے قرضے کی وصولی) ؛ دھیرج ؛ سہار ؛ سہائی ۔

forbid, v.t. کسی کام کے کرنے کی ممانعت کرنا؛ کسی اقدام کے خلاف حُکم دینا ؛ منع کرنا ؛ نہ کرنے کا حکم دینا ؛ روکنا ؛ باز رکھنا ؛ ناممکن بنا دینا ؛ خارج کر دینا یا استعمال کرنے پر قدغن لگا دینا ۔

forbiddance, n. حُکمِ امتناعی یا ممنوع گرداننے کی صورت ؛ امتناع ۔

forbidden, a. ممتنع ؛ ممنوع ؛ جس کی اجازت نہ ہو ؛ ناجائز ؛ حرام ؛ مُنہی ۔

Forbidden City, n. شہرِ ممنوعہ ؛ پہلے زمانے میں فصیل سے گِھرا ہوا ملکِ چین کے شہر پیکنگ کا وہ حصّہ جس میں بادشاہوں کے محلات اور شاہی عمارات ہوتی تھیں اور جہاں عوام کو جانے کی اجازت نہیں تھی ؛ تبت کا صدر مقام ، لہاسا ۔

forbidden fruit, n. (بائیبل) ثمرِ ممنوعہ (شجرِ ممنوعہ) ؛ خیر و شر کے علم کا درخت جسے خدا کے منع کرنے کے باوجود آدم و حوا نے کھا لیا تھا ؛ کوئی ناجائز لذّت یا حرام تعیّش ؛ کوئی غیر اخلاقی ارتکاب ۔

forbidding, a. بدصورت ؛ بدوضع ؛ کراہت انگیز ؛ ناپسندیدہ ؛ کریہہ ؛ مکروہ ؛ بُرا ؛ جس کے قریب جانے کی ہمّت نہ پڑے ؛ جسے دیکھ کر پیچھے ہٹ جانے کو جی چاہے ؛ نفرت انگیز ؛ نامطبوع ۔

forbode, v.t., v.i. دیکھیے : Forebode ۔

force, n. بَل ؛ زور ؛ قُوّت ؛ طاقت ؛ بالخصوص قُوّتِ عمل ؛ قُوّتِ محرّکہ ؛ جسمانی طاقت یا قُوّت جو کسی چیز پر استعمال کی گئی ہو ؛ زورآوری ؛ تشدُّد ؛ جبر ؛ زبردستی ؛ دباؤ ؛ لشکر ؛ فوج ۔ (قانون) اشخاص یا اشیا پر غیر قانونی تشدُّد ؛ مزاحمت پر غالب آنے کی طاقت ؛ بس میں لانے یا اثر انداز ہونے کی قُوّت ؛ ذہنی یا اخلاقی قُوّت ؛ کسی متحدہ اقدام کے لیے لوگوں کی جمعیت (جیسے : a police force, an office force) ؛ (اکثر جمع کی صورت میں) مسلح آدمیوں کا گروہ (جیسے : the armed forces) ؛ افواج ؛ عظمت و تسلُّط (جیسے کسی حکمران یا مملکت کا) ؛ حربی طاقت یا جنگی قُوّت ؛ کوئی اثر یا رسوخ جو جسمانی طاقت کا مثیل ہو (جیسے : a social force) ؛ متحد کرنے یا رکھنے والی طاقت (جیسے کسی معاہدے کی) ؛ عمل پیرائی یا نفاذ (جیسے : a law now in force) ؛ قانونِ مجریہ ۔ (طبیعیات) حرکت پیدا کرنے یا حرکت میں تبدیلی لانے والی اثر اندازی ؛ ایسے اثر کی شِدّت ۔

forceless, a. بے طاقت ؛ بے قوت ؛ کمزور ۔

force, v.t., v.i. مجبور کرنا یا ناگزیر کرنا ؛ قُوّتِ سے عمل میں لانا یا لاگو کرنا؛ضرورتاً کروانا؛ٹھونسنا یا جبراً نافذ کرنا (بعد میں on یا upon لگاتے ہیں ، جیسے : to force one's opinion upon another) ؛ مزاحمت کو توڑنا یا اس کے خلاف سینہ سپر ہونا ؛ بزور اپنے لیے راہ نکالنا ؛ مزاحمت شکنی کرنا ؛ قُوّت کے بل پر مجبور کرنا ؛ جبر یا زیادتی کرنا یا بے حرمتی کرنا (جیسے کسی عورت کے ساتھ) ؛ حاصل کرنا یا نکالنا (جیسے زور کے ساتھ) ؛ چھین لینا ؛ زبردستی قبضہ کر لینا یا کہیں داخل ہو جانا (جیسے : to force a strong hold) ؛ توڑ کھولنا ، کسی دروازے یا تالے وغیرہ کو ؛ مصنوعی طریقوں سے پودوں یا پھلوں کو اُگانا یا پکانا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ مجبور کرنا یا تشدُّد آمیز کوشش پر اُتر آنا ؛ کسی پر قُوّت کا استعمال کرنا ۔ (بیس بال) رنر کو ایک بیس سے دُوسرے بیس کی طرف اس لیے جانے کے لیے مجبور کر کے اسے آوٹ کرا دینا کہ اس کا بیس دوسرے رنر کے لیے خالی ہو جائے ؛ بلّے باز کو پہلے پہنچ جانے کی بنا پر دوڑیں (runs) بنانے کی اجازت دینا جب کہ ہر بیس پر پہلے ہی سے ایک رنر موجود ہو ۔ (تاش) کسی کھلاڑی کو اس رنگ کا پتّہ چل کر ترُپ پھینکنے پر مجبور کر دینا جس کا اس کے پاس کوئی پتّہ نہ ہو ؛ پتّہ پھینکنے پر اس لیے مجبور کر دینا تا کہ ہاتھ کے پتّوں کی قُوّت کا اندازہ ہو جائے ؛ کسی کھلاڑی کو کوئی مخصوص پتّہ پھینکنے پر مجبور کر دینا ؛ بزور اپنے لیے راہ نکالنا یا راستہ بنانا ۔

forced, a. استحصالی ؛ مجبوراً ؛ جبری ؛ لازمی (جیسے : forced labor) ؛ بیگار ؛ نمایشی ؛ غیر طبعی یا دکھاوے کا (جیسے : a forced smile) ۔

forcedly, adv. بزور ؛ کھنچاؤ تناؤ لیے ہوئے ۔

force landing, n. (ہوا بازی) جبری اُتار ؛ جب طیارہ کسی فنّی خرابی ، لڑائی یا نقصان وغیرہ کے باعث فضا میں پرواز کے قابل نہ رہے تو زمین یا پانی پر ناگزیر طور پر اس کے اترنے کا عمل ۔

force feed, n. بزور ایندھن رسانی ؛ درونی احتراق والے انجن کو انتہائی ضرورت کے وقت (دباؤ کے ذریعے) تیل دینے کا نظام ۔

force-feed, v.t. زبردستی کھلانا ؛ ڈرا دھمکا کر یا ڈلار پُچکار کر کھانے پر مجبور کرنا ؛ قبول کرنے پر مجبور کرنا جیسے کوئی اچھوتا خیال ۔

forceful, a. انتہائی مضبوط ؛ قوی ؛ زور دار ؛ طاقت ور ؛ توانا ؛ مؤثر ؛ زور کے ساتھ عمل میں آنے والا یا چلایا جانے والا ؛ توانائی کے بل پر چلنے یا چلائے جانے والا ۔

forcefully, adv. قوّت سے ؛ اثر سے ؛ طاقت سے ۔

forcefulness, n. اثر ؛ طاقت ؛ قُوّت ؛ زور ؛ مضبوطی ؛ انتہائے قُوّت ؛ شدتِ طاقت ۔

force majeure, n. امرِ ربّی ؛ آفتِ سماوی۔ (فرانسیسی قُانون) ماورائے تدبیر (واقعہ یا حادثہ) ؛ کوئی غیر متوقّع واقعہ جسے باہمی معاہدہ کالعدم قرار دینے کا کافی سبب قرار دیا جا سکے یا جس کے سبب معاہدے کی پابندی لازم نہ رہے۔

forcemeat, farce,n. (طبّاخی) عمدہ گوشت کے ٹکڑے یا مچھلی کے قتلے جس میں مرچ مسالا ڈال کر خوب مزیدار بنایا جاتا ہے ، اس صورت میں بھی کھاتے ہیں اور مختلف اشیا میں بھر کر بھی پکاتے ہیں ۔

forceps, n. زنبور ؛ چمٹی یا موچنے کی قسم کا آلہ جو اٹھانے اور پکڑنے کے کام آتا ہے جیسے عمل جراحی میں ؛ فورسپ ؛ انبرک ؛ کلاب ؛ کُلبتین ۔

force pump, n. داب پمپ ؛ دباؤ پمپ ؛ وہ پمپ جو دباؤ کے ذریعے یا براہ راست زور لگاتے ہوئے سیّال مادے کو اس طاقت کے ساتھ خارج کرتا ہے کہ وہ دور بلندی تک پہنچ جاتا ہے (برعکس lift pump) ۔

forcible, a. زور دار ؛ زور آزما ؛ زور آور ؛ قَوی ؛ طاقت ور ؛ مُتشدّد ؛ باثر ؛ بالجبر ؛ مؤثر۔

forcibility, n. اثر اندازی ؛ جبریت ؛ زور آوری ؛ زور داری ۔

forcibleness, n. اثر ؛ قُوّت ؛ طاقت ؛ زور۔

forcibly, adv. زور سے ؛ طاقت سے ؛ جبراً ؛ قہراً ؛ زبردستی ۔

ford, n. پایاب (مقام) ؛ کسی دریا یا آب گاہ میں وہ کم گہرے پانی والی جگہ جہاں سے چل کر گزرا جا سکے ۔ (فعل متعدی) (کسی ندی وغیرہ میں سے) پایاب گزر جانا ۔

fordable, a. پایاب۔

fordo, foredo, v.t. تھکا دینا ؛ غلبہ پا لینا ؛ زیر کر لینا جیسے محنت مشقت سے ؛ تباہ کر دینا ؛ ختم کر دینا ۔

fore, a. اگلا ؛ سامنے کی جانب یا آگے (بمقابلہ کسی اور چیز کے) ؛ مکانی ، زمانی ، ترتیبی یا منصبی حوالے سے اولیّن ؛ متقدّم ؛ پیشتر ۔ (اسم) کسی شے کا اگلا حصہ ؛ حصۂ پیشیں ؛ ماتھا ؛ سامنے کا رُخ ؛ لوح ۔ (جہاز رانی) آگے کا مستول ۔

to the fore, سامنے کی جانب یا آگے کی طرف ؛ آگے آگے ؛ نمایاں جگہ یا مقام پر یا اس کی طرف ۔

fore, prep., conj. (قدیم ، بولی) قبل ۔ (فجائیہ) (گالف) پکار ان لوگوں کے لیے جو ضرب خوردہ گیند کی راہ میں آ گئے ہوں ۔ (متعلّق فعل) (جہاز رانی) کشتی یا جہاز کے اگلے سرے پر یا اس کی جانب ۔

fore-and-aft, a. (جہاز رانی) طولاً ؛ متوازی ؛ جہاز کے ساتھ ساتھ یا طولاً جہاز کے متوازی ۔

forearm,n. بانہہ ؛ بازو کا وہ حصّہ جو کہنی اور کلائی کے درمیان ہوتا ہے۔

forearm,v.t. حملہ کرنے یا مزاحمت سے پہلے اپنے آپ کو تیّار کرنا یا مسلّح کرنا۔

forebear, forbear,n. (عموماً جمع) اسلاف ؛ آبا و اجداد ؛ باپ دادا ؛ مورث اعلیٰ ۔

forebode, forbode, v.t.,v.i. پیشگوئی کرنا ؛ قبلاً آگاہ کر دینا ؛ پہلے بتلا دینا ؛ پہلے خبر کرنا ؛ کسی کے بارے میں پہلے ہی سے آگاہ ہونا ؛ محسوس کرنا کہ کچھ ہو کر رہے گا (کوئی افتاد پڑنے والی ہے یا کوئی مصیبت آنے والی ہے) ۔

foreboder, n. پیش گو۔

foreboding, n,a. پیش گوئی ؛ شگون ؛ انتباہ ؛ شدنی یا ہونی کا کھٹکا یا ڈر (خصوصاً کسی بڑی مصیبت کا) ؛ دھڑکا ؛ کھٹکا ۔

forebodingly, adv. انتباہ کرتے ہوئے۔

forebrain, n. (تشریح الاعضا) پیش دماغ؛ جنینی فقاریہ دماغ کے تین بڑے منقسمہ حصّوں میں سے سامنے والا حصّہ ؛ بین دماغ اور بعد دماغ ، بالغ فُقاری دماغ کے حصّے جو اس رگ سے نشوونما پاتے ہیں ۔

forecast,v.t. پہلے سے رائے قائم کر لینا ؛ پیشگوئی کرنا (جیسے موسم کے متعلق) ؛ کسی کے بارے میں دُور اندیشی کا کام دینا ؛ مستقبل کا قیاس کرنا ؛ پہلے سے منصوبہ یا اسکیم بنا لینا ؛ پہلے ہی سے بندوبست کر لینا ۔ (فعل لازم)قبل از وقت بھانپ لینا ؛ پہلے سے اندازہ لگا لینا ؛ قبلاً منصوبہ بندی کر لینا یا بندوبست کر لینا ۔ (اسم) موسمی پیش گوئی ؛ کل کا کھٹکا (کسی ہونی کے بارے میں) ؛ دھڑکا ؛ پیش قیاسی کا عمل ، کام یا ملکہ ۔

forecaster, n. موسمی پیش گوئی کرنے والا ۔

forecastle,n. (جہاز رانی) عرشہ ؛ جہاز کی اگلی جانب ایک چھوٹا سا اُبھرا ہوا عرشہ جو اگلے مستول کے سامنے ہوتا ہے ؛ جہاز کا اگلا حصّہ جہاں ملّاحوں کے کمرے ہوتے ہیں ؛ عرشے کے اُوپر کی جانب کا ڈھانچا ، جو جہاز کی مستک میں ہوتا ہے اور جہاں رسد اور مشینری وغیرہ رکھّی جاتی ہے ۔

fore close, v.t. (قانون) گروی جائیداد کو چھڑا لینے کے حق سے کسی کو محروم کر دینا ؛ رہن یا گروی رکھی ہوئی چیز کو چُھڑانے کا حق چھین لینا ؛ خارج کر دینا یا بے دخل کر دینا ؛ روکنا یا باز رکھنا (جیسے کوئی کام کرنے سے) ؛ بلا شرکت دعویٰ کرنا ؛ کسی معاملے کو پہلے سے نپٹا دینا ؛ اس کا تصفیہ کر دینا یا اس کے بارے میں جواب دہ ہونا (جیسے : to foreclose objections) ۔ (فعل لازم) کسی گروی

رکھی ہوئی چیز کی بازیابی سے محروم ہو جانا ۔

foredeck, n (جہاز رانی) عرشہ ؛ جہاز کے بالائی یا اصل عرشے کا اگلا حصّہ ۔

foredo, v.t. دیکھیے : Fordo ۔

foredoom, v.t., v.i. مُقدّر کر دینا ؛ بدقسمتی کا پہلے سے فیصلہ ہو چکنا ۔ (اسم) ازلی بدنصیبی ؛ تذمیم و تعذیب ۔

forefather, n. آبا و اجداد ؛ باپ دادا ؛ سلف ؛ جد ۔

forefinger, n. انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی ؛ انگشت شہادت ۔

forefoot, n. اگلا پیر ؛ چار یا کثیر پایوں والے جانوروں کا ایک اگلا پاؤں ۔

forefront, n. اگلا حصّہ ؛ سب سے زیادہ نمایاں حصّہ ، جگہ یا مقام ؛ مقدّم ؛ ہراول ۔

foregather, v.i. دیکھیے : Forgather ۔

forego, v.t. دیکھیے : Forgo ۔

forego, v.t., v.i. پہلے چلے جانا ؛ پہلے جانا یا روانہ ہونا ۔

foregoer, n. پیش رو ؛ مرحوم بزرگ ؛ جدّ امجد ۔

foregoing, a. سابق الوقوع یا سابق الذکر ؛ زمانی یا مکانی لحاظ سے پہلے ؛ سابقہ ؛ گزشتہ ؛ متقدم ۔

foregone, a. پہلے گزرا ہوا ؛ سابقہ ؛ گزشتہ ؛ پہلے ہی سے طے شدہ ۔

foregone conclusion, n. عیاں اور ناگزیر نتیجہ ؛ شہادت پر غور کرنے سے پہلے قائم کی گئی رائے یا نتیجہ ۔

foreground, n. پیش منظر ؛ کسی منظر یا تصویر کا وہ حصّہ جو تماشائی کے زیادہ قریب ہو یا زیادہ قریب ظاہر کیا گیا ہو ؛ نمایاں جگہ یا مقام ۔

forehand, a. کفی ؛ ٹینس یا اس قسم کے دوسرے کھیلوں میں ، جن میں ریکٹ یا پیڈل کا استعمال ہو ، وہ ضرب جو ہتھیلی کو اس طرف موڑ کر لگائی جائے جدھر ہاتھ حرکت کر رہا ہو ؛ سامنے یا آگے کی جانب ؛ سب سے آگے یا سبقت لیے ہوئے ؛ پہلے ہی سے کیا گیا ؛ پیشگی کیا یا دیا گیا (جیسے ادائیگی وغیرہ) ۔ (اسم) سامنے کی مار ؛ گھوڑے کا وہ حصہ جو سوار کے سامنے ہوتا ہے ۔ (قدیم) فائدہ ؛ بالادست (بالادستی) ۔ (متعلّق فعل) سامنے کی ضرب کے ساتھ ؛ کفی ضرب کے ساتھ ۔

forehanded, a. کفی (ضرب) ؛ سامنے کی (ٹینس کی ایک ضرب) ؛ مستقبل یا غیر متوقع حالات کی دُور اندیشی ؛ پیش بیں ؛ کفایت شِعار ؛ مُتموّل ؛ کھاتا پیتا ؛ خوش گزران ؛ ثروت مند ؛ امیر ۔

forehead, n. پیشانی ؛ جبین ؛ مستک ؛ ماتھا ؛ چہرے میں آنکھوں سے اُوپر کا حصّہ ؛ ابرُو ۔

foreign, a. پردیسی ؛ غیر مُلکی ؛ بدیسی ؛ کسی اور مُلک کا یا اس سے متعلق ؛ ولایتی ؛ باہر سے آیا ہوا ؛ اپنے ملک سے باہر کا ، خارجی ؛ دوسرے ممالک کے ساتھ معاملات سے متعلّق ؛ غیر مُلک یا ممالک کے ساتھ کاروبار کرنے والا (جیسے : foreign trade) ؛ اجنبی ؛ جو اپنا نہ ہو ؛ نامتعلّق یا ناوابستہ ؛ جو مفید مطلب نہ ہو (بعد میں عموماً to یا from لگاتے ہیں) ۔

foreigner, n. پردیسی ؛ غیر مُلکی ؛ اجنبی ؛ غیر مُلک میں پیدا ہونے والا یا وہاں کا باشندہ ۔

foreignism, n. غیر ملکی محاورہ یا رواج ۔

foreign affairs, n. سفارتی ؛ امور خارجہ ؛ غیر ملکوں سے متعلّق امور ؛ بین الاقوامی معاملات ۔

foreign bill, n. وہ ہُنڈی جو مالک کو کسی غیر مُلک میں رقم کی وصولی کا مجاز بنا دے ؛ غیر مُلکی ہنڈی ۔

foreign exchange, n. زرِ مبادلہ ؛ کسی دوسرے ملک کی قرم یا وہاں رہنے والے کے ساتھ حساب چکانے کے لیے رقوم کی منتقلی ۔

foreign minister, n. وزیر خارجہ ؛ وہ وزیر کابینہ جو کسی دوسرے مُلک میں اپنے مُلک کے مفادات و معاملات کا نگران ہوتا ہے ؛ امریکی سیکرٹری آف اسٹیٹ اور برطانوی فارن سیکرٹری کا بدل ۔

foreign service, n. (اکثر بڑے F سے) یو ایس اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کی وہ شاخ جس کے سفارتی اور قُنصُلی ملازم جو دوسرے مُلک میں اپنے مُلک کی نمائندگی کرتے ہوں ؛ ملازمت خارجہ ۔

fore judge, forjudge, v.t. ما قبل ہی اندازہ لگا لینا ؛ پہلے ہی سے اندازہ لگا لینا یا فیصلے پر پہنچ جانا ؛ واقعات و حقائق سننے اور شہادتوں پر جرح سے پہلے ہی فیصلہ کر لینا ؛ پہلے ہی فیصلہ کر لینا ۔

foreknow, v.t. پیش آگاہ ہونا ؛ پہلے سے آگاہ ہونا ؛ پیش داں ہونا ۔

fore knowledge, n. پہلے سے علم رکھنا ؛ پیش آگہی ۔

foreleg, n. اگلا پایہ ؛ کسی جانور یا کرسی وغیرہ کی اگلی ٹانگ ۔

forelock, n. ناحیہ ؛ سامنے کے بال ؛ وہ لٹ یا بالوں کا طُرّہ جو سر کی اگلی جانب اُگا ہوتا ہے (بالخصوص گھوڑوں کے سر پر) ۔

foreman, n. پیش دست ؛ فورمین ؛ کارکُنوں کے جتھّے کا نگران ؛ داروغہ یا مہتمم ؛ کسی جیوری کا صدرنشین جو جیوری کی طرف سے ترجمان ہوتا ہے ۔

foremast, n. (جہاز رانی) وہ بادبان جو جہاز کی مستک کے زیادہ قریب واقع ہوتا ہے ۔

foremost, a. اوّلیں ؛ پہلا ؛ اگلا ؛ سب سے آگے ؛ سب سے پہلے بلحاظ جگہ ، عہدہ ، ترتیب یا وقت ۔ (متعلّق فعل) سب سے نمایاں ؛ اولاً ؛ پہلے درجے میں ۔

forename, n. ذاتی نام ؛ وہ نام جو خاندانی نام یا لقب سے پہلے آتا ہے ؛ رکھا گیا نام ؛ جدی نام سے پہلے آنے والا نام ۔

forenamed, a. مذکورہ یا قبلاً نام بُردہ (ایک ہی بیان یا تحریر وغیرہ میں) ؛ مذکورۃُ الصدر ؛ مذکورہ بالا ۔

forenoon, n., a. قبل ظہر ؛ نہار ؛ قبل دوپہر ؛ چڑھی صبح سے دوپہر تک کا وقت ۔

forensic, a. عدالتی یا سرکاری بحث مباحثوں سے متعلّق ، وابستہ یا ان میں استعمال کیا جانے والا ؛ استدلال کے لیے موزوں یا حسبِ حال ؛ مُدَلّل ۔ (اسم) کالج وغیرہ میں تقریری یا تحریری بحث مباحثے کی مشق ۔

forensics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) بحث مباحثے اور استدلال کا فن ۔

forensic medicine, n. طبِ قانونی ؛ وہ طبّی عِلم جس کا اطلاق دیوانی یا فوجداری مقدمات پر ہوتا ہے خصوصاً ان مقدمات پر جو

عدالتوں میں زیر سماعت ہوں ، اسے medical jurisprudence اور legal medicine بھی کہتے ہیں ۔

foreordain, v.t. پہلے سے مقرر کر دینا یا لکھ دینا (مقدّر کر دینا) ؛ قسمت میں لکھ دینا ؛ نصیبہ کر دینا ۔

foreordination, n. قسمت ؛ نصیب ؛ تقدیر ؛ مقدّر ؛ پیش نوشت ؛ نوشتۂ ازل ۔

forepart, n. اگلا حصّہ : سب سے آگے کو بڑھا ہوا حصّہ یا زمانی و مکانی لحاظ سے پہلا ؛ سامنے کا حصّہ ؛ آغاز یا ابتدا ۔

forequarter, n. اگلا نصف حصّہ ؛ اگلا حصّہ ؛ کسی بھیڑ بکری یا گائے بھینس کے جسم کے اگلے دو نصف حصّوں میں سے ایک حصّہ ۔

forerun, v.t. پیشوائی کرنا ؛ آگے آگے دوڑنا یا بڑھنا ؛ پیش گوئی یا شگون بن جانا ؛ پیش خیمہ ثابت ہونا ؛ نقیب ثابت ہونا ۔

forerunner, n. نقیب ؛ پیش رو ؛ وہ شخص جسے دوسروں کی آمد کی اطلاع دینے کے لیے کہیں پہلے بھیجا جائے ؛ پیامی ؛ پیش آہنگ ؛ ہرکارہ ؛ خبررساں ؛ کسی کے آنے کی خبر دینے والا ؛ پیش خیمہ ؛ اس قسم کے آثار کہ کچھ نہ کچھ ہو کر رہے گا ؛ اسلاف میں سے کوئی ؛ ما قبل یا پیشیں ۔

foreside, a. بیان شدہ ؛ مذکورۃُ الصدر ؛ پہلے بتایا گیا یا کہا گیا ؛ فوقُ الذّکر ۔

fore-sail, n. (جہاز رانی) چوکور بادبانوں والے جہاز کے اگلے حصّے کا بادبان ؛ دو مستولی جہاز کے اگلے مستول سے بندھا ہوا بنیادی بادبان جو طولاً آگے سے لے کر پیچھے تک محیط ہوتا ہے ؛ بڑا بادبان ۔

foresee, v.t. پیش بینی کرنا ؛ پا جانا ؛ پہلے سے جان لینا ؛ علمِ غیب رکھنا ۔ (فعل لازم) پیش بینی سے کام لینا ۔

foreseeable, a. ممکنِ پیش بینی ۔

forseeability, n. امکانِ پیش بینی ۔

foreseer, n. پیش بیں ۔

foreshadow, v.t. جھلک دکھا دینا ؛ پہلے ہی سے قرائن دکھا دینا ؛ صورت حال کی وضاحت یا خاکہ پیش کر دینا ؛ اشارہ کر دینا ؛ کنایتہً بتانا ۔ (اسم) جھلک ۔

foreshadower, n. پہلے سے اشارہ کر دینے والا ۔

foreshore, n. ساحلی پٹّی ؛ کسی آبگزر (خصوصاً سمندر) کے کنارے کنارے جاتی ہوئی پٹی ؛ سمندر ، دریا وغیرہ کا ڈھلوانی ساحلی حصّہ جو پانی کے اتار چڑھاؤ کی حدود کے درمیان ہوتا ہے ؛ ریگ ساحل ۔

foreshorten, v.t. (فنون) چھوٹا کر کے دکھانا ؛ کسی خط ، حصّے یا چیز کو فاصلے کا درست تأثر ابھارنے کے لیے اس کی اصلی لمبائی سے کم ظاہر کرنا جس کی سطح مستوی کینوس کی سطح کے متوازی نہ ہو ؛ مختصر کرنا ؛ تلخیص کرنا ؛ سمٹانا ۔

foreshow, v.t. آگاہ کرنا ؛ جتانا ؛ پہلے ہی دکھا دینا ؛ پیش کرنا ؛ نمایش کرنا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ فال نکالنا ؛ پیش بینی کرنا ۔

foreside, n. ساحلی زمین ؛ سامنے کی یا بالائی جانب ؛ سمندر کے ساتھ ساتھ پھیلی ہوئی زمین ۔

foresight, n. عاقبت اندیشی ؛ کل کی پُر احتیاط فکر ؛ بصیرت ؛ پیش بینی کا ملکہ یا عمل ؛ پیش علمی ؛ پیشِ آگاہی ؛ توپ وغیرہ کی نالی پر اگلی جانب کی مکھّی (جو نشانہ باندھنے میں مدد دیتی ہے) ؛ دُوربینی ۔

foresighted, a. دوربین ؛ دور اندیش ؛ محتاط ۔

foresightedly, adv. دور اندیشانہ ۔

foresightedness, n. دور اندیشی ۔

foreskin, n. (تشریح الاعضا) حشفہ یا عضو تناسل کو ڈھانکے رکھنے والا پردہ ؛ غُلفہ ؛ قلفہ (جو ختنے کے ذریعے کاٹ دیا جاتا ہے) ۔

forespeak, v.t. پیشگوئی کرنا ؛ پہلے سے بتا دینا یا آگاہ کر دینا ؛ اشارہ کر دینا ؛ حق جتانا یا پیشگی انتظام کرنا ۔

forest, n. جنگل ؛ درختوں سے بھرا ہوا طویل و عریض رقبہ ؛ بن ؛ جنگلاتی اور کھلی غیر مزروعہ زمین ؛ جنگل میں کھڑے درخت ؛ رمنہ ؛ رُکھ ؛ دشت ۔ (برطانوی) (قانون) ضلع جو شکار کے لیے مخصوص ہو ۔ عموماً شاہی علاقہ جو شکار گاہ کا کام دے ۔ (صفت) جنگل کا یا اس سے متعلّق ؛ دیہاتی ؛ جنگلی ۔ (فعل متعدی) جنگل میں تبدیل کرنا ؛ جنگلانا ؛ جنگل بنانا ۔

forestal, forestial, a. جنگلاتی ۔

forestation, n. جنگل کاری ؛ جنگل لگانے کا عمل یا سلسلۂ شجر کاری ۔

forestall, v.t. پیش بندی کرنا ؛ قبل از وقت کسی اقدام کے ذریعے روک دینا ؛ مزاحم ہونا یا سدِّراہ بننا ؛ کسی معاملے میں پہلے ہی سے تدابیر اختیار کرنا یا اس سے نپٹنا (جیسے : to forestall the action of others) ؛ موزوں یا مناسب وقت سے بیشتر ہی کسی کام سے نپٹ جانا ، نبٹنے کی کوشش کرنا یا اس کا احساس کرنا ؛ متوقّع ہونا ؛ کسی معاملے میں پیش قدمی کرنا ۔ (کاروبار) پیش از وقت مال کی خریداری کر لینا تا کہ بعد میں مہنگے داموں فروخت کیا جا سکے ؛ پہلے لے لینا ؛ پیش دستی کرنا ؛ پیشگی لے لینا ۔

forester, n. ماہر جنگلات خصوصاً داروغۂ جنگلات ؛ جنگلی جانور ؛ پتنگوں کی کوئی بھی قسم ؛ خاکستری رنگ کا بڑا کنگرو ۔

forestry, n. جنگلات اُگانے اور انھیں ترقی دینے کا علم ؛ جنگلاتیات ۔

foretaste, n. توقُّع ؛ پیشگی لذّت و لُطف ۔ (فعل متعدی) پہلے ہی سے لطف اندوز ہونا ؛ پیشگی لذّت لینا ۔

foretell, v.t. پہلے ہی بتلا دینا (کہ کیا ہونے والا ہے) ؛ پیش گوئی کرنا ؛ غیب کی بات بتانا ؛ الہام بیانی کرنا ۔ (فعل لازم) پیش گوئی یا غیب کا اظہار ہونا ۔

foreteller, n. کاہن ؛ مستقبل بتانے والا ؛ پیشین گو ۔

forethought, n,a. پیش خیالی ؛ پیشگی اُحتیاط ؛ دوربینی ۔

foretoken, n. شگون یا اشارہ (آئندہ کے بارے میں) ۔ (فعل متعدی) پہلے ہی سے اشارہ کر دینا یا جتلا دینا ۔

foretop , n. (جہاز رانی) بادبانی چبوترہ ؛ اگلے مستول کی چوٹی پر بنا ہوا چبوترہ ۔

forever, adv. دائماً ؛ ہمیشہ کے لیے ؛ متواتر ؛ لگا تار ؛ مسلسل ؛ مستقلاً ۔

forevermore, adv. ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ۔

foreverness, n. ابدیت ؛ نا مختتم اور لامتناہی وقت ۔

forewarn, v.t. پہلے سے متنبہ کر دینا یا خبردار کر دینا ؛

پہلے ہی سے نوٹس دے دینا یا آگاہ کر دینا ؛ ہوشیار کرنا ؛ خبردار کرنا ۔

forewoman, forelady, n. نگران خاتون ؛ کام کرنے والیوں پر نگران عورت ؛ عورتوں کی داروغہ ۔

foreword, n. دیباچہ ؛ پیش لفظ ؛ پیش گفتار ؛ حرفِ اوّل ؛ حرفِ آغاز ؛ مقدّمہ ؛ آغازِ کلام ؛ پیش نامہ ۔

foreyard, n. (جہاز رانی) اگلے مستول کا نچلا حصّہ یا سَرن ۔

forfeit, v.t., v.i. حق کھو دینا (غفلت ، جرم، قصور کی پاداش میں) ؛ کسی غلط کاری کی بنا پر محروم کر دیے جانے کا مستوجب ٹھہرنا (جیسے کسی جائیداد سے یا زندگی سے) ؛ قابل ضبطی ہونا ۔ (اسم) ضبطی ؛ ضبط شُدہ شے ؛ تاوان ؛ جُرمانہ ؛ ہرجانہ ؛ قصّاص ؛ بدلہ ؛ کفارہ ؛ جُرمانہ ۔ (جمع) کسی کھیل میں قواعد شکنی کرنے پر کسی شے یا اشیا سے ہاتھ دھو بیٹھنا ۔ (صفت) ضبط کردہ یا قابل ضبطی ؛ تعزیری ؛ لائقِ گرفت ۔

forfeiture, n. ضبطی ؛ قرقی ؛ کسی حق ، رعایت ، جائیداد ، یا اعزاز سے محرومی (کسی جرم یا قانونی خلاف ورزی وغیرہ کی بنا پر) ؛ وہ شے جو ضبط کر لی گئی ہو ۔

forgather, foregather, v.i. ملنا ؛ منعقد کرنا ؛ اتفاقاً باہم مل جانا یا اکٹھے ہو جانا ۔

forge, n. لوہ سار ؛ لوہ سائی ؛ بھٹّی ؛ دھات کو گرما کر نرم کرنے اور اسے حسبِ مرضی شکل دینے کا سانچا ؛ ایسی کوئی ورکشاپ جہاں دھات کو ایسے سانچوں میں گرم کیا جائے ؛ بھٹی یا کوئی صنعتی پلانٹ جس میں دھات کو پگھلا کر آلایشوں سے پاک کیا جائے ۔ (فعل متعدی) بھٹی میں گرما کر کوئی شکل یا صورت دینا ؛ کسی طریقے سے کچھ بنانا یا گھڑنا ؛ ایجاد کرنا ؛ شکل دینا یا تیّار کرنا (دھوکا دینے کے لیے) ؛ فریب کاری سے نقل اتارنا (کسی کے دستخطوں کی یا کسی آرٹ کے نمونے کی) ۔ (فعل لازم) جعل سازی سے کام لینا ؛ کسی بھٹّی پر کام کرنا ؛ دھات کو گرم کرنا ۔

forge, v.i. آگے بڑھنا خصوصاً آہستہ آہستہ یا بہ دشواری (بعد میں ahead لگاتے ہیں) ۔

forgery, n. جعل سازی ؛ تلبیس ؛ بناوٹ ؛ کسی سِکّے یا آرٹ کے نمونے کی اتاری گئی وہ نقل جس کے اصلی ہونے کا دعویٰ کیا جائے ؛ جعل سازی سے تیّار کی گئی کوئی شے ؛ خود گھڑنے یا جُھوٹ موٹ بنانے کا عمل ۔ (قانون) کسی تحریر میں تحریف کرنے یا اسے فریب کارانہ طور پر پیش کرنے کا عمل تا کہ دوسرے شخص کے قانونی حقوق متأثر ہوں ؛ جعلی دستخط ۔

forget, v.t., v.i. کسی کو بُھول جانا ؛ یاد نہ آنا یا یاد نہ کر سکنا ؛ یاد کرنے سے رہ جانا ؛ یاد میں نہ لا سکنا ؛ غیر دانستہ طور پر نظر انداز کرنا یا چھوڑ جانا ؛ بھولے سے انجانے میں پیچھے چھوڑ جانا ؛ ذکر کرنے سے چوک جانا یا بے توجّہ رہنے دینا ؛ خیال ہی میں نہ لانا یا توجہ ہی نہ کرنا ؛ جان بوجھ کر نظر انداز کرنا ؛ اغماض برتنا ؛ پہلو تہی کرنا ؛ پروا نہ کرنا ؛ دانستہ بھول جانا ؛ ملتفت نہ ہونا ؛ سبکی کرنا ؛ کسی کو بھلا دینا یا خیال میں نہ لانا ؛ مناسب وقت پر یاد کرنے میں ناکام رہنا (یاد نہ کر سکنا) ؛ بُھول جانا ۔

forget oneself, اپنا آپ بھلا دینا ؛ خود غرض نہ بننا ؛ احساسِ عزّت اور اپنے آپ پر ضبط کیے بغیر بولنا یا عمل کرنا ۔

forgettable, a. قابل فراموش ۔

forgetter, n. فراموش کار ۔

forgetful, a. بھولنے کا عادی ؛ فراموش کار ؛ لاپروا ؛غفلت شعار

forget-me-not, n. گُلِ وفا ؛ گاؤزبانی قبیلے کا ایک چھوٹا پودا جس پر ایسے چمکدار نیلے پھول لگتے ہیں جن کا مرکزی حصّہ زرد ہوتا ہے اور عموماً اسے وفاداری اور دوستی کی علامت خیال کیا جاتا ہے ۔

forging, n. آہن گری ؛ گھڑائی ؛ دھات کی ڈھلی ہوئی کوئی شے ؛ گھڑت ؛ بناوٹ ؛ ساخت ؛ جعل ۔

forgive, v.t., v.i. بخش دینا ؛ عفو کرنا ؛ درگزر کرنا ؛ معاف کر دینا ؛ کسی کے خلاف ناراضگی ترک کر دینا ؛ سبب دعوے سے دست بردار ہو جانا ؛ کسی تاوان ، جرمانے ، قرضے ، قانونی خلاف ورزی کو درگزر کر دینا ؛ معاف کر دینا ؛ کسی نقصان رساں اقدام یا جرم کے عواقب سے آزاد کر دینا ؛ کسی مجرم کو معاف کر دینا ۔

forgivable, a. قابل معافی ۔

forgiveness, n. معافی ؛ معاف کرنے کی جانب میلان یا آمادگی ۔

forgiver, n. معاف کرنے والا ؛ غفّار ؛ غافر ۔

forgiving, a. عفو پرور ؛ رحم دل ؛ شفیق ؛ معاف کر دینے والا ؛ خطاپوش ؛ غفُور ؛ غفّار ۔

forgo, v.t. لطف اندوز ہونے یا قبضے میں رکھنے سے رضاکارانہ احتراز کرنا ؛ دست بردار ہونا ؛ ترک کرنا یا دست کَش ہونا ۔

forjudge, forejudge, v.t. (قانون) عدالتی فیصلے کے ماتحت بے دخل یا بے قبضہ کر دینا ؛ کسی قانون شکنی کی بنا پر (اٹارنی وغیرہ کو) عدالت سے نکال دینا ۔

forjudgement, n. بے دخلی ۔

fork, n. دو شاخہ ؛ کانٹا (کھانا کھانے کے لیے) ؛ ایک آلہ جس کا ایک دستہ ہوتا ہے اور دو یا اس سے زیادہ انگلیاں جن سے پکڑنے ، اٹکانے یا چھیدنے کا کام لیا جاتا ہے ؛ ترنگل ، پنجہ وغیرہ (جیسا کہ کشاورزی کے بہت سے آلات) ؛ کوئی ایسی انگشت دار شے جسے کھانے کی میز پر یا کھانا پکانے کے دوران استعمال کیا جاتا ہے ؛ نوک ؛ سُر ٹھیک کرنے والا دوشاخہ ؛ شاخوں میں تقسیم کرنے والا ؛ وہ جگہ جہاں سے دریا یا راستہ دو رُخا یا دو شاخہ ہو جاتا ہے ؛ ان شاخوں میں سے کوئی ایک شاخ ۔ (فعل متعدی و لازم) کانٹے کی شکل دینا یا بنانا ؛ آر پار چیرنا ؛ چھیدنا ؛ سُر اونچی کرنا ؛ دوسانگی سے کھودنا ۔ (عوامی) حوالے کرنا ، دے دینا یا سپرد کرنا (بعد میں over لگاتے ہیں) ؛ ادا کرنا ؛ بانٹ دینا (بعد میں out لگاتے ہیں) ۔ (شطرنج) بیک وقت دو مہروں کو ہدف بنانا ؛ دو شاخہ بنانا ؛ شاخوں میں تقسیم کرنا ؛ شاخ دار کرنا ۔

forked, a. دو شاخہ یا منقسم ؛ برق کی طرح لہراتی ہوئی ؛ ٹیڑھا میڑھا (بل کھائے ہوئے) ۔

forklift, n. دو فولادی بازوؤں والی مشین جس کی فولادی انگلیوں سے وزنی بوجھ اٹھایا اور تھاما جاتا ہے ، اسے forklift truck بھی کہتے ہیں ؛ کانٹا ٹرک ۔

forelorn,a. تن تنہا ؛ اکیلا ؛ غمزدہ ؛ چھوڑا ہوا ؛ اُجڑا ہُوا ؛ بے یارومددگار ؛ ناخوش ؛ آفت رسیدہ ؛ بدحال ؛ مُردہ احساس خستہ صورت ؛ نراس ؛ بے بس ؛ لاچار ۔

forelornhope,n. خام خیالی ؛ کامیابی کی ہلکی سی اُمیدؔ ؛

اُمّید موہوم ؛ خطرناک یا خراب انجام مہم ۔

form, n. ہیئت ؛ صورت ؛ ڈول ؛ وضع ؛ ڈھنگ ؛ تراش ؛ رُوپ ؛ چہرہ ؛ شکل ؛ قالب ؛ ہیکل ؛ پیکر ؛ حالت ؛ ترتیب ؛ طرزِ عمل ؛ رواج ؛ طریقہ ؛ رنگ یا مواد سے قطع نظر ظاہری شکل یا صُورت ؛ کوئی مخصوص شکل ؛ جسم خصوصاً انسان کا ؛ کسی چیز سے ظاہر ہونے والی بناوٹ ، خصوصیت یا طرز (جیسے : water in the form of ice یا a mild form of the disease) ۔ (گرامر) کسی لفظ کی مخصوص کیفیّت ، ہجّے اور تصریف کے حوالے سے (جیسے : The possessive form of he is his) ؛ مناسب یا مطلوبہ شکل ؛ حُسنِ ترتیب ؛ خوشگوار اور مُؤثّر نتیجہ حاصل کرنے کے لیے اجزا کو جوڑنے اور باہم مربوط کرنے کا اسلوب (جیسا کہ ادبی نگارشات میں) ؛ طور ؛ طرز ؛ کوئی کام کرنے کا مروّجہ اور مجوّزہ طریقہ ؛ الفاظ کا مسلّمہ سلسلہ (مذہبی رسومات یا قانونی دستاویزات میں) ؛ رواج ؛ وہ دستاویز جس میں کوائف پُر کرنے کے لیے جگہیں خالی چھوڑ دی گئی ہوں ؛ فرد ؛ (فارم) نمونے کی دستاویز جو اسی قسم کی دستاویزات کی تیاری میں رہنمائی کا کام دے (جیسے : a form for a lease) ؛ رسمی کارروائی یا تقریب جو محض نمائشی یا دکھاوے کی ہو ؛ کسی مقررہ ترتیب کے مطابق لائحۂ عمل ؛ معاشرے کے رسم و رواج کی پابندی ، اکثر بدتعریفی کرتے ہوئے (جیسے : It is bad form to do so) ؛ کوئی کام کرنے کا قرینہ ؛ طریقہ یا انداز (جیسے : He runs fast but his form is bad) ؛ صورت حال خصوصاً اچھی صورت حال ، کچھ کر دکھانے کی موزونیت کے حوالے سے ، (جیسے : an athlete in good form) ؛ خرگوش کا بھٹ ؛ کسی شکل کی شباہت یا اس کا عکس ؛ رُوپ (جیسے : The dressmaker's form) ؛ وہ شے جو صورت بندی کرتی ہے جیسے کنکریٹ کی بُنیاد کا سانچا ؛ قالب ؛ ڈھانچا ۔ (فلسفہ) وہ عنصر جو اس انداز کو متعین کرتا ہے جس میں دراصل کوئی چیز موجود ہوتی ہے یا جس انداز میں اسے تصوُّر میں لایا جاتا ہے ۔ (برطانوی) اسکول میں طلبہ کی مخصوص جماعت یا اُن کا درجہ ، بینچ یا لمبی سیٹ ۔ (طباعت) چھپائی کے لیے ٹائپ سیٹ کی چوکھٹے میں ترتیب کے مطابق بستگی ۔ (قلمیات) کسی مخصوص تشکیلی تناسب کے قلم پر تمام امکانی پہلوؤں کی موجودگی ۔

form, v.t., v.i. شکل یا صورت دینا ؛ کسی چیز کو مخصوص شکل دینا یا کسی خاص انداز سے بنانا ؛ تہذیب و تربیّت سے ڈھالنا (جیسے : to form boys into men) ؛ قرینے سے رکھنا یا منظّم کرنا ؛ تعمیر کرنا ؛ بنانا یا پیدا کرنا ؛ ذہن میں کوئی صورت دینا (جیسے : to form opinions) ؛ بنا لینا یا استوار کرنا (جیسے : to form habits or friendships) ؛ بنانے سنوارنے کے کام آنا یا ترتیب دینا ؛ خدمت کرنا یا تشکیل دینا (جیسے : They form into committees) ۔ (عسکری) صف بندی کرنا ؛ قطار در قطار کھڑے ہونا ؛ کوئی شکل بنانا یا اختیار کرنا ؛ بنایا جانا یا پیدا کیا جانا ؛ کوئی خاص شکل یا ترتیب قبول کرنا ۔

formable, a. قابلِ تشکیل ۔

former, n. تشکیل کنندہ یا تشکیل دینے والا ۔

formal, a. رسمی ؛ موافق دستور ؛ حسب ضابطہ ؛ کسی شکل و صورت ، ساخت یا شے ہونے کے انداز کا یا ان سے متعلق خصوصاً جب وہ مادّے سے ممیّز ہو ؛ مرسومہ یا مروّجہ صورتوں کے مطابق دکھاوے کا (جیسے : a formal siege) ؛ ایسے طریقوں کے مطابق بنایا یا کیا گیا جو اس کے مستند ہونے کی ضمانت ہوں ؛ رسمی (جیسے : a formal authorization) ؛ مُروّجہ تقاضوں کے عین مطابق ؛ حد درجے کا پابند ؛ بہت زیادہ باقاعدہ اور متوازن انداز کا (جیسے : a formal garden) ؛ رسم و آداب کی پابندی لیے ہوئے (جیسے : a formal occasion) ؛ پابندِ رسوم شخص ؛ تصنّع کی حد تک رسم پرست ؛ دقیق اور جُزرسی کی حد تک تکلّف پسند ؛ محض رسمی ؛ برائے نام ؛ پڑھے لکھّے مقرروں ، ادیبوں کے استعمالِ زبان کے اس اسلوب کے مطابق جس میں عوامی اور عام اصطلاحات سے گریز کیا جاتا ہے اور مخففّات اور محذوفات تک بھی تحریر و تقریر میں استعمال نہیں کیے جاتے ۔ (فلسفہ) عرضی (جوہر کے مقابلے میں) شکل سے متعلق ۔ (اسم) وہ تقریب جس میں رسمی لباس کی پابندی ہو ؛ انداز اور روش میں رسمی حوالہ لیے ہوئے جیسے شام کو پہنا جانے والا گون ۔

formaldehyde, n. (کیمیا) فارمل ڈی ہائیڈ ؛ ایک بے رنگ اور پانی میں حل ہو جانے والی زہریلی گیس جس کی بُو سخت ناگوار ہوتی ہے ، اسے مصنوعی رال وغیرہ بنانے نیز کِرم کُش ادویہ میں استعمال کیا جاتا ہے ۔ دیکھیے : methanal ۔

formalin, formol, n. (کیمیا) فارملین : فارمل ڈی ہائیڈ کا ۳۷ فی صد آبی محلول ۔

formalism, n. رسمیّت ؛ رسم پرستی ؛ شعائر پرستی ؛ مرسومہ یا مروّجہ آداب و روایات سے شدید وابستگی (مذہبی معاملات میں یا آرٹ میں) ۔ (اخلاقیات) یہ نظریہ کہ خیر و شر کا اندازہ وجدانی طور پر ہو جاتا ہے اور نتائج کے علی الرغم بھی کوئی اقدام اچھا یا بُرا ہو سکتا ہے ۔

formality, n. رسم ؛ رِیت ؛ دستور ؛ تکلُّف ؛ شعائر ؛ رسم پرست ہونے کی صورت یا صلاحیت ؛ مرسُومہ یا مروّجہ اور مناسب صورتوں کی مطابقت ؛ وضع داری ؛ ظاہر داری ؛ تقلید یا تقلید پرستی ؛ حد سے زیادہ ضابطہ پرستی ؛ بے لچکی ؛ کٹّر پن ؛ رسوم دوستی ؛ مُسلّمہ تقاضے یا طریقہ ہائے کار (جیسے : formalities of judicial process) ؛ محض رسماً کیا گیا کوئی کام ؛ رواج یا مجلسی آداب کا تقاضا ۔

formalize, v.t. رسمی بنانا ؛ باضابطہ بنانا ؛ کوئی واضح شکل یا صورت دینا ؛ سرکاری منظوری یا باضابطہ قبولیت حاصل کرنے کی غرض سے اسے دستوری شکل دینا ۔ (فعل لازم) تکلّف سے کام لینا ۔

formalization, n. رسم بندی ؛ ضابطہ سازی ۔

formal logic, n. رسمی منطق ؛ صوّری منطق ؛ منطق کی وہ شاخ جس کا تعلّق استدلالِ استخراجی سے ہے اور ان دائرہ ہائے کار سے جن میں کسی مفروضے کی صورت اس کے مافیہ سے زیادہ اہم سمجھی جاتی ہے ۔

formant, n. (صوتیات) کسی کلام یا تقریر کا صوتیاتی حصّہ ؛ خصوصاً کسی خاص صوتیے کی وہ توانائی پٹیاں جو صوتی طیف نگار یا تعدّد نُما پر ظاہر ہوتی ہیں ۔

format, n. ہیئت ؛ شکل ؛ وضع ؛ ترتیب بندی ؛ کسی کتاب ، اخبار یا میگزین وغیرہ کی ظاہری صورت جس میں سائز ، شکل ، ہیئت ، ساخت اور مجموعی ڈیزائن وغیرہ شامل ہو ؛ ریڈیو یا ٹیلی وژن پروگراموں کی عام ترتیب ؛ کوئی عمومی منصوبہ ۔ (کمپیوٹر) پنچ

کارڈوں ، مقناطیسی فیتوں یا دیگر اشیا پر کمپیوٹر میں محفوظ کیے جانے والے معلوماتی مواد کی ترتیب بندی۔ (فعل متعدی) کسی خاص ہیئت یا تناسب میں پیش کرنا ۔

formate, n. (کیمیا) فارمیٹ ؛ فارمک ایسڈ کا نمک یا اِسٹر ۔ دیکھیے : ester ۔

formation, n. بناوٹ؛ ترتیب؛ تشکیل ؛ بنانے کا سلسلۂ کار یا عمل یا بننے کی حالت ؛ طریقہ یا انداز جس سے کوئی شے بنائی جائے یا بنے ؛ اجزا کی ساخت ؛ باقاعدہ ساخت کاری یا ترتیب ؛ کوئی ساختہ شے۔ (عسکری) دستوں کی مخصوص ترتیب (مربع یا سیدھی قطار میں) ؛ صف بندی یا صف آرائی ۔ (ارضیات) ارضیاتی دور کے عہد در عہد تشکیل پائے گئے طبقات ؛ تہ دار چٹانوں کا وہ حصّہ جو سارے کا سارا تقریباً ایک ہی قسم کا ہو؛ کسی مخصوص ترکیب یا اصل کا معدنی یا چٹانی ذخیرہ یا ڈھیر۔

formative, a. صُورت گیر؛ صورت گرانہ ؛ تشکیلی ؛ تکوینی؛ صُورت ساز؛ بنانے والا؛ تیّار کرنے والا؛ ڈھالنے والا؛تکامل یا تشکیل سے متعلّق (جیسے : formative period of a nation) ۔ (گرامر) لفظ ساز (جیسے : formative termination) ۔ (حیاتیات) جنین یا عضو وغیرہ کی صورت گری کے متعلق؛ تکوینی؛ خلیوں کے تقسیمی عمل کے ذریعے نئے خلیوں یا ریشوں کو نمو پذیر کرنے کے قابل (جیسے : formative tissue) ۔ (اسم) (گرامر) لفظ کا وہ حصّہ جو کسی لفظ کے بُنیادی حصّے کے ساتھ مل کر اسے نئی صرفی ساخت دے دیتا ہے جیسے کوئی لاحقہ یا سابقہ ۔

form class, n. (گرامر) تشکیلی زُمرہ ؛ لفظوں یا صورتوں کی وہ لسانی جماعت جس میں کم سے کم ایک نحوی خاصیت مشترک ہو، مثلاً جمع بناتے ہوئے es کا اضافہ یا پھر فقرے میں ترتیبِ الفاظ جیسے فاعل اور مفعول حقیقی کا مقام ۔

former, a. پہلا ؛ پچھلا؛ اگلے زمانے کا ؛ زمانی لحاظ سے کسی دوسرے سے پہلے یا سبقت لیے ہوئے؛ قدیم ؛ ماضی بعید کا ؛ ماسبق؛ اوّل تر (دو مذکورہ اشیا میں سے) ؛ اوّل الذّکر؛ متقدّم ؛ سابقہ ۔

formerly, adv. عہدِ ماضی میں ؛ ماضیِ قریب میں ؛ ماضی غیر معین میں ؛ سابقاً۔

formfitting,a. (فیشن) تن زیب ؛ تن پرچُست و موزوں بیٹھنے والا ؛ صورت زیب ؛ تنگ جامہ؛ چست لباس؛ جسم کے مطابق (لباس)۔

form genus, n. (حیوانیات) تعدیلی جنس ؛ اجسام کی ایسی معتدِل گروہ بندی جس کا ترکیبی یا ہیئتی تعلّق دُوسری قسموں کے ساتھ واضح نہ ہو۔

formic, a. (حیوانیات) مورینہ؛ چیونٹیوں سے متعلّق ؛ نملی۔ (کیمیا) فارمک ایسڈ سے متعلّق یا اس سے حاصل کردہ۔

Formica n فارمیکا ؛ ایک قسم کا پرت دار اور تپش قرار پلاسٹک جو حرارت اور کیمیائی چیزوں سے متاثّر نہیں ہوتا ، یہ فرنیچر ، کاونٹر ، میز کی اُوپری سطح اور دیواری زیبایش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔(تجارتی نشان)۔

formic acid, n. (کیمیا) نملی تیزاب ؛ فارمِک ایسڈ؛ ایک بے رنگ ، تیز ، کٹیلا ، اُڑ جانے والا تیزاب جو عام طور پر چیونٹیوں میں موجود ہوتا ہے اور کیمیائی طور پر بھی بنایا جاتا ہے عموماً اسے چمڑا کمانے اور رنگنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، دھونی دینے ، مرکّبات اور کیڑے مار ادویات میں اور محلِّل کے طور پر بھی کام آتا ہے۔

formicary, n. خانۂ مُور ؛ چیونٹی گھر ؛ مُورتودہ ؛ چیونٹی کا بل ۔

formidable, a. خوفناک؛ ڈراؤنا؛ بھیانک؛ ہیبت ناک؛ مہیب؛ ہیبت انگیز (قوت یا قد کاٹھ کے حوالے سے)؛ اتنا مضبوط یا کٹھن کہ اس کے قریب جانے ، اس سے پنجہ آزما ہونے یا اس پر ہاتھ ڈالنے یا اسے ہاتھ میں لینے کی ہمّت نہ پڑے؛ اپنی عظمت یا شوکت کے باعث ہیبت یا ستایش آفریں؛ طاقتور؛ مہیب (جیسے : a formidable Contestant)؛ بالا دست ۔

formidableness, n. ہیبت انگیزی ؛ ڈراؤنا پن ؛ ہیبت ناکی؛بھیانک پن۔

formless, a. بے پیکر ؛ بے ہیئت ؛ بے صورت ؛ کسی واضح اور معیّن شکل کے بغیر۔

Formosan, a. فارموسوی (فارموسا یا تائیوان سے متعلّق)۔ (اسم) جزیرہ فارموسا یا تائیوان کا باشندہ ؛ بحیرۂ چین کے اس جزیرے کے قدیم باشندوں کی بولی ۔

formula, n. ضابطہ ؛ نُسخہ ؛ گُر ؛ فارمولا ؛ کُلیہ ؛ مجوّزہ شکل یا طریقہ؛ الفاظ یا علامات کی وہ مجوزہ صورت جس میں کوئی بات بیان کی گئی ہو۔ (طِب) نسخہ ۔ (کلیسیات) تحریری اعترافِ عقیدہ؛ عقائد کا رسمی اظہار۔ (ریاضی) کوئی قاعدہ ، کُلیہ ، تصوُّر یا اصول جو الجبرائی علامتوں میں پیش کیا گیا ہو۔ (کیمیا) کسی مرکّب کے اجزا کا علامات و حروف میں اظہار ؛ کوئی ترکیب (کھانے پکانے سے متعلّق) ؛ کوئی قاعدہ ؛ اس ترکیب اور قاعدے کے مطابق تیّار کی گئی کوئی چیز (خصوصاً سیّال صورت میں چھوٹے بچّے کو پلانے کے لیے دودھ یا دودھ کے کسی متبادل میں چینی اور پانی ملا کر) ۔

formulaic, a. حسب نسخہ؛ فارمولے کے مطابق ۔

formularize, v.t. فارمولے کی شکل میں ڈھالنا؛ قاعدہ کلیہ بنا لینا ۔

formulary, n. دستورالعمل؛ معیاری اور مسلمہ ضابطوں کا مجموعہ ؛ کتاب النظائر۔ (دینیات) مذہبی رسومات کی کتاب ۔ (علم ادویہ) ادویہ سازی یا طبی نسخوں کا مجموعہ ۔ (صفت) فارمولوں سے متعلّق ؛ مجوّزات ؛ رسومات مذہبی ۔

formulate, v.t., v.i. کسی فارمولے میں ڈھالنا یا فارمولے کی شکل میں ظاہر کرنا؛ مجمل اور جامع بیان کی صورت دینا ؛ ایجاد کرنا یا ترکیب دینا (جیسے کسی نئی قسم کی خوشبو کو)؛تشکیل دینا ؛ وضع کرنا ۔

formulation, n. ضابطہ بندی ؛ فارمولا سازی ؛ کُلیہ سازی ؛ نسخہ سازی ۔

formulism, n. ضابطہ پرستی یا ضابطوں کا منضبط استعمال ۔

formulist, n. ضابطہ پسند؛ فارمولا پرست یا پسند ۔

formulize, v.t. دیکھیے : formulate ۔

formyl, n. (کیمیا) فارمائل؛ فارمک ایسڈ کا اصلیہ یا جزو مستقل ۔

fornicate, v.i. زنا کرنا؛ ایسے مرد عورت کا ایک دوسرے سے مجامعت کرنا جو آپس میں میاں بیوی نہ ہوں ۔

fornicate, fornicated, a. قوسی ؛ محراب کار۔

fornication, n. زنا یا حرام کاری؛ باہمی رضامندی سے دو ایسے مرد و عورت کا جنسی اختلاط جو میاں بیوی نہ ہوں۔ (بائیبل) حرام کاری؛ محرم سے زنا۔

fornicator, زناکار ؛ حرام کار ؛ زانی۔

fornicatress, زانیا ؛ چھنال ؛ جو حرام کرائے ؛ فاجرہ۔

fornix, n. (تشریح الاعضا) قوسیہ ؛ متعدّد محرابی یا قوسی ساختوں میں سے کوئی ایک ، جیسے دماغ کے اندر محراب گوں ریشہ دار بافت۔

forsake, v.t. بالکل چھوڑ دینا یا کلی طور پر دست بردار ہو جانا ؛ بے وفائی کر جانا ؛ ساتھ چھوڑ جانا ؛ تیاگنا ؛ رُخصت ہو جانا ؛ رفو چکّر ہو جانا ؛ ہاتھ اٹھا لینا؛ قطع تعلّق کر لینا؛ لا دعوی ہو جانا؛ رد کر دینا یا ترک کرنا۔

forsooth, adv. (قدیم) درحقیقت؛ فی الحقیقت ؛ یقیناً ؛ بہت خُوب (اب زیادہ تر مزاحیہ یا طنزیہ انداز میں استعمال ہوتا ہے)۔

forswear, foreswear, v.t. قسم کھا کر کسی چیز کو چھوڑنا یا ترک کر دینا ؛ سنجیدگی یا اقرارِ صالح کے ساتھ بے تعلّقی کا اظہار کرنا ؛ (معکوس صورت میں) جھوٹی قسم کھانا ؛ (دروغ حلفی سے کام لینا) اظہار بے تعلّقی کرنا ؛ فعل معکوس کی صورت میں ، جواب شاذ ہی مستعمل ہے ، جھوٹی قسم کھانا مراد ہے ۔ (فعل لازم) جھوٹی قسم کھانا؛ دروغ حلفی کرنا۔

forsythia, n. [برطانوی ماہر باغبانی فورسائتھ (۱۷۳۷ء — ۱۸۰۴ء) کے نام پر] فورسائتھیا:ایک آرایشی پودا جس کا زیتونی قبیلے سے تعلّق ہے ، زرد بھڑکیلے پھُولوں کی خاطر کاشت کیا جاتا ہے جو اوائلِ بہار میں پتّوں سے پہلے ہی نکل آتے ہیں؛ شگوفہ دار پودا۔

fort, n. قلعہ ؛ حصار ؛ گڑھ ؛ حصار بند یا مستحکم بُنیاد جگہ ؛ کوئی جگہ جس کے چاروں طرف دفاعی انتظامات کیے گئے ہوں اور وہاں مسلح فوجی دستے متعین ہوں ۔ (فعل متعدی) حصار بند کرنا ؛ حصار بندی کرنا ؛ قلعہ بندی کرنا۔

fortalice, n. گڑھی ؛ کوٹ ؛ چھوٹا قلعہ ؛ حصارچہ ؛ پُشتہ ؛ بیرونی فصیل ۔

forte, n. کسی شخص کا مخصوص ملکہ یا صلاحیت ؛ اہم نُکتہ ؛ نمایاں فضیلت ؛ خاص بات ؛ خاص پہلو ؛ مضبوط پہلُو ؛ تلوار کے پھل کا مضبوط حِصّہ جو دستے سے نصف پھل تک ہوتا ہے ۔

forte, adv. (موسیقی) بلند آواز سے؛ زور کے ساتھ ؛ کھیل کو چلانے اور اس میں کام کرنے والوں کو ہدایات دینے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔ (صفت) اونچی آواز کے ساتھ ؛ زور دار۔ (اسم) بلند آواز نغمہ یا ٹپّہ ۔

forth, adv. آگے کو یا آگے کی طرف (زماناً ، مکاناً یا ترتیباً) (جیسے : from that time forth) ؛ اخفائی حالت سے باہر؛ اندرونی حصّے سے ؛ منظر عام پر (جیسے : come forth, put forth) ؛ باہر ؛ اب سے ۔

forthcoming, upcoming, a. ,n. مستقبل میں جلد ظاہر ہونے والا ، پہنچنے والا یا رونما ہونے والا ؛ دستیاب ؛ حاضر ؛ پیش آنے والا ؛ آگے آنے والا ۔

forthright, a. صاف ؛ سیدھا ؛ راست باز ؛ صاف گو ؛ بے باک ؛ اٹل ؛ غیر مُتذبذب ؛ فیصلہ کُن ۔ (متعلق فعل) بیباکانہ ؛ بے لگی لپٹی کے صاف صاف ؛ سچائی سے ؛ کھرے پن سے ؛ صاف گوئی سے ؛ راست بازانہ ۔

forthrightly, adv. بے باکانہ انداز سے ؛ راست بازی سے ۔

forthwith, adv. فی الفور ؛ بلا تاخیر کے ؛ فوراً ؛ بہت جلدی ۔

fortieth, a., n. چالیسواں ۔

fortification, n. قلعہ بندی ؛ استحکام؛ حصار بندی؛ پشتیبانی ؛ مستحکم سازی ؛ فوجی دفاعی جگہ کو تعمیر و تشکیل کرنے کا علم و عمل ۔ (جمع) پوزیشن کو مستحکم کرنے کے لیے کھڑی کی گئی چیزیں ؛ حصار ؛ قلعہ ؛ فصیل بندی ؛ فصیل ؛ شہر پناہ ۔

fortify, v.t., v.i. حصار بندی کرنا ؛ قلعہ یا فصیل تعمیر کرنا ؛ مضبوط کرنا ؛ استحکام دینا ؛ حملے کے خلاف مدافعت کی غرض سے فصیلوں یا حربی سازوسامان سے محیط کرنا ؛ جسمانی قُوّت بخشنا ؛ اسباب ظاہری کے ذریعے مضبوط بنانا ؛ دفاعی وسائل مہیّا کرنا ؛ کُمک پہنچانا ؛ اخلاقی یا ذہنی قُوّت پہنچانا؛ حوصلہ افزائی کرنا؛ پختہ کرنا؛ مزید اجزا شامل کر کے قوی اور مستحکم بنانا ؛ نشیلی مشروبات میں الکحلی اجزا کا اضافہ کر کے اسے تیز و تُند بنانا۔

fortis, a., n. (صوتیات) بھاری اصوات ؛ وہ آوازیں جن کو ادا کرنے میں زیادہ عضلاتی تناؤ سے کام لینا پڑتا ہے اور وہ دھمک کے ساتھ نکلتی ہیں (جیسے: f – k – p – s – t – ch – sh – th) (صورت واحد میںe کی جگہ ilگاتےہیں) ؛ نسبتاً زیادہ عضلاتی تناؤ اور دھمک کے ساتھ ادا کردہ ۔

fortissimo, a., adv. (موسیقی) بہت اونچی آواز یا اونچی آواز کے ساتھ نغمہ گری۔

fortitude, n. استقلال ؛ استحکام ؛ مضبوطی ؛ وہ ذہنی استحکام جو خطرات کا مقابلہ کرنے یا کسی دُکھ درد کو ہمّت و حوصلے سے برداشت کرنے کے قابل بنا دے ؛ تحمّل یا بُردباری ؛ دھیرج ؛ دلیرانہ قُوّتِ برداشت ؛ صبر ؛ حوصلہ ؛ ہمّت ۔

fortitudinous, a. متحمّل مزاج ؛ صبر ، حوصلے اور ہمت والا ؛ صابر اور بُردبار۔

fortnight, n. پندرھواڑہ ؛ چودہ دن کا عرصہ ؛ دو ہفتہ ۔

fortnightly, adv., n. دو ہفتگی ؛ چودہ روزہ ؛ چودہ دن کے بعد ایک بار۔ (بصورت جمع)وہ جرائد جو چودہ دن یعنی دو ہفتے کے بعد شائع ہوتے ہیں ، دو ہفتگی جرائد ؛ پندرہ روزہ ۔

FORTRAN, n. (کمپیوٹر) فورٹران ؛ ضاتر ؛ ان متعدد ہجائی ہندسی نظامات (رمزی) میں سے کوئی ایک جو مخصوص طریقہ ہائے کار کے پروگرام بنانے کے لیے زیر استعمال ہیں اور جن سے بالخصوص سائنسی مسائل کو حل کرنے کا کام لیا جاتا ہے؛منتقلی ضابطہ ۔

fortress, n. قلعہ ؛ گڑھ ؛ کوئی حصار دار جگہ خصوصاً جو رقبے کے لحاظ سے کافی وسیع اور پُر پیچ ہو ؛ کوٹ ؛ حصار بند جگہ ۔ (فعل متعدی) حصار بندی کرنا ۔

fortuitism, n. (فلسفہ) نظریۂ اتفاقیت ؛ عقیدۂ چاوثیّت ؛ یہ نظریہ یا عقیدہ کہ کائنات میں جو تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں کسی سوچے سمجھے قدرتی اسباب کا نتیجہ نہیں ہیں۔

fortuitist, n. پیروِ اتفاقیت ؛ اس عقیدے کا ماننے والا ۔

fortuitous, a. ہنگامی ؛ ناگہانی ؛ اِتّفاقی ؛ حادثاتی ؛ خوش قسمت ؛ خوش نصیب ۔

fortuity, n. ہنگامی ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ اتفاقی واقعہ ؛ حسن اتفاق ؛ حادثہ ۔

fortunate, a. بخت آور ؛ نیک نصیب ؛ خوش بخت ؛ خوش قسمت ؛ غیر یقینی اور غیر متوقع جانب سے جسے بہتری حاصل ہو ؛ نیک بختی لے کر آنے والا یا اس کی نوید دینے والا ؛ مبارک قدم ؛ مبارک زبان ؛ نیک انجام ؛ خوش فرجام ؛ شُبھ شگن ؛ سعید ؛ نیک اختر ۔

fortune, n. قسمت ؛ تقدیر ؛ نصیب ؛ مال و زر کی افراط ؛ کسی آدمی کا کُل اثاثہ یا ملکیّت ؛ حسنِ اِتفاق یا سُوءِ اتفاق ؛ خوش قسمتی یا بد قسمتی - (کبھی کبھی جمع کی صورت میں) ہونے یا ہو سکنے کے مفہوم میں (جیسے : the fortunes of war, the fortunes of success) ۔ (اکثر بڑے F سے) تقدیر ؛ وہ مشخّص قوّت جس کے بس یا قبضۂ اختیار میں وہ تمام باتیں ہوتی ہیں جومعرضِ ظہور میں آنے والی ہوں ؛ قضا و قدر ؛ خوشحالی یا خوش نصیبی ۔

fortune hunter, n. کسی امیر عورت سے شادی کر کے دولتمند بننے کی سوچنے والا ؛ بخت بیوپاری ۔

fortuneteller, n. رمّال ؛ فال گیر ؛ جوتشی ؛ نجومی ؛ قسمت کا حال بتانے والا ؛ کاہن ۔

forty, n., a. چالیس ؛ ۴۰ ؛ چہل (عدد یا علامت)۔ (جمع) چالیس سے انچاس تک کے اعداد (بشمول ہر دو) ؛ چالیس افراد یا اشیا کا مجموعہ ؛ زندگی یا صدی کی چوتھی دہائی کے سال ۔

forty-five, n., a. پینتالیس (چالیس جمع پانچ) ؛ علامت جو اسے ظاہر کرے؛ گنتی میں چوالیس سے ایک زائد؛ پینتالیس افراد یا اشیا کا مجموعہ ؛ ۴۵ء گھیرے کی نال والا پستول ؛ فونوگراف رکارڈ جو ایک منٹ میں ۴۵ چکر کاٹتا ہے ۔

forty-niner, n. ہر وہ شخص جو ۱۸۴۹ء میں سونا دریافت ہونے پر کیلے فورنیا منتقل ہو گیا تھا ؛ کیلے فورنیا ہجرت کر جانے والا شخص ، جب ۱۸۴۹ء میں وہاں سونا دریافت ہوا۔

forty winks, n. (بول چال) مختصر نیند ؛ قیلولہ ۔

forum, n. چوک ؛ فورم ؛ اجتماع ؛ مجلس ؛ جرگہ ؛ قدیم رومی شہر میں بازار لگنے یا عوامی اجتماع کی جگہ ؛ عوامی کاروبار یا اجتماع کی جگہ؛ اکثر مجازاً کچہری یا جرگہ (جیسے : the forum of Concience یا the forum of public opinion) ؛ مفاد عامہ سے متعلقہ امور پر بحث کرنے کے لیے کیا گیا اجتماع یا اجلاس ۔

forward, forwards, adv. کسی جگہ کی جانب یا کسی جگہ پر ، کسی مقام پر یا کسی وقت کے حوالے سے آگے ؛ آگے کی جانب ؛ پیش پیش ؛ سامنے ؛ پیش نظر ؛ زیر غور یا آگے کی طرف (جیسے : to bring forward new evidence) ۔ (صفت) آگے یا سامنے کے حصّے میں واقع ؛ آگے پڑا ہوا ؛ آگے کی جانب کسی نقطے یا مقام کی طرف بھیجا گیا ؛ پیش پیش رہنے والا ؛ پیش پیش جاتا ہوا ؛ آگے ؛ کافی آگے نکلا ہُوا ؛ اکثر اپنے سن و سال سے بہت آگے ؛ قبل از وقت ؛ آمادہ ، مستعد یا بے تاب ؛ تیار ؛ شائق ؛ بے باک ؛ دیدہ دلیر یا بے جھجک ؛ بے ادب ؛ انقلابی یا انتہا پرست ؛ آئندہ کا یا آئندہ سے متعلّق (جیسے : forward buying) ۔ (اسم) (کھیل) کھلاڑی جسے ٹیم کی صف اوّل میں رکھا گیا ہو۔ (فعل متعدی) آگے بھیجنا ؛ کسی کے نام خط اس کے اگلے پتے پر ارسال کرنا ؛ آگے بڑھانا یا آگے جانے میں مدد کرنا ؛ کسی اقدام یا سلسلۂ کار کو مزید تیز کرنا یا ترقی دینا ؛ ترسیل کرنا (مِسل وغیرہ کی)۔

forwarder, forwarding agent, n. آگے بڑھانے والی کوئی شے یا آگے بڑھانے والا کوئی شخص ؛ خصوصاً مال آگے بھیجنے والا فرد یا ادارہ یا ایجنٹ ؛ سمندری جہاز سے مال وصول کر کے کسی باربردار کے ذریعے دوبارہ کسی اور جگہ بذریعہ جہاز بھجوانے کے لیے رکھّا ہوا ملازم ؛ فارورڈنگ ایجنٹ۔

forwarding, n. مال بھجوانے والے فرد یا ایجنسی کا کام ؛ مال وغیرہ کی کسی ایک جگہ سے دوسری جگہ ترسیل۔ (جلد بندی) کتاب کی گردپوشی کے آخری مرحلے کی تیّاری ۔

forward pass, n. (فٹ بال) جارحانہ کھیل جس میں کسی پچھلی صف کے کھلاڑی کا ضرب لگا کر مخالف سمت میں گول کے قریب اپنے کسی کھلاڑی کی جانب فٹ بال کو پھینکنا شامل ہے ۔

fosse, foss, n. (قلعہ بندی) کسی حصاری جگہ کی دیواروں کے باہر پانی سے بھری ہوئی خندق یا کھائی۔

fossette, n. چاہ غبغب ؛ چاہِ زنخدان ؛ چاہ ذقن ؛ رخساروں میں پڑنے والا گڑھا ۔ (حیاتیات) حُفیرہ ؛ کوئی چھوٹا سا گڑھا جیسا کہ سیپ یا گھونگھے وغیرہ میں ہوتا ہے ۔ (امراضیات) قریحہ ؛ آنکھ کے بیرونی پردے میں چھوٹی گولائی کا زخم ۔

fossil, n. کنجور ؛ رکاز ؛ فوصل ؛ فوسل ؛ سنگوارہ ؛ ماضی کے کسی ارضیاتی دور کے پودے یا جانور کے ڈھانچے یا بقیہ آثار جو زمین کی سطح یا طبقات میں سے دریافت ہوئے ہوں ؛متحجّرہ ۔ (بول چال) قدیم؛ دقیانوسی؛ پُرانا شخص یا چیز جس کا تعلق قدیم زمانے سے ہو۔ (صفت) باقیات کی سی نوعیت کا ؛ زمین کَندہ یا زمین سے کھود کر نکالا ہوا ؛ متحجّر ؛ رکازی (جیسے : fossil fuel) ؛ قدیم یا عہد پارینہ کا ردشُدہ نظام ؛ پُرانا ؛ متروک ؛ غیر مستعمل ۔

fossiliferous, a. رکازی ؛ متحجر ؛ فوصل دار؛ کنجوری ؛ وہ چٹانیں یا طبقاتِ زمین جن میں قدیم ایام کے آثارِ زندگی پائے جائیں ۔

fossilize, v.t. (مجازاً) ماضی کے مُردہ آثار بنا کر رکھ دینا ؛ بالکل متروک یا ماضی کی یاد بنا کر رکھ دینا (خیالات کو یا افراد کو) ۔ (فعل لازم) حقیقی یا مجازی معنوں میں بے وقت کا بن کر رہ جانا یا بے جان بن کر رہ جانا ۔

fossorial, a. (حیوانیات) رکازانہ ؛ حفّار ؛ کھدائی کے لیے موزوں (جیسے بعض جانوروں کے پنجے وغیرہ) ؛ ان حیوانوں سے متعلّق جو غذا جوئی یا پناہ ڈھونڈنے کے لیے زمین میں سوراخ کرتے ہیں ۔

foster, v.t. نشوونما میں ترقی دینا ؛ حوصلہ افزائی کرنا ؛ دستگیری کرنا یا فروغ دینا ؛ پالنا ؛ پرورش کرنا ؛ عزیز جاننا ۔

foster child, n. لے پالک ؛ رضاعی بچّہ ؛ وہ بچہ جسے کسی فرد یا افراد نے جو اس کے حقیقی والدین نہ ہوں اپنے بچّے کے طور پر پالا پوسا ہو یا مالی مدد کی ہو ؛ جماعت یا ریاست کے کنٹرول میں کوئی بچّہ جسے رضاعی والدین کے سپرد کیا گیا ہو۔

foster parent, n. رضاعی ماں باپ ؛ کسی اور کے بچّے کو اپنے بچّے کی طرح پالنے پوسنے والا/والی؛ وہ شخص جسے ریاست یا کسی سماجی ادارے کی جانب سے کسی ایسے بچّے کو پالنے کی ذمّہ داری

سونپی گئی ہو جو اس کا اپنا نہ ہو؛ رضاعی والد یا والدہ۔

Foucault pendulum, n. [فرانسیسی ماہر طبیعات ژاں برنارڈ فوکو (۱۸۱۹۔۱۸۶۸ء) کے نام پر] (فلکیات ، طبیعیات) فوکو کا رقاص؛ ایک پنڈولم (لٹکن) جو دو سو فٹ لمبی تار کے ذریعے لٹکا رہتا ہے اور اس کا اہتزاز زمین کی حرکت کے ساتھ تھوڑا تھوڑا کم و بیش ہوتا رہتا ہے اور یوں گردش زمین کی وضاحت کرتا ہے۔

foudroyant, a. خاطف؛ ناگہانی ؛ رعد کی طرح چونکا کر ٹکرانے والا ؛ ایک دم اور شدت سے متأثر کرنے والا ؛ دم بخود کر دینے والا ؛ چندھیا دینے والا۔ (امراضیات) مرض یا علامتِ مرض کی صورت میں اچانک اور شدت کے ساتھ رونما ہونے والا۔

foul, a. گندا ، غلیظ جو حواس کے لیے تکلیف دہ ہو ؛ بدبودار ؛ ایسے خارجی مادّے سے ڈھکا یا اٹا ہوا جو مضر صحت یا بدبودار ہو ؛ گندہ ؛ ناصاف ؛ میلا ؛ گدلا ؛ نجس ؛ غلیظ ؛ آلودہ ؛ طوفانی (جیسے : foul weather) ؛ فحش ، ناپاک یادشنام آلود (جیسے زبان یا کلام) ؛ اخلاقاً ناگوار اور نفرت انگیز ؛ قابل نفرت ؛ ناشایستہ (جیسے : foul deeds) ؛ بے وقار ؛ ناجائز ؛ ناجائز یا غیرقانونی غلطیوں یا تبدیلیوں سے بھرا ہوا مسّودہ ۔ (کھیل) فاؤل ؛ کھیل کے اصول کو توڑنے والا اقدام۔ (بیس بال) ضرب جو بیرون حدود یا غلط خطوط سے لگائی گئی ہو۔ (جہاز رانی) تصادم کا خطرہ لیے ہوئے یا گرداب میں پھنسے ہوئے۔

foul, foully, adv. ناجائز، بے جواز اور غلط طریقے سے ۔

foul, n. تصادُم یا الجھاؤ ؛ کھیل کے قواعد و ضوابط کے خلاف اٹھایا گیا کوئی قدم ؛ رَوند ؛ فاؤل ۔ (بیس بال) کھیل کے اصولوں کے خلاف دیا گیا گیند ؛ ناجائز طور پر پھینکا گیا گیند ۔ (فعل متعدی) گندہ کر دینا ؛ آلودہ کر دینا ؛ میلا کر دینا ؛ مسدود کر دینا یا اٹا دینا ؛ ٹکرا جانا ؛ پھنسا دینا یا الجھا دینا ؛ بے عزّت کرنا یا توہین کرنا ؛ ناجائز یا نازیبا قدم اٹھانا (کسی کے خلاف)۔ (بیس بال) ایسی ضرب لگانا کہ گیند غلط یا ناجائز جگہ پر جا کر گرے (بعد میں عموماً away یا off آتا ہے)۔ (فعل لازم) گندا یا آلودہ ہو جانا ۔ (کھیل) کھیل میں قانون شکنی کر جانا ۔ (بیس بال) قواعد کے خلاف گیند کو ضرب لگانا ۔ (جہاز رانی) جہاز کا کہیں ٹکرا جانا، پھنس جانا یا دھنس کر رہ جانا ۔

fall foul of, fall a foul of, run foul of, ٹکر کھانا یا متصادم ہونا جیسے جہازوں کا ؛ کسی سے الجھ پڑنا یا لڑ پڑنا؛ کسی پر حملہ کر دینا۔

foul up, (عوامی) تباہ کر دینا؛ خراب کر دینا؛ ابتری یا بدنظمی پیدا کر دینا ؛ فاش غلطی کرنا۔

foulard, n. نرم ، ہلکا ریشم، ریشم ملا ہوا یا سُوتی کپڑا جو سادہ یا پُھولدار ہو اور گلوبند، نکٹائی وغیرہ بنانے کے لیے استعمال کیا جائے۔

foul ball, foul, n. (بیس بال) وہ بال جو ضابطہ شکنی کرتے ہوئے جائز حدود سے باہر پھینکا گیا ہو۔

fouled-up, a. (عوامی) ابتری یا بدنظمی کی حالت میں۔

foul up , n. فاش غلطی؛ گڑبڑ ؛ افراتفری۔

foul line, free throw line, n. (بیس بال) دو میں سے ایک خط جو بَلّے باز کی بازیگاہ سے گزر کر پہلے اور تیسرے بیس سے ہوتا ہوا خط حدود تک چلا جاتا ہے۔ (بولنگ) کھیل پٹّی کی وہ لائن جس سے آگے بڑھ کر گیند پھینکی نہیں جا سکتی ورنہ وہ ناجائز گنی جاتی ہے۔ (باسکٹ بال) کورٹ کے دو خطوں میں سے ایک مقرّرہ خط جہاں سے گیند کو آزادانہ شاٹ لگائے جاتے ہیں ۔

foul mouthed, a. بدگو ؛ فحش گو ؛ شرمناک ، گندی زبان استعمال کرنے والا ؛ نجس اور گالی گلوچ کی گفتگو کا رسیا ۔

foulness, n. آلودگی ؛ گندے یا غلیظ ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ گندگی ؛ غلاظت؛ عفونت ؛ آلایش ؛ نجاست ؛ معصیّت ؛ برائی ۔

foul play, n. حیلہ بازی ؛ جسمانی ضرب؛ حملہ یا قتل؛ کوئی تشدّد آمیز یا دغابازی کا اقدام، عموماً قتل؛ فاؤل کھیل؛ کسی بازی یا کسی کھیل کے قواعدوضوابط کی خلاف ورزی؛ بے ایمانی؛ ناجائز کھیل ۔

foul tip, n. (بیس بال) وہ پھینکا ہوا گیند جو بلّے پر سے چھچھلتا ہوا ، رُخ بدل کر فاؤل لائن سے پار جا گرے ۔

found, v.t. دیرپائی کے لیے یا مضبوط بنیاد پر کسی شے کو لگانا یا قائم کرنا (جیسے : to found a city) ؛ سب سے نچلے حصّے کو مستحکم بُنیاد پر زمین پر اٹھانا جیسے عمارت کی بُنیاد یا نیو؛ بُنیاد رکھنا (عموماً on یا Upon کے ساتھ ، جیسے : a story founded on fact) ۔ (فعل لازم) بُنیاد رکھے جانا یا بُنیاد بننا (on یا upon کے ساتھ) ۔

found, v.t. ڈھالنا یا ڈھلائی کرنا؛ دھات کو پگھلا کر سانچے میں ڈھالنا ؛ ڈھال کر بنانا ۔

foundation, n. بُنیاد ؛ جڑ ؛ نیو ؛ موسسہ ؛ بُنیاد رکھنے یا قائم کرنے کا عمل؛ قدرتی یا تیّار کردہ زمین یا قاعدہ جس پر کوئی عمارتی ڈھانچا کھڑا ہو ؛ عمارت یا دیوار کا سب سے نچلا حصّہ ، عموماً اینٹ پتھّر کا ، جو کُلّی یا جزوی ، زمین دوز ہو؛ کسی چیز کی بُنیاد یا وجہ (جیسے : a report that has no foundation in fact) ؛ ہسپتال یا تحقیقی ادارے کی مالی امداد کے لیےچندہ ، عطیہ یا وقف؛ عطیات پر چلنے والا ادارہ ؛ نسوانی زیر جامہ ۔

foundation garment, foundation, n. نسوانی زیر جامہ (پیٹی ، کمر بند یا انگیا وغیرہ) ؛ وہ جامہ جو جسمانی حدود و خطوط کو واضح رکھتا ہے ۔

founder, n. بانی ؛ مؤسس ؛ بُنیاد رکھنے والا (کسی کالج ، کاروبار یا کسی سماجی تحریک کی) ؛ موجد ۔

founder, v.i. پانی سے بھر کر ڈوب جانا (جیسے جہاز وغیرہ کا) ؛ زمین پر آ رہنا یا دھنس جانا (جیسے عمارت یا زمین کا)؛ لڑکھڑانا؛ جواب دے جانا (کام کرنے سے) یا لنگڑا جانا (جیسے گھوڑے وغیرہ کا) ؛ بالکل ناکام ہو جانا (جیسے : His plans foundered at the start)۔ (فعل متعدی) ڈبو دینا جیسے (جہاز کا) ؛ ناکارہ یا لنگڑا بنا دینا (جیسے گھوڑے کو)۔ (اسم) لنگڑاہٹ (جیسے گھوڑے کے پاؤں میں) ۔

founder, n. ڈھلیا ؛ دھات کو مختلف شکلوں میں ڈھالنے والا ۔

foundling, n. لاوارث بچّہ ؛ لقیط ؛ وہ بچّہ جو کہیں پڑا ہوا ملے اور جس کے والدین لاپتہ ہوں ؛ طِفلِ اُفتادہ ۔

foundry, n. فونڈری ؛ ڈھلائی کا فن ؛ کارخانۂ ڈھلائی ؛ ڈھلائی گھر؛ ڈھلی ہوئی دھاتی اشیا کی قسم؛ دھات کی ڈھلی ہوئی اشیا۔

foundry proof, n. فونڈری پروف؛ وہ پروف جسے چھپائی کی پلیٹوں کی سطربندی کرنے سے پہلے جانچ پڑتال کے لیے پیش کیا جاتا ہے؛ آخری پروف۔

fount, n. (برطانوی) (طباعت) فونٹ ایک وضحی ٹائپ ؛ ایک قسم کے چھاپے کے حروف کی معین مقدار۔

طرح ہاتھوں کا کام دیتے ہوں)۔

Four Horsemen, n. چار اسوار؛ سینٹ جان کی رویا کے مطابق ان سے چار آفتیں مراد ہیں جو نوع انسانی کا مقدر ہیں (جنگ، قحط، وبا اور موت)۔

Four Hundred, 400, n. کسی شہر یا معاشرے کا بالائی طبقہ (the کے ساتھ)۔

Fourierism, n. فوریریت؛ معاشرتی اصلاح کا ایک نظام: اس کا بانی فرانس کا سوشلسٹ ایف ایم چارلس فوریئر (۱۷۷۲ـ۱۸۳۷ء) تھا، اس کے مطابق سماج کو کمیونٹی اور جماعتوں کی صورت میں منظّم کرنا چاہیے، جن کا نام اس نے فلینبکسس (phalanxes) تجویز کیا تھا اور ان میں سے ہر ایک کو اِتنا بڑا ضرور ہونا چاہیے کہ وہ معاشی و معاشرتی لحاظ سے خود کفیل ہو سکے۔

four-in-hand, n. چوگھوڑی؛ چوکرا؛ چوکڑی؛ چار گھوڑوں سے (ایک کوچوان کی مدد سے) چلنے والی گاڑی؛ گردن میں ٹائی باندھنے کا ایک انداز (اسے گردن کے گرد پھسلنی گرہ کے ذریعے یوں حمائل کیا جاتا ہے کہ دونوں سرے سامنے کی جانب لٹکے ہوتے ہیں)۔

four-o'clock, n. گل سہ پہری: چمن کا ایک عام پودا "Mirabelis jalapa" جس کے سرخ سفید، زرد یا بوقلموں پُھول خوشبودار ہوتے ہیں، یہ بعد دوپہر کھلتے ہیں؛ اس جنس کا کوئی پودا۔

four-poster, n. چار چوبہ؛ وہ چارپائی جس کے کونوں پر چار لمبے بانس ہوتے ہیں (اصلاً پردہ یا سائبان کی غرض سے)؛ چھپر کھٹ۔

four ragere, n. (عسکری) اعزاز ڈوری؛ موٹی زیبایشی ڈوری جو فوجی ملازمین کے شانوں کی زینت ہوتی ہے، بالخصوص وہ جو اعزازی زینت کے طور پر رجمنٹ کے ارکان کو یا کسی اور ایسی یونٹ کے لوگوں کو عطا کی جاتی ہے جن کا ذکر تعریفی دستاویزات میں مطلوبہ تعداد میں ہو چکا ہو۔

four score, a. چار گنا بیس یعنی اَسّی؛ چار بیسی؛ چار بِسوے؛ چار کوڑی۔

four some, n. کوئی کھیل بالخصوص گالف جس میں دو دو ساتھی مل کر کھیلتے ہیں؛ ایسے کھیل کے کھلاڑی؛ چار کی تعداد کا کوئی گروہ۔ (صفت) چار چیزہ؛ چار شخصہ؛ چار افراد یا چار اشیا پر مشتمل یا ان سے متعلّق۔

four square, a. متساوی الاضلاع والزوایا؛ جس کے چاروں ضلعے اور چاروں زاویے برابر ہوں؛ مربع؛ ٹھوس؛ مضبوط؛ صاف گو؛ مُنھ پھٹ؛ بدتمیز۔ (متعلّق فعل) صاف گوئی کے ساتھ؛ بلا جھجک۔ (اسم) مربع (شکل)۔

fourteen, a., n. چودہ؛ چودہ افراد کا گروہ یا چودہ اشیا کا مجموعہ۔

fourteener, n. وہ مصرع جس کے چودہ ارکان ہوں، خصوصاً سات تاکیدی اور سات غیر تاکیدی۔

fourteenth, a., n. چودھواں؛ چودہ کا صفاتی عدد یعنی چودھواں؛ چودہ مساوی حصوں میں منقسم کسی شے کا ایک حصہ عددی تسلسل میں تیرہ کے بعد آنے والا عدد۔

fourth, a., n. چوتھا۔ (موسیقی) سُروں کا وہ باہمی فرق جو آٹھ سُری اسکیل میں چار سُروں کو محیط ہوتا ہے، اس میں پہلے سُر

fountain, n. سرچشمہ؛ جڑ؛ بنیاد؛ فوارہ؛ مخزن؛ سوتا؛ منبع؛ چشمہ (پانی کا)؛ ندی کا منبع؛ کسی بھی چیز کا منبع یا ماخذ؛ فوارہ یا پانی کا تیز دھارا جو کسی میکانیکی طریقے سے بلند کیا جا رہا ہو؛ اور جو سبیل، تزئین، فوارے یا ہوا کو سرد کرنے کے لیے ہو؛ سبیل؛ سوڈا؛ وہ ٹنکی جس میں سوڈے کا پانی بھرا ہوتا ہے اور پینے والوں کو ٹونٹی کے ذریعے گلاسوں میں بھر کر دیا جاتا ہے؛ کوئی مخزن جس میں سے چھاپہ مشین میں روشنائی (آہستہ آہستہ اور لگاتار) پلیٹوں تک پہنچتی رہتی ہے۔

fountain head, n. سرچشمہ؛ اصل؛ جڑ؛ بِنا؛ بُنیاد؛ ندی وغیرہ کا منبع؛ ماخذِ اصلی۔

fountain pen, n. فاؤنٹین پین؛ خود کار قلم؛ وہ قلم جس میں روشنائی کی ٹیوب ہوتی ہے یا ڈنڈی میں خلا، اس ٹیوب یا ڈنڈی میں روشنائی بھری جاتی ہے جو آہستہ آہستہ نب تک بوقت تحریر پہنچتی رہتی ہے؛ (سیاہی بھرا) قلم۔

four, a., n. چار (عدد اور ہندسہ)۔

fourchette, n. دو شاخہ؛ دستانے کی دو قریبی انگلیوں کی ملحقہ اطراف بنانے والی دو شاخہ پٹی۔ (طیوریات) جُناغ؛ سینے کی دو شاخہ ہڈی۔ (حیوانیات) شترپائی گدّی۔ (تشریح الاعضا) جھلّی کی چھوٹی سی سلوٹ جس سے فُرج کا پچھلا حاشیہ بنتا ہے؛ قید الشفرتین۔

four-cycle, four-stroke cycle, a. چار ضربی چکّر دار؛ چار چکّری؛ احتراق درونی والے انجن کی ایک قسم سے متعلّق جس کے چال چکّر ہوا یا تیل کو سلنڈر میں لے جاتے، دباتے، صرف کرتے اور ختم کر دیتے ہیں اور یہ سب کام پسٹن کی چار پیہم ضربوں میں ہوتا ہے۔

four-dimensional, a. چارابعادی؛ چار سمتی؛ چار سمتوں سے متعلّق۔ (ریاضی) وہ اجزا جن کو مکمّل وضاحت کے لیے چار محدّد کی ضرورت ہوتی ہے۔

Fourdrinier, Fourdrinier machine, n. [انیسویں صدی کے کاغذ ساز ایچ اینڈ ایس فورڈ رینئر کے نام پر] کاغذ سازی کی ایک مشین جو سب سے پہلے ۱۸۰۳ء میں بنی اور جس سے مسلسل پٹی یا پارچہ کی شکل میں کاغذ بنایا جاتا تھا؛ فورڈ رینئر مشین۔

four flush, four-flush, n. نامکمّل دستی؛ ناقص چار؛ کسی امکانی رنگ کے چار پتّے جن کے ساتھ کسی اور رنگ کا ایک پتا مل کر دستی بنتی ہو؛ نامکمل یا ادھورا رنگ جو کسی کام کا نہیں ہوتا (کہ بازی جیتنے کے لیے پانچوں پتّے ایک رنگ کے ہونے چاہیں)؛ ایک رنگ کے چار پتّوں کی ترتیب جس میں دوسرے رنگ کا ایک پتّا شامل ہو جائے۔ (فعل لازم) ناقص دستی پتوں پر پوکر میں بازی لگانا۔ (عوامی) جعلی چکّر چلانا؛ جھانسا دینا؛ فریب دینا؛ دھوکا دینا۔

four-flusher, n. (عوامی) چکّری؛ دھوکے باز؛ فریبی۔

four fold, a., adv. چار گنا؛ چوہرا؛ چار پرتوں یا تہوں والا؛ چوگنا؛ چولڑا۔

four-footed, a. چوپایہ۔

four-handed, four-hand, a. چار دستی؛ تاش کا وہ کھیل جس میں چار کھلاڑی درکار ہوتے ہیں؛ موسیقی کے اس آلے سے متعلّق جو چار ہاتھوں سے بجایا جاتا ہو؛ چار دستہ (جس کے چاروں پاؤں بندر کی

کے ساتھ گننے کا آغاز کیا جاتا ہے۔

the Fourth, چار جولائی : امریکا کا یوم آزادی ۔

fourthdimension,n. (طبیعیات) چوتھا بُعد ؛ چوتھی سمت ؛ نظریۂ اضافیّت کے تسلسل زمان و مکان میں وہ بُعد یا محدّد جو کسی واقعے یا نُقطے کو زمانی لحاظ سے متعیّن کرتا ہے ؛ بُعدِ چہارم ۔

fourth estate, n. چوتھا منصب ؛ پریس (اخبارات) ؛ قرونِ وسطیٰ کے یورپ کے تین مناصب یعنی اشراف ، کلیسا اور عوام کے مساوی قوّت کی بنا پر یہ نام دیا گیا۔

fowl, n. پرندہ ؛ پنچھی ؛ طیر ؛ پکھیرو ؛ چڑیا ؛ مرغا (مرغی) ؛ متعدّد اسی قبیل کے دُجاجی پرندے جیسے ٹرکی یا بطخ وغیرہ ؛ بازار یا گھر کی اصطلاح میں پورا پلا ہوا پالتو پرندہ بمقابلہ چُوزے یا بچّے کے ؛ اس قسم کے کسی مرغ وغیرہ کا گوشت ؛ کسی قسم کا کوئی پرندہ ۔ (فعل لازم) جنگلی مُرغ کو پکڑنا یا شکار کرنا ۔

fowling piece, n. شکاری بندوق ؛ ہلکی بندوق ؛ جنگلی پرندوں یا چھوٹے شکار میں کام دینے والی ہلکی چھوٹی بندوق ۔

fox, n. لومڑ ؛ لومڑی ؛ کُتّے کے قبیلے کے گوشت خور جنگلی میمل میں سے کوئی ایک بالخصوص وہ جس کا تعلّق جنسِ روباہ (vulpes) سے ہے ، یہ جانور بھیڑیے سے چھوٹا ہوتا ہے اور اس کی لمبوتری تھوتھنی ، کھڑے کان اور لمبی جھاڑ دار دُم ہوتی ہے ، یہ اپنی چوکسی اور چالاکی میں مشہور ہے ۔ لومڑی کی سمور ۔ (مجازاً) مکّار اور حیلہ ساز انسان ۔ (بڑے F سے) ایک ایسے امریکی انڈین قبیلے کا فرد جو کبھی وسکنسن میں آباد تھا ۔ (جہاز رانی) ہاتھ سے بٹی ہوئی ڈوری جسے بان کے دھاگوں سے بنایا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) جُل دے جانا ؛ چالاکی میں مات دے جانا ؛ جُوتی کا بالائی حصّہ نیا لگوانا ۔ (فعل لازم) مکّاری سے کام لینا ؛ حیلہ سازی کرنا ۔

foxed, a. بوسیدہ (ورق) ؛ کتاب یا کاغذ جو وقت یا بوسیدگی کے باعث داغدار ہو جائے یا رنگ کھو بیٹھے ؛ داغدار اور بدرنگ کتاب یا کاغذ ۔

foxfire,n. اگن بیڑ؛ لومڑ آگ ؛ وہ فاسفورسی چمک جو اس گلی سڑی لکڑی سے نکلتی ہے جسے مخصوص قسم کی پھپھوندی لگ گئی ہو ؛ وہ خاص قسم کی پھپھوندی جس سے یہ چمک پیدا ہوتی ہے ۔

foxglove,n. کفِ ثعلب ؛ لومڑ پنجہ ؛ زہرالکشا تبین ؛ گُل پنجۂ علی ؛ پنجہ دار جنس کا کوئی پُھولنے والا پودا؛ علفِ خنازیر جنس کا ، خصوصاً پنجہ دار پرپوریا (Digitalis Purpurea) جو دوا سازی میں کام آتا ہے۔

fox grape, n. گیدڑ داکھ ؛ ثعلبی انگور ؛ فاکس گریپ ؛ انگور کی ایک قسم جس کا تعلّق Vitis labrusca قسم کے انگوروں سے ہے ، اِس کا پھل ارغوانی مائل سیاہ ، مُشک بار اور تُرش ذائقہ ہوتا ہے ، اس سے بذریعہ پیوند کئی مزید اقسام تیّار کی گئی ہیں ، جیسے کہ کانکارڈ (Concord) وغیرہ۔

foxhole,n. مورچہ ؛ چھوٹا سا گڑھا جو حربی علاقے میں دُشمن کی گولا باری سے بچنے کے لیے انفرادی بچاؤ کے پیشِ نظر کھودا جاتا ہے ؛ بھٹ ؛ کھوہ ۔

foxhound,n. فاکس ہاؤنڈ ؛ لومڑ کُتا ؛ لومڑی کا شکار کرنے کے لیے تربیّت یافتہ کُتوں کی ایک نسل ، یہ تیز رفتار اور تیز بُو ہوتے ہیں ۔

foxing, n. چرم ٹُکڑا ؛ جوتے کے سامنے والے بالائی حصّے کو ڈھانکنے یا مرمّت کے کام آنے والا چمڑے کا ٹُکڑا یا ٹکڑے۔

fox squirrel, n. لومڑ گلہری ؛ ایک شجر باش گلہری ؛ یہ عام گلہری سے بڑی اور کئی رنگوں میں ہوتی ہے۔

foxtail,n. لومڑ دُم ؛ دُم ثعلب ۔ (نباتیات) مختلف قسم کی خودرو گھاسوں میں سے سیٹرگ (Setarig) قسم کی کوئی ایک بُرش نُما گھاس جس کے ملائم گُچھّے دار پُھول ڈنڈیاں ہوتی ہیں ۔

foxtail millet, Italian millet, n. لومڑ دُم گھاس ؛ جانوروں کے سُوکھے چارے کے لیے کاشت کی جانے والی فصلی گھاس ۔

fox terrier, n. فاکس ٹیریئر ؛ ایک چھوٹی نسل کا نرم بالوں والا کُتّا ، کبھی اسے لومڑیوں کو ڈھونڈ نکالنے کے لیے پالا جاتا تھا ۔

fox trot, n. لومڑی ناچ ؛ ایک قسم کا معاشرتی رقص جس میں وقفے وقفے کے بعد دو یا چار گتوں کے ساتھ کئی انداز سے چھوٹے تیز قدم اٹھائے جاتے ہیں ؛ گھوڑے کی ایک چال جس میں گھوڑا دُلکی کے بعد چھوٹے چھوٹے تیز قدم اٹھاتا ہوا قدم قدم چلنے کی طرف آ جاتا ہے (فعل کی مختلف صورتوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے) ۔

Fox-trot, n. حرف F کے لیے ابلاغ کا رمزی لفظ ۔

foxy, a. چالاک یا عیّار ؛ حیلے ساز ؛ چالباز ؛ عام لومڑی کے سے سُرخ رنگ والا ، زردی مائل یا سُرخی مائل بُھورا ؛ بدرنگ یا اُڑی ہوئی رنگت والا ؛ بعض امریکی انگوروں جیسے گیدڑ داکھ یا ثعلبی انگور سے کشید کی ہوئی شراب کا مخصوص مُشکیں ذائقہ ۔

foxily, adv. عیّارانہ ۔

foxiness, n. چالاکی ؛ مکّاری ۔

foy, n. (اسکاٹستانی) الوداعی ضیافت یا تُحفہ جو عازم سفر ہونے والا کسی کو دے یا کسی سے قبول کرے ؛ کسی خاص موقع کی مناسبت سے منعقدہ تقریبِ ضیافت (جیسے کٹائی پر) ۔

foyer, n. کسی عوامی عمارت جیسے تھیٹر وغیرہ کا دالان یا بغلی کمرہ ؛ کسی نجی گھر یا عمارت کی دہلیز یا ڈیوڑھی ۔

fracas, n. اُودھم ؛ غُل غپاڑہ ؛ ہُلّڑ ؛ پُرشور ہنگامہ ؛ شوروشغب ؛ فساد ؛ بَلوا ۔

fraction, n. (ریاضی) کسر ؛ کسور ؛ اکائی کا ایک جُز ؛ اُن مساوی اجزا میں منقسم اکائی کا ایک یا ایک سے زیادہ حصّے ؛ ایسے حصّے یا حصّوں کی حسابی ترجمانی جیسے ۳/۴ سے مراد ہو گا چار برابر حصّوں میں سے تین حصّے ؛ وہ عدد جو حاصل قسمت کو یا دو مقادیر کے باہمی تناسب کو ظاہر کرے جیسے x/y اس میں x اپنی جگہ پر ایک حقیقی عدد ہے اور y اپنی جگہ پر (لیکن صفر کے برابر نہیں) ؛ الجبرائی مقادیر کا اسی قسم کا تناسب ؛ کُل کا کوئی جُز ؛ جُزوِ حقیر ؛ شکستہ حصّہ ؛ پاروں یا ریزوں میں یا مقدس عشائے ربّانی کے موقع پر مقدس روٹی کو بانٹنے کے لیے ٹُکڑے ٹُکڑے کرنے کا عمل ۔ (فعل متعدی) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ کسر بنانا ۔

fractional, a. جُزوی ؛ کسری ؛ مکسور ؛ جُزو یا کسر کا یا اس سے متعلّق ؛ چھوٹی ناقابلِ شمار یا معمولی کسر پر مشتمل ۔ (کیمیا) کسی ایسے سلسلۂ عمل کا مظہر یا اس سے متعلّق (جیسے قلماؤ یا تقطیر) جس کے ذریعے کسی مرکّب کے اجزائے ترکیبی کو ان کے طبعی اور کیمیائی خواص کے مطابق الگ الگ کیا جا سکے ۔

fractional currency, n. ریزگاری ؛ سِکّے ؛ خریج ؛ چلّر ؛ بڑی رقم والے کاغذی نوٹوں کی بجائے چھوٹی رقم کے کاغذی نوٹ ۔

fractionate, v.t., v.i. تجزیہ کرنا ؛ حصے بخرے کرنا یا اجزائے ترکیبی کے لحاظ سے الگ الگ کرنا ؛ ٹُکڑے ٹُکڑے کرنا ۔ (کیمیا) جزوی طور پر کشید کرنا ؛ محلول کے مختلف خواص رکھنے والے حصوں یا اجزائے ترکیبی کو عمل قلماؤ یا تقطیر کے ذریعے الگ الگ کر دینا ؛ خواص کے مطابق الگ الگ کرنا ؛ ایسے درجاتی عمل سے حاصل کرنا ۔

fractious, a. جدال پسند ؛ جھگڑالو ؛ ترش خُو ؛ چڑچڑا ؛ تُنک مزاج ؛ بے لگام ؛ سرکش ؛ کڑوا ؛ زُود رنج ۔

fracture, n. فریکچر ؛ شِکستگی ؛ ٹُوٹنے کا عمل ؛ توڑے جانے کی حالت ۔ (طِب) کسی ہڈّی وغیرہ کی ٹُوٹ اور مابعدی حالت؛ شکست ، دراڑ یا رخنہ؛ مخصوص حالت خاص طور پر کسی ٹُوٹی پُھوٹی سطح کی ساخت یا ہیئت کی جیسے معدنیات ۔ (فعل متعدی) ہڈّی توڑنا؛ چٹخانا ؛ توڑ دینا یا ٹُکڑے ٹُکڑے کر دینا ۔ (فعل لازم) ہڈّی ٹوٹنے کی حالت میں سے گزرنا ؛ ٹُوٹ جانا ۔

fragile, a. بُھربُھرا ؛ بآسانی ٹُوٹ جانے والا ؛ نازُک ؛ کمزور ؛ جھرجھرا ؛ ناپائدار ؛ بودا ۔

fragment, n. پارہ ؛ ریزہ ؛ ٹکڑا ؛ کسی شے سے الگ کیا ہوا حصّہ ، خصوصاً جو نامکمّل اور ادھورا رہ گیا ہو ؛ کسی شے کا بچا کُھچا حصّہ ، پھانک یا چھیلن ؛ کسی نامکمّل کُل کا جُزو ۔ (فعل متعدی و لازم) توڑنا ؛ ٹُکڑے ٹُکڑے یا پُرزے پُرزے کرنا ۔

fragmental, clastic, a. جُزوی ؛ پارہ پارہ ۔ (ارضیات) انشقاقی ؛ اِن چٹانوں یا کسی ایک چٹان سے متعلّق جو قدیم تر چٹانوں کے اجزا یا ٹکڑوں سے بنی ہوں ۔

fragmentary, a. انشقاقی؛ متفرق ؛ ٹکڑے ٹکڑے ؛ ٹکڑوں سے بنا ہوا ؛ نامکمّل ؛ ادھورا ؛ شِکستہ ؛ ٹُوٹا پُھوٹا ؛ بے تعلّق ؛ مُنقطع ؛ ریزہ ریزہ ۔

fragmentate, v.t., v.i. ریزہ ریزہ کرنا ؛ ٹُکڑے ٹکڑے ہونا ؛ انشقاق ہونا ۔

fragmentation, n. پارگی ؛ پارہ پارہ کرنے کا عمل ؛ ریزہ ریزہ کرنے کا کام ۔ (عسکری) پھٹنے والے شیل ، بم یا گرینیڈ وغیرہ کے ٹُکڑوں کا تیز اور پُرزور اِنتشار ؛ یوں بکھرے ہوئے ٹُکڑے ؛ اِنشقاق ۔

fragmented, a. پارہ پارہ ؛ بے ربط ؛ ناپیوستہ ؛ منتشر ۔

fragmentize, v.t., v.i. ٹُکڑے ٹُکڑے کرنا؛ ریزہ ریزہ ہونا ۔

fragrance, n. نکہت ؛ خوشبو ؛ مہک ؛ مہکار ؛ طِیب ؛ بوئے خوش ؛ تعطُّر ۔

fragrant, a. خوشبودار ؛ مُعطّر ؛ مہک دار ؛ سوندھا ۔

frail, n. چھابا ؛ فریل ؛ خُشک میوے کی برآمد کے لیے گھاس کی بنی ہوئی ٹوکری ؛ کشمش تولنے کے لیے ۷۵ پونڈ کا باٹ ۔ (صفت) کمزور ؛ نازُک ؛ زود گسل ؛ ناپائدار ؛ ناتواں ؛ بودا ؛ کم ہمّت ؛ لالچ اور ترغیب کی گرفت میں آ جانے والا ۔

frailty, n. خطا ؛ حرص ؛ ضبطِ نفس کی کمی سے ہو جانے والی لغزش ؛ اخلاقی کمزوری ؛ غلطی ؛ عیب ؛ نقص ۔

fraise, n. (قلعہ بندی) باڑھ ؛ کنگورے ؛ قدیم ایام میں ایک دفاعی اقدام جس کی رُو سے قلعے کی فصیل پر اُفقاً اور عموداً ترچھے نکیلے کنگورے گاڑ دیے جاتے تھے ۔

frame, n. نقشہ ؛ فریم ؛ چوکھٹا ؛ چارچوب؛ چارچوبہ ؛ چوکھٹ ؛ کسی شے کے گزرنے ، گزارنے یا اسے گھیر لینے کے لیے ڈھانچا (جیسے : door's frame) ؛ تصویر کا فریم ؛ باہم پیوست اور جُڑے ہوئے حِصّوں پر مُشتمل کوئی چیز جو کسی ڈھانچے وغیرہ کا سہارا ہو (جیسے کوئی عمارت یا کشتی) ؛ کسی چیز کو بنانے کا طریقہ ، اسلُوب یا نظام (جیسے frame of government) ؛ اِنسانی جسم (ہڈّیوں کے ڈھانچے اور بناوٹ کے حوالے سے) ؛ عارضی کیفیت (جیسے : in a good frame of mind) ؛ کوئی مشین وغیرہ جو کسی فریم ورک کے ذریعے کام کرے یا اس پر کھڑی کی گئی ہو (جیسے : a weaving frame) ؛ منضبط تدریس کی ایک اکائی (خصوصاً جس میں طلبہ کے جواب بھی درکار ہوتے ہیں)؛ متحرک فلم کی پٹّی پر ایک تنویر (exposure) ۔ (اکثر جمع کی صورت میں) عینک کے شیشوں کا چوکھٹا ؛ عینک ۔ (عوامی) خفیہ سازش ۔ (بیس بال ، عوامی) باری ۔ (باؤلنگ) گیند پھینکنے کی باری (ہر کھلاڑی کو کھیل کے دوران مقررہ دس اوور پھینکنے کی اجازت ہوتی ہے)؛ چوکور خانہ جس میں ہر بار حاصل کردہ اسکور کا اندراج کیا جاتا ہے ۔ (بلیئرڈ) مثلث شکل جس سے گیندوں کو کھیل کے لیے تیّار رکھنے کا کام لیا جاتا ہے ؛ یوں تیّار رکھے گئے گیند ؛ گیندوں کو بلیئرڈ کی تھیلیوں میں ڈالنے کے لیے مطلوبہ دورانیہ ۔ (صفت) وہ گھر جس کا بُنیادی ڈھانچا اور بیرونی حصہ لکڑی کا ہو ۔

frame, v.t. چوکھٹے میں رکھنا یا جڑنا (تصویر وغیرہ کو) ؛ فریم کی طرح گھیر لینا ، بنانا یا شکل دینا ؛ کسی مخصوص مقصد کے حسبِ حال کرنا ؛ حصّوں کو جوڑ کر کسی شے کے لیے فریم بنانا یا تشکیل دینا ؛ کسی منصوبے یا قانون وغیرہ کے بارے میں خاکہ بنانا ، اِسے ترتیب دینا یا اس کا مسودہ تیّار کرنا ؛ خیال آرائی یا خیال آفرینی کرنا ؛ بولنا یا اظہار کرنا ۔ (عوامی) جھوٹ یا مکّاری سے کوئی صورت پیدا کر کے کسی کے خلاف کوئی الزام تراشنا ؛ ناجائز طور سے یا دھوکے فریب سے مُجرم ٹھہرانا ؛ کسی دوڑ یا مقابلے کے نتیجے کو پہلے ہی حسبِ حال بنانے کی کوشش کرنا ۔

framer, n. فریب کار ۔

frame of reference, n. خاکۂ حوالہ ؛ حقائق ، خیالات یا اقدار کا وہ مجموعہ جو کسی شے کو سمجھنے یا اس کی قدر شناسی کے لیے بُنیادی حوالے (فریم ورک) کا کام دے ، رُخ نمائی کرے اور مخصوص مفہوم پیش کرے ۔

frame-up, n. (عوامی) جُھوٹا مقدّمہ ؛ فریب بُنیاد اور غیر منصفانہ نتائج حاصل کرنے کے لیے تیّار کی گئی کوئی سازش یا اٹھایا گیا کوئی قدم (جیسے کسی بے گناہ شخص پر مقدمہ سازی یا کسی مقابلے کا پہلے ہی سے طے کردہ نتیجہ) ۔

framework, n. چوکھٹا ؛ ڈھانچ ؛ قالب ؛ قلبوت ؛ وہ فریم یا ڈھانچا جو مختلف حصوں کو اکٹھا جوڑ دینے سے شکل پذیر ہوا ہو، خصوصاً کسی شے کو سہارا دینے یا گھیرے میں لینے کے لیے ؛ وہ بُنیادی نظام یا ڈھانچا جس کے ارد گرد کوئی چیز بنائی گئی ہو ؛ کسی فریم پر چڑھا کر ، فریم کے اندر یا فریم کے ذریعے کیا گیا کام جیسے کشیدہ کاری یا کارچوبی وغیرہ ؛ چوکھٹے بحیثیت مجموعی ۔

framing, n. کوئی چیز بنانے یا اس کے بارے میں تدبیر کرنے کا عمل ، ترکیب یا انداز ؛ فریم لگانے یا چوکھٹا بنانے کا عمل ؛ چوکھٹا یا چوکھٹوں کا نظام ؛ ڈھانچا ۔

franc, n. فرانک ؛ فرانس اور کئی دوسرے ممالک میں مروج سِکّہ ۔

franchise, n. حقِ انتخاب ؛ ووٹ دینے کا حق ؛ حق رائے دہی ؛ عمومی نوعیت کا کوئی حق جو حکومت کی جانب سے ایک یا ایک سے زیادہ افراد کو ملتا ہے جیسے کارپوریشن بن کر رہنے کا یا عوامی فلاح و بہبود کی خدمات سرانجام دینے کا حق ؛ کارخانے کی طرف سے کسی خُوردہ فروش کو ایک محدود علاقے میں کوئی شے فروخت کرنے کی اجازت ۔ (قدیم) کسی مالی بوجھ یا محصول کی ادائی سے قانونی معاق یا تحفظ ۔ (فعل متعدی) ووٹ کا حق دینا ۔

Franciscan, n.,a. فرانسسکی ؛ ۱۲۱۰ء کے قریب اسیسی کے سینٹ فرانسس کے قائم کردہ مذہبی درویشوں کے سِلسِلے کا ایک رُکن ۔ (صفت) اسیسی کے سینٹ فرانسس یا اس کے مذہبی سلسلے کے افراد سے متعلّق ۔

francium, n. (کیمیا) فرانسیئم ؛ ایک تاب کار عُنصر اس کا تعلق قلوی دھاتوں کے سلسلے سے ہے اور یہ شعاعی کیمیا کے عمل اختلال کی پیداوار ہے ۔

francolin, n. (طیوریات) دُرّاج ؛ بحیرۂ رُوم کے خِطّے کا ایک پرندہ جو تیتر کی طرح کا ہوتا ہے ۔

Francophile, Francophil, a,n. فرانس پسند ؛ فرانس یا فرانسیسی ثقافت کا بہت ہی مداح ۔

frangible, a. پُھوٹک ؛ ٹُوٹ جانے والا ؛ بُھربُھرا ؛ نازُک ۔

frangipane, frangipani, n. گُلِ پاس ؛ سُرخ چنبیلی کا عطر : ایک عطر جو سُرخ یاسمین یا اس جیسی مصنوعی خُوشبو سے تیار کیا جاتا ہے ، منطقۂ حارّہ میں پلومیرا رُوبرا نامی درخت یا جھاڑی کی شکل میں ہوتا ہے ، اس جنس کے بعض پودوں کا بھی یہی نام ہے ؛ پیسٹری کی ایک قسم جسے شکر ، کریم اور بادام ملا کر بنایا جاتا ہے ۔

frank, a. صاف گو یا بے جھجک (خصوصاً گفتگو میں) ، مُنہ پر کہہ دینے والا ؛ لگی لپٹی سے کام نہ لینے والا ؛ منافقت یا دورُخے پن سے خالی ؛ کھرا ؛ مُخلص ؛ عیاں یا واضح ؛ مُنہ پھٹ ؛ بے تکلّف ۔

frankly, adv. صاف صاف؛ آزادانہ؛ بے تکلفی سے ۔

frankness, n. صاف دلی ؛ آزادی؛ کشادہ دلی ؛ بے تکلّفی ۔

frank, n. بے محصول خط؛ بلا معاوضہ ترسیل ؛ وہ نشان یا دستخط جو اس بات کا اشارہ ہوتا ہے کہ اس خط یا ملفوف کی ترسیل بلا معاوضہ ہوگی ؛ اس طریقے سے ارسال کیا گیا خط یا ملفوف یا اس طرح ارسال کرنے کا استحقاق ۔ (فعل متعدی) سرکاری استحقاق کی بنا پر کسی خط یا ملفوف کو بلا مُعاوضہ سرکاری ذرائع نقل و حمل سے بِھجوانا ؛ بغیر معاوضے کے بھیجنا ؛ استثنا حاصل کرنا ؛ سامان کی پڑتال کرائے بغیر گزر جانے کی صورت پیدا کر لینا ۔

franker, n. بلا معاوضہ ترسیل کُنندہ ۔

Frankenstein, n. [میری ڈبلیو شیلے کی کہانی فرینکن سٹین کا اسی نام کا کردار : ایک نوجوان طالب علم جو ایک ایسی تباہ کُن ہستی کو پیدا کر لیتا ہے جس پر پھر وہ قابو نہیں پا سکتا] وہ شخص جو کسی ایسی مہیب یا تباہ کُن چیز کو پیدا کر لیتا ہے جو اس کے اپنے بس میں نہیں رہتی اور اس کی اپنی تباہی کا باعث بن جاتی ہے ؛ اکثر ایسی مہیب اور تباہ کُن چیز۔

frankfurter, frankfort, frankforter, frankfurt, hot dog, n. فرینک فرٹر؛ مسالا وغیرہ لگا کر کسی چیز میں بھرے ہوئے قیمے کا پکوان؛ آنت میں بھرا ہوا سور یا گائے کا قیمہ ۔

frank incense, n. بخور ؛ لوبان؛ مختلف قسم کے ایشیائی اور افریقی درختوں سے حاصل ہونے والا بروزہ جو خوشبودار دھونی کے طور پر گھروں میں جلایا جاتا ہے۔

Frankish, a. فرینک نام کے قدیم جرمانی لوگوں کی زبان یا ثقافت کا یا ان سے متعلّق (یہ لوگ رائن (Rhine) کے علاقے میں رہتے تھے)۔ (اسم) قدیم فرینکی؛ فرینک لوگوں کی غربی جرمانی بولی۔

frank linite, n. جستی خام دھات؛ مینگنیز ، لوہے اور جست کا آکسائڈ جو قدرے مقناطیسی اور سیاہ رنگ کا ہوتا ہے اور فرینکلن (نیوجرسی ۔ امریکا) میں پایا جاتا ہے۔

Franklinstove, n. بنجمن فرینکلن کا ایجاد کردہ کمرہ گرم کرنے کے لیے لوہے کا سٹوو یا انگیٹھی۔

frantic, a. مغلوب الغضب؛ مغلوب الغیظ؛ خوف ، اضطراب ، غم ، درد یا غُصّے کے بے قابو احساسات کاشکار؛ شوریدہ سر؛ پاگل ؛ بدحواس ؛ غُصّے سے بے قابو ؛ ہیجانی ۔

frantically, adv. مضطربانہ ۔

franticness, n. اضطراب۔

frappe, a. مصنوعی طور پر یخ بستہ ؛ (برف وغیرہ کے ذریعے سے) یخ ؛ برفایا ہوا ؛ منجمد ۔ (اسم) برفائی ہوئی یا یخ بستہ مفرّحات ۔

frat, n. (عوامی) اسکول یا کالج کی برادری ۔

frater, n. برادر ؛ بھائی (کسی مسلکی یا مذہبی سلسلے کے حوالے سے) ؛ رفیق ؛ ساتھی۔

fraternal, a. برادرانہ ؛ بھائی یا بھائیوں سے متعلّق ؛ کسی سماج یا برادری سے متعلّق ۔

fraternal twin, n. اُن جڑواں بچوں میں سے ایک جو الگ الگ بار دار بیضے سے پیدا ہوا ہو ، اس وجہ سے دونوں کے موروثی خصائص مختلف ہوں اور ضروری نہیں کہ وہ باہم مثیل بھی ہوں یا جنسی یگانگت بھی رکھتے ہوں۔

fraternity, n. پنچایت ؛ اُخوّت ؛ برادری ؛ بھائی چارا ؛ بھائی بندی ؛ کسی مشترک مفاد ، کاروبار یا خوشی کی بنا پر لوگوں کی قائم کردہ انجمن ؛ امریکا میں کسی کالج کے طلبہ یا طالبات کی سماجی یا اعزازی انجمن جسے برادری کہا جاتا ہے اور یونانی حروف کی صورت میں اسے عنوان دیا جاتا ہے ۔ (برطانوی) افراد کا کوئی گروہ جو کسی مشترک مقصد کے لیے اکٹھا ہو۔

fraternize, v.i. بھائی بندی کرنا ؛ برادری بنانا ؛ برادرانہ طور سے مِلنا جُلنا ؛ فوجی احکام کے خلاف کسی مفتوحہ سرزمین کے باشندوں یا دُشمنوں سے گہرے تعلّقات پیدا کرنا یا اُن کے ساتھ گہری ہمدردی کا اظہار کرنا ۔

fratricide, n. برادر کُشی یا خواہر کُشی ؛ برادر کُش یا خواہر کُش ۔

fraticidal, a. برادر یا خواہر کُشی سے متعلّق یا اس کام میں ملّوث(شخص)۔

frau, n. بیگم ؛ اہلیہ ؛ مِسز ؛ شادی شُدہ عورت ؛ کوئی عورت ؛ بیوی ۔ (بڑے F سے) ایک جرمن لفظِ خطاب جو مسز (بیگم) کا متبادل ہے ۔

fraud, n. دغا ؛ فریب ؛ چھل ؛ حیلہ ؛

بد دیانتی سے کوئی مفاد حاصل کرنے کی غرض سے دانستہ کیا گیا فریب یا دھوکا ؛ ایسی دھوکا دہی کی کوئی مثال ؛ کسی قسم کی جعل سازی یا ترکیب ؛ دھوکا دینے کے لیے سوچا سمجھا کوئی منصوبہ یا اقدام ؛ جُل ؛ مکّار یا عیّار انسان ؛ بگلا بھگت ؛ جُھوٹا دعویدار ؛ دھوکے باز ۔

fraudulent, a. فریب کارانہ ؛ مکر بُنیاد یا مکر آغاز ؛ بے ایمان ؛ متفنّی ؛ دغا باز ؛ حیلے باز ۔

fraught, a. بھرا ہوا ؛ پُر ؛ لدا ہوا ؛ کثرت سے ؛ معمور (بعد میں عموماً with لگاتے ہیں) ۔

fraulein, n. دوشیزہ ؛ غیر شادی شدہ عورت ۔ (بڑے F سے) جرمن لفظِ خطاب جو مِس یا آنسہ کا متبادل ہے ۔

Fraunhofer lines, n. خطوطِ فران ہوفر ؛ طیفِ شمسی کی سیاہ لکیریں ۔

fraxinella, n. (نباتیات) گیس پلانٹ ؛ نقائے آبی ۔

fray, v.t. گِھسنا ؛ چیتھڑا کر دینا ؛ دھاگوں یا کپڑے کو مل مل کر کمزور کر دینا ؛ کثرت استعمال سے گِھسا دینا ؛ متواتر چھیڑتے رہنے اور رگڑ کے ذریعے کونوں کناروں کو اُدھیڑ دینا یا تار تار کر دینا ؛ برہم یا برافروختہ کرنا ۔ (فعل لازم) گِھس کر الگ ہو جانا ؛ کھینچا تانی میں الگ ہو جانا ۔ (اسم) کسی شے کا گِھسا ہوا یا اُدھڑا ہوا حصّہ ؛ چیتھڑا ۔

fray, n. جھگڑا ؛ تشدّد آمیز ہنگامہ ؛ تصادم ؛ دنگا فساد ؛ بلوا ؛ بکھیڑا ؛ سر پُھٹوّل ؛ لڑائی ۔

frazil, n. فرازل ؛ پترا برف ؛ وہ یخ پارے جو تیز و تُند پانیوں میں واقع ہوتے ہیں اور ساحل کے نزدیک جا کر برف کے کنارے بن جاتے ہیں ۔

frazzle, v.i., v.t. پہن پہن کرتار تار کر دینا ؛ چیتھڑا بنا دینا ؛ تھکا دینا ۔ (اسم) تکان ؛ ماندگی ؛ تھکا ہوا ہونے کی حالت ؛ چیتھڑا ؛ ٹُکڑا ۔

frazzled, a. (بول چال) تھکا ماندہ ؛ گِھسا ہوا ۔

freak, n., a. اعجوبہ ؛ کوئی اچانک رونما ہونے والا عمل یا واقعہ ؛ کوئی غیر معمولی یا غیر طبعی شے ؛ وہ شخص یا جانور جسے معمول سے انحراف کی مثال کے طور پر پیش کیا جا سکے ۔ (سِکّہ سازی) وہ نامکمّل سِکہ جو اتفاقاً گردش میں آ گیا ہو ۔ (ٹکٹ اندوزی) وہ ڈاک ٹکٹ جو اپنے ہم طباعت ٹکٹوں سے مختلف ہو ؛ رنگ کا دھبا ۔ (عوامی) بے تحاشا استعمال کرنے والا یا بے حد عادی ، مثلاً نشہ کا عادی ؛ پرانی کتابوں کا شائق ۔ (فعل متعدی) کسی رنگ سے لکیرا یا دھبا ڈالنا ؛ بوقلموں کرنا ؛ رنگدار بنانا ۔

freakish, freaky, a. من موجی ؛ لہری ؛بدہیئت ؛ بد وضع ؛ خیالی ؛ وہمی ۔

freckle, n. کلف ؛ چھائی ؛ چتّی؛ جِلد (خصوصاً چہرے ، گردن اور ہاتھوں) پر بُھورے سے نشانات جو دُھوپ میں زیادہ دیر رہنے سے اکثر پیدا ہو جاتے ہیں ؛ ایسا کوئی داغ یا اُڑا رنگ؛ چٹاخ؛ جھائیاں ؛ چھائیاں ؛ لہسن ۔ (فعل لازم و متعدی) دھبے دھبے ہو جانا یا کر دینا ؛ چھائیاں پڑ جانا ۔

free, a. آزاد ؛ کسی مادّی یا اخلاقی دباؤ میں نہ ہونے والا ؛ دُوسروں کی مرضی کے تحت ہونے سے مستثنیٰ ؛ بے قید ؛ جو کسی مطلقُ العنان یا آمر حکومت کے ماتحت نہ ہو ؛ مختار ؛ خُود مختار ؛ معصوم ، پاک ؛ کَھرا ؛ راست باز ؛ صادق ؛ صاف گو ؛ بے ریا ؛ کُشادہ دِل ؛ مبرا ؛ پاک ؛ بلا مزد و معاوضہ جسے استعمال کیا جا سکے ، جس سے لطف اندوز ہوا جا سکے یا فائدہ اٹھایا جا سکے ؛ بے مزاحمت ؛ بے روک ٹوک ؛ جو کسی خاص قاعدے یا دستور کا پابند نہ ہو ؛ کہنے کرنے میں جو حدود سے تجاوز کر جائے ؛ رضاکارانہ ؛ بافراط ؛ مُفت ؛ مُستثنیٰ ؛ غیر مرہون ؛ (بعد میں of یا from لگاتے ہیں) بعض تحفظّات یا مراعات کا مالک ۔ (کیمیا) کیمیائی طور پر جو کسی اور سے مرکب نہ ہو ۔

free and easy, بے تکلّف ؛ بے حجاب؛ احساسات یا حجابات سے مُبّرا ؛ آزاد منش ؛ آزاد رَو ؛ رسوم و روایات سے بے نیاز ؛ اتفاقی ؛ عارضی ۔

freely adv. آزادانہ ۔

free, v.t. آزاد کرنا؛ قید و بند وغیرہ سے چھڑانا ؛ کسی جارحانہ صورتِ حال یا تکلیف دہ فریضے کی ادائیگی سے مستثنیٰ قرار دینا ؛ علیحدہ کر دینا ۔ (متعلّق فعل) آزادانہ طور پر؛ بلا معاوضہ ۔

to make free with, بے تکلّف ہونا؛ بے حجاب ہونا؛ دخل دینا ۔

free agent, n. کسی معاہدے یا پابندی سے آزاد ؛ (کھلاڑی ، فن کار یا ملازم وغیرہ) جو ذاتی طور پر آئندہ ملازمت کرنے کی شرائط طے کر سکے ؛ وہ شخص جو کسی حاکمِ مجاز کے سامنے اپنے اعمال کا جوابدہ نہ ہو؛ آزاد ۔

free alongside ship,
free alongside vessel, adv., a. وہ مال جو جہاز کی اس گودی تک خریدار کے لیے بلامعاوضہ پہنچا دیا جاتا ہے جہاں سے اس کو جہاز میں لادنا ہوتا ہے ۔

free booter, n. دریائی ڈاکو ؛ قزاق ؛ لُٹیرا ؛ بحری ڈاکو ۔

free born, a. پیدائشی آزاد ؛ حُرّ ؛ جس نے غلامی میں جنم نہ لیا ہو ؛ جسے آزادی ورثے میں ملی ہو ؛ آزاد پیدا ہونے والے سے متعلق یا اس کے شایان شان ؛ آزادی نژاد ۔

freedom, n. حریّت؛ آزادی ؛ آزاد ہونے کی حالت ؛ غلامی ، چاکری ، قیدوبند یا پابندی سے استثنائی کیفیّت ؛ خُودمختاری ؛ سیاسی چُھٹکارا ؛ بے باکی ؛ صاف دلی ؛ صاف گوئی ؛ عمل کی آسانی اور سہولت ؛ عام اجازت ؛ آزاد روی ؛ حریّت پسندی ؛ مخصوص مراعات ؛ حسب منشا کوئی کام کرنے ، لطف اندوز ہونے یا کوئی شے استعمال کرنے کی آسانی یا سہولت ؛ بے جا بے تکلفی ۔

freedom of the seas, n. آزادئ جہاز رانی : یہ اصول کہ جنگ اور امن دونوں حالتوں میں تجارتی جہازوں کو مُلکی یا علاقائی پانیوں کے سوا تمام سمندروں میں چلنے کا حق حاصل ہے ۔

free enterprise, n. آزاد معیشت ؛ اقتصادیات کا وہ اسلُوب یا نظریہ جس میں نِجی کاروبار کی کم سے کم سرکاری مداخلت یا ضابطے کے ساتھ اجازت ہوتی ہے ؛ سرمایہ دارانہ اقتصادیات ۔

free fall, n. کُھلی چھلانگ ؛ کُھلا گراؤ ؛ کسی جسم کا فضا سے بے قابو یا بے سہارا اُترنے یا گرنے کا عمل ؛ پیراشوٹ سے چھلانگ لگانے کے عمل کا وہ حصّہ جو پیراشوٹ کے کُھلنے سے پہلے واقع ہو ؛ کششِ ثقل کی حدود میں مفروضہ بلا روک ٹوک حرکت ۔

free-floating, a. آزاد روی کا یا اس سے متعلّق ؛ آزاد رَو ؛ کسی نظریے سے ناوابستہ ؛ کسی مخصوص مقصد یا داعیے کے فقدان

کا مظہر۔

free-for-all, n. کوئی مقابلہ ، کُشتی یا مباحثہ جس میں ہر شخص قواعد و ضوابط کے بغیر حصّہ لے سکتا ہو ؛ بے قابو ؛ دنگا یا ہنگامہ ؛ دنگا فساد ؛ کُھلی مارپیٹ۔

free-form, a. (فنون) آزاد ہیئت ؛ بے ترتیب شکل یا خطوط و خاکے والا ؛ کسی مُقرّرہ نمونے کی گرفت سے آزاد ؛ تصور ، اسلوب یا پیش کش میں غیر رسمی ؛ بے روایت طرز۔

free gold, n. خالِص سونا ؛ قانونی محفوظات کے علاوہ سونا یا سونے کے سرٹیفکیٹ جو امریکی خزانے میں ہوں۔ (کان کنی) کان سے نکلا ہوا خالص سونا۔ (معدنیات) خالص حالت میں سونا۔

freehand, a., adv. کُھلے ہاتھ ؛ کھلے ہاتھوں ؛ پیمایشی آلات کی رہنمائی اور مدد کے بغیر ہاتھوں سے کیا گیا یا کھینچا گیا جیسے کوئی نقشہ یا خاکہ۔

freehand, n. حسبِ مرضی ؛ حسبِ منشا ؛ بلا روک ٹوک ؛ آزادانہ۔

free-handed, a. کُشادہ دست ؛ سخی ؛ کریم ؛ فراخ دِل ؛ فیّاض۔

free-handedly, adv. فیاضانہ ؛ فراخ دلانہ۔

freehold, n,a. (قانون) مُطلق ملکیّت ؛ غیر منقولہ جائیداد کا وہ حصّہ جو غیر مخصوص ، مخصوص یا تاحیات کسی کے قبضے میں ہو ؛ مِلک مُطلق ؛ ایسی جائیداد کے لیے حَقِ ملکیت۔

freeholder,n. مالکِ مطلق۔

free-lance, a. آزاد پیشہ ؛ اُس قلم کار ، اداکار یا فنکار کے طریق کار کے متعلق جو معاش کے سلسلے میں کسی معاہدے کا پابند یا کسی دوسرے کی ملازمت میں نہ ہو۔ (اسم) آزاد رہ کر روزی کمانے والا۔

free love, n. یاری آشنائی ؛ جنسی تعلُّقات میں آزاد مشربی کا اصول و عمل جس میں قانونی نکاح یا تسلسلِ تعلّقات و فرائض کی کوئی مجبوری نہ ہو۔

freemason,n. فری میسن ؛ عہدِ وُسطیٰ کے ماہر سنگ کاروں کا ایک طبقہ ؛ ایسے کارکُنوں کی انجمن کا رُکن ، اس انجمن کے اعزازی رُکن بھی ہوتے تھے جن کو قبولی کاریگر (accepted masons) کہا جاتا تھا لیکن ان کا تعمیراتی پیشے سے کوئی تعلّق نہیں ہوتا تھا۔ (بڑے F سے) دور دور تک پھیلے ہوئے اس خفیہ سلسلے کا رکن جسے فری میسن (Free & Accepted Masons) کہا جاتا ہے ؛ ایسا سلسلہ ، ظاہراً اس کا مقصدؔ بھلائی ، اُخوّت اور نیکی کا فروغ ہے ، تاریخی طور پر یہ ایک یہودی صیہونی تنظیم ہے ، جس کے ذریعے مختلف ممالک میں ایسے انقلابات بپا کیے جاتے رہے جن سے استبدادی قُوّتوں کو فائدہ پہنچا ہے۔

freemasonry, n. (بڑے F سے) خُفیہ یا درپردہ اُخوّت ؛ جبلّی ہمدردی۔ فری میسنوں کے اصول ، اعمال اور ادارے۔

free on board (F.O.B.), adv., a. (تجارت) مُفت باربرداری ؛ جہاز تک بلامعاوضہ پہنچائی گئی (برآمدات)۔

free port, n. آزاد بندرگاہ ؛ وہ بندرگاہ یا اس کا حصّہ جہاں مال لانے لے جانے کے لیے کوئی کسٹم ڈیوٹی نہیں دینا پڑتی ؛ وہ بندرگاہ جو مساوی شرائط پر تمام تجارتی جہازوں کے لیے کُھلی ہو۔

free radical, n. (کیمیا) آزاد اصلیّہ ؛ کوئی ایٹم یا ایٹموں کا مجموعہ جس میں ایک یا ایک سے زیادہ طاق برقیے ہوتے ہیں ، اس میں تعامل کی صلاحیت بہت زیادہ ہوتی ہے اور یہ مُستعجل ہوتا ہے۔

freesia, n. (نباتیات) فریشیا : جنوبی افریقہ کا ایک سوسن جنس کا پودا جو سفید ، زرد اور گُلابی ارغوانی خوشبودار پیازہ نُما پھُولوں کے لیے کاشت کیا جاتا ہے۔

free silver, n. چاندی کی آزاد سِکّہ سازی (عموماً سونے کے ساتھ ایک مقرّرہ تناسُب برقرار رکھتے ہوئے)۔

free soil, n., a. امریکا کا وہ علاقہ جو خانہ جنگی سے پہلے ہی غُلامی سے پاک تھا۔

free-spoken, a. صاف گو ؛ لگی لپٹی کے بغیر بات کرنے والا ؛ بے باک۔

free-standing, a. ازخُود اِستادہ ؛ کسی واضح عمارتی سہارے کے بغیر کھڑی ہوئی (کوئی تعمیر شُدہ شے) ؛ اپنے آپ اور اپنے وزن پر ایستادہ ؛ توازُن قرار ؛ ازخود اپنا توازن برقرار رکھّے ہوئے۔

freestone, n,a. بُھربھرا پتھر ؛ چُونا پتھّر یا ریت پتّھر کی طرح کا کوئی پتھّر جسے کان میں سے بآسانی کھود کر نکالا جا سکتا ہو ؛ وہ پھل جس کا گودا گٹھلی سے الگ کرنا آسان ہو (جیسے آڑو وغیرہ) ؛ ڈھیلی گُٹھلی۔

freethinker,n,a. آزاد خیال ؛ مُلحِد ؛ روایت اور اربابِ اختیار کا پاس کیے بغیر از خود رائے قائم کرنے والا خصوصاً مذہبی معاملات میں ؛ لامذہب ؛ آزاد طبع۔

freethinking,n,a. آزاد خیالی (خصوصاً مذہبی معاملات میں)۔

free throw, n. (باسکٹ بال) گیند کو بلامزاحمت جالی میں ڈالنے کا عمل (یہ اس صورت میں ہوتا ہے جب کوئی کھلاڑی مخالف کھلاڑی کی غلط مزاحمت کرتا ہے) ؛ کامیاب پھینک (throw) پر ایک پوائنٹ مل جاتا ہے ؛ آزاد پھینک۔

free trade, n., a. آزادانہ تجارت ؛ بین الاقوامی تجارت کی وہ صورت جس میں سرکاری ضوابط آڑے نہ آتے ہوں اور کسٹم ڈیوٹی نہ لگتی ہو ؛ ایسی تجارت جہاں اسی قدر کسٹم ڈیوٹی وغیرہ دینی پڑے جتنی مُلکی محاصل کے لیے ضروری ہو۔

free-trader, n. آزاد تجارت کا حامی۔

free verse, n. (عروض) آزاد نظم : قافیہ، ردیف اور بحر کی معروف پابندی سے آزاد شاعری ، جو بول چال کی زبان کے قدرتی آہنگ کا سہارا لیتی ہے۔

freeway, n. کُھلا راستہ ؛ شاہراہ اعظم ؛ متعدّد پنجہ نُما گھومتی ہوئی ذیلی سڑکوں والی اور آبادی سے ہٹ کر گزرنے والی شاہراہ جسے کوئی سڑک کاٹتی نہ ہو اور جو تیز رفتاری کے لیے ہو۔

freewheel, n. آزاد پہیّہ ؛ بائیسکل کے پچھلے پہیّے کی وہ صورت جس میں کلچ یا کُتّے جیسا پُرزہ لگا ہوتا ہے جو اس پہیے کو ڈرائیونگ کے میکانکی عمل سے آزاد یا علیحدہ کر دیتا ہے جیسے ڈھلوان پر پیڈل استعمال کیے بغیر بائیسکل چلائی جاتی ہے ؛ ایک خودکار انتقالی نظام جس کے ذریعے دھکیلُو یا محرّک دُہرا انجن سے تیز رفتار ہونے کی صورت میں ازخود چلتا رہتا ہے۔ (فعل لازم) بے نیازانہ بسراوقات کرنا ؛ ذمّہ داریوں سے بچ کر زندگی گُزارنا ؛ پیڈل مارے بغیر (سائیکل پر بیٹھے) چلتے جانا ؛ ڈھلان کی جانب جاتے ہوئے

پیڈل نہ مارنا ۔

freewill, n. آزاد قُوّتِ ارادی ؛ اختیار ؛ آزاد مشیّت ؛ ارادۂ مُطلقه ؛ مادّی و روحانی طاقتوں کی مداخلت سے پاک اپنے کام سرانجام دینے کی آزاد قُوّتِ ارادی ؛ رضاکاری ؛ لاجبریت ؛ فعلِ مختاری ؛ یہ نظریہ کہ اعمال انسانی میں رد و قبول ہوتا ہے ۔

freewill, a. رضاکارانہ ؛ آزادانہ طور پر دیا گیا یا کیا گیا ؛ آزادمشیئتی ۔

free world, n. آزاد دنیا ؛ غیر اشتراکی ممالک؛ اشتراکی گرفت سے آزاد دُنیا ۔

freeze, v.i. منجمد ہونا ؛ یخ بستہ ہونا؛ سردی سے جم جانا ؛ اخراج حرارت کے سبب مائع صُورت سے ٹھوس صورت میں بدل جانا ؛ برف بن جانا ؛ سردی کا اس درجے پر ہونا جہاں پانی جم جاتا ہے ؛ سردی سے بدن کا ٹِھٹھر جانا ؛ پائپ وغیرہ کا برف سے بھر جانا ؛ خوف سے ٹھنڈا یا سُن ہو کر رہ جانا ؛ برف بننے سے جُڑ جانا ؛ سردمہری کا اظہار کرنا ؛ سردی سے ٹھٹھر کر زخمی ہونا یا مر جانا ۔ (فعلِ متعدی) سردی سے جما دینا یا منجمد کر دینا ؛ جما کر برف بنا دینا ؛ یخ بستہ کر دینا ؛ سردی اور کپکپی پیدا کر دینا ؛ پائپ وغیرہ کا برف سے بند ہو جانا ؛ خوف سے سُن کر دینا ؛ برف کے ذریعے جوڑ دینا یا پیوست کر دینا ؛ جما کر سخت یا ٹھوس کر دینا ؛ خوف یا صدمے سے بے حِس و حرکت کر دینا ؛ پالے یا سردی سے زخمی کرنا یا مار دینا ؛ خوراک کو یخ بست کر دینا ؛ سردی سے سُن کر دینا یا بے ہوش کرنا ؛ سرد مہری دکھانا؛ اجرتوں ، کرایوں یا قیمتوں کو ایک خاص سطح پر لے آنا ؛ قانوناً اثاثوں ، قرضوں یا رقوم کے استعمال یا حصول یا تصفیے کو روک دینا ۔ (اسم) عملِ انجماد ؛ شدید سردی کی موسمی حالت ؛ یخ بستگی ۔

freezable, a. قابلِ انجماد ۔

freeze-dry, v.t. (کیمیا) یخ خشک کرنا ؛ کسی اُونچے سے خلا میں کمرے کے درجۂ حرارت پر تحفُّظ کی خاطر یخ بستہ خوراک ، ویکسین اور خون کے پلازمه کو خشک کر لینا ۔

freezer, n. یخ بند ؛ انجمادیہ ؛ فریزر ؛ جمانے والا یا جمی ہوئی شے ؛ وہ الماری ، کمرہ یا ریفریجریٹر جس کا درجۂ حرارت ضائع ہو جانے والی خوراک کو یخ بستہ کرنے کے لیے صفر سے نیچے رکھّا گیا ہو ؛ آئس کریم بنانے کی مشین ؛ انجمادی مشین ؛ سردابہ ۔

freezing point, n. (طبیعیات) نُقطۂ انجماد ؛ وہ درجۂ حرارت جس پر کوئی سیال جم جاتا ہے (پانی کا درجہ انجماد صفر ڈگری سنٹی گریڈ یا ۳۲° فارن ہائٹ ہے)۔

free zone, n. آزاد منطقه ؛ کسی بندرگاہ یا شہر کا وہ حلقہ جہاں اشیا کسٹم ، محصولات کے بغیر وصول یا ذخیرہ کی جا سکتی ہیں ۔

F-region, n. ف منطقه ؛ آئیونی فضا والے منطقوں میں سے سب سے اُوپر والا منطقہ جہاں F پرتیں نشوونُما پاتی ہیں ۔

freight, n. فریٹ ؛ کرایہ باربرداری؛ امریکا اور کینیڈا میں بری ، بحری یا فضائی ذریعے سے ایکسپریس کے بجائے عام باربرداری کے وسائل سے مال وغیرہ کی نقل و حمل ۔ (برطانوی) مال و اسباب کی نقل و حمل بذریعہ بحری جہاز ؛ اس نوعیت کی باربرداری کا کرایہ ۔ (امریکا ، کینیڈا) لادے جانے والے مال اسباب یا اس کا کُچھ حصّہ جس کا برّی ، بحری یا فضائی کرایہ واجب الادا ہو ۔ (برطانوی) بانی (سمندر) کے ذریعے لایا گیا مال ۔ (امریکا ، کینیڈا) موٹرکاروں کی قطار جس کے ذریعے مال و اسباب یا سامان تجارت کی نقل و حمل ہو ، اسے فریٹ ٹرین کہا جاتا ہے ۔ (فعلِ متعدّی) مال و اسباب کا لانا ، لے جانا ؛ کرایہ ادا کر کے مال بھیجنا ؛ کہیں بھیجنے کے لیے سامان لادنا ؛ عموماً لادنا ؛ بوجھ لادنا ۔

freightage, n. مال لدوائی ؛ مال لدوانے کا کرایہ ؛ فریٹ ؛ لدا ہوا مال ؛ لدوائی ۔

freighter, n. مال بردار جہاز ؛ مال وصول کر کے اسے کسی منزل پر پہنچانے کا کاروبار کرنے والا ؛ وہ شخص جس کے نام مال ارسال کیا گیا ہو ؛ مال لاد کر ارسال کرنے والا۔

fremitus, n. (طِب) اِرتعاش ؛ لرزہ ؛ محسوس دھڑکنیں (جیسے سینے کی دیواروں کی)۔

French, a. فرانس یا فرانسیسی باشندوں کا یا اس کی ثقافت سے متعلّق یا مخصوص۔ (اسم) فرانس ؛ بلجیم اور سوئزرلینڈ کے کچھ حصّوں نیز سولھویں صدی عیسوی کے بعد فرانسیسی نوآبادیات میں شامل بعض دیگر ممالک میں بولی جانے والی رُومی نژاد زبان ؛ فرانسیسی قوم من حیث المجموع ۔

Frenchman, n. فرانسیسی ؛ فرانس کا باشندہ یا وہ جس نے وہاں کی شہریت اختیار کر لی ہو ۔

Frenchwoman, n. فرانس کی رہنے والی؛ وہ عورت جس نے فرانسیسی شہریت اختیار کر لی ہو ۔

french, v.t. (کبھی کبھی بڑے F کے ساتھ) (طبّاخی) فرانسیسی طریقے سے کھانا پکانا ، خاص کر پکانے سے پہلے پھلیوں کو طولاً پتلی صورت میں کاٹنا ۔

French Canada, n. فرانسیسی کینیڈا؛ کینیڈا کا صُوبہ کیوبک ؛ وہاں کا باشندہ یا اخلاف ۔

French chalk, n. فرنچ چاک ؛ ایک قسم کی کھریا مٹّی جس سے درزی کپڑے پر لکیریں ڈالتے ہیں ۔

french chop, n. فرنچ چانپ؛ بھیڑ یا میمنے کی پسلی کا قتلہ جو اس کی ہڈّی کے سرے سے گوشت کُھرچ کر بنایا گیا ہو ۔

french cuff, n. فرنچ کف؛ دوہرا کف ؛ قمیص کی آستین کے آخر میں بنایا گیا لمبا کف جسے دوہرا کر کے اس میں بٹن یا تسمہ ٹانک دیا جاتا ہے ۔

French doors, n. دو پٹا دروازہ ؛ دروازے کے دونوں پٹ جو مکمّل شیشے دار ہوں اور ایک دوسرے کے بالمقابل قبضے دار فریم میں لگے ہوں اور درمیان سے کُھلتے ہوں ۔

French dressing, n. (طبّاخی) ایک قسم کا امریکی سلاد جس کو گرم مسالہ ، روغن اور سرکہ وغیرہ ڈال کر خوب چٹپٹا بنایا گیا ہو۔

French fried, a. فرنچ فرائی؛ خُوب گھی وغیرہ ڈال کر تلی گئی کوئی شے خصوصاً آلو کی قاشیں ۔

French fries, n. (اکثر چھوٹے f سے) اس طریقے پر تلی ہوئی آلو کی قاشیں ۔ (برطانوی) چپس ۔

French heel, n. فرنچ ہیل؛ عورتوں کے جوتوں کی خوبصورت خم دار اونچی ایڑی ۔

French horn, n. پیتل کا پیچ در پیچ آلۂ موسیقی جو مُنھ سے پھونک کر بجایا جاتا ہے اور دہانے سے آہستہ آہستہ پھیلتا ہوا دوسرے سرے تک گھنٹی کی شکل اختیار کر لیتا ہے؛فرانسیسی باجا۔

Frenchify, v.t., v.i. فرانسیسی بنانا ؛ فرانسیسی کے طور پر ظاہر

frequently, adv. اکثر؛ تھوڑے تھوڑے وقفے کے ساتھ ؛ بار بار ؛ عموماً ؛ مُسلسل ۔

frequentative, a. (گرامر) تکراری ؛ فعل یا فعل کی کسی ایسی صورت کا مظہر یا اس سے متعلّق جس سے کسی عمل کے تکرار کا اظہار ہوتا ہو۔ (اسم) وُہ فعل جس میں عام طور پر le یا er کا لاحقہ لگا کر اصل فعل کے اعادے یا تکرار کی وضاحت ہوتی ہے (جیسے : dab-ble, chatter) ۔

fresco, n. فریسکو ؛ رنگ آمیزی ؛ استر کاری ؛ پلستر کی ہوئی دیوار یا چھت پر نقش آرایی کا ایک طریقہ ؛ اگر پلستر سوکھنے سے پہلے نقّاشی کی جائے تو اسے سچّی نقّاشی اور پلستر کے سوکھ جانے پر کی جائے تو اسے خُشک نقّاشی کہا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) فریسکو کا رنگ چڑھانا ؛ فریسکوئی نقش بنانا ۔

frescoer, n. فریسکوئی نقّاش ۔

frescoing, n. فریسکوئی نقاشی کرنے کا عمل ؛ فریسکوئی آرایش ؛ فریسکو کاری ۔

fresh, a. تازہ؛ جدید؛ نیا؛ تر ؛ آبی نہ کہ نمکی ؛ پھیکا ؛ خالص ؛ صحت مند اور توانا ؛ قوّی ؛ روشن ؛ واضح ؛ وقت کی دستبرد سے پاک ؛ حال ہی میں نمویافتہ یا حاصل شُدہ ؛ دُودنادیدہ ؛ نایخ بستہ یا نامحفوظ ؛ درست حالت میں ؛ ناپژمردہ یا نابوسیدہ ؛ تازہ دم ؛ محنت و مشقّت سے نڈھال نہ ہونے والا ؛ سرسبز ؛ شاداب ؛ تروتازہ ؛ ہرا ؛ پُرشباب ؛ چاق چوبند ؛ ناتجربہ کار ؛ ناتربیت یافتہ ؛ اناڑی ؛ نووارد ؛ اصلی ؛ اضافی ؛ جو پہلے معروف نہ ہو۔ (موسمیات) درمیانے درجے کی تیز ہوا ۔ (بول چال) غیر مؤدب ؛ غیر متواضع؛ناشایستہ ۔ (بول چال) تھوڑا سا مخمور ۔ (اسم) تازہ پانی کا چشمہ ؛ وقت کا ابتدائی اور تازہ حصّہ ۔ (متعلّق فعل) بالکل ابھی ابھی ۔

freshen, v.t. تازہ کرنا ؛ تازہ دم کرنا ؛ تجدید کرنا ؛ از سرِ نو رائج کرنا ؛ نمک سے پاک کرنا (نمکینی دور کرنا) ۔ (فعل لازم) تازہ دم ہونا ؛ توانا تر ہونا ؛ تیز تر ہونا (جیسے ہوا کا) ؛ اپنے آپ کو صاف یا چاق چوبند بنانا (بعد میں عموماً up لگاتے ہیں) ۔

freshner, n. تازہ کنندہ ؛ تازگی بخش ۔

freshet, n. تازاب ؛ سیلاب ؛ تازہ پانی کی چھوٹی سی نہر ؛ دریائی سیلاب یا طغیانی (زیادہ بارشوں یا برف کے پگھلنے سے) ۔

freshman, n., a. کسی ہائی‌اسکول یا یونیورسٹی میں سال اوّل کا طالب علم ؛ نوآموز ۔

fresh-water, a. تازابی ؛ تازہ پانی یا غیر نمکین پانی کا یا اس سے متعلّق ؛ تازہ پانی میں رہنے والی مچھلی یا دیگر آبی جانوروں سے متعلّق ؛ دریاؤں کے تازہ پانیوں میں رہنے کا عادی ؛ کم تجربہ کار یا سپاہیوں کی طرح نوآموز ؛ کم حاصل یا کم مقام (جیسے : a fresh-water college) ۔

fret, v.i. برہم ہونا یا غُصّے میں آنا ؛ پریشان ہونا ؛ چڑچڑے پن کا اظہار کرنا ؛ کسی چیز کا کھایا جانا ؛ بوسیدہ ہونا یا تیزاب زدہ ہو جانا ؛ تہ بالا ہونا ؛ کتر کھانا ؛ تیزابیت سے کھایا جانا ؛ ایسے عمل سے راستہ بنا لینا ؛ اضطراب یا ہیجان کے عالم میں حرکت کرنا جیسے پانی ۔ (فعل متعدّی) تنگ کرنا ؛ برافروختہ کرنا ؛ خفا کرنا ؛ کاٹ کھانا ؛ اندر تک کھاتے چلے جانا ؛ مَل کر یا گھس کر ختم کر دینا ؛ گھس کر سوراخ کر دینا ؛ سمندر وغیرہ کے اندر ہلچل سی مچا

کرنا ؛ فرانسیسی مذاق یا طور طریقوں کا رنگ چڑھا دینا ؛ فرانسیسی بنا دینا ۔

French leave, n. مناسب اطلاع یا اجازت کے بغیر رُخصت ؛ خُفیہ یا فوری روانگی ۔

French pastry, n. دلپذیر زیبایش والی شیریں بھری ہوئی پیسٹری ۔

French telephone, n. ایک ہی چونگے والا ٹیلیفون جس پر بات سنی یا سنائی جا سکے ۔

French toast, n. فرنچ ٹوسٹ : دُودھ میں پھینٹے ہوئے اور انڈے میں ڈبو کر تلے ہوئے ڈبل روٹی کے ٹُکڑے جو عموماً چینی یا شربت کے ساتھ کھانے کے لیے پیش کیے جاتے ہیں ۔

French window, n. دو پٹی کھڑکی ؛ وہ فریم والی کھڑکی جس کے شیشے دار روغن کیے ہوئے پٹ بیچ میں کُھلتے ہوں ۔

frenetic, phrenetic, a. مغلوب الغیظ ؛ شوریدہ سر ؛ برافروختہ ۔

frenum, fraenum, n. (تشریح الاعضا) قیداللسان ؛ وہ چھوٹا سا پٹھا یا رگ جس سے کسی عضو کی حرکت قابو میں رہتی ہے جیسے تندوا جو زبان کی نچلی جانب کو قابو میں رکھتا ہے ؛ بندِ زبان ؛ جیب تانت؛ تانتوا ۔

frenzy, n. شوریدگی ؛ شدید ذہنی انتشار جو عارضی جنون کی حد تک پہنچ گیا ہو ؛ غُصّے یا جوش کی ہذیانی کیفیّت ؛ ہذیان ؛ سودا ۔ (فعل متعدی) ہذیانی بنا دینا یا سودائی کر دینا ؛ برافروختگی کی کیفیت پیدا کر دینا ۔

Freon, n. (کیمیا) فریون : آٹے کی شکل میں ہائیڈروکاربن کا کوئی ایک گروپ جو مبرّدات اور ہواسم کے محرّکات کا کام دے ۔ (تجارتی نشان) ۔

frequency, frequence, n. تعدّد ؛ کثرت سے واقع ہونے کی حالت و صورت ؛ بکثرت وقوع پذیری یا شرح اعادہ و تکرار۔ (طبیعیات) کسی قسم کے واقعے کی باقاعدگی کے ساتھ کسی زمانی اکائی میں وقوع پذیری ؛ کسی باہم متبادل برقی رو کی یا دوسری لہروں کی فی ثانیہ (سیکنڈ) مکمّل تبادلات یا گردش کی تعداد ؛ تعدّد ارتعاش۔ (ریاضی) کسی مخصوص قدر یا خصائص کے وقوعوں کی امکانی وقوعوں کی نسبت سے تعدّاد۔

frequency distribution, n. (شماریات) تعدّد بندی ؛ عموماً گراف کی صورت میں اعداد کی ترتیب جس میں کسی متغیّرہ کی امکانی اقدار کے وقفوں یا زُمروں میں مزید جماعت بندی کی جائے ۔

frequency modulation, n. (برقیات) زیروبمی تعدُّد ؛ نشریات کا وہ نظام جو بیرونی برقی مداخلت سے پاک ہوتا ہے اور اس میں نشری لہروں کی تکرار میں اشارے کے مطابق تبدیلی ہوتی رہتی ہے ؛ نشریات کا وہ نظام جو اس صورت کی کمی بیشی سے کام لیتا ہے ۔ مخفف : FM,F.M. ۔

frequent, a. متعدد ؛ کثیر الوقوع ؛ تھوڑے تھوڑے وقفوں کے ساتھ وقوع پذیر ہونے والا ؛ بکثرت آنے والا (مہمان وغیرہ) ؛ بار بار آنے والا ؛ عادی ؛ لگا تار ؛ مکرّر ؛ اکثر ؛ اکثر اوقات؛ بہت ۔ (فعل متعدی) کسی شخص کے پاس بار بار جانا یا کسی جگہ پر بکثرت جانا؛ بار بار کہیں جانا ۔

frequentation, n. کہیں بار بار جانے کا رواج یا اقدام؛ تکرّر ؛ بار بار آنے جانے کا عمل ۔

frequenter, n. اکثر کہیں آنے جانے والا ۔

دینا ؛ کاٹنا ؛ کُترنا ۔ (اسم) عالمِ اضطراب و ہیجان یا برافروختگی ؛ فرسودگی یا بُردگی ؛ کٹاؤ ؛ آب بُردگی ؛ آب بُردہ جگہ ۔

fret, n. ایک قسم کا زیور ؛ پٹیّوں یا فیتوں کو جوڑ کر بنائی گئی ایک سجاوٹ جس میں خطوطِ مستقیم کو عام طور پر چٹائی بُنت یا زاویہ قائمہ کے ساتھ ترتیب دے کر نقش و نگار بنائے جاتے ہیں ؛ اس طرح کی منبّت کاری ؛ چٹائی بُنت ۔ (فعل متعدی) منبّت کاری کرنا ؛ اس طرح سجانا ، بنانا ؛ چٹائی بُنت دینا ۔

fret, n. (موسیقی) تاروں والے ساز پر انگلیوں سے پردوں کے دبانے کے لیے کھونٹیوں کی قطار جو سُر کو حسبِ حال کرنے میں مدد دیتی ہے ۔

fretful, a. تُنک مزاج ؛ چڑچڑا یا غصیل ۔

fret saw, n. کٹاؤ کے کام کے لیے چھوٹی آری ؛ جِھریاں کاٹنے والی آری ۔

fretwork,n. ابھرواں کام ؛ سجاوٹی کام ، عموماً واضح ؛ لکڑی پر کیا گیا کٹائی کا سلسلہ وار کام : منبّت کاری ۔

Freudian, a. فرائڈی ؛ [آسٹروی طبیب سگمنڈ فرائڈ (۱۸۵۶ـ۱۹۳۹ء) کے نام پر جو تحلیل نفسی اور امراضِ دماغی کا ماہر تھا] فرائڈ کا ، اس سے یا اس کے قریبی رفقا اور اس کے نظریات سے متعلق، خصوصاً اعصابی خلل اور دماغی امراض پیدا ہونے کی حالت ، ان کے علاج معالجے اور خوابوں کی تعبیر وغیرہ ۔ (اسم) فرائڈ کے نظریات کا حامی ؛ معتقدِ فرائڈ ۔

friable, a. زود ریز ؛ جلد ٹُوٹ پھوٹ جانے والا یا چور چور ہو جانے والا ؛ بُھربھرا ؛ بآسانی ریزہ ریزہ ہو جانے والی (چٹان یا زمین وغیرہ) ۔

friar, n. رومن کیتھولک کے مختلف مذہبی سلسلوں یا برادریوں میں سے کسی ایک سے تعلق رکھنے والا شخص خصوصاً عیسائی درویش ؛ راہب ۔

friar's lantern, n. دیکھیے : ignis fatuus ۔

friary, n. صومعہ ؛ ڈیرا ؛ عیسائی درویشوں کا ڈیرا ؛ عیسائی درویشوں کی برادری ؛ عیسائی راہبوں کی خانقاہ ۔

fribble, a. بیہودہ ؛ معمولی ؛ ناشایستہ ؛ چھچھورا ؛ سفلہ ؛ اوچھا ۔ (فعل متعدی و لازم) ضائع کر دینا ؛ کھو دینا ؛ برباد کر دینا ؛ سبک سری سے کام لینا ؛ چھچھورے پن سے کام لینا ۔

fricandeau, fricando, n. بچھڑے کا یا کوئی اور گوشت جسے سُور کی چربی وغیرہ ڈال کر دم پُخت کیا گیا ہو اور چٹنی کے ساتھ پیش کیا جائے ۔

fricassee, n. بچھڑے یا مرغی کے گوشت کے تِکّے جن کو دم پخت کر کے اسی گوشت کی یخنی سے بنی ہوئی چٹنی کے ساتھ کھایا جاتا ہے ۔ (فعل متعدّی) اس قسم کے قتلے یا تِکّے تیّار کرنا ۔

fricative, a., n. (صوتیات) فرکی ؛ صفیری ؛ وہ حروف صحیح جو مُنہ کم کُھلا ہونے کی حالت میں سانس کی رگڑ سے ادا ہوتے ہیں ، جیسے f,v,th,TH, S, z, Sh, zh, h ۔

friction, n. رگڑ ؛ فِرک ؛ کسی ایک جسم کی دوسرے کے ساتھ رگڑ یا گھساؤ ۔ (میکانیات ، طبیعیات) وہ مزاحمت (حرکتِ اضافی) جو ایک دوسرے کے ساتھ رگڑ کھانے ، ٹکرانے یا ہلنے سے پیدا ہو ؛ مزاج یا رائے کا تصادُم ۔ (عوامی) اختلاف ؛ ٹکراؤ ۔

frictional, a. فِرکی ؛ رگڑ کا ؛ رگڑ سے متعلق یا رگڑ کی خصوصیت والا ؛ رگڑ سے بلا ہوا ، کام میں آیا ہوا یا پیدا شدہ ۔

friction clutch, n. (میکانیات) فَرکی پنجہ ؛ فَرکی کلچ ؛ ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا سا جُفتہ جو دو حصّوں کو یا حصّوں کے نظاموں کو آپس میں یوں ملائے کہ ایک کی گردشی حرکت باہمی رگڑ کے ذریعے دوسرے میں منتقل ہو جائے ۔

friction drive, n. (میکانیات) توانائی منتقل کرنے کا نظام جس کے ذریعے چلانے اور چلنے والے کَل پُرزوں میں باہمی رگڑ کھانے کے سبب حرکت منتقل ہوتی ہے اور یوں رفتار کی شرحوں میں وسیع فرق ممکن ہو جاتا ہے ۔

friction tape, n. (برق) رگڑ فیتہ ؛ فَرکی فیتہ ، ایک قسم کی کپڑے کی ٹیپ جو چپک بھی جاتی ہے اور اتاری بھی جا سکتی ہے ۔

Friday, n. جُمعہ ؛ عیسوی طریقے سے ہفتے کا چھٹا دن ؛ جمعرات کے بعد آنے والا دن ؛ آدینہ ؛ وہ دن جسے مسلمان یوم الرّاحت سمجھتے اور بڑی مسجد میں جمع ہو کر نماز پڑھتے ہیں ؛ مسلمانوں میں تعطیل کا دن ۔

fridge, n. (عموماً برطانیہ اور کینیڈا میں) (بول چال) فریج ؛ ریفریجریٹر ۔

friend, n. دوست ؛ ساتھی ؛ آشنا ؛ رفیق ؛ سجن ؛ یار ؛ ہمدم ؛ خیرخواہ ؛ بیلی ؛ محبّت و احترام کے واسطے ایک دوسرے کے ساتھ وابستہ ؛ بے تکلُّف ؛ واقف کار ؛ ایک ہی قوم یا سیاسی گروہ کا فرد ۔ (بڑے F سے) Society of Friends کا رکن ، ایک مسیحی فرقہ جو Quakers کہلاتا ہے ؛ سرپرست ؛ مرّبی ۔

friend at court,
friend in court, ایسا دوست جو دوسروں سے وابستہ کسی دوست کے مفاد کو فروغ دینے کی پوزیشن میں ہو ۔

friendless, a. بے یارومددگار ؛ بے دوست ۔

friendly, a. دوست کی طرح پیش آنے والا ؛ دوست جیسا ؛ دوست پرور ؛ ساتھ دینے ، مدد کرنے یا سہارا دینے کی طرف مائل ؛ مہربان ۔ (متعلق فعل) دوستانہ طریقے سے ؛ دوست کی طرح ؛ دوست داری سے ۔

friendship, n. دوستداری ؛ دوستی ؛ یاری ؛ باہمی احترام کا تعلّق ؛ باہم یارانے کا احساس ۔

frier, n. دیکھیے : Fryer ۔

Friesian, a. دیکھیے :Frisian ۔

frieze, n. گوٹ ؛ اِفریز ؛ ایک قسم کا موٹا اُونی کپڑا جس کی ایک جانب ناہموار کھردری سی روئیں ہوتی ہیں ۔

frieze, n. (فنِ تعمیر) ستون کے اوپر کا ایک حصّہ جو وسطی کڑی اور اندرونی کگر کے درمیان ہوتا ہے جو عام طور پر سنگتراشی اور آرایشی کام سے مزین ہوتا ہے ۔

frigate, n. فریگیٹ ؛ اصلاً ایک تیز رفتار چھوٹی والا جنگی جہاز ؛ بعدہ کوئی بھی بادبانی جنگی جہاز ؛ آج کل امریکی بحریہ کا ایک تباہ کُن قسم کا بحری جہاز جو کروزر (Cruiser) سے چھوٹا اور تباہ کن (destroyer) سے بڑا ہوتا ہے ۔

frigate bird, man-o-war bird, n. فرقتہ ؛ ایک لمبے بازوؤں اور قینچی نُما دُم والا کالے رنگ کا پرندہ جو گرم پانیوں میں ہوتا ہے اور بے پناہ قوّت

پرواز رکھتا ہے ۔

fright, n. دفعتاً پیدا ہو جانے والا شدید خوف ؛ ڈر ؛ دہشت ۔ (بول چال) وہ شے یا شخص جو دیکھنے میں مضحکہ خیز، ڈراؤنا ، بھیانک ، ناگوار اور مکروہ لگے ۔ (فعل متعدی) ڈرا دینا ؛ چونکا دینا ؛ دہشت زدہ کر دینا ۔

frighten, v.t., v.i. خوف زدہ کرنا ؛ دہشت زدہ کرنا ؛ ڈرا دینا ؛ یک دم چونکا دینا ؛ ڈرا کر بھگا دینا ؛ خوف زدہ ہو جانا وغیرہ وغیرہ ۔

frightening, a. خوفناک ؛ دہشت انگیز ۔

frighteningly, adv. دہشت زدگی سے ۔

frightful, a. دہشت انگیز ؛ ہیبت ناک ؛ بھیانک ؛ مہیب یا لرزا دینے والا ۔ (بول چال) ہولناک یا ڈراونا ؛ انتہائی درجے کا (جیسے : a frightful fool) ۔

frigid, a. بارد ؛ سخت سرد بلحاظِ درجۂ حرارت ؛ گرمیٔ جذبات سے محروم ؛ سرد مہر یا بے پروا ؛ بے تپاک یا بے احساس ؛ بے لچک یا رُوکھا ؛ حد سے زیادہ سُست یا جنسی طور پر ٹھنڈا ؛ لاتعلّق ؛ ہمدردی، جذبے یا احساس سے عاری ۔

frigidity, frigidness, n. برودت ؛ سردمہری ؛ لاتعلّقی ؛ بے تپاکی ؛ جمُود ؛ کمزوری ۔

Frigidaire, n. برقی ریفریجریٹر ؛ فریج ؛ فریزر ؛ یخ دار ؛ سردابہ ؛ سردآلہ ۔ (تجارتی نشان) ۔

frigorific, a. مبرّد ؛ یخ بستہ کر دینے والا ؛ ٹھنڈا کرنے والا ؛ سردا دینے والا ؛ کپکپا دینے والا ۔

frijol, frijole, n. سُرخ لوبیا ؛ ایک قسم کا لوبیا جو میکسیکو میں عموماً بطورِ خوراک استعمال ہوتا ہے ۔

frill, n. حاشیہ ؛ جھالَر ؛ سنجاف ؛ کپڑے یا فیتے کی پٹّی جو ایک طرف سے شکن آلود یا چُنٹ والی اور دُوسرے سِرے پر ڈھیلی ہوتی ہے اور کپڑوں کے کناروں پر ٹانکی جاتی ہے ؛ اسی طرح کی کٹی ہوئی کاغذی جھالر جو عموماً ہڈّی دار گوشت،مثلاً چانپ کے ٹُکڑوں پر بطورِ آرایش لگاتے ہیں ؛ کُتّوں یا پرندوں وغیرہ کی گردن کے جھبرے بال ؛ پرتکلّف اور مصنوعی انداز ؛ اسراف یا بے کار فضول خرچی (اشیاء اخراجات وغیرہ) ۔ (فعل متعدی و لازم) جھالر دار کرنا ؛ جھالر بنانا ۔ (عکّاسی) فلم کے کناروں کاسلوٹی ہو جانا یا کسی فوٹوپلیٹ پر جیلاٹِین کی تہ چڑھانا ۔

frilling, n. جھالریں ؛ حاشیہ کاری ؛ حاشیہ دار جھالر لگانے کا کام ؛ جھالری تراش ۔

fringe, n. جھالر ؛ کور ؛ لیس ، فیتے یا دھاگے وغیرہ سے سجایا ہوا حاشیہ جیسے کسی پٹّی یا کپڑے کے کنارے سے لٹکایا جاتا ہے جیسے کپڑوں یا گھر کی آرایشوں سے ؛ جھالر یا حاشیے سے ملتی جلتی کوئی شے ؛ کوئی شے جس کی حیثیت یا اہمیت اصلی غرض و غایت کی نسبت حاشیے یا کنارے یا اضافے کی ہو ؛ ثانوی یا ذیلی حیثیت کی کوئی شے ؛ رائے عامہ سے الگ سوچ رکھنے والا گروہ ؛ عموماً انتہا پسند ۔ (بصریات) نگاہوں کے آگے روشنی کی مداخلت یا انتشار یا انکسار سے پیدا ہونے والی سفید یا سیاہ سی دھاریاں ؛ ترمرے ۔ (فعل متعدی) جھالر لگا کر سجانا یا خوبصورت بنانا ؛ حاشیے یا کنارے کا کام دینا یا حاشیہ یا کنارہ بننا۔

fringy, a. قدرے جھالر دار ؛ معمولی سا حاشیہ دار ۔

fringe area, n. وہ علاقہ جس میں کسی نشریاتی سٹیشن (نشرگاہ) کی موصولات مسخ ، کمزور اور گڈ مڈ ہوں ؛ مقبول رائے عامہ یا منظر عام سے ہٹ کر کوئی رائے (جیسے : a fringe area of discussion) ۔

fringe benefit, n. اضافی سہولت جیسے رُخصت مع تنخواہ ؛ بیمے اور پنشن کی مراعات ، تنخواہ یا اجرت کے علاوہ ۔ (مجازاً) کوئی اچانک فائدہ ۔

fringe tree, n. جنوبی امریکا میں پایا جانے والا زیتونی قسم کا سفید پُھولوں کے گُچھوں والا چھوٹا سا درخت یا پودا جس کے پُھول کی پتیّاں لمبی اور پتلی ہوتی ہیں ۔

frippery, n. ٹھاٹھ ؛ ٹِیپ ٹاپ ؛ لباس میں نفاست پسندی جو بھونڈے پن اور دکھاوے کی حد تک چلی جائے ؛ اس قسم کی کوئی پُرنمود شے ؛ بھڑکیلی آرایش ؛ بے وقعت چیزیں ۔ (مجازاً) خالی ٹِیپ ٹاپ ؛ جُھوٹا طمطراق؛ محض دکھاوا؛ تفخُر ؛ بھڑک ۔

Frisian, Holstein, a., n. ہالینڈ کے صوبے فریزلینڈ کا یا اس سے متعلق ؛ وہاں کے باشندے یا ان کی بولی ۔ (برطانوی) ہالسٹین ۔

frisk, v.i. رقص کرنا ؛ اُچھلنا کودنا ؛ ناچنا؛ مٹکنا ؛ رنگ رلیوں میں اچھلنا ۔ (فعلِ متعدی) جامہ تلاشی کے ذریعے مال مسروقہ ، خفیہ اسلحہ یا دیگر اشیا برآمد کرنا ۔ (اسم) کود؛ چھلانگ یا اُچھل ؛ ناچ میں اچھل کود ؛ تلاش کرنے یا برآمد کرنے کا عمل ۔

frisket, n. (طباعت) کٹے ہوئے حصّوں والی شیٹ یا ایسی شیٹ قابو میں رکھنے والا فریم جسے فرمے پر یوں رکھّا جاتا ہے کہ مخصوص حصّے ہی طبع ہو سکیں ۔

frisky, a. کِھلاڑی ؛ شوخ ؛ کھلنڈرا ؛ اچپل ؛ چنچل ؛ چُلبلا ؛ کھیل کود کا شوقین ؛ شغلی ؛ موجی ؛ زندہ دِل ۔

friskiness, n. زندہ دِلی ؛ شوخی ؛ کھلنڈرا پن ؛ لاابالی پن ۔

frit, n. (شیشہ سازی) خمیر شیشہ ؛ فرٹ ؛ آتش دیدہ لئی جو پگھل کر شیشہ بن جانے کو تیّار ہو۔ (ظروف سازی) وہ نیم سوختہ مواد جو چکنے روغن کے لیے بُنیاد کا کام دیتا ہے ؛ وہ مرکب جس سے مصنوعی طور پر نرم پورسلین اور اس کے ظروف تیّار کیے جاتے ہیں۔ (فعلِ متعدّی) لئی تیّار کرنا؛ پگھلا کر نرم کرنا ۔

frith, n. دیکھیے : Firth ۔

fritillaria, n. چتلا پُھول؛ سوسن جنس (Fritillaria) سے متعلّق کوئی پودا جو گانٹھ دار بُوٹی پر مشتمل ہوتا ہے اور جس کے گھنٹی نُما پھول نیچے کی طرف جُھکے ہوئے ہوتے ہیں ۔

fritillary, n. (نباتیات) مذکورہ بالا پودا ۔ (حیوانیات) چتلی تیتری یا اس سے متعلّق نسل کی کوئی سی تتلی جو بُھورے رنگ کی اور دھبوں بھری ہوتی ہے ۔

fritter, v.t., v.i. برباد کر دینا یا تھوڑا تھوڑا کر کے خرچ کر دینا ؛ بے کار یا چھوٹی چھوٹی چیزوں پر روپیہ صرف کر دینا ؛ بیہودہ طریقے سے خرچ کر دینا؛ چھوٹے چھوٹے حصّوں یا ٹُکڑوں میں کاٹنا یا تُوڑنا ؛ ٹُکڑے ٹُکڑے ہو جانا؛ الگ الگ ہو جانا؛ کم ہو جانا ؛ سکڑنا یا سمٹ جانا ۔ (اسم) ٹُکڑا ؛ دھجّی ؛ چیتھڑا ۔

fritter, n. انڈے اور آٹے کو دودھ یا پانی میں پھینٹ کر بنایا ہوا کیک جِسے اچھی طرح سے گھی میں خستہ کیا گیا

ہو، کبھی کبھی اس میں گوشت یا پھل بھی بھرا جاتا ہے۔

frivol, v.i., v.t. بیہودگی سے پیش آنا ؛ بیہودہ سرائی کرنا ؛ فضول بات کرنا ؛ فضول راہوں یا مدوں میں خرچ کرنا ؛ بے مقصد روپیہ اڑا دینا (بعد میں away لگاتے ہیں) ۔

frivolity, n. ہرزہ سرائی ؛ سُبکی ؛ فضول خرچی ؛ بیہودہ عمل ، عادت یا بیکار شے ۔

frivolous, a. سبک سر ؛ نکمّا ؛ غیر سنجیدہ ؛ کم وزن ؛ بے وقعت یا بے اہمیّت ؛ حقیر ؛ مکروہ ؛ ناشایستگی میں مخصوص ؛ بیہودہ ۔

frizz, friz, v.t., v.i. بالوں کو مضبوطی سے بل دینا ؛ چھوٹے چھوٹے تنگ سے گھنگھریالے کنڈلوں کی صورت دینا ؛ چوٹی گوندھنا ؛ گھنگریالے ہو جانا ؛ بَل دار ہو جانا ۔ (اسم) گھنگریالے یا خم خوردہ بال ؛ تابدار ؛ پر پیچ ؛ بل کھائے ہوئے بال ؛ پیچ ؛ بل ۔

frizz, v.i., v.t. شراٹا پیدا کرنا یا پیدا ہونا ؛ کڑکڑانے کی آواز پیدا ہونا ؛ تلتے ہوئے تڑ تڑ کی آواز پیدا کرنا یا اس کا پیدا ہونا ۔

frizzle, v.t., v.i. چھوٹے چھوٹے بل دے کر کھونگریالے بنانا جیسے بل دار بنانا (بالوں کا) ۔

frizzle, v.i., v.t. شراٹا پیدا کرنا یا پیدا ہونا (جیسے تلتے ہوئے کڑکڑانے کی آواز نکلتی ہے) ؛ یوں تلنا کہ شراٹے کی آواز نکلے ؛ تل دے کر بل دار یا خستہ بنا دینا ۔ (اسم) تنگ یا گھنگریالا حلقہ ؛ شراٹا ؛ کڑکڑانے کی آواز ۔

frizzly, frizzy, a. گھنگریال ؛ بہت ہی خمدار ؛ بل دار ۔

frizzily, adv. خم کھائے ہوئے ؛ بل کھائے ہوئے ۔

fro, adv. سے پرے ؛ پیچھے یا پیچھے کی جانب ؛ آگے پیچھے (جیسے : to and fro) ؛ اِدھر ادھر ؛ وہاں سے ؛ یہاں سے ۔ (حرف جار) (اسکاٹستانی) ''سے'' ۔

frock, n. فراک ؛ عورتوں کا پہناوا ؛ درویشوں ، پادریوں وغیرہ کا بڑی آستین کا لمبا کرتا یا چوغہ ؛ راہب یا پادری کا عُہدہ ؛ کسانوں اور مزدوروں کا لباس کے اوپر پہننے والا ڈھیلا ڈھالا کرتا یا ڈانگری ؛ لبادہ ؛ بچّوں کا فراک ۔ (فعل متعدی) فراک پہنانا ؛ پادری وغیرہ بنانا ۔

frock coat, n. فراک کوٹ ؛ دوہرے سینے والا گھٹنوں تک لمبا مردانہ چُست کوٹ ۔

froe, n. دیکھیے : Frow ۔

frog, n. مینڈک ؛ غُوک ؛ فرباغہ ؛ جغار ؛ فرغو ؛ ڈڈّو ؛ بے دُم جل تھلیوں کی متعدّد اقسام میں سے کوئی ایک ، اس کے پاؤں جھلی دار ہوتے ہیں اور پچھلی ٹانگیں اس قدر مضبوط ہوتی ہیں کہ بآسانی اچھل سکتا ہے ؛ گلے میں بلغم کی وجہ سے خفیف سی گلوگرفتگی یا آواز میں بھراہٹ ؛ گھوڑے یا دیگر کُھروں والے جانوروں کے تلوے میں تکونا سخت سا مواد ؛ ریل کی پٹڑی میں اس جگہ لگا ہوا لوہے کا نالی دار ٹُکڑا جہاں دو پٹڑیاں ایک دوسرے کو کاٹتی ہیں ؛ کوٹ یا کسی اور ملبوس کو باندھنے والی آرایشی ڈوری ؛ کسی گلدان میں جمایا ہوا تار ، شیشے ، برتن یا پلاسٹک کا چھوٹا سا فریم جس میں پھول ٹکایا جاتا ہے ۔ (فعل لازم) مینڈک پکڑنا یا مینڈک تلاش کرنا ۔

frogeye, n. چشمِ غوک ؛ تمباکو ، سویا بین ، سیب یا دیگر پودوں کو لگ جانے والی پھپھوندی جو ان کے پتّوں پر چھوٹے چھوٹے یک پیچے سفید دھبے ڈال دیتی ہے ۔

frog-eyed, a. غوک چشم ؛ پھپھوندی لگے (پودے) ۔

froghopper, spittle bug, n. غُوکی کِرم ؛ ایک چھوٹا سا پھدکنا کیڑا ، جس کے لاروے یا سُنڈیاں ان پودوں پر پائی جاتی ہیں جو لعابی کرم زدہ ہو چکے ہوں ؛ لعابی ۔

frog lily, n. غُوکی سوسن ؛ زرد رنگ کا سوسن جو جوہڑوں کے کنارے ہوتا ہے ۔

frogman, n. فراگ مین : زیرآب تیراکی میں خصوصی تربیّت یافتہ اور ضروری سازوسامان سے لیس شخص (تحقیق اور دھاکہ خیزی کے لیے) ۔

frog spit, frog spittle, n. لعابی کِرم ؛ تازہ پانی کی ریشہ دار کائی جو گچھوں کی صورت میں تیرتی رہتی ہے ۔

frolic, n. بے ہنگم ، پُرمسرّت اچھل کود (چھیڑ چھاڑ) ؛ خفیف پن ، خوش طبعی اور مسرت کا بے پایاں اظہار ؛ خوشی ، بہجت یا غیر سنجیدگی کا دورہ ؛ خوشی اور شادمانی کا سماں ؛ خوش وقتی ؛ اُچھل کود ؛ کلیل ؛ طنّازی ۔ (فعل لازم) پُرمسرت غل غپاڑے سے کام لینا ؛ ہلا گلا کرنا ؛ سبک دلی یا زندہ دلی کے ساتھ اُچھل کود کرنا ؛ رنگ رلیاں منانا ؛ صحبتِ نشاط بپا کرنا ۔

forlicsome, a. کھلاڑی ؛ شوخ ؛ مُسرّت اور شادمانی سے بھرپور ؛ اچپل ؛ چنچل ؛ طناز ۔

frolicsomeness, n. کھیل کود ؛ خوش طبعی ؛ دل لگی ؛ شوخی ۔

from, prep. سے ؛ از ؛ من جانب ؛ طرف سے ؛ از طرف ؛ ایک حرفِ جار جو نُقطۂ آغاز ، سرچشمے یا ماخذ کی تخصیص کرتا ہے (جیسے : a train running west from New York) ؛ مکانی ، زمانی یا ترتیبی جدائی یا علیحدگی کو ظاہر کرتا ہے (جیسے : away from home) ؛ فرق اور امتیاز کی نشان دہی کرتا ہے (جیسے : to tell one tree from another) ؛ سبب ، وجہ یا وسیلے کو ظاہر کرتا ہے (جیسے : to suffer from measles) ۔

frond, n. (نباتیات) برگِ کرف ؛ گمساق ؛ خوص ؛ پتوا ؛ ورق ؛ کوئی بڑا پتّہ (خصوصاً کھجور کا یا فرن کا) ؛ کسی پودے کی پتّے کی سی توسیع (جیسے سمندری کائی جس میں واضح طور پر تنے اور پتّوں کی صورت کا امتیاز نہیں ہوتا) ۔

frondescence, n. (نباتیات) موسمِ برگ ؛ برگ زائی ؛ تورُق ؛ پتّہ بننے کا عرصہ یا سلسلۂ عمل ؛ برگ و سبزہ ۔

frondose, a. (نباتیات) پتّوں والا ؛ پتّے کا سا ؛ ورق پوش ؛ پتوا نُما ۔

front, n., adv. محاذ ؛ جبہہ ؛ پیشانی ؛ مستک ؛ کسی چیز کا سب سے اگلے کی جانب کا حصّہ یا سب سے آگے کی سطح ؛ کسی چیز کا آگے کی جانب کیا ہُوا حصّہ یا پہلُو ؛ کسی عمارت کا ماتھا ، خصوصاً جدھر سے اندر جانے کا راستہ ہو ۔ (عسکری) فوج کی سب سے اگلی صف یا سب سے اگلا حصّہ ؛ صفِ کارزار ؛ وہ جگہ جہاں لڑائی لڑی جا رہی ہو (محاذ جنگ) ؛ کسی مشترکہ نصب العین (خصوصاً سیاسی) کے لیے کوئی تحریک یا اتّحاد ؛ کوئی نمایاں شخصیت جو کسی گروپ یا کسی کمپنی کی وقار افزائی کے لیے برائے نام اس کی عہدے دار ہو ؛ کسی محاذ آرائی یا مشکل صورت میں وضع داری برقرار رکھنے کا عمل ۔ (بول چال) دوسروں کو متاثّر کرنے کے لیے مال و منصب کا پُرتصنّع رکھ

رکھاؤ ؛ کوئی شخص یا کاروبار جو غیرقانونی سرگرمی کی پردہ پوشی کرتا ہو۔ (موسمیات) وہ خط جو غیر متجانس ہواؤں کے اجتماع کو ایک دوسرے سے الگ کرتا ہے۔ (صفت) سامنے کی جانب کا یا اس سے متعلّق ؛ پیشیں یا بالکل سامنے۔ (فعل) اگلے حصّے کا بالمقابل ہونا ؛ سامنا کرنا ؛ بالمقابل ہونا ؛ آمنے سامنے ہونا ؛ مقابلہ کرنا ، خصوصاً عداوت یا مبارزت میں ؛ مخالفت کرنا ؛ مدافعت مہیّا کرنا ؛ کسی کا بے نامدار بن جانا ؛ کسی مخصوص جانب رخ کرنا یا رخ موڑنا ؛ کسی غیر قانونی کام کے لیے نقاب یا ڈھال کا کام دینا۔

frontage, n. سامنا ؛ اگا ؛ اگاڑی ؛ کسی عمارت وغیرہ کا ماتھا یا اس ماتھے کی لمبائی ؛ اس لمبائی کا پھیلاؤ ؛ وہ سمت جدھر کسی شے کا رخ ہو ؛ وہ زمین جس کا ایک کنارا کسی کوچے یا تالاب سے ملا ہوا ہو ؛ کسی عمارت یا گلی کے مابین واقع زمین۔

frontal, n. (فن تعمیر) کسی عمارت کا چہرہ/ماتھا۔ (کلیسیات) وہ سرکنا پردہ یا غلاف جو گرجے میں قربان گاہ کے آگے ہوتا ہے۔

frontal, a. سامنے کا ، سامنے یا سامنے کی جانب۔ (تشریح الاعضا) پیش رُخ ؛ ماتھے سے متعلّق ؛ ماتھے کی ہڈّی یا دو ہڈّیوں سے متعلق جن سے ماتھا بنا ہوا ہے ؛ جبہی۔

frontal bone, n. پیشانی کی ہڈّی ؛ ماتھے کی جھِلّی دار ہڈّی جو کھوپڑی کا ایک حصّہ ہوتی ہے ، ماتھے کی دو ہڈّیوں میں سے ایک۔

frontal lobe, n. دماغِ کلاں کے دونوں حصّوں میں سے کسی ایک کا اگلی جانب کا حصّہ ، جِسے بالائی حصّہ بھی کہا جاتا ہے۔

front-end load, n. (سرمایہ کاری) سارے مال یا قیمتِ فروخت کا بڑا حصّہ یا تمام کا تمام ، جو سرمایہ کاری کے حصّوں کی طویل المیعاد خرید کے لیے کسی معاہدہ کردہ منصوبے کے تحت ابتدائی ادائیگیوں میں سے مِنہا کیا جاتا ہے۔

frontier, n. سرحد ؛ کسی ملک کا وہ حصّہ جو کسی دوسرے مُلک کے ساتھ ملحق ہو یا دونوں کی سرحدیں ملتی ہوں ؛ کسی مُلک کا وہ حصّہ جو اس کے اپنے آباد علاقوں یا حکومت کے زیربندوبست علاقے کی سرحد ہو ؛ علم یا کسی کارنامے کا وہ شعبہ جو نیا ہو یا جس کی طرف ابھی کسی کی توجہ نہ گئی ہو۔ (صفت) سرحد کا یا سرحد سے متعلّق ؛ سرحد پر واقع ؛ سرحدی۔

frontiers man, n. سرحد کا رہنے والا ؛ سرحدی ؛ پیش رو ؛ رہنما۔

frontispiece, n. سَرتصویر ؛ سَردَر ؛ کتاب کے سرورق کے مقابل تصویر (کبھی اس سے سرورق مراد تھا)۔ (فن تعمیر) عمارت کا ماتھا ؛ مُنقّش صدر دروازہ ؛ دروازے ، دریچے یا پھاٹک پر بنا ہُوا تکونا ڈیزائن۔

frontlet, n. ٹیکا ؛ ماتھے کا زیور ؛ جانور کا ماتھا۔ (طیّوریات) مختلف رنگوں یا ساخت کے نرم نرم پروں والا ماتھا۔ (صیہونیت) تعویذ جسے یہودی ماتھے پر باندھے رکھتے ہیں۔

front matter, n. دیباچہ ؛ کسی کتاب کے متن سے پہلے آنے والا تعارفی مواد ؛ مقدمہ ؛ پیش لفظ۔

front office, n. کسی فرم یا تنظیم کا انتظامی عملہ۔

frontogenesis,n. (موسمیات) محاذ زائی ؛ دو مختلف طبقات یا امواجِ ہوائی کے عملِ باہم یا ملاپ سے پیدا شُدہ پیشانی جو بادلوں کا اور تکاثف کا باعث بنتی ہے۔

frontolysis, n. (موسمیات)محاذ پاشی ؛ ہوا کی پہنائیوں کے درمیان حدِّ فاصل کی تحلیل۔

frontward, frontwards, adv. سامنے کی جانب۔

frosh, n. (بول چال) کالج میں نووارد۔ (برطانوی) علاقائی بولی میں مینڈک کو بھی کہتے ہیں۔

frost, n. انجماد ؛ پالا ؛ جلید ؛ درجۂ حرارت کی وہ صورت جس میں پانی جم جائے ؛ چھوٹی چھوٹی برف کی سوئیوں کی تہ جو رات کو فضا میں بن جاتی ہے اور صبح سویرے زمین پر یا زمین پر پڑی اُن اشیا پر نمودار ہوتی ہے جو کُھلے آسمان تلے ہوتی ہیں ؛ جمے ہوئے بخارات ؛ کُہر ؛ مزاج یا رویہ کی سردمہری۔ (عوامی) ناکامی (خصوصاً کسی ڈرامے یا مجلسی تقریب کی) ؛ اشخاص باہمی سردمہری۔ (فعل لازم و متعدی) کہر سے ڈھانپ دینا ؛ دھندلا دینا (شیشے وغیرہ کو) ؛ کیک وغیرہ پر چینی کی تہ جمانا ؛ پالے سے پودوں کو نقصان پہنچانا ؛ جم جانا ؛ کہر بن جانا ؛ پالا پڑ جانا۔

frost-bite, n. پالا ماری ؛ ناک ، کان وغیرہ ایسے بدنی اعضا کی بافتوں کا سخت سردی کی زد میں ماؤف ہو جانا جس سے سوزش بلکہ بافت مردہ ہو جاتی ہے۔ (فعل متعدی) سخت سردی یا کُہر زدہ ہونا۔

frosted, a. پالا لگا ؛ پالا مارا ؛ کہرزدہ ؛ جلید زدہ سطح کا سا ؛ شکرچڑھا (جیسے کیک) ؛ جَلد یخ بستہ جیسے خوراک ؛ آئس کریم کے ساتھ تیّار کردہ۔

frost heave, n. یخ انداخت ؛ سانس پالا ؛ مٹّی میں برف کی قلموں کی موجودگی سے مٹّی یا فرش کا پھیلاؤ یا ابھار۔

frosting, n. جلیدہ ؛ کہر بندی ؛ ایک خُوردنی شیریں آمیزہ جو کیک وغیرہ کے اوپر تہ جمانے کے کام آتا ہے ؛ کھانڈ کی تہ ؛ کسی دھات یا شیشے پر پیدا کی گئی دھندلاہٹ ؛ شیشے کے باریک ذرّات سے بنا ہوا مواد جو زیبایش میں کام دیتا ہے۔

frosty, a. معمّر ؛ کہر آلود ؛ کہر کی وجہ سے سرد یا کہرآفریں ؛ پالے دار ؛ یخ بستہ ؛ منجمد کر دینے والا ؛ سخت سرد ؛ جلیدی ؛ بہت سرد ؛ گرمئ احساس سے خالی ؛ سرد مہر ؛ ٹھٹھرا دینے والا ؛ پالے کی تہ تلے آیا ہوا ؛ کہرزدہ ؛ پالے جیسا ؛ بالوں کی طرح سفید یا سفیدی مائل ؛ بڑھاپے سے متعلق یا مخصوص۔

froth, n. کف ؛ پھین ؛ جھاگ ؛ بُلبُلوں کی کثرت جو خمیر اٹھانے یا پھینٹنے سے کسی مائع شے پر اُبھر آتی ہے ؛ لعاب دہن جو کسی بیماری یا تھکاوٹ کے باعث جھاگ بن کر مُنھ سے خارج ہو ؛ کوئی بے حقیقت ہلکی یا حقیر سی شے۔ (فعل متعدی و لازم) جھاگ بنانا ؛ جھاگ کی طرح خارج کرنا؛ جھاگ سے بھر دینا؛ جھاگ خارج کرنا ؛ جھاگ دینا۔

frothy, a. جھاگ دار ؛ جھاگ کا سا یا جھاگ لیے ہوئے ؛ ناپایدار ؛ ہلکا ؛ حقیر۔

froufrou,n. سرسراہٹ ، عورتوں کے ریشمی لباس سے پیدا ہونے والی آواز ؛ زنانہ ملبوسات پر بڑی محنت اور عرق ریزی سے کیا ہوا آرایشی کام۔

frow, froe, n. ساطُور ؛ کُلہاڑی ؛ کلہاڑا ؛ لکڑیاں وغیرہ

پھاڑنے کا فولادی اوزار ؛ چیرنے کا پھانا جس کا دستہ اس کے پھل کے دائیں طرف ہوتا ہے۔ (برطانوی) بے سلیقہ یا میلی کچیلی عورت ؛ پھوہڑ عورت۔

froward, a. نامعقول ؛ درست یا معقول کی تعمیل سے گریزاں ؛ کج اعمال ؛ سرکش ؛ خود رائے ؛ منحرف ؛ نافرمان ؛ جھگڑالو ؛ اکھڑ ؛ ضدّی ؛ ہٹی ؛ اڑیل۔

frown, v.i., v.t. تیوڑی چڑھانا ؛ بھنویں چڑھا کر ناپسندیدگی ، خفگی یا سخت مزاجی کا اظہار کرنا ؛ ترش رُو ہونا ؛ مُنہ چڑا کر ناپسندیدگی کا اظہار کرنا۔ (اسم) تیوری ؛ ابرُو کشیدگی ؛ بے لحاظ اور درشت نگاہ ؛ تُرش نگاہی ؛ تیوری کا چڑھانا۔

frowzy, frowsy, a. گندہ ؛ بے سلیقہ ؛ ناصاف ؛ خراب ؛ میلا کچیلا ؛ متعفن ؛ بدبودار۔

frozen, a. منجمد ؛ یخ بستہ ؛ جما ہوا ؛ فریزر میں جمایا ہوا یا منجمد کیا ہوا ؛ ٹھنڈک سے جمایا ہوا ؛ برف سے ڈھکی ہوئی جیسے ندی ؛ برف جمنے سے بند ، پانی کے پائپ یا نالیاں ؛ پالے یا سردی سے مرا ہوا یا زخمی ؛ بہت سرد یا یخ بستہ ؛ سرد مہر ؛ رویے میں سرد یا بے مہر۔ (مجازاً) جس سرمائے یا اثاثے کا تصفیۂ حساب کاروباری صورت حال کے پیش نظر ناممکن ہو گیا ہو جیسے منجمد اثاثے یا قرضہ جات ؛ بند رقم۔

fructification, n. ثمرباری؛ ثمر بندی؛ پھل دار کرنے کا عمل ؛ پھل لانے کا عمل ؛ کسی پودے کا پھل ؛ پودے کی بارآوری ؛ بارآوری کے اعضا ؛ میوہ داری۔

fructify, v.t. ثمر بار کرنا ؛ بار دار کرنا ؛ بارآور کرنا ؛ کھاد ڈالنا ؛ زرخیز کرنا ؛ میوہ دار بنانا ۔ (فعل لازم) پھل آنا یا ثمر دار ہونا ؛ میوہ دار ہونا۔

fructiferous, a. بار آور ؛ ثمر بخش ؛ ثمر بردار ؛میوہ دار۔

fructose, fruit sugar, n. (کیمیا) قند میوہ ؛ قدرتی شکر جو شہد یا بعض پھلوں میں پائی جاتی ہے اور غذاؤں ، دواؤں اور مربّوں وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے ؛ فرکٹوس ؛ ثمرقند؛ ثمری شکر۔

fructuous, a. پھل دار ؛ ثمردار ؛ بار آور۔

frugal, a. خرچ کے معاملے میں محتاط ؛ کفایت شعار ؛ پس انداز کرنے والا ؛ غیر مُسرِف۔

frugality, n. کفایت شعاری۔

frugivorous, a. ثمر خور یا میوہ خور (پرندے یا جانور) ؛ پھلوں پر پلنے والے(پرندے یا جانور)۔

fruit, n. (اکثر بصورت جمع) پھل ؛ ثمر ؛ میوہ ؛ نباتاتی روئیدگی کی کوئی صورت جو انسان یا حیوان کے لیے مفید ہو۔ (نباتیات) پودے کی بالغ بیضہ دانی مع اپنے مافیہ اور معاون اجزا کے ؛ وہ گُودا جو بعض پھُول دینے والے پودوں اور درختوں کے بیجوں کے گرد چھلکے تک پھیلا ہوتا ہے ؛ کسی بے پھل، بے بیج پودے کے تُخمک اور معاون اعضا ؛ کوئی پیدا کی گئی یا ہونے والی شے ؛ حاصل ؛ نتیجہ ؛ نفع ؛ اثر۔ (عوامی) لُوطی ؛ لونڈے باز ؛ مُغلِم۔ (فعل متعدی و لازم) پھل لانا یا پھل لانے کے قابل بنانا ؛ ثمر بار کرنا۔

fruitage, n. پھل پھلواری ؛ ثمر مندی ؛ پھل یا پھلوں کی مقدار یا مجموعی برآورد ؛ اپنی کوششوں کا ماحصل یا نتیجہ۔

fruit cake, n. فروٹ کیک ؛ مرغّن کیک ؛ روایتاً کرسمس کیک وغیرہ جو اخروٹ ، مغزیات ، بادام اور دیگر خشک یا قند آمیز پھلوں اور مسالوں سے بنایا جاتا ہے۔

fruiter, n. فروٹر ؛ ثمربردار جہاز ؛ پھل لانے؛ لے جانے والا چھوٹا جہاز ؛ پھلوں کی کاشت کرنے والا ؛ ثمر کار۔

fruiterer, n. (برطانوی) پھلوں کا کاروبار کرنے والا ؛ ثمر فروش ؛ میوہ فروش ؛ پھل فروش۔

fruit fly, n. پھل مکھّی ؛ پھل یا گلی سڑی سبزی پر پلنے والی مکھّی جس کی سُنڈیاں بھی اس پر حملہ آور ہوتی ہیں اور اس پر پَلتی ہیں ؛ میوہ مگس ؛ اس کی ایک قسم سے جینیاتی تحقیق میں بھی کام لیا جاتا ہے۔

fruitful,a. ثمربخش ؛بہت پھل والا ؛ بہت زرخیز یا بارآور ؛ کامیاب یا حاصل خیز ؛ نتیجہ بخش ؛ مفید ؛ نتیجہ خیز ؛ منفعت اندوز ؛ پُرمنفعت ؛ نفع دہ۔

fruitfulness, n. ثمر بخشی ؛ نتیجہ خیزی ؛ منفعت اندوزی۔

fruition, n. حصولِ آرزو ؛ حصول مقصد ؛ تکمیل تمنا ؛ حاصل شُدہ چیز سے لطف اندوزی۔ (گُلبانی) بار دار ہونے کی حالت ؛ ثمر آور ہونے کی کیفیت۔

fruitless, a. قلاش ؛ بے ثمر ؛ اَپھل ؛ بے حاصل ؛ بے فائدہ ؛ غیر مفید ؛ بے اولاد ؛ بے وقعت ؛ ناکارہ ؛ بے اثر ؛ خالی ؛ بنجر ؛ عقیم۔

fruit sugar, n. دیکھیے : Fructose۔

fruity, a. ثمر دار ؛ ثمر صورت ؛ کسی پھل کے سے ذائقے والا یا اس کی چاشنی والا ؛ پھلوں کی بھرپور چاشنی والی شراب۔ (مجازاً) بہت زیادہ میٹھا یا شربتی۔ (عوامی) ذہنی طور پر پریشان ؛ عجیب ؛ انوکھا ؛ لُوطی۔

frumentaceous, a. حبوباتی ؛ گندمی ؛ گندم گوں ؛ کسی اناجی غلّے کا سا یا اس کے خصائص لیے ہوئے۔

frumenty, n. (برطانوی) چھلکا اُتری گندم کی کھیر یا دَلیا ؛ دودھ میں ابالا ہوا گیہوں جسے بادام ، لونگ ، شکر وغیرہ ڈال کر مزیدار بنایا جاتا ہے۔

frump n. بدقطع لباس پہنے ہوئے پرانی وضع کی بدمزاج عورت۔

frustrate, v.t. مایوس کرنا ؛ منصوبے میں ناکام کر دینا ؛ بے نتیجہ بنا دینا ؛ شکست دینا ؛ پانی پھیر دینا ؛ کالعدم کر دینا۔

frustration, n. مایوسی ؛ ناکامی ؛ محرومی ؛ شکست ؛ ہار۔

frustum, n. (جیومیٹری) مقطوع ؛ کسی ٹھوس مخروطی یا برم نما (گاجری) شے کا وہ حصّہ جو بُنیاد کے متوازی بالائی حصّے کو کاٹنے کے بعد رہ جاتا ہے ؛ مخروطِ ناقص ؛ کسی ٹھوس شے کا وہ حصّہ جو دو متقاطع سطحوں کے بیچ میں ہو ؛ برمِ مقطوع ۔ (فنِ تعمیر) کٹا ہوا ستون۔

frutescent, a. (نباتیات) جھاڑی نُما ؛ جھاڑی کی سی صورت یا خاصیت والا۔

fruticose, a. جھاڑیوں سے متعلّق ؛ جھاڑیوں سے بھرا ہوا ؛ جھاڑی دار۔

fry, v.t. تلنا ؛ فرائی پین میں روغن ڈال کر تلنا۔

(فعل لازم) اس طریقے سے تلا یا پکایا جانا ۔ (اسم) سماجی تقریب یا دعوت جس میں صرف تلی ہوئی چیزیں ہی پیش کی جائیں جیسے تلی ہوئی مچھلی ؛ کوئی کھانا جو تل کر پکایا گیا ہو ۔

fry, n. چھوٹی چھوٹی مچھلیاں یا مینڈک وغیرہ کے بچّے ؛ بونگ ؛ چھوٹے سائز کی مچھلی ؛ زمرۂ عوام ؛ خصوصاً بچّے جو کسی شمار قطار میں نہ ہوں ؛ بچّے ۔

fryer, frier, n. تلنے کے لیے موزوں چوزہ ؛ تلنے کے لیے مخصوص برتن ؛ فرائی پین ۔

f-stop, n. (عکّاسی)ماسکہ نمبر (ایف) جس کے مطابق کیمرے کے عدسی روزن کو مقررہ جگہ پر رکھا جاتا ہے ۔

F_2 layer, n. دیکھیے : Flayer ۔

fuchsia, lady's-eardrop, n. فیوشا ؛ گُل آویز ؛ گھروں ، باغیچوں میں لگایا جانے والا ایک پودا : اس کے پھول خوشنما ،خوش رنگ اور خمیدہ ہوتے ہیں ، یہ گُل فنجانی قسم سے تعلق رکھتے ہیں ؛ جُھمکا پُھول ؛ اس نوع کا کوئی پُھول ؛ ارغوانی مائل سُرخ رنگ ۔

fuchsin, n. تارکول سے ماخوذ خضابی مواد اور جرثومی رنگ ، یہ ٹھوس سبزی مائل رنگ کا ہوتا ہے اور اس سے گہرا سرخ یا ارغوانی محلُول تیّار کیا جاتا ہے ؛ مجیٹھہ ؛ گہرا قرمزی (بعد میں e لگا کر بھی لکھتے ہیں)۔

fucoid, a. ہوار نما ؛ فوکوس جنس کی آبی کائی سے مشابہ ۔ (اسم) فوکوسی آبی کائی ۔

fucus, n. (نباتیات) خشب البحری ؛ خس بحری ؛ ایک قسم کی آبی کائی جس کا رنگ بُھورا زیتونی اور پتّے چوڑے شاخ در شاخ اور ہوا بھرے غباروں کی طرح ہوتے ہیں ؛ چٹانی کائی؛ فوکوس ۔

fuddle, v.t., v.i. شرابِ پلا کر مست یا مخمور بنا دینا ؛ نشے کی حالت میں کر دینا ؛ شراب کی چُسکیاں لیتے جانا ؛ مدہوش کر دینا ؛ متوالا کر دینا ۔ (اسم) حواس باختگی کی کیفیت ؛ مدہوشی؛ متوالا پن ۔

fuddy-duddy, n. (بول چال) پُرانی وضع کا یا دقیانوسی ؛ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ناک میں دم کر دینے والا یا پریشان ہونے والا ؛ نک چڑھا ؛ بدمزاج ؛ نازُک مزاج ۔

fudge, v.i., v.t. دھوکا دینا یا بدیانتی کرنا ؛ وعدے کا پاس نہ کرنا یا قول سے پھر جانا ؛ پاسِ عہد نہ کرنا (بعد میں اکثر on لگاتے ہیں) ؛ جُل دے جانا ؛ کترا جانا یا کسی ذمّہ داری یا معاملے کو نباہنے میں ناکام رہنا ؛ گھڑنا ؛ جھوٹ موٹ کی بات بنانا یا افسانہ طرازی کرنا ۔

fudge, n. چینی ، مکھن ، دُودھ کی بنی ہوئی نرم قندی (چاکلیٹ یا کسی اور شے کی چاشنی کے ساتھ) ؛ قندی ؛ من گھڑت کہانی ؛ بکواس ؛ نہایت مختصر ٹائپ کردہ مواد جیسے کسی اخبار میں چھپتے چھپتے شامل کی گئی خبر ؛ آخری خبر ۔

Fuegian, a. جنوبی امریکا کے جنوبی کنارے کی جانب کے علاقے فیوگو (Tierra del Fuego) کا یا اس سے متعلّق یا اس کے باشندوں یا کلچر سے متعلق ۔ (اسم) اس علاقے کا باسی ؛ یہاں کا انڈین باشندہ ۔

fuel, n. ایندھن ؛ وقود ؛ بالن ؛ ہیزم ؛ آتش گیر مادّہ جو آگ کو جلائے رکھنے کے کام آتا ہے (جیسے کوئلہ ، لکڑی ، تیل وغیرہ) ؛ غذا بخش اشیا ؛ گہرے احساسات بڑھانے یا ان کو برقرار رکھنے کا وسیلہ ۔ (فعل متعدی و لازم) ایندھن مہیا کرنا ؛ ایندھن حاصل کرنا یا اس کی کمی پوری کرنا ۔

fuel cell, n. (کیمیا ، فضائیات) ایک اختراع جس سے کیمیائی توانائی براہ راست برقی توانائی میں بدل جاتی ہے اوراسٹوریج بیٹری کی طرح اسے دوبارہ چارج کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی! دیکھیے : stor- age battery) ، اس کو زیادہ تر خلائی گاڑیوں میں استعمال کرتے ہیں ؛ ایندھن ٹنکیوں میں سے ایک، خصوصاً جو طیّارے کے بازو میں بنی ہوئی ہوتی ہیں ؛ ایندھن ٹنکی کا کوئی ایک خانہ ۔

fuel injection, n. پٹرول اور ہوا کا دباؤ ڈال کر انجن کے احتراقی کمرے میں فوّارے کی صورت میں زور دے کر دا خل کرنا ۔ (صفت) اس قسم کے انجن کا یا اس سے متعلق جو فیول انجکشن سے چلتا ہے ۔

fuel injector, n. ایندھن داخل کرنے والا پمپ ۔

fuel oil, n. ایندھن تیل ؛ ایندھن کا کام دینے والا تیل ؛ کچّا پٹرول ؛ سوختنی تیل ۔

fug, n. (برطانوی) حبس ؛ اُمَس ؛ لوگوں کے زیادہ بیٹھنے یا موجود ہونے سے پیدا ہونے والی گُھٹن ؛ کمرے کی گندی ہوا ۔

fugacious, a. عارضی ؛ زُود گزر۔ (نباتیات) زود ریز پتے یا پنکھڑیاں ؛ پرّان ۔

fugal, a. (موسیقی) کثیرالصوتانہ ؛ نغمہ نگاری سے متعلّق یا اس کے انداز میں ؛ نغمہ گری کے فوگو (fugue) اسلوب میں یا اس سے متعلّق ۔

fugitive, a. بھگوڑا ؛ فراری ؛ فرارآمادہ ؛ مفرُور ؛ آوارہ گرد ؛ ہرزہ گرد ؛ عارضی ؛ زودگزر ؛ زودپژمرد ؛ جلد اُڑ جانے والا رنگ یا اڑ جانے والی بُو ؛ تیز پرّان ؛ فانی ؛ گاہ گاہی ؛ طالبِ پناہ ۔ (اسم) مفرور ؛ بھگوڑا ؛ طالب پناہ ؛ پناہ گیر ۔

fugue, n. (موسیقی) گُمکی نغمہ نگاری ؛ وہ گمکی نغمہ جس سے دو یا دو سے زیادہ نغمے ، سُریں یا تانیں نکالی جائیں ۔ (نفسیات) نسیان کا طویل دورانیہ ؛ نسیان یا بُھولنے کا لمبا دورہ ۔

fuguist, n. گمکی نغمہ ساز یا نغمہ نگار ۔

Führer, Fuehrer, n. فیوہرر ؛ قائد ؛ لیڈر ؛ رہنما ؛ جرمن کے نازی لیڈر اڈولف ہٹلر کا خطاب (der Füh rer) جو ۱۹۳۳ء سے ۱۹۳۵ء تک وہاں کا آمرِ مطلق رہا ۔

fulcrum, n. نصاب ؛ ٹیک یا سہارا ؛ فلکرم ؛ لاحقہ ۔ (میکانیات) ٹیک آلہ ؛ وہ ٹیک جو بیرم کو سنبھالے رکھے یا وہ نوک جس پر کمانی کسی چیز کو اُوپر اُٹھانے کے لیے گھومتی ہے ۔ (عموماً جمع) (حیوانیات) شوکۂ صغیر ؛ کسی جاندار کے وہ تمام اعضا جو کسی دوسرے عضو کے لیے ٹیک یا مدار کا کام دیں ۔ (فعل متعدی) ٹیک دینا ؛ نصاب مہیا کرنا یا نصاب کی صُورت میں ڈھال لینا ۔

fulfill, fulfil, v.t. پُورا کرنا ؛ پایۂ تکمیل کو پہنچانا ؛ پیشگوئی کا یا وعدہ کا پورا کرنا ؛ عملی جامہ پہنانا ؛ ضروریات پوری کرنا ؛ مکمّل کرنا ۔ (فعلِ معکوس) اپنی تمام صلاحیتوں کو پا جانا ۔

fulfillment, fulfilment, n. تکمیل ؛ تکمیل پانے کی صورت ؛ تکمیل پانے کا عمل ؛ تکمیل پذیری ۔

fulgent, a. چمکدار ؛ تاباں ؛ بہت ہی تابناک ؛

چندھیا دینے والی روشنی یا چمک ۔

fulgurant, fulgurous, a. لامع ؛ برق تاب ؛ بجلی کی طرح کوندنے والا ۔

fulguration, n. بھڑک ؛ لمعان ؛ کوند ؛ برق تابی ؛ بجلی کی سی کوند ۔ (طِب) بجلی کے ذریعے بے کار فالتو بڑھاؤ (غدود وغیرہ) کو ختم کرنے کا عمل ۔

fulgurite, n. بجلی زدہ مادّہ ؛ بجلی کے کوندنے سے ریت یا چٹان میں پیدا ہو جانے والی درز یا گھراؤ ؛ بجلی کے کوندنے سے پگھلا ہوا چٹانی مادّہ ۔

fuliginous, a. خاکی سیاہ ؛ دُودی ؛ دُھواں دُھواں ؛ کالک جیسا ؛ دھوئیں کی سی رنگت والا ۔

full, a. بھرا ہوا ؛ گنجایش کے مطابق لبالب ؛ بھرپُور ؛ لب ریز ؛ بھرا پُرا ؛ کافی مقدار یا تعداد میں ؛ بڑے سے بڑے سائز کا ؛ بڑی سے بڑی مقدار ، وسعت یا حجم والا ؛ پُورا ؛ کامِل ؛ مکمّل ؛ سارے کا سارا؛ فراواں؛ مفصّل ؛ شکم سیر (خوراک کے حوالے سے) ؛ کسی خیال یا موضوع میں غرق ؛ بھرا بھرا یا بلحاظ شکل گول مٹول ؛ لباس کی طرح کُھلا ، چوڑا یا بہت سی تہوں والا ؛ بہت اُونچی اور گہری آواز والا ؛ رسمی تقریبات کے لیے مناسب (لباس) ۔

fullness, n. لبریز یا بھرپُور ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

full, adv. بجا طور پر ، براہ راست یا بلاواسطہ ؛ سیدھا ؛ انتہائی حد یا درجے تک (عموماً مرکّب صورت میں آتا ہے) ؛ شاعِری میں بہت یا بالکل کا مفہوم بھی دیتا ہے (جیسے : full sad, full well) ۔

full, n. پورا ناپ ؛ پوری حد تک ؛ بلند ترین حالت یا درجہ ۔

full, v.t. (سلائی) اکٹھا کر کے چُنٹیں ڈال کر یا پلیٹ ڈال کر حسبِ ضرورت بنانا ۔ (فعلِ لازم) چاند کا پوری گولائی اور تابندگی پر آنا ۔

full, v.t. پارچہ بافی وغیرہ میں کپڑے کو نمی اور حرارت کے عمل سے صاف اور دبیز کرنا ۔ (فعل لازم) کپڑے کا گف دار یا نمدے کی طرح ہو جانا ۔

fullback, n. (فٹ بال) فُل بیک ؛ سب سے پچھلا کھلاڑی ؛ دفاعی اور جارحانہ کھیل کھیلنے والا پچھلا کھلاڑی جو عام طور پر چھینا جھپٹی کے خط سے کافی پیچھے کھڑا رہتا ہے ؛ فل بیک کھلاڑی کی جگہ ؛ رگبی ، فٹ بال اور فیلڈ ہاکی میں خصوصاً دفاعی کھلاڑی جو اپنے ہی گول کے قریب کھڑا رہتا ہے ۔

full blood, n. خالص نسل ؛ خونِ کامل یعنی ماں باپ کی جانب سے خونی رشتے والا جیسے سگے بھائی ؛ خالص نسل کا جانور ۔

full-blooded, a. اصیل ؛ خالص خونی رشتے یا نسل والا ؛ نجیب الطرفین ۔ (مجازاً) توانا ؛ چاق و چوبند ؛ قوِی ؛ ہٹّا کٹّا ؛ تنومند ۔

full-blown, a. شگفتہ ؛ پُوری طرح کِھلا ہوا ؛ بالغ ؛ پوری طرح نمُو یافتہ ۔

full-bodied, a. صحت بخش اور چاشنی دار (مشروب) ؛ زور دار ، اہم اور قابلِ توجہ (تحریر) ۔

full dress, n. سرکاری یا رسمی تقریبات میں آدابِ مجلس کے مطابق پہنا جانے والا لباس ۔

full-dress, a. تقریباتی لباس ۔

fuller's earth, n. فُلر مٹّی ؛ ریہ ؛ سجّی مٹّی ؛ مٹّی اور باریک سلیکائی مواد جو کپڑوں سے چکنائی دُور کرنے اور کپڑوں کو صاف اور گف دار بنانے کے لیے نیز چھڑکاؤ پوڈر کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے ۔

full-faced, a. گول مٹول ؛ بھرے بھرے چہرے والا ؛ جو دیکھنے والے کے بالکل سامنے ہو ؛ بالمشافہ ؛ رُوبرُو ۔

full-fashioned, a. بُنائی کے عمل سے تیّار شُدہ کوئی شے جو جسم کے خطوط کے مطابق ہو جیسے موزہ یا بُنیان وغیرہ ۔

full-fledged, a. پوری طرح نمویافتہ ؛ بالغ ؛ پورے منصب یا رُتبے والا ۔

full house, full hand, n. تاش کے کھیل (پوکر) میں کھیلنے والے کے ہاتھ میں تین ایک رنگ کے اور دو دوسرے رنگ کے پتوں کی موجودگی ۔

full-length, a. عام ، معیاری ، اصلی لمبائی والا ؛ بلا اختیار ؛ بے کم و کاست؛ قدِآدم (آئینہ وغیرہ) ۔

full moon, n. ماہِ کامل ؛ بدر ؛ پُورا چاند ؛ چودھویں کا چاند ؛ چاند کے پُوری گولائی اختیار کرنے کا وقت ۔

full-scale, a. پورے ناپ کا (کی) ؛ اصل سائز کے مطابق ماڈل ؛ مکمّل ؛ تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ؛ ہمہ گیر ؛ بھرپُور ، پوری ۔

full stop, n. (گرامر) وقفِ لازم ؛ وہ جگہ یا نشان جہاں فقرہ ختم ہو جاتا ہے ؛ توقُّفِ کامل ۔

full tilt, adv. پوری رفتار سے ؛ پوری صلاحیت یا توانائی کے ساتھ ۔

full time, n. پورا وقت جو کسی کام کی تکمیل کے لیے معین ہو (جیسے : A 40-hour week is considered to be full time) ۔ (صفت) کُل وقتی (جزوقتی کے مقابلے میں) ؛ پورے معینّہ وقت کے مطابق کام کرنے والا ۔

fully, adv. پوری طرح ؛ پوری حد تک ؛ مکمّل طور سے ؛ سراسر ؛ یک لخت ۔

fulmar, n. فُلمار ؛ بطریلِ شمالی ؛ شمالی سمندری ساحلوں کا ایک پرندہ ، جو بطریل جنس سے تعلّق رکھتا ہے ۔

fulminant, a. شدید ؛ ناگہانی ؛ زور دار (مرض کا حملہ جس میں شدت ہو) ۔

fulminate, v.i., v.t. گرجنا ؛ کڑکنا ؛ دھماکے سے پھٹنا ؛ کڑک کر الزام تراشی کرنا یا بُرا بھلا کہنا ؛ شدّید لعنت ملامت کرنا ؛ دھماکے سے پھٹنے کا سبب بننا ۔ (اِسم) (کیمیا) ایک غیر قائم انفجاری نمک جو فلیمنک ایسڈ سے حاصل ہوتا ہے ۔

fulminating, a. خاطف ؛ دھماکے سے پھٹنے والا ۔ (امراضیات) مرض کا شدید اور سریع حملہ ۔

fulminic acid, n. (کیمیا) ایک غیر قائم انفجاری تیزاب جو اپنے نمکیات کی صورت میں معروف ہے جن سے دھماکہ خیزی کا کام لیا جاتا ہے ۔

ful some, a. ناگوار لگنے والا (زیادہ خوشامد یا غیر مخلصانہ خودغرضی کے باعث) ؛ جی متلا دینے والا ؛ کریہہ ؛ تنفُر آمیز ۔

fulvous, a. زرد ؛ گندمی ؛ گندمی زرد رنگ کا ۔

fumaric acid, n. (کیمیا) ایک قلمی تیزاب ،

اسے بعض پودوں سے یا پھپھوندیوں کے خمیر سے حاصل کرتے ہیں بلکہ مصنوعی طور پر بھی تیّار کرتے ہیں اور یہ زیادہ تر پولی ایسٹر اور دیگر رال وغیرہ بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

fumarole, n. جوالا سوراخ ؛ دُخان راہ ؛ کسی آتش فشانی علاقے میں وہ سوراخ جس میں سے گیس یا دھواں خارج ہوتا ہو ۔

fumble, v.i. ٹٹولنا ؛ ٹوہنا ؛ کسی چیز کی تلاش مِیں اِدھر اُدھر ہاتھ مارنا ۔ (کھیل) کھیلتے ہوئے گیند کا ہاتھ سے گر جانا یا ٹھیک طرح پکڑنے میں ناکام رہنا ۔ (فعل متعدی) بھونڈے ، بے ڈھنگے طریقے سے کچھ کرنا ، کسی چیز کو پکڑنا یا کوئی معاملہ کرنا ؛ اُلٹ پلٹ کرنا ؛ ٹامک ٹوئیاں مارنا ۔ (کھیل) گیند کو اپنے ہاتھ سے گرا دینا یا چھوڑ دینا ۔ (اسم) ٹوہ ؛ ٹٹول ؛ ٹامک ٹوئی ؛ گیند چھوڑنے کا عمل ۔

fume, n. (اکثر جمع) دُھواں ؛ دُود ؛ دُخان ؛ دھواں ، گیس یا کوئی اس قسم کا اخراج (خصوصاً جب وہ بُو دار ، سانس روک یا کسی اور طرح سے ناگوار بھی ہو) ؛ تنک مزاجی یا رنجیدہ داخلی کیفیت ۔ (فعل لازم و متعدی) دھواں خارج کرنا ؛ دھوئیں کی طرح اٹھنا یا باہر نکل جانا ؛ برہمی یا رنجیدگی کا اظہار کرنا ؛ دھونی دینا ؛ خارج کرنا (دھواں وغیرہ) ۔

fumed, a. دھواں رنگ ؛ دُخان زدہ ؛ دھوئیں دار ؛ ایمونیے کے دھوئیں سے سیاہ جیسے شاہ بلُوط کی یا کوئی دوسری لکڑی ۔

fumigant, n. دُخانی شے ؛ کوئی کیمیائی مرکّب یا بُخارات جو دُھونی دینے کے کام آتے ہوں ۔

fumigate, v.t. دُھونی دینا ؛ بخور دینا ؛ دھوئیں یا بخارات کی زد میں لانا (خصوصاً دفعِ جراثیم کے لیے یا کیڑے مکوڑے مارنے کے لیے) ۔ (فعل لازم) دُھونی لینا ؛ بخورات لینا ۔

fumitory, n. پت پاپڑا ؛ شاہترہ ؛ ایک بیل نُما بوٹی جس سے کئی قسم کے طبّی اہمیّت والے القلائیڈ تیّار ہوتے ہیں ۔

fun, n. تماشا ؛ کھیل ؛ موج میلہ ؛ تفریح ؛ رنگ رلیاں ؛ مذاق ؛ خوش طبعی ؛ دل لگی ؛ تفنّن ۔ (فعل لازم) (بول چال) مذاق اڑانا ؛ شغل کرنا ؛ دل لگی کرنا ۔ (صفت) (بول چال) پُر تفریح ؛ پُر لطف ؛ فرحت انگیز ؛ دِل لگی کا ۔

funambulist, n. نٹ ؛ رسن باز ؛ کسی سرکس وغیرہ میں ڈھیلے سے بلند تار یا رسّی پر توازن قائم رکھتے ہوئے کرتب دکھانے والا ۔

function, n. فعل ؛ پیشہ ؛ حرفہ ؛ عمل ؛ کارگُزاری ؛ منصب ؛ خدمت ؛ کسی شخص ، شے یا ادارے کا معمول کا کام ، فریضہ یا وظیفہ ؛ کسی شخص کے کاروباری یا پیشہ ورانہ فرائضِ معینّہ ؛ کوئی رسمی یا پُرتکلّف سماجی تقریب ۔ (ریاضی) فنکشن ؛ تفاعل ؛ ایک سیٹ کی مخصوص مقدار کا کسی اور سیٹ کی ہر مقدار کے ساتھ یُوں ملاپ کہ جب تک دوسرے سیٹ میں اسی قسم کی تبدیلی نہ کی جائے پہلے سیٹ میں کوئی تبدیلی ممکن نہ ہو ۔ (گرامر) لفظوں کی ساخت میں گرامر کے لحاظ سے لسانی ہیئت ۔ (فعل لازم) معمول کا یا کوئی مخصوص کام سرانجام دینا ؛ کسی مخصوص حیثیّت سے خدمت انجام دینا ؛ کوئی خاص وظیفہ انجام دینا ۔

functional, a. فعلی ؛ تفاعلی ؛ وظائفی ؛ کسی ادائے فرض یا فرائض کا ، یا اس سے متعلق ؛ کوئی مخصوص افادیت لیے ہوئے ؛ اپنے فرائض سے عہدہ برآ ہونے کے قابل ؛ کسی رفاعی مقصد کے لیے موزوں ۔ (طِب ، نفسیات) کسی عارضہ سے ، اعضاکی ہیئت کو نہیں بلکہ اس کے وظائف کو متاثّر کرنے والا ۔

functional disease, n. (امراضیات) مرضِ فعلی ؛ وظائفی مرض ؛ وہ مرض جس میں ہیئت اعضا میں کوئی تبدیلی آئے بغیر ان کے وظائف میں تبدیلی آگئی ہو (اعضائی مرض کے برعکس) ۔

functionalism, n. (فنِ تعمیر) وظیفہ گیریت ؛ تعمیری ڈیزائن کا وہ فلسفہ یا اصول جس کے مطابق کسی زیر تعمیر شے میں اس کی عمومی افادیت کامقصد ، اس کی صورت گری ، ساخت اور ہیئت میں مؤثّر یا غالب رہنا چاہیے ۔ (نفسیات) فعلیّت ؛ وہ نظریہ جس میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ ہر ذہنی عمل کسی نہ کسی ضرورت ، اثر اور ماحصل کے حوالے سے کارآمد سرگرمی یا تعامل ثابت ہوتا ہے ۔

functional shift, n. (لسانیات) قواعدی تصرُّف : کسی لفظ کا ہیئتی تبدیلی قبول کیے بغیر، ایک یا ایک سے زیادہ قواعدی ذمّہ داریاں ادا کرنے کا عمل ۔

functionary, n. عہدہ دار ؛ منصب دار ؛ وُہ افسر جسے مخصوص فرائض سونپے گئے ہوں ؛ کارکُن ؛ عامل ۔

function word, n. وظائفی لفظ ؛ گرامر میں کوئی ایسا لفظ جو بطور حرفِ جار ، حرفِ تنکیر یا حرفِ عطف بُنیادی کام انجام دیتا ہے اور جن دوسرے الفاظ کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے ان سے اپنا ربط اور تعلّق ظاہر کرتا ہے ۔

fund, n. رقم ؛ مدّ ؛ پونجی ؛ فنڈ ؛ سرمایہ ؛ خزینہ ؛ کسی بھی چیز کا ذخیرہ یا جمع خصوصاً جمع پونجی ۔ (بصورت جمع) رقم دردست ؛ رقم جو ہاتھ میں ہو ؛ مالی منابع ؛ قومی قرضہ ۔ (برطانیہ میں اس سے پہلے the لگاتے ہیں) ۔ (فعلِ متعدی) کسی قرض لی گئی رقم کا اصل زر یا سُود ادا کرنے کے لیے سرمایہ فراہم کرنا ؛ رواں قرضوں کو طویل المیعاد قرضوں میں بدلنا (بانڈوں کی صورت میں) ؛ سرمایہ مہیّا کرنا ؛ مالی سہولت دینا ؛ فنڈ میں جمع کرنا ؛ سرمایہ کاری کرنا ۔

fundament, n. قاعدہ ؛ اساس ؛ پیندہ ؛ سرین ؛ چوتڑ ؛ مقعد ۔ (جُغرافیہ) کسی مخصوص علاقے کی طبعی حالت ۔

fundamental, a. اساسی ؛ بُنیادی ؛ کسی چیز کی اصل یا اساس ؛ ضروری ؛ ابتدائی ؛ تمہیدی ؛ اصلی ۔ (اسم) کوئی بنیادی اصول ؛ دستور یا قانون ؛ لابدی شے ۔ (طبعیات) کسی دَوری موج کے مشمولہ تعددات میں سے سب سے کم ۔ (موسیقی) بنیادی بارہ آہنگوں میں سے سب سے دھیمی سُر ۔

fundamentalism, n. بُنیاد پرستی ؛ یہ عقیدہ کہ انجیل کو حرف بحرف ایک ایسا روحانی اور تاریخی صحیفہ ماننا چاہیے جو ہر قسم کی غلطی یا کوتاہی سے پاک ہے ۔ (عموماً بڑے F سے) بیسویں صدی کے آغاز میں چلنے والی وہ پروٹسٹنٹ تحریک جو اس عقیدے پر زور دیتی تھی ؛ ایسا کوئی عقیدہ یا ایسی کوئی تحریک ۔

fundamental particle, elementary particle, n. (طبیعیات) اساسی ذرہ ؛ کوئی بھی نیم جوہری ذرہ (پروٹون ، نیوٹرون ، الیکٹرون وغیرہ) جو کسی جوہر (ایٹم) کے مرکزے میں یا اس کے گرد پایا جاتا ہے ، ان میں سے بعض عارضی اور کم عمر ہوتے ہیں جو مرکزائی بوچھاڑ کے زیر اثر ایٹموں میں سے خارج ہو جاتے ہیں ۔

fundamental unit, n. (طبیعیات) بُنیادی اکائی ؛ کمیت ، لمبائی یا وقت کی اکائیوں میں سے کوئی ایک اکائی جسے اکائیوں کے نظام کی بنیاد مانا جاتا ہو ۔

fundus, n. (تشریح الاعضا) اساس عضو ؛ قاعۂ چشم ؛ کسی اندر سے خالی عضو کا پیندا ؛ روزن (aperture) سے دور ہٹا ہوا یا اس کے بالمقابل کا حصّہ ۔

funeral, n. جنازہ ؛ تجہیز و تکفین ؛ تجہیز و تکفین یا مُردہ سوزی سے قبل کی رسم یا جلوس ۔

funeral director, n. ناظمِ تجہیز و تکفین ۔

funeral home, funeral parlor, n. تجہیز خانہ ؛ وُہ جگہ جہاں مُردہ کے کفن دفن کا اہتمام کیا جاتا ہے اور رشتہ داروں کو اِسے دیکھنے کی اجازت ہوتی ہے ۔

funerary, a. مردے کا ؛ کفن دفن کا یا اس سے متعلّق ؛ جنازہ سے متعلّق (جیسے ۔ مردے کا خاکستردان) ۔

funereal, a. کفن دفن کے متعلّق ؛ تعزیتی ؛ ماتمی ؛ افسردہ ۔

fungal, a. فُطری ؛ سماروغی ؛ پھپھوندی یا کُھمبیوں سے متعلّق یا اس جیسے مزاج والا ؛ پھپھوندی سے متعلّق ۔ (اسم) پھپُھوند ؛ کُھمبی ؛ فُطر ۔

fungible, a. (قانون) اس نوعیت کا (مال وغیرہ) کہ اس میں سے کسی ایک حصّے یا شے کی جگہ اس قسم کی کوئی اور شے بدلی جا سکتی ہو ؛ قابلِ تبادلہ ؛ تبادلہ پذیر ۔ (اسم) (عموماً بصورت جمع) بدل پذیر شے (جیسے سِکّہ یا غَلّہ وغیرہ) ۔

fungicide, n. دافعِ فُطر ؛ فُطر کُش ؛ ایک کیمیائی عامل جو پھپھوندی کو ختم کر دیتا ہے یا اس کی بازنموئی کو روک دیتا ہے ۔

fungiform, a. فُطر نُما ؛ پھپھوندی کی سی صورت والا ؛ پھپھوندی کا سا ۔

fungo, n. (بیس بال) فنگو ؛ مشق کے دوران میں کوچ یا کھلاڑی گیند کو اوپر اچھالتے ہوئے اس وقت ضرب لگاتا ہے جب وہ زمین پر آ رہی ہو ؛ وہ گیند جو اس انداز سے کھیلی گئی ہو ۔

fungoid, a., n. فُطر نُما ؛ کھمبی سے مشابہ ؛ پھپھوندی کی سی خاصیت والا ۔ (امراضیات) کُھمبی یا پھپھوندی سے مشابہ اسفنجی ابھار جو جسم پر کہیں پیدا ہو گئے ہوں ۔

fungous, a. فُطری ؛ پھپھوندی وغیرہ سے متعلّق ، اس سے مشابہ یا اس سے پیدا شُدہ ۔ (مجازاً) اچانک پُھوٹ پڑنے والا یا تیزی سے پھیلنے والا مگر عارضی یا وقتی ۔

fungus, n., a. کُھمبی ؛ فنگس ؛ کُکُرمتا ؛ سماروغ ؛ فُطر ؛ پھپھوندی ؛ کُھمبی کی کوئی ایک قسم ؛ ایک طرح کے طفیلی یا دوسرے پودوں سے غذا حاصل کرنے والے نباتات جن کی خاصیت یہ ہوتی ہے کہ ان میں نہ تو پُھول پتّے لگتے ہیں اور نہ ان میں کلوروفل ہوتا ہے ، یہ گلے سڑے مادّوں پر پرورش پاتے ہیں ۔ (امراضیات) اسفنجی اُبھار ۔

fun house, n. تماشا گھر ؛ تفریحی علاقے میں بنی ہوئی عمارت جہاں تفریحِ طبع کے لیے سازوسامان مہیّا کیا گیا ہو ، جیسے شوروغل کرنے والے یا عجیب و غریب روشنیوں کا انعکاس ، جو تماشائیوں کو حیرت زدہ اور محظوظ کرے ۔

funicular, a. ریسمانی ؛ حَبلی ؛ رسّی کا یا رسّی سے متعلّق ؛ رسّی ، رسّے یا تار کے تناؤ پر منحصر ؛ تخم ڈنڈی کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) تار پٹڑی ، تار ریل گاڑی ۔

funicular railway, funicular, n. تار ریل گاڑی ؛ ایک قسم کی تار ریل گاڑی جو لوہے کے تاروں کے ذریعے پہاڑوں پر چڑھتی ہے ، یہ فولادی رسّے ایک طرف سے گاڑی کے ڈبّوں کو اوپر کی طرف کھینچتے ہیں اور دوسری طرف سے نیچے اتارتے ہیں ۔

funiculus, n. (نباتیات) حبلی ؛ ریسمانی ؛ بیضک کی ڈنڈی ۔ (تشریح الاعضا) رسّی سے ملتا جُلتا جسم کا حصّہ جیسے ناف ، ناڑ یا عصبی تاروں کے چھوٹے گچھے ۔

funk, n. (خصوصاً برطانوی) ڈرپوک ؛ بودا ؛ انتہائی خوف زدگی یا مایوسی کی حالت ۔ (فعل متعدی) (خصوصاً برطانوی) ڈرنا ؛ کرنے یا سامنے آنے سے کترانا ؛ خوف کھانا ۔ (فعل لازم) (خصوصاً برطانوی) ڈر کے باعث پیچھے ہٹنا ؛ خوف سے کھسک جانا ؛ جی چرانا (یہ لفظ امریکا میں شاذ ہی برتا جاتا ہے) ۔

funky, a. بزدل ؛ کام چور ۔

funkia, plantain lily, n. فنکیا ؛ ہوسٹا (Hosta) جنس کا اُبھرے ہوئے ریشوں اور پتّوں والے تنے کا سوسن جیسا ایک آرایشی پودا جو لمبی ڈنڈیوں ، پتّوں اور جُھکے جُھکے سفید ہلکے آسمانی رنگ کے پھولوں کی وجہ سے کاشت کیا جاتا ہے ۔

funky, a. (عوامی) بدبو دار ؛ کراہت انگیز ؛ ناپسندیدہ ؛ مکروہ ؛ متعفن ؛ ناگوار ۔

funnel, n. فنل ؛ قیف ؛ کوئی ظرف جو عموماً مخروطی شکل کا ہو اور اس کی پتلی ٹیوب یا نالی اس کے تنگ ترین مقام سے نکلتی ہو ، جس کے ذریعے تنگ مُنھ کی بوتلوں وغیرہ میں رقیق اشیا یا سفوف وغیرہ ڈالے جا سکیں ؛ قیف نما کوئی چیز ؛ کوئی ہوا دان ، دُود کَش یا روشن دان جس میں سے ہوا اندر داخل ہو سکے یا دھواں باہر جا سکے خصوصاً دُخانی جہازوں کی چمنیاں ۔

funnel, v.i. قیف کی شکل اختیار کرنا ؛ قیف میں سے گزرنا یا جیسے اس انداز سے گزرنا ۔ (فعل متعدی) قیف وغیرہ کی سی شکل دینا (ہاتھوں کو) ؛ قیف میں سے گزارنا ؛ کسی مرکزی مقام کی طرف رُخ گردانی کرنا ۔

funnel cloud, n. آندھی جھکڑّ والے طوفانی بادلوں میں سے نیچے کو لٹکتا ہوا قیف نُما بادل کا ٹُکڑا ۔

funnelform, infundibuliform, a. قیف نما ؛ قیف صورت ۔ (نباتیات) قیف نُما پُھول کٹوری جیسی کہ گُلِ نیلوفر کی ہوتی ہے ۔

funnies, n. (بول چال) کارٹون یا مزاحیہ خاکے ؛ اخبار یا رسالے کا وہ حصّہ جِس میں مزاحیہ خاکے وغیرہ ہوں ۔

funny, a., adv. پُرمذاق ؛ مضحک ؛ ہنسوڑ ؛ پُرلطف ؛ لطیفہ گو ؛ خوش گپ ؛ وجۂ تفریح ؛ مزاحیہ ۔ (بول چال) درپردہ ؛ فریب کارانہ ؛ گماں انگیز ؛ مشکوک ۔ (اسم) (بول چال) لطف انگیز اشارہ یا کوئی لطیفہ ؛ مذاق ۔

funny bone, n. شوخ ہڈّی ؛ مرفقہ ؛ کُہنی کا وہ حصّہ جہاں سے پیش بازو والی ہڈّی کا عصبہ پائیں بازو والی ہڈّی کی اندرونی گولائی کے پاس سے گزرتا ہے اور جب اسے ٹھوکا دیا جائے تو عجیب سی جھنجھناہٹ بازو اور ہاتھ میں محسوس ہوتی ہے ؛ مزاج کی حِس ۔

fur, n., a. سنجاب ؛ پوستین ؛ سمور ؛ بعض جانوروں کی کھال جس پر ملائم ، صاف ، گنجان بالوں کی تہ جمی ہوتی ہے ؛ ایسی کھال پر بالوں کی تہ ؛ ایسی کھال سے بنا ہوا لباس کا کوئی حصّہ ؛ سمور منڈھی ، سمور سے مشابہ یا سمور نُما کوئی شے ؛ استر یا کالر کے حاشیے یا پُورے پہناوے کے لیے ایسی کھالیں ۔

fur, v.t. لباس کا سمور سے استر بنانا ؛ لباس کے اگلے حصّے میں سمور لگانا یا سمُور سے لباس کو سجانا ؛ سمور کا لباس پہنانا ؛ ذخیرہ کیے ہوئے مادّے کے ساتھ تہ جمانا جیسے بائلر کے شُعلے کی لَو یا بائلر کا اندرونی دہانہ ۔ (فنِ تعمیر) لکڑی کے تختے لگا کر تیّار کرنا ۔

furbelow, n. گوٹا کناری ؛ زنانہ گون پر لگی ہوئی گوٹ یا سنجاف ؛ کوئی سی بھرپُور اور بھڑکیلی لیکن غیر ضروری سجاوٹ ۔ (فعل متعدی) بھڑکیلا بنانا ؛ گوٹا کناری لگانا ۔

furbish, v.t. رگڑ کر چمکانا ؛ پالش کرنا ؛ مانجھنا ؛ صیقل کرنا ؛ چمکانا ؛ جِلا کرنا ؛ کسی پُرانی شے کو چمکا کر نیا کر دینا (بعد میں کبھی کبھی up لگاتے ہیں) ؛ تجدید کر دینا ۔

furcate, v.i. شاخ شاخ ہونا ؛ شاخوں میں منقسم ہونا ۔ (صفت) شاخ دار ؛ دو شاخہ ۔

furcula, furculum, n. شعیبہ ؛ کوئی بھی شاخ شاخ حصّہ ؛ بہت سے پرندوں میں گردنی ہڈّیوں کے ملاپ سے بن جانے والی دوشاخہ ہڈّی ۔

furfuraceous, a. پپڑیلا ؛ چھلکے دار ؛ چھلکا چھلکا ؛ پپڑی دار ؛ گالے دار جیسے سر کی خُشکی ؛ آٹے کے چھان جیسا ؛ بُھوسی جیسی ۔

furfural, n. (کیمیا) ایک روغنی ، بے رنگ ، تیز بُو سیّال جو چاول اور جئی کے چھلکے سے حاصل کیا جاتا ہے اور نامیاتی محلّل کے طور پر زیادہ تر استعمال ہوتا ہے ، اس سے مصنوعی رال بھی بنتی ہے ۔

furious, a. غُصّے میں بھرا ہوا ؛ برہم ؛ آشُفتہ ؛ خشمناک ؛ غضبناک ؛ برافروختہ ؛ تند و تیز ؛ شدیّد ؛ شدید ہیجان میں (جیسے طوفانِ بادوباراں) ؛ بے قابو توانائی یا رفتار والا ۔

furl, v.t. لپیٹ کر یا گول کر کے پرچم یا بادبان کو مستول یا بانس وغیرہ سے باندھ دینا ۔ (فعل لازم) لپیٹا جانا ۔ (اسم) لپٹی ہوئی شے یا لپیٹنے کا عمل ؛ لپیٹ ؛ تہ بندی ۔

furlong, n. فرلانگ ؛ میل کا آٹھواں حصّہ ، چالیس جریب یا ۲۲۰ گز ۔

furlough, n. فرلو ؛ رُخصت ؛ مخصوص مدّت کے لیے ملازم (بالخصوص سپاہی) کو غیر حاضر رہنے کی اجازت ؛ مُدّتِ رُخصت ۔ (فعل متعدی) ایسی رخصت دینا ؛ کام کے مندا پڑ جانے کے باعث کسی کارکُن کو وقتی طور پر گھر بھیج دینا ۔

furmenty, furmety, furmity, n. دیکھیے : Frumenty ۔

furnace, n. آتش دان ؛ انگیٹھی ؛ بھٹّی ؛ گلخن ؛ حرارت پیدا کرنے کا سامان یا سانچا جہاں دھاتیں پگھلائی جائیں ، مٹّی کے کچّے برتن پکائے جائیں یا کمرے گرم کیے جائیں ۔ (مجازاً) سخت گرم جگہ ؛ تپتی ہوئی جگہ ۔

furnish, v.t. کوئی چیز پُورا کرنا ؛ کوئی چیز مہیّا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ کوئی ضروری مفید یا مطلوبہ چیز مہیّا کرنا ؛ مکان یا کمرے کو لوازماتِ ضروریہ (مثلاً فرنیچر وغیرہ) سے آراستہ کرنا ۔

furnishing, n. سامانِ آرایش ؛ وہ لوازمات یا سازوسامان جن سے کسی چیز یا جگہ کی ضرورت پوری ہو ۔ (بصورت جمع) وہ سازو سامان ، مستعملات یا لوازمات جن کی کسی گھر یا کمرے میں ضرورت ہوتی ہے ؛ مردانہ لباس کے لوازمات ۔

furniture, n. فرنیچر ؛ سازوسامان ؛ وہ اشیا یا لوازمات جو کسی چیز یا کام کے لیے ضروری ہوں، جیسے منقولہ اشیا (میز، کرسیاں، ڈیسک وغیرہ) جن کی کسی گھر میں ضرورت ہو یا جو باعثِ زینت خیال کی جائیں ۔ (طباعت) لکڑی یا دھات کے ٹُکڑے جو ٹائپ کے صفحات میں یا ان کے گرد رکھے جاتے ہیں تا کہ خلا کو پُر کریں اور ٹائپ کے حرفوں کو اپنی جگہ پر قائم بھی رکھیں ۔

furor, furore, n. جوش یا جذبے کا عام شدید برملا اظہار ؛ غیظ ؛ ہل چل ؛ ہیجان ؛ کسی بات یا شے کے بارے میں کوئی خبط ؛ غضب ؛ شدید برافروختگی ؛ شور ؛ جوش و خروش ؛ ہنگامہ ۔

furred, a. سمور کا بنا ہوا یا سموری حاشیے والا ؛ سمور پوش ؛ سمور دار (جانور وغیرہ) ؛ فاسد مواد یا لیپ سے بھری ہوئی (زبان) ۔

furrier, n. سمور فروش ؛ فَرّا ؛ سمور یا سموری کپڑے تیار کرنے والا ؛ سمور دار کپڑے بنانے یا ان کی مرمّت اور صفائی کرنے والا ۔

furriery, n. سمور کا کاروبار یا سمور کی دستکاری ۔

furring, n. کپڑوں کو سموری حاشیہ لگانے یا استر لگانے کا کام ؛ استعمال کی گئی سمور ؛ زبان پر جما ہوا میل ۔ (فنِ تعمیر) پلاستر یا خراد یا ہوا کی غرض سے ہموار سطح مہیّا کرنے کے لیے پتلی پتلی لکڑیوں یا پتریوں کو کیل سے ٹھونکنے کا عمل ؛ اس کام کے لیے مستعمل پتریاں ۔

furrow, n. لیکھ ؛ ریگھاری ؛ باہن ؛ ہلائی ؛ سیاڑ ؛ شیار ؛ ہل کے ذریعے کھیت میں بنائی جانے والی نالی ؛ جھری ؛ چہرے کی شکن یا جُھری ۔ (فعل متعدی) جُھری یا سیاڑ ڈالنا ؛ جھریاں یا سلوٹیں ڈالنا ؛ نالیاں یا لیکھیں بنانا یا شکن ڈالنا ۔ (فعل لازم) شکن آلودہ ہو جانا ؛ جُھریاں پڑ جانا ۔

furry, a. سموری یا سمور کا ؛ سمور دار ؛ سمور پوش ؛ میلی (زبان) ۔

further, adv. مکانی یا زمانی لحاظ سے کسی اگلے مقام پر یا آگے کی جانب ؛ زیادہ حد تک پرے ؛ اور آگے ؛ مزید ؛ علاوہ ازیں ؛ مزید براں ؛ پَرلا ؛ اگلا ؛ دُور کا ؛ علاوہ ؛ اور ؛ ماسوا ۔ (صفت) اضافی ؛ زیادہ ؛ زیادہ فاصلے پر یا دُور ؛ بعید ۔

further, v.t. آگے بڑھانے یا لے جانے میں مدد دینا (کام ، مقصد یا ذمّہ داری کو) ؛ ترقی دینا ؛ آگے بڑھانا ۔

furtherance, n. ترقی ؛ پیش قدمی ؛ اعانت ۔

furthermore, adv. علاوہ ازیں ؛ علاوہ ؛ مزید برایں ؛ علاوہ بریں ۔

furthermost, a. بعید ترین ؛ دُور ترین ؛ سب سے دُور ۔

furthest, a., adv. دیکھیے : Farthest ۔

furtive, a. دُزدیدہ ؛ آنکھ بچا کر لیا یا کیا گیا ؛ چور نگاہی سے ؛ آنکھ بچا کر ؛ چوری چوری ۔

furuncle, n. دُنبل ؛ پھوڑا ؛ ورم ؛ دُملَ ۔

furuncular, a. ورم دار ؛ پھوڑے والا ؛ ورم یا پھوڑے سے متعلق یا اس کا ؛ دُمّلی ۔

furunculous, a. پھوڑوں سے بھرا ہوا ؛ ورم ورم ؛ دُمّل دار ۔

furunculosis, n. (امراضیات) ورم داری ؛ پھوڑے پھوڑے ہونے والی

صورت یا ان کے نکلنے کا رجحان ؛ پھوڑوں سے بھرا ہوا ؛ دُمّلیّت ـ

fury, n.
طیش ؛ قہر ؛ غضب ؛ بے قابو یا شدید غُصّہ ؛
حواس باختگی کا دورہ ؛ لہروں یا طوفانوں کی حد سے زیادہ شدت ؛ بے
لگام توانائی یا رفتار ـ (بڑے F سے) فیوری ؛ کلاسیکی عِلمُ الاساطیر
میں ایک مُنتقم دیوی کا نام؛ ایسی کوئی دیوی ـ (چھوٹے F سے)
تندخو اور غضبناک انسان خصوصاً عورت ـ

furze, n.
رتن ؛ ایک پھلی دار کانٹوں والا جنس رتم
(Ulex) کا پستہ قد پودا جس میں زرد پھول آتے ہیں ـ

fuscous, a.
خاکی مائل یا بُھورے خاکستری رنگ کا؛
اُودے رنگ کا ـ

fuse, fuze, n.
(برق) فیوز ؛ فتیلہ ؛ گدازہ ؛ شتابہ ؛ بتّی ؛
برقی سرکٹ (Circuit) لگا ہوا مدافعتی پُرزہ جس میں دھاتی تار لگا
ہوتا ہے ، جو برقی رو کے بڑھ جانے سے پگھل جاتا ہے اور سرکٹ کو
توڑ دیتا ہے ؛ وہ ٹیوب، تار یا بتی جو آتشگیر مادّے سے بھری ہوتی ہے
اور دھماکا خیز مواد کو آگ دکھانے کے کام آتی ہے ـ (عسکری) کسی
گولے یا میزائل وغیرہ کو داغنے کے کام آنے والی کوئی میکانکی یا
برقیاتی اختراع ـ (فعل متعدی) بم وغیرہ میں فیوز لگانا ـ

fuse, v.t.
گداز کر کے باہم آمیز کرنا یا ملا دینا ؛
پگھلانا، سیّال بنانا؛ مخلوط کرنا ـ (فعل لازم) حرارت سے پگھل جانا؛
ایک دوسرے میں گُھل مل جانا ؛ گلنا ـ

fused quartz, n.
گداختہ سنگِ مُردہ ؛ ایک قسم کا سلیکا شیشہ
جو خالص سنگ مُردہ سے تیّار کیا جاتا ہے ـ

fusee, n.
فیوزی ؛ شتابہ ؛ فتیلہ ؛ دیا سلائی
جس کا سر نسبتاً بڑا ہوتا ہے ، اسے رَگڑنے سے آگ نکلتی ہے جو بآسانی
نہیں بُجھتی ؛ کسی دھماکا خیز شے کا شِتابہ/فیوز ؛ ریل کی پٹڑیوں پر
استعمال کی جانے والی اِشاراتی روشنی ـ (گھڑی سازی) گھڑی میں وہ
کمانی دار مخروطی چرخی جسے قدیم طرز کی چھوٹی بڑی گھڑیوں میں
استعمال کیا جاتا ہے تا کہ اسپرنگ کُھلنے سے کم ہونے والی طاقت پوری
ہوتی رہے ؛ مخروطی پہیہ ـ

fuselage, n.
ہوائی جہاز کا ڈھانچا یا پیٹ ؛ بدنہ ؛ بیٹا ؛
طیّارے کا بُنیادی یا مرکزی ڈھانچا یا حصہ جس میں عملہ ، مسافر اور
سامان ہوتا ہے ؛ جہاز کا کالبُد ـ

fusel oil, n.
دارُو تیل ؛ ایک کثیلا روغنی زہریلا سیّال
جس میں زیادہ تر ایمائل الکوحل ہوتی ہے ، یہ سیّال الکوحل شرابوں کے
عملِ تقطیر کے دوران ضمنی طور پر حاصل ہو جاتا ہے ـ

fusible, a.
گداختنی ؛ پگھل جانے والا ؛
فیوز ہو جانے والا ـ

fusibility, n.
گداخت پذیری؛ پگھل جانے یا فیوز ہو جانے
کی صلاحیّت یا حد ـ

fusible metal, n.
گداختنی بھرت ؛ سیسے، ٹین اور پھول کانسی
کا ایک مُرکّب جو نسبتاً کم درجۂ حرارت پر پگھل جاتا ہے اور اسے
حفاظتی تدابیر میں استعمال کیا جاتا ہے ـ

fusiform, a.
تکلہ نُما ؛ تکلے کی طرح ؛ ایسی گولائی
جو بیچ میں سے شروع ہو کر دونوں کناروں کی طرف مخروطی شکل
بناتی جائے ـ

fusil, fusile, a.
گداختہ؛ پگھلا کر بنایا ہوا ـ (قدیم)
پگھل جانے کے قابل ؛ گداختنی ؛ پگھلا ہوا ـ

fusil, n.
ایک ہلکی توڑے دار بندوق جو کبھی استعمال
کی جاتی تھی ؛ فیوزل ـ

fusilier, n.
بندوقچی ؛ وہ سپاہی جس کے پاس فیوزل(ہلکی توڑے دار
بندوق) ہو کسی مخصوص برطانوی رجمنٹ کا سپاہی ـ

fusillade, n.
بیک وقت اور مسلسل آتشیں اسلحے کے فائر ؛
گولیوں کی باڑھ ـ (مجازاً) کسی شے کا عام اخراج یا نکاس ـ (فعل
متعدی) تابڑ توڑ گولیاں چلا کر حملہ کرنا یا نشانہ بنانا ـ

fusion, n.
پگھلاہٹ ؛ گلاوٹ ؛ پگھلاؤ ؛ پگھل جانے کا عمل ؛
گداختہ ہو جانے کی حالت ؛ مختلف عناصر کا یوں یکجا ہو جانا جیسے
وہ پگھل کر یک جان ہو گئے ہوں ؛ پگھلا کر بنائی گئی کوئی شے ؛ ایک
جان ہونے کا عمل ـ (سیاسی) جماعتوں یا ٹولیوں کا ایک دوسرے میں
ادغام ؛ ایسے ادغام کا حاصل ـ (طبیعیات) ایٹمی مرکزوں کا شدید
حرارت کے زیرِ اثر ایٹمی توانائی خارج کرنے کے لیے امتزاج ـ

fusionism, n.
(سیاست) ادغامی پالیسی یا اس پر عمل درآمد ؛
ایتلافیت ـ

fusionist, n., a.
(سیاست) ادغام دوست ؛ پارٹیوں کے باہم
مل جانے کا حامی ـ

fusion bomb, n.
ادغامی بم ؛ بعض ہم جاؤں (Isotops)
کے ایٹمی مرکزوں کے پگھلاؤ یا ادغام سے شدید حرارت کے زیر اثر زیادہ
وزنی مرکزے بنانے کے لیے وہ بم جس میں سے دھماکا خیز توانائی خارج
ہو ، خصوصاً ہائیڈروجن بم ـ

fuss, n.
ہنگامہ خیزی ؛ ہلچل ؛ لے دے ؛
اضطرابی سرگرمی کا حد سے زیادہ اظہار (خصوصاً معمولی باتوں پر) ؛
بے کار ہنگامہ ؛ افراتفری ؛ اُودھم ؛ شوروغل ؛ ہنگامہ ـ (فعل متعدی و
لازم) حد سے زیادہ کسی بات کی طرف توجّہ کرنا (بعد میں اکثر over
لگاتے ہیں) ؛ ذرا ذرا سی بات پر ہنگامہ کھڑا کر دینا ؛ پریشان ہونا یا بے
چین ہونا ؛ چھوٹی چھوٹی باتوں سے ناک میں دم کر دینا ـ

fussbudget, n.
(بول چال) پریشانی مول لینے والا شخص ؛
چھوٹی چھوٹی باتوں کی دلدل میں پھنسے رہنے والا ؛ نک چڑھا ؛ وجہ
بے وجہ اُلجھے رہنے والا ـ

fussy, a.
شکوہ سنج ؛ چِڑچِڑا ؛ اودھمی ؛ بدمزاج ؛
چھوٹی چھوٹی باتوں پر زیادہ مضطرب ہونے والا ؛ چھوٹی چھوٹی
تفصیلات سے صرفِ نظر نہ کرنے والا ؛ ڈھیلا ڈھالا یا چست بنایا گیا
لباس ـ

fustian, n.
فسطین ؛ سُوت اور لنن کا عام سا کپڑا ،
اب اس سے وُہ گف دار سوتی کپڑا مراد ہے جس میں اونی تار بھی بُنے
ہوتے ہیں (کاڈ رائے کی طرح) ؛ تحریر و تقریر کا پرتکلف انداز ؛ ثقیل
لفظوں کا استعمال ـ (صفت) فُسطین کا بنا ہوا ؛ لفّاظی کا ؛ بے جا
عبارت آرائی کا حامل ـ

fustic, n.
تج ؛ منطقۂ حارّہ کے ایک درخت کی لکڑی
جو شہتوتی خاندان سے تعلّق رکھتی ہے ، اس سے زرد رنگ حاصل ہوتا
ہے ؛ یہ درخت اور اس کا رنگ ؛ خضابی لکڑیوں میں سے کوئی ایک ـ

fustigate, v.t.
ڈنڈے سے مارنا ؛ پیٹنا ؛
سخت تنقید کرنا ـ

fustigation, n.
ڈنڈوں کی مار ؛ سخت تنقید ـ